تنگ نبات و بود شہد درصد
منشور گزین طاعت ایمانیان
نقطۂ سودای سویدای دل
قافلہ در قافلہ حور و پری
شمسۂ منظر فیروزہ طاق
سرو خرامان لب جویبار
کین گہرین پیکر رنگین طراز
آن علوی گوہر عالی نسب
پایہ فراز علم عنامہ ہا
صدر امین ہوتمکن روزگار
کار کیا ای کدہ دین و داد
نتیجہ انصاف قضایای او
سرو سخن گستر پالودہ مغز
سینہ صافی و صفا ہیچ پاک
حافظہ بہزاد فنان گرد او
آنچہ سگالد خرد از رنگ و بو
صیقل آئینہ اسکندری
رائحہ مجمر عود قمار
طنطنۂ شہپر روح الامین
شمع فروغانی فانوس چرخ
غالیہ سای نسیم بہار
پیچ و خم جادۂ بیدای عشق
زیر و بم مطرب مرغولہ گوی

بال سر دشان اولی اجنحہ
سود ہبین فطرت یونانیان
خال سیاہ رخ سلمای دل
لعبت چینی و بت آذری
مرکز ہفت اختر زرین نطاق
برق درخشان سر کوہسار
کاہ دہ ہم دلکش و ہم دلنواز
سید عالی معالی حسب
حلہ طراز گہرین نامہ ہا
روح امین را یدم آموزگار
مرز خدای دہ آئین و داد
حجت و برہان خرد ورای او
پردہ دل از تعلق بگفتار نغز
جام بلورین و می تابناک
مانی و بہزاد و شاگرد او
ریختہ در کالبد گفت و گو
غازۂ رخسارۂ حور و پری
لخلخۂ نافہ مشک تتار
شعشعۂ نیر چرخ برین
غلغل نصرانی ناقوس دیر
نافہ کشای غزال تتار
جاذبۂ شوق و تمنای عشق
پیچ و خم طرۂ مرغولہ موی

مطلع انظار تماشائیان
مرسلۂ الصدر تجمل بران
خیمۂ لیلی است بصحرا زدہ
ماشطۂ شاہد زیبای حسن
محمل لیلای معانی نگر
زمزمہ در پردہ سرایم چرا
ریختۂ خامۂ سیاہ جدا ست
خازن گنجینۂ اسرار فیض
عالم انوار علوم انہ
منصف و دانشور نغز گوی
داد سر رشتہ در آب گاشتر
پرور ایوان بلندی گرای
یکجہتی مجمع فرزانگان
ہر دل او مجمع کلام شگرف
ہر نمط شیوۂ کار آگہان
واقفی اگر دیدہ مبنیات ہست
لمعۂ بیضای کف موسوی
بارقۂ خاطر اشراقیان
در شہوار ورزی جیب حرم
سر خوشی خندۂ کبک دری
بارقۂ ناصیۂ آفتاب
کوکبۂ سطوت شاہنشہی
رنگ لب نازک گلبرگ تر

مرکز سیارۂ مشائیان
درۃ الاکلیل بلند اختران
پردہ سوے بادیہ بالا زدہ
غازہ کش عارض قدر آگہی
ہودج سلمای معانی نگر
پردہ و معانی نکشایم چرا
خود سخن از نامہ سیہ را مدد است
ناظم آئینۂ انوار فیض
جامع اصناف فنون علم
داد حق پرور باطل نکوہ
ہر چہ بگنجد بدل از کشور
رو بہ رشش شمس و قمر جبہ سای
گرد چراغ آمدہ پروانگان
گوہر شہوار بدریای سزد
قیمت طلسمی ز سخن در جہان
تا بچہ فرد ریخت کہ این نقش بست
نغمۂ جانفزای لب عیسوی
رشحۂ اقداح کف ساقیان
نور شب افروزی شمع حرم
دلکش جنبش بال پریہا
صاعقۂ برق و غریو سحاب
دیدہ بہ قدرہ ظل است الٰہی
داغ دل لالۂ خونین جگر

نمادش میں منزہ سینہ کاو
طرز دیر استانی طاؤس باغ
کوکوئی آشفتہ مو افراختہ
سرتری پایہ نہ ہمای
بس کہ ہم از مرکز درج عرب
از دروس رفتہ جہان وراں
حال طلبیان کہ دریں روزگار
سادہ لوحان یقیں ہمگیاں
جمع نقیبان اولی الاحتکار
قافیہ سنجان سحر دستگاہ
نعرہ سرایان ملاک درپے
پیر لطائف گنہی وقادر نوار
پیر زرخشان بہوش بوا
گوت ہر پتہ دانش گرمی
مالی ایں سطرۂ کسرے
تا بود ایں قبہ خضرا بپا

ریزش اشک جگروں تراو
شیوہ پاکوبی آہوی براغ
برسر شمشاد قد افراختہ
ورجی سایہ پر ہمای
رمز یا مدارہ تو اگر دہرے
دار اثر دولت ام آوراں
عیہ ہر گل ستان بود آموزگار
تیلی وطیبور و صید ریاں
روح قدس پایہ سدرہ مقام
نعرہ کلاہان معالی پناہ
مردہ الحان ملائک شکیب
حال مریں دل مجروں نوار
گشت متاریخ ترنم سرا
ادمرجاں رگ شکر ریزہ باطل
ریخت دریں سطرہ طرح کو
تا بود ایں حطہ غبرا بپا

ہستش پر کلہ سروراں
نالہ قمری وعوال ہزار
حالتش مستانہ کبک دری
تیرگی تمام عربیاں دہر
ہست دریں دہر داتش نشاں
آنکہ دریں دائرہ مالودہ اند
عیسوی اعجاز سیروی دم
رمزہ یہ ول کہ دست تہی
سیرمیان ر راغبار دریں
سیلوی وتاری وہندی کلام
لی سہ س وا احسن زہرہ شکس
آنکہ قلم بر ورق نامہ راند
ازبی بنیاد ایں تمثال طرح
مثل یہ ایں قصر بلند رفیع
در دو ایں گنبد نو ساختہ
طاق ز افراختہ بر پای باد

سرکش تیغ نگہ دلبران
در جمیستاں لشکر حصار
برمط سایہ شمشاد و سرو
روشنی صبح مقیمان شہر
حاسہ سیمای ورق گل ستان
کام دہ و کام روا بودہ اند
حال یہ تن مردہ صد سالہ دم
آستین طنتادہ ککہ تسے
صیقلیان دل حیارییں
انوری وا جل وسودا انتام
رحم تبارک ارواح رل
نام وی آثار صنادید خواند
جست سہ سیروی خرد سال طبع
یک چوں انگشت نقش بدیع
سودیگر دوں سرافراختہ
گنبد نو ساختہ سر پایہ باد





بسم اللہ الرحمن الرحیم

از نقش و نگار در و دیوار شکستہ | آثار پدید است صنادید عجم را

حمد اوس خالق الکائنات کی جسنے اٹھارہ ہزار عالم کو دو حرف کن سے پیدا کیا اور بعد ہزاران ہزار جلوہ ہاے رنگا رنگ کے پھر پردہ عدم مین لیجاے گا ۔ اور نعت اوس رسول الثقلین کی جسنے جن وانس کو وادی ضلالت سے نکالا اور بعد جزاے اعمال کے اور سزاے کردار کے پھر دار السلام مین پہونچاوے گا حیز تحریر سے افزون ہے اور احاطہ تقریر سے بیرون ۔ بہتر یہ ہے کہ فکر نا آل اندیش اس ارادۂ بعید محال سے ہاتھ اوٹھا کر اپنے اندازہ سے پاون باہر نہ نکالے اور اس مرتبہ مین ہاتھ نہ ڈالے اسواسطے خاک پاے اہل ہنر خوشہ چین معنی طرازان سخنور امیدوار رحمت صمد سید احمد مخاطب بخطاب جواد الدولہ عارف جنگ بیٹا سید محمد متقی خان بہادر مرحوم اور پوتا جواد الدولہ جواد علیخان بہادر مرحوم اور نواسہ نواب دبیر الدولہ امین الملک خواجہ فرید الدین احمد خان بہادر مصلح جنگ کا دانایان والی الاصل اور صاحب طبعان روزگار کی خدمت مین عرض کرتا ہے کہ مدت دراز سے یہ اندیشہ دامنگیر تھا کہ اگر حیلہ گری زمانہ پر بہانہ سے اندکے نجات حاصل ہو جاوے اور فلک ناتوان بین کے پنجہ سے کچہ مہلت ہاتھ آوے تو ایک ایسا نسخہ عجیب اور مجموعہ غریب خامہ جادو رقم کی مدد اور فکر آسمان سیر کی اعانت سے لکھا جاسے کہ عمارات سواد حضرت شاہجہان حرسہ اللہ عن الفساد اور مکانات

ورود اس شہر و قلعہ مبارک کا حال اس میں مندرج اور اطوار و اوضاع ساکنین شہر کا احوال اوس میں
مندرج ہوا اور بسبب کثرت علائق اور ہجوم عوائق کے یہ امر صورت پذیر ہوتا تھا الحمد للہ والمنۃ کہ
کارساز حقیقی نے دستگیری کی اور مراحم یزدانی نے اعانت کی کہ یہ آرزو بتقدیر سے مرحمت
حصول سے [illegible] ہوکر دیدہ شوق میں جلوہ نما ہوئی اور یہ تماشا حجاب غیب سے بیرون کھینچا عرصہ دراز تک
آرام کو آرام [illegible] اور آسائش کو آسائش نہ جانا جب یہ تماشا [illegible] طرز جلوہ دستیں لباس تحریر
سے [illegible] یہ شگفتہ گلزار گلشن وصال خوبان دلکش سے [illegible] اسکا کون وصال
رو [illegible] گلدستہ آنکھ کرتا ہے اور [illegible] اسکا [illegible] دوار سے یہ نسخہ طرفہ عشرتگاہ ہے اور
[illegible] عالم پر گویا اسکے دیکھنے سے [illegible] مشاہدہ ہوتا ہے کہ وہ [illegible] اقتدار کہ سکندر
دارا کو کمترین چاکر [illegible] تصور کرتے تھے ایک مٹھی مٹی ہو کر خاک میں کیا بیکس
و ناتوان ہوئے ہیں کہ اگر ضعیف اونکی خاک کو پامال کرے پامال ہیں اونکی مٹی کو [illegible] عالی
ما [illegible] نہیں سکتے [illegible] اس شہر سیری کی [illegible] میں [illegible] باطل [illegible]
اسکا [illegible] غافل کو ہشیار کرتا ہے اور عاقل کو ہشیارتر اور اوسکا دیکھنا نادان کو خبردار کرتا ہے
اور دانا کو خبردارتر اسکو ناتوانوں کے مراتب میں [illegible] اور [illegible] کے دماغ میں [illegible]
کو اوس سے سیر عالم [illegible] اور تماشا [illegible] کو اوس سے [illegible] کتاب کی قابل
[illegible] اور [illegible] مراد [illegible] کار [illegible] گان [illegible]
[illegible] را در [illegible] کار [illegible] آلودگان را [illegible] کتابیست [illegible]
کارش [illegible] ناتوانی [illegible] خواندن [illegible] امیدیست گیر و دست [illegible]
اور [illegible] امید ہے کہ [illegible] جب یہ نسخہ مرتب ہو چکا اور اوسکا [illegible] زیادہ
نظر آیا [illegible] میں یہ گذرا کہ اسکو کسی نام اور [illegible] مرتبہ کے نام نامی اور اسم گرامی سے
پیرایہ دیا جاوے اور اوسکو کسی [illegible] اقتدار گردون وقار کے جناب [illegible] سے مزین کیا جاوے اسی
اثنا میں عالم بالا سے ندا آئی اور عالم علوی سے نوید پہونچی کہ [illegible] شاہ [illegible] کا اسم سامی
اور عالی منزلت گردون [illegible] ہے کہ جسکا [illegible] ملک [illegible] اور اوسکے
[illegible] کا مرتبہ سکندر و دارا سے والاتر دولت و اقبال کا طراز اور [illegible] حقیقی [illegible]

دارا کو اگر اوسکی اعانت پہونچتی سکندر سے شکست نہ کھاتا اور افراسیاب کو اگر اوسکی توجہ مدد کرتی تو رستم سے الزام شکست نہ اٹھاتا
اسکندر شکوہ ہے کہ ورثہ سازشہ شکوہ ہے سکندر بدو گشت بازنہ طرف از نجم ہمہ دانگی نہ قدر شناس شرق اثر دانگی دلاوری جنگ
داراور بان صاحب دولت و اقبال خداوند جاہ و جلال مسند آرای کشور فرمانروائی کشورستانی حاکم محکم عدل گستری و جہانبانی
مہر تابندۂ آسمان بانی مبانی عدل نوشیروانی افسرت لوا دولت پیرا جہان کشا حاجت روا کامروای خلائق و پسندیدہ
حضرت خالق عدل پرور انصاف گستر آسمان پایہ رفعت سرمایہ **معتمد الدولہ امین الملک**
اختصاص یار خان فیروز جنگ جہانبان پیوند سلطانی سر طامس ٹیافلس مٹکف صاحب
بارونٹ بہادر صاحب کلان بہادر دار الخلافۂ شاہجہان آباد دام اقبالہ

مثنوی للمؤلف

ممدوح زمانہ را ستایم / صد دفتر وصف او کشایم
بندم ز گل بہار اوصاف / گلدستہ بدست طبع وصاف

آرم بحضور بارگاہش / ریزم گل صد ثنا بپایش
از بحر سخن گہر برآرم / بر فرق سرش گہر ببارم

ہر لولوی شاہوار وصفش / ہر گوہر آبدار وصفش
در سلک کشم بحسن ترتیب / ترتیب دہم بحسن تہذیب

مضراب زنم بتار گفتار / صد نغمہ برآورم ازین تار
وز ہر رگ او ترانہ گویم / صد رنگ بہر ترانہ جویم

در ساغر سخن ز معانی / ریزم می ہزار کامرانی
ہر عقدہ کہ افتدم بسر کار / بکشایم ازین شگرف اسرار

از باغ ثنا گلی بچینم / در گلشن مدح گل بچینم
آن محیط رحمت الٰہی / یکتا گہر محیط شاہی

افتادہ ز جیب آن گہر سنج / در دامن آرزو صد گنج
گر از لب خود سخن برآرد / گنج گہر از دہن برآرد

ہر بود و امید تشنہ کامان / از سحب کفش زلال احسان
برتر ز قیاس قدر والاش / آنسوی خیال صدر بالاش

زیبندۂ تخت و تاج اورنگ / شاہنشہ ملک عقل و فرہنگ
این تاجوران کہ تا سپہرند / بر درگہ او جبین گذارند

این گنبد آسمان کہ بالاست / خشتیش ز آستان والاست
ہم عقل از و بعقل ممنون / ہم عدل از و بعدل مرہون

افروختہ از تیغ شمع کافور / تاریکی ظلم برد ازین نور
صیتش بجہان چو کرد آہنگ / بگریخت ستم ہزار فرسنگ

لعل لب دست چرخ عالم / عکس رخ اوست صبح امید
ہم فتح نصیب و ہم ظفرمند / ہم قلعہ کشا و ہم عدو بند

اقبال و ظفر معین کارش / تائید خدا رفیق و یارش
زیبندہ کہ افسر سکندر / اجری دہد ملک ہفت کشور

افتادہ ز ہیبتش ستم زار / ظلم است ز جان خویش بیزار
ہم آئینہ رای روشن او / ہم رای منیر جوشن او

خورشید کلاہ عالی او / ہم پایۂ چرخ کرسی او
جد لشکر جہان صلای اقبال / رائش بدو کون حیا اجلال

آور درراه تیس خویش
درگشت ستم کستان عالم
ارواو گری برمد کاران
حالش لب اتمام مکشاد
به واسه تیح سال دستو
سخت بعلاے ا وداں
مر سے فلک اگر دویده
هم هیچ حسین نماک بز
این نیست تحقیق کز دستاس
آسیت چو تیغ سرسریس
انگمد در ساد ی تیز
اداحت حوال للطف وحلال
تا تیح جہاں ستاں علم کرد
بودست سرآسمان اجلال
یک حکم ارو خلق تسلیم
فرمان سراوست دم تا تمام
صیتش و صوبه یک سیاست
محو هیچ اوست حیثم اقبال
کار وجهاں لطف خود کرد
هرکس مد لطا حتش کام
گیرد ستم ارکسش سر خویش
ارپایه ایش میتیں رستم
اربس رسو دستایں بیگ

آیسه برار یک جهان پیش
آواره کوس اوئی هم
چون ما صبا به نوبهاران
یاداش حامر کسے او
آتش بدل دو تیتس اورد حست
صد بخش رحوان کامرانی
صد تیغ هری او کشیده
هم خاک نعرتش سر رساید
رحم شدر م اتماتش
کر د و دو یم پیکر حیر ح
حسی که تو حعادست الیش
ار وحیه تیح عدل اهمال
زاں تیغ ستم قلم کرد
هر شیدی راستی سال
یک جلوه ارو چرخ کریم
احری خورا وقعاده مرام
سرمهر و جهان تماش یا ست
فرمان سر اوست ملک احلال
عالم بکنار عدل پرورد
در حسنش چرخ یاد آرام
کاسیته ظلم با دل ریش
رستم ز مقام بخش رستم
هش ساره مقام خویش دم

افلاک سیاستش گریاں
رکرده صدای اتماس
هم داده تیره دو هم عکس آن
ملل کمیں کشت چو باد
چون سنگ سیاستش امر آید
مسموں صفا کسد فلک را
ارو حط ماه آسمانش
کردن رو ظلم پر و ال
چون کشتی دل ساز کرد
هرکس که ز لطف او پرور
کاسیت ریتر اسیاستش
کرده و دکون حکم جاری
ار دست تعقل سرش بیا
عالم همه زیر دستان ایسه
افکنده زما درحت سدا
عدلش چو بر آسماں اکرد
آں لب که رخیر عدل گفت
ما ماک مکو س عدل موجت
در یره وچرح دیر میاد
ارهیبت او فلک نگون گشت
سر حتش رمی هیچ لادم
عقل آمد و گفت کای سخن آن
ار سعر رمای او سحر را گو

گر دیده که کیا انتک زیرآب
آور ده صلای لطف عامه
داده سهمان جهانیان گنج
گل را سحر ان کسد چو اله
سوری مرد دستش ز شعر آید
مردوں صفا کسد فلک را
در بار گه ملال تماشش
دل کرده دل ستم اماں
رحیره حود طرار کرده
مردی برسد ز آسمان فهم
تیر فلک ار نعره کاهش
لسیر و خصم رحم کاری
مشتعل حور ست عرا
محکوم دو دایرست اوید
ارودست لسامد سر ودا
صد تو به زیک جهان واکرد
چون کرد ستم سیاست رست
هیچ ستم ار جهان برآید حست
سرگرد تو ملک ویاد
ار عدل وی آسماں بلوک گشت
سحر و شدم زبان گستردم
ار در سحن مداست گنج
اسرار نهاں ایں سخن ده

تا رشتۂ تار پود انفاس + از بہر قماش تن کشد پاس + ذاتش بجلال پایدہ دان باد + وان ذات خلاصۂ جہان باد

اگر یہ نسخۂ غریب اس قدر شناس کی نظر قبول سے مزین ہو جاوے زہے دولت اور جو یہ مجموعۂ عجیب اس ثانی عقل فعال کے زیور التفات سے محلی ہو جاوے زہے سعادت ع گر قبول افتد زہی عز و شرف ہر چند یہ کتاب نظر تماشائیان دقیقہ یاب میں رشک گلزار اور غیرت بہار ہے لیکن حقیقت میں بہار جب ہے کہ اس دریا دل کے سحاب الطاف سے سرمایۂ خرمی حاصل کرے اور گلزار جب ہے کہ اس ابر کرم کے ابر عنایت سے سرسبزی پاوے ع تشنہ می گر التفات خداوندیش بیار آید + نگار خانۂ چینی و نقش ارژنگی است + امید ہست کہ روسئے ملال ور نکشد + ازین سبب کہ گلستان حیات و لنگی است + چنانکہ کہ دیباچۂ ہمایونش + بنام نامی مشکوۃ نگارستگی است + بہر حال جو کہ امید قوی ہے کہ ایسے آقای قدردان کی نظر عنایت سے مزین بزیور قبول اور یہ آرزو جلی بجای حصول ہوگی اس نسخۂ دلکشا کو زیور اہتمام سے آراستہ کر کر اس مناسبت سے کہ صنادید روزگار کی آثار اور اعیان مملکت ہند کے احوال و اطوار پر مشتمل ہے آثار الصنادید نام رکھا اور چار باب پر مرتب کیا +


باب پہلا شہر کے باہر کی عمارتوں کی حال میں —

باب دوسرا قلعہ کی عمارتوں کے حال میں —

باب تیسرا خاص شہر شاہجہان آباد کے حال میں —

باب چوتھا دلی اور دلی کے لوگوں کے حال میں —

خلد بند جہان اور چمن آرائے کن فکان سے امید ہے کہ اس گلشن جنت نظیر کو آبیاری ابر رحمت سے ایسا سرسبز کرے کہ ہر ورق اسکا برگ طوبی کا ہمسر ہو اور ہر سطر اسکی سنبل فردوس کی برابر شتر ہو اسکے مضامین رنگین کا مقابلہ کر سکے اور نہ نسرین اسکی شگفتگی عبارت کے برابر ہو سکے ۔ الٰہی اسکا ارباب شوق کو مفید ہو اور سیر اسکی بہتر از ہنگامۂ نوروز و عید خالی باد عاسے نیم شبی اور نالۂ سحری کارگر ہو اگر چشم نظر تامل سے اس مجموعۂ دلفریب کو دیکھا تو جیسا دل چاہتا تھا اوس سے زیادہ پایا اور بقدر تمنا کہیں بہتر اوس سے نظر میں آیا لیکن ناظرین انصاف دوست سے توقع ہے کہ کجی اور اعتساف کو بالای طاق رکھ کر بنظر انصاف ملاحظہ کریں کہ مولف نے اسکی تالیف میں کیا دود چراغ کھایا اور کس قدر خون جگر پیا ہے اگر اسکی نظر پر صلہ تحسین سے ثنا و کریں کچھ بعید نہیں ع شعر رسی انگ پدر دمن کہ چوست + خامہ گیری و صفحہ ہنگاری




باب پہلا


شہر کے باہر کی عمارتوں کے حال میں

بیا و نقش عمارات شہریاران بین	کہ این سپہر خرابہ شیشہ چون بہ سنگ شکست

واضح ہو کہ سابق میں آبادی اس شہر کی جانب جنوب تھی اور جتنے قدیم مکان ہیں وہ اسی جانب واقع ہیں جس وقت سے کہ شاہان سلطنت میں قلعہ بنایا اور شہر بسایا وہ شمال کی طرف ہٹ آیا اس سبب سے اس شہر کے اور طرف مکانات قدیم بہت کم ہیں مگر تغلق شاہ اور عادل شاہ نے قدیم آبادی کے جنوب کی طرف قلعہ بنایا تھا اس جہت سے گویا تمام عمارات قدیم اسی جانب کو تغلق آباد کا قلعہ ہو گیا ہے اس کتاب میں شہر کے باہر کی عمارتوں کا حال لکھنا شروع کیا مناسب معلوم ہوا کہ اسی عمارت سے پہلے تغلق آباد سے حال عمارات قدیم کا حال لکھیں تاکہ اوس سے اس دنیا ناپائدار پر عبرت ہو اور راستی اہل روزگار پر بصیرت اہل بصیرت کے لیے یہ ایک آئینہ ہے کہ اوس سے عبرت ٹپکتی ہے اور بے بصیرتوں کو بصیرت ہوتی ہے نظم

نہ ہمین است عبرت کز گاہ را	کہ واردو آمد شدین اورا	بیکے را مدام آرد ہنگامہ تیز	بیکے را بہ ہنگامہ گوید کہ خیز
کہ عاقلان این ملک را دیدہ شو	سر عماری اندر جہان دور شو	کہ داند کہ این دخمہ دامدود	ہمہ تار تنہا ہا عمار ہر یک دو
بہ سیر گاہ ایجاد دلات ساختست	بہ گردون کشان را سر آورد پست	اگر شاہ و ملک ہست گر کہ تمام	ہمہ راہ ہیچ ہست یا ہیچ دام





قلعہ تغلق آباد

یہ قلعہ غیاث الدین تغلق شاہ بیٹے ملک تغلق نے جو غیاث الدین بلبن کے غلاموں میں سے تھا بنایا ہے اس قلعہ کی تیاری سنہ ۷۲۱ ہجری میں شروع ہوئی اور بہت جلد تیار ہو گیا کسی زمانہ میں یہ قلعہ بہت نفیس و بلند ہوگا لیکن اب بالکل خراب اور ویران ہے + اکثر جگہ سے فصیل قلعہ کی قائم ہے مگر اندر کے مکان بالکل ٹوٹ گئے ہیں کہ نام و نشان تک نہیں رہا بجز گڑھوں اور پتھروں کے ڈھیر کے اور کچھ نہیں معلوم ہوتا + قلعہ کے بیچوں بیچ میں ایک بہت بلند مکان بنا ہوا تھا اور وہ بادشاہ کی بیٹھک تھی اوسکو جہاں نما کہا کرتے تھے + لوگوں کے ذہن میں یہ سما رہا ہے کہ اس سے بڑا اور کوئی قلعہ نہیں ہے + اور کہتے ہیں کہ اس قلعہ کے چھپن کوٹ اور باون دروازے ہیں + سنتے جو اس قلعہ کو بغور دیکھا تو یہ خیال غلط معلوم ہوا اور یہ بات تحقیق ہوئی کہ یہ قلعہ بہت بڑا نہیں ہے + بادشاہ نے مغرب کی طرف قلعہ بنایا تھا + اور تین طرف یعنے مشرق اور شمال اور جنوب کی طرف تغلق آباد کا شہر آباد کیا تھا + اور شہر کی فصیل اور قلعہ کی فصیل اس خوبصورتی سے ملا کر بنائی ہے کہ یہ سارا شہر اور قلعہ ایک قلعہ معلوم ہوتا ہے + سنتے اس نقشہ میں جس قدر کہ اصل قلعہ کی عمارت ہے وہاں لفظ قلعہ کا لکھ دیا ہے + یہ قلعہ شاہجہان آباد سے چھ کوس کے فاصلے پر جنوب کی طرف واقع ہے + اس قلعہ میں راجہ ناہر سنگھ بلبھ گڈھ والے کی عملداری ہے + اور پچاس ساٹھ برس سے اس قلعہ میں گوجر آباد ہیں اور اونکو ابدال مشہور کرتے ہیں کہ بہت اچھا اس ہاتھ آیا ہے اور ایک چھوٹی سی پہاڑی پر یہ قلعہ بنایا گیا ہے + عمارت اس قلعہ کی تمام چونہ اور پتھر کے پتھر سے ہے + دروازے بہت چھوٹے اور بہت پست جیسے اگلی عمارتوں کے ہوتے تھے ویسے ہی ہیں + لیکن اوس زمانہ کی عمارتوں میں بہت خوبصورت عمارت ہے اور بنا ہونے سے آج اس عمارت کو بنے ہوئے پانسو چالیس برس کے قریب عرصہ ہوا اسی قلعہ کے پاس جنوب کی طرف تغلق شاہ کا مقبرہ ہے


مقبرہ غیاث الدین تغلق شاہ

یہ مقبرہ بہت نفیس بنا ہوا ہے + میرے ذہن میں اوس زمانہ کی عمارتوں میں اس سے سوا خوبصورت کوئی عمارت نہ ہوگی + اگرچہ عوام میں یہ مشہور ہے کہ اس مقبرہ کو بھی غیاث الدین تغلق شاہ نے بنایا ہے

لیکن یہ بات غلط ہے بلکہ یہ مقبرہ ملک فخر الدین جونا سلطان غیاث الدین تغلق شاہ کے بیٹے کا بنایا ہوا ہے جسکو سلطان نے اپنی بادشاہت میں الغ خان خطاب دیکر اپنا ولی عہد کیا تھا اور سلطان کے مرنے کے بعد اسنے اپنا لقب سلطان محمد تغلق شاہ رکھا تھا * اس سبب سے کہ باپ بیٹے دونو تغلق شاہ کے لقب سے مشہور تھے لوگوں کو شبہہ پڑا ہے * یہ عمارت ۷۲۵ ہجری کے بعد بنی ہے کہ اوسکو پانسو تیئیس برس کے قریب عرصہ گذرا * اس مقبرہ کی فصیل تو سنگ خارا اور چونے کی بنی ہے اور مقبرہ کے برج کی چار دیواری اندر باہر سنگ سرخ کی نہایت خوبصورت ہے اور تمام برج سنگ مرمر کا ہے اور جا بجا سنگ سرخ میں سنگ مرمر کی دھاریاں اور گل بوٹے ہیں کاری کے نہایت نفاست سے لگی ہوئی ہیں * برج سپید مثل بیضۂ عالم دکھائی دیتا ہے * برج کے اوپر ایک کلس سنگ سرخ کی لگی ہے مگر تھوڑی سی ٹوٹ گئی ہے * یہ مقبرہ جی راجہ ناہر سنگھ بلبھ گڈھ والے کی عملداری میں واقع ہے اور اوسے ناقدردانی سے اس زمانہ میں مقبرہ کو ایسا خراب کر رکھا ہے کہ اوسمیں گائے بیل بند رہتے ہیں اور میدا پستے ہیں * اس مقبرہ کے رہنے والے زمیندار اپنے تئیں شیخ بتاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے بزرگ سلطان غیاث الدین تغلق شاہ کے وقت سے تغلق آباد میں ہوئے تھے جب سے کہ اس قلعہ میں کوچ آپڑے ہم اس مقبرہ میں آرہے ہیں *

قبور مقبرہ

اس مقبرہ کا برج اندر سے کچھ بہت نفیس ہے کہ اوسکی نفاست نقشہ سے ظاہر ہے * اس برج میں تین قبریں ہیں * پہلی قبر جو گنبد کے بیچوں بیچ میں ہے وہ قبر تو سلطان غیاث الدین تغلق شاہ کی ہے اور دوسری قبر کا حال میری تئیں کسی تاریخ کی کتاب سے تحقیق نہیں ہوا * لوگ کہتے ہیں کہ دوسری قبر اوسکے بیٹے کی ہے * مگر غلطی یہ ہے کہ اوسکا نام محمد عادل شاہ بیان کرتے ہیں * محمد عادل شاہ غیاث الدین تغلق شاہ کا کوئی بیٹا نہ تھا اور سلطان محمد تغلق شاہ جسنے اس مقبرہ کو بنایا البتہ اسکا بیٹا تھا اور اگرچہ سلطان محمد تغلق شاہ دریائے سندھ کے کنارے پر ۷۵۲ ہجری میں مرا ہے لیکن کچھ عجب نہیں کہ اوسکی لاش کو لا کر یہاں دفن کر دیا ہو * اور تیسری قبر سلطان غیاث الدین تغلق شاہ کی جورو کی ہے کہ مخدومۂ جہاں اوسکا خطاب تھا ان تینوں قبروں کے تعویذ معلوم نہیں



کہ کون لیگیا اور کیا ہوئے اب اون تعویذون کی جگہ کسی نے اینٹ اور چونہ سی قبرین بنا دی ہین

برج مقبرہ

اس مقبرہ کا برج بھی بہت خوب اور اسکی وضع نہایت مرغوب ہے قابل سیر و تماشا ہے اوسکی بلندی نقشہ سے ظاہر ہے کہ لنبے قد کا آدمی اوسکے اسارہ تک پہونچتا ہے آدمی کی طاقت نہین کہ اوسکی خوبی بیان کر سکے اس گنبد کے مشرق اور شمال اور جنوب کی طرف محراب دار دروازے ہین اور مغرب کی طرف کے دروازے کا نشان بنا ہوا ہے مگر دروازہ نہین ہے معمارون نے اس خوبی اور استحکام سے اسکے پتھر وصل کیے ہین کہ دیکھنے سے تعلق ہے اسکی مضبوطی اور استحکام دیکھکر خیال بہی مین نہین آتا کہ یہ کبھی فنا بھی ہوگا اسکی ایسے نفیس صحن مین جسپر جوتی سمیت پاوں رکھنا اور فرش بچھا کر بیٹھنا بہت بے سلیقگی تھی گلے بھینس بیل بندھتے ہین اور گوبر کی ڈھیر پڑی رہتی ہے

فصیل مقبرہ


اوس مقبرہ کی فصیل اور دروازہ بھی نہایت شان دار اور بغایت خوبصورت ہے دروازہ تمام سنگ سرخ کا ہے اور اوس مین ایک دالان ہے تیئس سیڑھیان چڑھکر مقبرہ کے صحن پر پہونچتے ہین فصیل اسکی نہایت عجیب ہے سمجھ مین نہین آتا کہ بنانے والے نے اسکی فصیل ایسی ٹیڑھی میڑھی کیون بنائی ہے شاید جیسلمیر کا پہاڑ ہوگا اوسی طرح کی فصیل بنا دی ہوگی اگرچہ یہ مقبرہ تکونیہ کوٹ کرکے مشہور ہے یعنے مثلث پر یہ بھی غلط اسی واسطے کہ دونو ساقین اسکی مستقیم نہین ہین اونکے بیچ مین بھی ایک ایک زاویہ منفرجہ پیدا ہو گیا ہے اسکی فصیل مین قلعہ کے طور پر برج و بارہ بنے ہوئے ہین + ایک برج تو راس مثلث پر جانب جنوب ہے اور دوسرا برج ضلع شرقی مثلث پر اور تیسرا اور چوتھا برج قاعدہ مثلث پر جانب شمال اور غرب بنا ہوا ہے تیسرے برج پر ایک اور برج ہے اور اوسمین بھی کچھ نامعلوم قبرین ہین اور ضلع غربی مین مقابل برج ضلع شرقی کے پکا کنوان ہے کہ اوسکا پانی مقبرہ کے رہنے والون کے خرچ مین آتا تھا اس فصیل کے اندر کے رخ حجرے فقرا اور مساکین کے رہنے کو بنے ہوئے ہین گرد اس مقبرہ کے سلطان فیروز شاہ نے پانی کا بند بنایا تھا اور مقبرہ اور قلعہ کے دروازے مین پل باندھا تھا کہ اس سبب سے اس مقبرہ اور قلعہ کو عجیب رونق ہو گئی تھی +


پل مقبرہ


اگرچہ میں یقینی نہیں کہہ سکتا کہ یہ پل کسی نے بنایا ہے مگر تاریخ کی کتابوں کے تتبع سے ایسا یقین پڑتا ہے کہ یہ پل سلطان فیروز شاہ بن سالار رجب کا بنایا ہوا ہے جو سلطان محمد تغلق شاہ کے بعد تخت پر بیٹھا تھا۔ اس بادشاہ نے اپنی سلطنت میں بہت سے پل دریاؤں کے بند بنائے ہیں کیا عجب ہے جو یہ بھی اسی نے بنایا ہو۔ اگر میری بات درست تصور کی جاوے تو سنہ ۷۵۲ ہجری کے بعد یہ پل بنا ہوگا کہ اوسکو پانسو برس کے قریب عرصہ گذرا اس پل اور پانی کے بند بنانے کے سبب حقیقت میں اس قلعہ اور مقبرہ میں جان پڑگئی ہے مشرق کی طرف تو تغلق آباد کا قلعہ ہے اور مغرب کی طرف پہاڑ ہے اور جنوب کی طرف عمارت ہزار ستون ہے اور شمال کی طرف سے پانی آنکر تغلق آباد کے قلعے کے نیچے کوسوں تک بھرا رہتا تھا اور اس مقبرہ کے گرد پانی پھر کر عجب عالم دکھاتا تھا۔ اور یہ مقبرہ کٹورہ سا معلوم ہوتا تھا پانی کی لہریں کھانا اور ٹھنڈی ہوا کا چلنا اور پہاڑوں پر سے سبزے کا دکھائی دینا عجب بہار دیتا تھا۔ مقبرہ کے چاروں طرف اسقدر پانی بھرا رہتا کہ مقبرہ کے جانے کو رستہ نہ ہوتا۔ اسواسطے یہ پل مقبرہ کے دروازے سے قلعہ کے دروازہ تک بنا دیا گیا ہے۔ جب کہ میں اس مقام کا نقشہ کھینچنے گیا ہوں اوس وقت میں بھی بہت پانی بھرا ہوا تھا اگرچہ اگلے زمانہ کی سی کیفیت کہاں تھی مگر پھر بھی تکلف پانی کا لہرانا اور ٹھنڈی ہوا کا چلنا اور ٹوٹی پھوٹی عمارتوں کا دکھائی دینا مجھکو بہت پسند آیا اور بہت حسرت آئی کہ اگر یہ بند تیار ہو جاوے تو کیا اچھی سیرگاہ ہے افسوس کہ راجہ ناہر سنگھ بلم گڑھ والے کو جسکی عملداری میں یہ بند واقع ہے اسکی آراستگی کا کچھ خیال نہیں۔ نہ یہ سمجھے کہ اس سے اونکی زراعت بھی معمور ہے یہ پل بعض جگہ سے ٹوٹ بھی گیا ہے اور ریت آجانیکے سبب اسکے در بند ہوگئے ہیں۔ اگلے وقتوں میں بڑے بڑے نالے جو اس نواح میں جاری تھے اس بند میں کاٹ کر ڈالے گئے تھے اور تالاب شمسی جو قطب صاحب میں واقع ہے اور اوسکا پانی بارہ مہینے جاری رہتا تھا۔ اوسکا پانی بھی اسی جگہ ڈالا گیا ہے اور جس جگہ کہ اب شہر ہے وہاں بند موجود ہے کہ اوسکا حال وہاں کی عمارتوں میں لکھا جاویگا


عمارت ہزار ستون

یہ عمارت بھی تغلق آباد کے قلعے کے پاس واقع ہے اس عمارت کو ملک محمد الدین جو سلطان غیاث الدین تغلق شاہ










کے بیٹے نے بنایا ہے جسکو بادشاہ ہونے کے بعد سلطان محمد تغلق شاہ کہا کرتے تھے ۔ اسی بادشاہ کی قبر سلطان
غیاث الدین تغلق شاہ کے مقبرہ مین ہے اس عمارت کو بعضے تو محمد آباد اور بعضے عادل آباد کہتے ہین ۔
محمد آباد کہنے کا تو یہ سبب ہے کہ سلطان محمد تغلق شاہ نے اس عمارت کو بنایا ہے ۔ اور عادل آباد اس سبب سے
کہتے ہین کہ ملک فخر الدین جونا نے بادشاہ ہو کر اپنا لقب سلطان محمد عادل تغلق شاہ رکھا تھا ۔ پھر اوسنے ایسا ظلم
کرنا شروع کیا اور ہزارون بیگناہون کا خون کیا کہ اوسکے نام سے عادل کا لقب جاتا رہا اور اوسکی جگہ سلطان
خونی کہنے لگے تھے اور اسی سبب سے کہ اس بادشاہ کے نام مین سے عادل کے لفظ کو بالکل نکال ڈالا تھا اور ظالم
کے لقب سے مشہور رہا تھا ۔ بعضے قبور مقبرہ غیاث الدین تغلق شاہ کے حال مین لکھا ہے کہ سلطان غیاث الدین
تغلق شاہ کا کوئی بیٹا سلطان عادل شاہ کے لقب سے مشہور نہ تھا ۔ غرض کہ اسکے پہلے لقب کی مناسبت
سے اسکو عادل آباد بھی کہتے ہین اس عمارت کی تیاری سنہ ۷۲۵ ہجری کے بعد شروع ہوئی اور سنہ ۷۲۷ ہجری
مین بن چکی تھی کہ اوسکو پانسو چھتیس برس کے قریب عرصہ گذرا ۔ اس بادشاہ کے عہد مین بدر چاچی بہت بڑا
شاعر تھا اوسنے اس عمارت کے تمام ہونے کی تاریخ ۔ فادخلوہا ۔ نکالی ہے ۔ کہتے ہین کسی زمانہ مین یہ عمارت
بہت نفیس تھی اور ہزار ستون سنگ مرمر کے اسمین لگے تھے اور اسی سبب سے اسکو عمارت ہزار ستون کہتے
تھے ۔ لیکن اب یہ عمارت بالکل خراب ہو گئی ہے ٹوٹی پھوٹی چار دیواری اور ایک آدھ دروازہ قائم ہے باقی سب
کچھ گر پڑا ہے ۔ یہ عمارت بھی راجہ ناہر سنگھ بلبھ گڈھ والے کی عملداری مین واقع ہے اور نہایت خراب اور ویران
ہو رہی ہے اس عمارت کو دیکھکر نہایت عبرت ہوتی ہے کہ کیسے بادشاہ جبار و قہار خونخوار کے رہنے کا مکان تھا
جسمین اب گائین بھینسین بھیڑ بکریان چرتی ہین ۔ فاعتبروا یا اولی الابصار ۔

مندر کالکا

یہ مندر موضع بہاپور کی سرحد مین شاہجہان آباد سے چھ کوس کے فاصلہ پر جنوب کی طرف واقع ہے ۔
اور یہ مقام ہندؤون کی بڑی پرستش گاہ ہے ۔ اگرچہ ہندؤون کے عقائد آدمی کے عقل سے باہر ہین لیکن اس مندر کا
جو حال ہمکو ہندؤون کے مذہب کے موافق تحقیق ہوا ہے لکھدیتے ہین ۔ کہ اگلے زمانہ مین جسکو کئی کروڑ برس ہوئے
ہونگے سنبھ اور اسنبھ دو راچھس تھے اونھون نے اوس زمانہ کے دیوتاؤن کو بہت ستایا تھا ۔
آخر دیوتا لاچار ہو کر برہما تک فریادی گئے ۔ برہما نے اونسے کہا کہ مجھسے تمہاری رچھیا نہین ہو سکنے کی ۔

تم مہامائی یعنی پاربتی کا استت کرو وہ تمہاری مہاتیا کریگی جب اون دیوتاؤں نے مہامائی کا استت کیا
تو مہامائی نے کہا کہ تم کسکا استت کرتے ہو جاتے ہیں مہامائی کے منہ سے ایک دیبی پیدا ہوئی کہ کوشکی
اوسکا نام تھا اوسنے کہا کہ یہ میری استت کرتے ہیں اوس وقت کوشکی دیبی نے اون دو دیو راچھسوں کو
مارا اون کے لہو کی جو بوند زمین پر گرتے تھے اوس سے ہزاروں راچھس پیدا ہو جاتے تھے کوشکی اونکو
مارتے مارتے حیران ہو گئی جوں جوں مارتی تھی ووں ووں ہزاروں پیدا ہوتے تھے اس سبب سے کوشکی
دیبی بہت حیران ہوئی اوس جگہ میں کوشکی دیبی کی بھوں میں سے کالی دیبی پیدا ہوئی کہ اوسکا ایک ہونٹ
تو پربت پر تھا اور دوسرا آکاس میں اور تمام پہاڑ سے لپٹی رہتی تھی اور وہ کالی دیبی جسکو مارتی تھی اوسکا
لہو زمین پر گرنے نہیں دیتی تھی اور سب پی جاتی تھی کہ اس سبب سے اون راچھسوں کا پیدا ہونا
موقوف ہوا اور دواپر جگ کے اخیر اور کل جگ کی ابتدا میں جسکو آجتک قریب چار ہزار نو سو پینتالیس برس کا عرصہ
گذرا اس کالی دیبی نے اس پہاڑ پر جہاں اب مندر ہے اپنا استھان کیا ہے یہاں کے لوگوں کو جو معلوم ہوئی اوسوقت سے
اوسکی پرستش کرتے ہیں اور نہایت اعتقاد رکھتے ہیں جو کوئی جاتا ہے ڈنڈوت کر کے پیر کھا دیتا ہے اور نذر بھینٹ
چڑھاتا ہے اور مندر ہے اوسکو پرشاد ملتا ہے جب میں اس مندر کا نقشہ کھینچنے گیا تو مجھکو بھی پانڈوں
نے پہلے اور تمام درپا دام ہاتھ پرشاد دیا تھا اور پیچھے لاچار اس خیال سے کہ مبادا وہاں کے پانڈے مجھکو
مندر کے اندر جانے دیں اور مندر کے اندر کا نقشہ نہ کھینچنے دیں اوس پرشاد کو لے لیا اور ہر طرح سے پانڈوں
کی خاطرداری کی شعر تقلید کار ... برہمن شدیم و مقالات زدیم اگلے زمانہ میں اس استھان کی
پرستش بہت کم ہوتی تھی لیکن اب بہت ہونے لگی ہے اور لوگ نہایت اعتقاد رکھتے ہیں وہاں کے پجاری
لوگوں کو یہ راہ بتاتے ہیں کہ اگر کوئی اس دیبی پر اپنا ہاتھ پاؤں زبان سے کاٹ کر چڑھا دے تو تیسرے
دن دیبی جی پھر ویسے دیتی ہیں یہاں کے پانڈوں نے ایک یہ بھی عہد کر رکھا ہے کہ دن رات بارہ مہینے آٹھ پہر
اس مندر میں گھی کا چراغ جلتا رہے کسی وقت نہ بجھے اور اوسکو دیبی جی کی جوت کہتے ہیں مہاراج سیندھیہ
نے موضع ... کو اس مندر کے لیے معاف کر دیا تھا پھر سو روپیہ سال ... اب جو کچھ نذر چڑھتی ہے یہاں
کے پجاری کچھ کھیتی سے اور کچھ پوجا کے چڑھاوے سے اپنی اوقات بسر کرتے ہیں اس مقام پر ہر ہفتے منگل
کے دن اور ہر مہینے کی اشٹمی کو بہت سے یاتری جاتے ہیں اور اپنے مذہب کے موافق پوجا پاٹ کرتے ہیں
چیت کی اشٹمی اور اسوج کی اشٹمی کو یہاں بڑا میلہ ہوتا ہے اور ہزاروں آدمی جمع ہوتے ہیں اور یہ میلہ عید یا ہی کا



میلہ کہلاتا ہے ٭ اس مقام پر پانی کی لوگونکو بہت تکلیف ہوتی ہے ایک کنوان ہے کہ اوسمین گھٹنے گھٹنے پانی سے سوا نہین ہوتا اور پچاپور ٹانے ہاتھ رہی جاتی ہے ٭ کسی شخص نے دو تالاب بنائے تھے کہ وہ بے مرمت پڑے ہین اون مین پانی نہین ٹھہرتا ٭

مورت مندر

اس مندر مین کسیکی مورت نہین ہے ایک گول گول پتھر جیسے مہادیو کی پنڈی ہوتی ہے رکھا ہوا ہے ٭ اور سبب اسکا یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہندوون کی اعتقاد کے موافق یہ کالی کا استھان ہے ٭ کسیکی مورت نہین بنائی گئی اور اصل مین اسکا نام کالی کا استھان تھا کثرت استعمال سے کالکا مشہور ہو گئی ہے پہلے اس مقام پر کچھ مندر وندر نتھا مالی کے استھان ہونیکے کئی ہزار برس بعد کسی شخص نے کہ اوسکا نام بخوبی تحقیق نہین ہوا اس مقام پر بارہ در کا مرلداو بنایا تھا ٭ سمت ۱۸۲۱ مین کہ اوسکو آجتک بیاسی برس کے قریب عرصہ گذرا ودرگاسنگہ نامی نے اسکے گرد سنگ مرمر اور سنگ سرخ کا کٹھرہ بنایا ہے اور اوس کٹھرہ کے بائین طرف فارسی اور شاستری خط مین یہ عبارت لکھی ہے سری درگاسنگھ پیسوار سمت ۱۸۲۱ فصلی ٭ اس مندر کے جتنے پوجاری ہین دو نو وقت آکر پوجا کرتے ہین ٭ اور گیارہ بجے ہر روز دیبی جی کو بھوگ لگاتے ہین اس پتھر کو لال لال کپڑے گوٹے کناری لگے ہوئے بہت بھاری پہنا رکھے ہین اور ایک پلنگڑی بہت خوبصورت بنا رکھی ہے ٭ رات کے وقت اوس پلنگڑی کو کس کسا اور تکیہ لگا لگا کر کٹھرے کے اندر دیبی جی کے آگے لگا دیتے ہین اور یہ اعتقاد رکھتے ہین کہ رات کی وقت دیبی جی آرام فرماتی ہین ٭ جس کسیکی مراد آتی ہے وہ شہیانہ اور پنکھا اور چھتر چڑھاتا ہے ٭ چنانچہ اب بھی چاندی کے چھوٹے چھوٹے تین چھتر اور شہیانہ اور پنکھا چڑھا ہوا ہے اور اس پتھر کو طرح بطرح کا گہنا پہنا رکھا ہے بہرحال نقشہ کے دیکھنے سے دیبی جی کے استھان اور کٹھرون کی ساخت اور لداو کی طرح بخوبی معلوم ہوسکتی ہے ٭

اکاس مندر

اس مندر کی رونق اور شان دکھلانے کو یہان کے پوجاریون نے چاہا کہ کوئی شخص اس لداو پر برج بنوادے کوئی شخص حامی نہین بھرتا تھا آخر کار پانڈون نے فریہ تدبیر کی کہ دیبی جی سے حکم لیا جاوے جسکے نام کا حکم نکلے وہ مندر کا برج بنوادے ٭ اس ارادے پر شہر کے جتنے ہندو امیر تھے اونکے نام کی چٹھیان دیبی جی کے آگے ڈالین ٭ اتفاق سے مرزا راجہ کدارناتھ کے نام کی چٹھی نکلی یہ راجہ قوم کے بنیے تھے اور اکبر شاہ کے عہد مین نظارت کی پیشکاری کا


مدد و رکھتے تھے۔ اور مرزا راجہ کا اونکو خیال تھا۔ جناب راجہ جی نے سنا کہ یہی جی سے میرے نام علم پاسے
اور یار اونکی علم کی اشاعت وجہ معاش اور مدرسے کے اخراجات کے بنوانے کا ارادہ کیا۔ اور روپیہ کی عمارت کی مرمت
یہ اخراجات بنایا اس لگا کر اوسکو گرد غلام گردش لگیں اونکو بند کیا ہی ہے۔ اندر بیک دالان میں بارہ دروازے ہیں اور باہر کی
غلام گردش میں بیس در ہیں اور ان صحن کا جو مندر بنا ہے اندر تو ہر ضلع میں ایک دروازہ ہے اور باہر کی ہر ضلع میں
تین تین در ہیں اس مندر کے اخراجات کو تیس برس کا عرصہ گذرا ہی اور کہتے ہیں کہ سات آٹھ ہزار روپیے اس پر
خرچ ہوئے ہیں۔ اب راجہ صاحب نے ... اور ... سے مندر کے آس پاس میلے میں جانے اور اوترنے
کے لیے مکان بنا لیے ہیں۔ پہاڑوں کے ... یہ بات ہے کہ یہ دیوی سنگھ پر سوار ہوکر یہاں آئی ہیں۔ اس واسطے
مندر کے آگے دو مورتیں شیر کی سنگ مرمر کی بنا رکھی ہیں۔ اور اونکی بھی پوجا ہوتی ہے۔ ان شیر
کے سر پر ایک بہت بڑا گھنٹہ لٹکا رکھا ہے اور پوجا کے وقت اوسکو بجایا کرتے ہیں۔ اور روپیہ پائی کی ... کر
چڑھاتے ہیں۔ اور ایک مورت کے پاس سنگ سرخ کا ایک ترسول بنایا ہے اور سنگ مرمر پر ... کا
کتبہ کھودا ہی ... دیوی کا ...

روشن چراغ دہلی

یہ ایک درگاہ ہے شاہجہان آباد سے تین کوس کے فاصلے پر جنوب کی طرف۔ اس میں شیخ نصیر الدین محمود
کا مزار ہے۔ اور یہ بڑے ولی اللہ تھے۔ اور حضرت سلطان المشائخ کے خلیفہ اعظم تھے۔ اور روشن چراغ دہلی
انکا لقب ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ یافعی نے حضرت مخدوم جہانیاں سے طواف کعبہ میں پوچھا تھا کہ دلی
میں اب کون بزرگ ہے۔ مخدوم صاحب نے جواب دیا کہ اس زمانہ میں شیخ نصیر الدین محمود سے دلی کا چراغ
روشن ہے۔ جب سے آپکا لقب روشن چراغ دہلی ہو گیا ہے۔ آپکی صفات اور کمالات سے کتابیں بھری پڑی ہیں
نہایت شہرت سے حاجت بیان کی نہیں۔ سلطان فیروز شاہ کو آپ سے بہت اعتقاد تھا۔ اور نہایت آپکی خدمت
کیا کرتا تھا۔ اس درگاہ کا گنبد آپکے جیتے جی سلطان فیروز شاہ نے [illegible] ہجری میں بنوایا تھا۔ اور سنہ [illegible]
ہجری میں رمضان کی اٹھارہویں تاریخ جمعہ کے دن آپکا انتقال ہوا۔ اور اسی گنبد میں رکھے گئے۔ اس گنبد
کے بارہ در ہیں اور سنگ خارا کے ستون لگے ہوئے ہیں سب دروں میں سنگ سرخ کی جالیاں لگا رکھی ہیں
جنوب کی طرف کے ایک در میں گنبد کے اندر جانے کا دروازہ ہے گنبد چونا اور پتھر سے بنا ہوا ہے اور اوسپر سیڑھی

نقشہ نمبر ۹ متعلقہ صفحہ ۱۴ - باب اول

نقشۂ درگاہ حضرت سلطان المشائخ رح دہلی



نقشہ ۱ روضۂ شیخ علیؒ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[illegible]

[illegible]

[illegible]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کلس ہی + اور گنبد کے اندر ایک سنگ مرمر الکتور الکتابہ ہے + اب قریب زمانہ میں اکبر شاہ کے عہد میں مرزا غلام حیدر بادشاہ زادہ نے اس گنبد کے گرد بارہ دری سنگ سرخ کی بنوائی تھی اور حضرت نظام الدین کی درگاہ کے ستون یہاں لاکر لگائے تھے + مگر یہ بارہ دری ایسی بودی بنی تھی کہ دس برس کے بعد گر پڑی + اس گنبد کے پاس ایک مسجد ہے چونے اور پتھر کی بنی ہوئی + کہتے ہیں کہ فرخ سیر نے یہ مسجد بنوائی ہے + اس مسجد پر کچھ کتبہ نہیں ہے جس سے اس کی تاریخ معلوم ہو + لیکن فرخ سیر کی بادشاہت کو حساب سے ایک سو چونتیس برس کے قریب عرصہ گذرا تو اس حساب سے اتنی ہی مدت اس مسجد کے بنے کو بھی ہوئی ہوگی + اس گنبد کے پاس دو برج اور ہیں + ایک برج میں جو جانب غرب ہے حضرت شیخ فرید شکر گنج کی پوتی سوتی ہیں + اور دوسرے گنبد میں جو مشرق کی طرف ہے مخدوم زین الدین صاحب حضرت کے بھانجے کی قبر ہے + اور مخدوم کمال الدین صاحب جن تک مولوی فخرالدین صاحب کا سلسلہ پہنچتا ہے اس برج کے پاس مدفون ہیں اور انکی قبر کے گرد سنگ سرخ کا کٹہرا لگا ہوا ہے + اور باقی بہت سی قبریں ہیں + منجملہ ان قبروں کے قبر طالب خان سنگش کی بھی یہیں قبر ہے اور دو گنبد اور ہیں پٹھانوں کے وقت کے معلوم نہیں کہ ان میں کسکی قبریں ہیں + درگاہ کا گنبد اور مسجد نہایت بے مرمت ہو گئی تھی خصوصاً غلام گردش کہ گر گئی تھی جسکو مرزا غلام حیدر نے بنایا تھا + گنبد درگاہ کا بہت بودا ہو گیا تھا اور خادم وہاں کے ہر شخص سے مرمت کی درخواست کرتے تھے + خواجہ محمد خان نے تمام درگاہ اور مسجد اور دروازہ اور صحن کی استرکاری اور مرمت کروا دی اور درگاہ کے گنبد میں چھجہ سنگین بنوا دیا + اس مرمت کے سبب حقیقت میں سارا مکان نیا ہو گیا + اس درگاہ کی چار دیواری اور تین در کا ایک دالان شمال کی طرف اور چھوٹا سا چھوٹا سنگین کٹہرا مولوی فخرالدین صاحب نے بنوایا ہے + اور غلام گردش جو گر پڑی تھی اسکے ستون اب تک صحیح و سالم درگاہ کے آگے پڑے ہیں + ہر برس رمضان شریف کی سترھویں تاریخ کو اس درگاہ میں عرس ہوتا ہے اور بہت سے لوگ جمع ہوتے ہیں اور رات کو رہتے ہیں اور اٹھارہویں تاریخ قل کے بعد چلے آتے ہیں +

دروازہ درگاہ کا

حضرت کے انتقال کے بارہ برس کے بعد ۷۳۷ ہجری میں سلطان فیروز شاہ نے اس درگاہ کا دروازہ بنایا ہے + اور دروازہ پر بہت بڑا گنبد ہے اور اوسپر کتبہ سلطان فیروز شاہ کے نام کا بہت دنوں سے لگا ہوا ہے اور جو عبارت اوس میں لکھی ہے وہ اوسکے نقشہ میں بعینہ اوسی خط سے لکھی ہے + دروازے کے باہر خانقاہ دو


سے ملکر ایک دالان لوگوں کے اوترنے بیٹھنے رہنے سونے کے لیے بنالیا ہے اور حقیقت میں اس دالان کے بننے سے بڑا آرام ہوگیا ہے اس دروازے کے آگے ایک تخت سالکی ایک لکڑی کا رکھا ہوا ہے عرض اس تخت کا چار فٹ کا ہے اور طول آٹھ فٹ کا اور اونچائی ایک فٹ ساڑھے چار انچہ کی ہے اور یہ سب ایک لکڑی میں سے کاٹ کر بنایا ہے اس تخت کو دلی کی بیگم نے بنگالہ سے بھیجا تھا اور اوسپر یہ شعر اور عبارت کھدی ہوئی ہے یہ تخت کچھ ایسا نادرات سے نہیں تھا کہ جسکا نقشہ بنانا بھی ضرور ہوتا الا اکثر شعر

تخت چوبی یار دکھنی بیگ اصحاب بصید دین محمود اقدس سرہ العزیز سنہ ۱۲۴۳ ہجری مطابق سنہ ۱۱ جلوس محمد شاہ عادل


اس درگاہ کے پاس ایک بستی آباد ہے اور ہر قسم کے لوگ اوس میں رہتے ہیں گرد اس بستی کے محمد شاہ بادشاہ نے فصیل بنوادی ہے اور اس فصیل میں چار دروازے اور ایک کھڑکی رکھی ہے کہتے ہیں کہ اس فصیل کے بننے میں پونے چار لاکھ روپیہ خرچ ہوئے ہیں مگر یہ نہیں معلوم ہوتا کہ اسقدر روپیہ کہاں صرف ہوا شاید اتنا ہوا ہو

مقبرہ سلطان بہلول لودھی

یہ مقبرہ حضرت روشن چراغ دہلی کی درگاہ کے پچھواڑے واقع ہے عوام الناس میں یہ مشہور ہے کہ یہ مقبرہ حضرت روشن چراغ دہلی کے درگاہ سے بھی پیشتر کا ہے مگر یہ بات غلط معلوم ہوتی ہے اسواسطے کہ حضرت روشن چراغ دہلی کی درگاہ سلطان فیروز شاہ کے وقت میں بنی ہے اور سلطان بہلول سلطان فیروز شاہ کے بہت پیچھے ہوا ہے سنہ ۸۹۴ ہجری میں سلطان بہلول نے نواح قصبہ سکیت میں اس جہان سے انتقال کیا اور سلطان سکندر اوسکے بیٹے نے اپنے باپ کی لاش کو دلی میں لاکر یہ مقبرہ بنوایا اس حساب سے اس مقبرے کو بنے ہوئے تین سو انہتر ۳۶۹ برس کے قریب عرصہ گذرا یہ مقبرہ عجیب قطع کا بنا ہوا ہے بیچ میں تو بارہ دری ہیں اور اوپر پانچ برج ہیئت مجموعی اس مقبرہ کی بہت خوبصورت ہے مگر افسوس کہ نہایت بے مرمت پڑا ہے اور اوس سے بدتر یہ ہے کہ خادموں نے اس مقبرہ میں بھی دیواریں چنکر سکونت اختیار کی ہے اور تمام مقبرہ کی رونق کھو دی ہے اسی مقبرہ کے پاس ایک نامعلوم شخص کا حجرہ ہے اور اوس میں دو قبریں ہیں اس مقبرہ کا نقشہ اسطور سے کھینچا گیا ہے کہ اس مقبرہ کے ساتھ اوس حجرے کی جالیاں اور چراغ دہلی کی فصیل کا دروازہ جو محمد شاہ نے بنایا ہے دکھائی دیتا ہے



مقبرہ سلطان بہلول لودی



ست پلہ - ۷۷۷


یہ ست پلہ حضرت روشن چراغ دہلی کی درگاہ کے پاس واقع ہے ❊ اور اصل میں یہ ست پلہ سلطان فیروز شاہ کی شکارگاہ ہے حقیقت اسکی یہ ہے کہ سنہ ہجری میں شاہزادہ فتح خان سلطان فیروز شاہ کا بیٹا کہ نہایت عقلمند اور لائق اور قابل سلطنت کے تھا مرگیا ❊ بادشاہ کو اسکے مرنے سے اتنا غم ہوا کہ اپنے جینے کو مرنے سے بدتر جانتا اور بادشاہی کو گدائی سے کم سمجھتا کسی کام میں اسکا دل نہ لگتا اور سلطنت کے انتظام میں خلل پڑتا ❊ امرا نے بہت سمجھایا اور اس غم کے بھلانے کو یہ تدبیر بنایا بہت اچھا ہے دلکشا جنگل دیکھ کر کئی کوس کے فاصلہ پر دیواریں کھینچیں ❊ اور اسمیں طرح طرح کے درخت لگا کر شکارگاہ بنائی ❊ اونھیں کی ایک دیوار یہ ہے اس دیوار کے بیچوں بیچ ایک بہت بڑا نالہ ہے کہ قطب صاحب کی طرف اور تمام نالوں کا پانی بلکہ اس نالہ میں بہتا ہے اسواسطے اس دیوار کے بیچ میں نالہ کے بہنے کو پل کے طور پر در بنا دیئے ہیں اور اسی سبب سے ست پلہ مشہور ہو گیا ہے ان دروں پر کچھ مکان بھی ہیں ❊ اور دو دروازے بہت خوش وضع کے بنا دیے ہیں کہ اس سے تمام پل کی رونق ہو گئی ہے ❊ اس عمارت کو بنے ہوئے چار سو چھیاسی[۴۸۶] برس کے قریب عرصہ گذرا ہے ❊ بعض بعض جگہ سے یہ دیوار گر پڑی تھی ❊ اور حکام والا مقام انگریزی کے عہد میں اوسکی جگہ کچا بند بنا دیا تھا اور دروں کو بھی مٹی سے بند کر کر پانی روک دیا تھا ❊ تمام کھیتیاں اوس سے سیراب ہوتی تھیں ❊ اور زمینداروں کو بہت فائدہ ہوتا تھا اگلی برسات کو ایکبار پانی کے زور سے یہ دیوار ٹوٹ گئی ❊ اب پھر بند کرنے کی فکر میں لگ رہے ہیں اور کچا بند بنانے میں سے نکلتے یہ مقام بہت سیرگاہ اور یہ جگہ مناسب دلکشا ہے ❊ اگر سرکار کے حکام انگریزی اس بند کی مرمت کرا دیں اور جیسا پہلے تھا ویسا ہی پختہ بنوا دیں ❊ اس مقام پر حضرت روشن چراغ دہلی کے ستادہ ہونے سے لوگوں کے پھنسنے اور نہانے کو انکو جیسا کہ ایسا ہے کہتے ہیں کہ جس جگہ اس بند کے در ہیں اوس مقام پر ایک وقت حضرت روشن چراغ دہلی تشریف لائے تھے اور عصر کی نماز کا وقت تنگ ہوتا تھا اور پانی نہیں ملتا تھا ❊ آپ نے اوس مقام پر اپنے ہاتھ سے زمین کو کریدا فی الفور پانی نکل آیا ❊ اور آپ نے اوس سے وضو کیا ❊ اور یہ دعا کی کہ جو کوئی شخص اس پانی سے نہائیگا وہ سب بیماریوں سے اچھا ہو جائیگا ❊ اور اسی بات کو کرامات سمجھ کر ان دروں کے آگے چھوٹی سی کچی کوئیاں کہ جسکا پانی شرعاً بھی پاک نہیں کھود رکھی ہے اور ہفتہ وار نہانے آتے ہیں ❊ اسکا پانی کسی کو ... اول تو یہ بات کسی کتاب سے

تمام میں اور کرامات بھی موجود یہ بات کچھ کرامات میں سے نہیں، اسواسطے کہ اہتمام پر صدہا برس سال سے تالاب سات سات اور سال بھر کی ریت کا یہ قاعدہ ہے کہ جا بجا تھوڑا کھودنے سے پانی نکل آتا ہے، ہندو مسلمان ان کے بھی اپنے دین کے پانی ستروں کیطرح اس باؤلی کو بھی گنگا جل کی طرح تعظیم کرتے ایک بہت تیز ستھری ہے اور بہتا ہے اور اس پانی سے نہاتے ہیں تالاب کے بیچ میں اور دیوالی کے قریب بہت اژدہام اتوار اور منگل کے دن ایسا ہجوم ہوتا ہے کہ ٹھکانا کچھ بیان نہیں، عورتیں بچوں کو لیکر چلی آتی ہیں اور اس پانی سے ملاتی ہیں اور چھوٹی چھوٹی ٹھلیوں میں پانی بھر اور سر کے بیچ رکھ تبرک لیجاتی ہیں، دعویٰ تو یہ ہے کہ بعضے بعضے جاہل مردوں کو بھی اعتقاد ہے اور وہ بھی آکر نہاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر کسی نے جادو کیا ہوگا تو وہ بھی اوتر جاوے گا، فقیر دلو میں جادوؤں کی بو آتی ہے چند شکستہ کم کو پانی کی تھاہ نہیں دیتے جبکہ میں اس مکان کا نقشہ کھینچنے گیا ہوں اتفاق سے اتوار کا دن تھا اور بہت سے مسلمان ہندو مذہب تیرتھ کو آئے تھے اور اسقدر ہجوم تھا کہ مجھکو نقشہ کھینچنا مشکل پڑ گیا، الٰہی اللہ تعالیٰ سب مسلمانوں کو کفر و شرک سے بچاوے اور اعتقاد فاسدہ سے نجات دے آمین یا رب العالمین، جس کسی نے ذات الٰہی کے سوا دوسرے کو پوجا اوس نے اپنے ہاتھ سے اپنے دین کو کھویا


مسجد کھڑکی ۲۰


اسی سڑک کے پاس جو ست پلکر کے مشہور ہے قدیم زمانے میں ایک گاؤں تھا کہ اوسکو کھڑکی کہا کرتے تھے، اب تمام بیابان ہے فیروز شاہی ہے اوسی زمانہ میں جبکہ یہ مکان بنا ہے ایک مسجد بنائی ہے کہ اب وہ مسجد ہی کھڑکی مشہور ہوگئی ہے اس مسجد کی عمارت نہایت عجیب و غریب ہے کہ آجتک ایسی عمارت دیکھنے میں نہیں آئی یہ مسجد چوکھونٹی ہے اور چاروں طرف مربع کے ضلعوں کے بیچ میں ایک مربع بطور تاج کے نکالا ہے تین طرف تین دروازے ہیں اور قبلہ کیطرف دروازہ نہیں ہے اور تمام مسجد میں یکدست ستون ہیں کہ گنتی میں نہیں آسکتے، ایک ایک برج تو چاروں تاج کے مربعوں پر ہے اور بیچ میں نو نو برج بنائے ہیں اور ہر برج کے لیے چار چار ستون ہیں اور اونکے سوا اور بھی ستون لگے ہوئے ہیں اس مسجد کے صحن میں چار چوک چھوڑے ہیں، اب اس مسجد میں گوجر آباد ہیں اور اونھوں نے تمام در بند کرکے اپنے گھر بنا لیے ہیں ہر چند میں نے چاہا کہ اس مسجد کا اندر سے نقشہ کھینچوں مگر مویشی اور دیواروں کے اٹھنے کے سبب سے نہ کھینچ سکا

بات میں اور اگر بات بھی ہو تو یہ بات کچھ کرامات میں سے نہیں اس واسطے کہ استقامت ...



رشید میں سے جا کر اس مسجد کا اندر سے نقشہ کھینچیں مگر ... ڈیارل کے اسٹنٹ کے ... کھینچ سکا





شہزادہ حاجی صاحب

یہ پرانی قبر بنی ہے جس کی تاریخ معلوم نہیں لیکن جبکہ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ۔۔۔ زمانے کی بنی ہوئی ہیں اس سے یہ گمان ہوتا ہے کہ اس مسجد کے بنے کو بھی چار سو چھیاسی برس کے قریب گذرا ہوگا اس کے نقشہ دیکھنے سے کچھ کیفیت اس عمارت عجیب کی معلوم ہوتی ہے

درگاہ یوسف قتال

یہ درگاہ سنہ ۹۰۰ ہجری میں سلطان سکندر شاہ ابن سلطان بہلول لودی کے عہد میں بنی ہے اور حضرت شیخ علاء الدین شیخ فرید شکر گنج کے نواسے نے بنوائی ہے یہ درگاہ مسجد کھڑکی کے پاس واقع ہے یہ برج اور گرد کی جالیاں تو سنگ سرخ کی ہیں اور گنبد چونے کا ہے اور حاشیہ گنبد پر چینی کا کام بنا ہوا ہے اور ایک طرف کو چونے پتھر کی مسجد ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ گنبد اور مسجد بنی ہوگی پاکیزگی اور لطافت سے خالی نہ ہوگی لیکن اب پرانی ہو گئی ہے اور کوئی مرمت کرنے والا نہیں رہا گنبد تو بہرحال اچھا ہے مگر مسجد بہت خراب خستہ ٹوٹ پھوٹ گئی ہے کھڑکی کے رہنے والے زمیندار اس درگاہ کو بہت مانتے ہیں اور یوسف اولیا صاحب کی درگاہ کہتے ہیں نقشہ کے دیکھنے سے اس مقام کی لطافت پائی جاتی ہے

درگاہ شیخ صلاح الدین

حضرت شیخ صلاح الدین بھی بڑے فقیر ولی میں سے تھے اور روشن چراغ دہلی کے پاس آپ کی درگاہ ہے کچھ نہیں معلوم ہوتا کہ یہ درگاہ کب بنی اور کس نے بنائی مگر اس کی عمارت کی طرح اور ساخت فیروز شاہ کے عہد کی عمارت سے بہت ملتی ہے اور بے تامل کہا جا سکتا ہے کہ یہ فیروز شاہ کے وقت کی عمارت ہے حضرت شیخ صلاح الدین کے مزار پر ایک گنبد ہے اور اس کے چاروں طرف جالیاں لگی ہوئی ہیں اور اس کے پاس ایک چھوٹی سی مسجد ہے اور اس مسجد کے پاس ایک اور بہت بڑی مسجد گنبد دار ہے کہ وہ اکثر جگہ سے گر پڑی ہے اور پیش طاق بھی ٹوٹ گیا ہے مگر بعض بعض در باقی ہیں اور حضرت شیخ صلاح کے گنبد کے قریب مشرق کی طرف ایک برج اور ہے اس میں بھی ایک قبر ہے مگر یہ معلوم نہیں کہ وہ کس کی قبر ہے اور اسی کے پاس ایک مختصر دالان بنا ہوا کہ اس کو مجلس خانہ کہنا چاہیے اس مقام کا نقشہ اس طرح سے کھینچا گیا ہے کہ تمام مکان اور دونوں مسجدیں اس میں بخوبی معلوم ہوتی ہیں اس درگاہ میں کوئی میلہ یا عرس نہیں ہوتا اور بہت کم لوگ یہاں آتے ہیں لیکن مشرق

روشن چراغ دہلی کے خادم ایک آدمی کو جو بہت بیمار تھا اکثر کھلاتے تھے لیے میں ٭

مزار سرنالہ

یہ گنبد اور مزار روشن چراغ دہلی کے پیچھے کے نالے کے اوپر واقع ہے ہر چند تحقیقات کی گئی کہ یہ کس کی قبر ہے اور کس کی ہے اور کس نے بنائی ہے کچھ معلوم نہیں ہوا اگرچہ یہ برج بھی ایک عمدہ کا مقام ہے، نالے کے سر پر واقع ہے جب کبھی نالہ میں پانی بہتا ہوگا تو یہ جگہ بھی نہایت سیرگاہ ہوگی یہ برج سولہ ستون اور مربع کے سنگ سرخ کا بنا ہوا ہے اور اوپر بہت عمدہ منبت کاری بھی کی ہے ہیئت مجموعی اس مکان کی بالکل ... سے ملتی ہے اس برج کی وضع ساخت اور عمارت کے دیکھنے سے خوبی معلوم ہوتی ہے ٭


برج بریہ زمرد پور

زمرد پور ایک موضع ہے شاہجہاں آباد سے چار کوس پرے پورب کی طرف اور یہ گاؤں پٹھانوں کے وقت سے آباد ہے اگلے زمانے میں اس گاؤں کو کچھ اور کہا کرتے تھے پھر یہ گاؤں زمرد جان نامی کی جاگیر میں ملا جب سے زمرد پور نام ہو گیا اس مقام پر پانچ برج ہوئے اور پتھر کے بنے ہوئے ہیں اور یہاں بہت سی قبریں ہیں معلوم نہیں کہ زمرد جان کون تھا اور یہ برج کس کے عہد میں بنے ہیں مگر ساخت عمارت سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ برج پٹھانوں کے وقت کے بنے ہوئے ہیں ان برجوں میں سے کسی پر کتبہ نہیں ہے کہ اس سے تاریخ اور سن بنانے والے کا معلوم ہو اور صاف طرح پر یقین کیا جا سکتا کہ پٹھانوں کے وقت کی یہ عمارت ہے اور جتنی مدت پٹھانوں کی سلطنت کو ہوئی اتنی ہی مدت ان برجوں کے بنے کو بھی ہوئی انہی برجوں کے پاس انہی کے عہد کا بہت بڑا کنواں ہے مگر اب اس میں پانی کم ہوگا ... کے سبب یہ کنواں اب بالکل بند اور بوسیدہ ہو گیا ہے کہ مرمت کے قابل نہیں رہا انہیں برجوں کے پیچھے موضع زمرد پور آباد ہے اور نیٹ ... سے تھوڑی ... ملی ہیں۔


مقبرہ لنگر خان


یہ مقبرہ متصل مقبرہ ... پور کے سواد میں واقع ہے اور سرائے پور اور زمرد پور کا سواد ملا ہوا ہے اور شاہ

نقشہ مرزا سنجر کا




نقشہ مسجد متعلقہ صفحہ ۴۰ ۔ باب اول





نقشہ نمبر ۱۹ متعلقہ صفحہ ۲۵ باب اول



ہیں اور اب یہ بالکل اوجاڑ ہے اور روشن چراغ دہلی اور اوس پاس کے گانو کے زمیندار اس گانو کی زمین کاشت
کرتے ہیں اس مقبرہ کا بھی پتہ نہیں لگتا اور کچھ حال تاریخ میں معلوم ہو سکتا کہ لنگر خان پٹھانوں کے عہد میں ایک امیر تھے
یہ اونکا مقبرہ ہے اس مقبرے میں کئی قبریں ہیں ایک قبر ایسی بلند ہے کہ آج تک دیکھنے میں نہیں آئی جس وقت کہ
میں اس مکان کا نقشہ کھینچنے گیا ہوں اور اوس قبر کو دیکھا تو میں قبر کے پاس جا کر کھڑا ہوا اور اپنا ہاتھ اونچا کر کے
چاہا کہ قبر کے سرے کو چھولوں قبر کے سرے تک میرا ہاتھ نہ پہونچا اس سے بھی دو تین انگل قبر اونچی تھی + اس
مقبرہ پر بھی کوئی کتبہ نہیں ہے جس سے یہ بات معلوم ہو کہ یہ عمارت کب بنی اور کس نے بنائی اسواسطے بجز اسکے
اور کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ بھی پٹھانوں کے وقت کی بنی ہوئی ہے اور تخمیناً مدت کہ پٹھانوں کی سلطنت کو ہوئی اوتنی
ہی مدت اس عمارت کے بنے ہوئے کو بھی ہوئی ہے اس مقبرے کے صحن میں ایک چوکھنڈی بھی اوسکی بنی ہوئی ہے اور
اوس میں بھی کسیکی قبر ہے بہر حال نقشے کے دیکھنے سے اس عمارت کی کیفیت معلوم ہوتی ہے اور ایک عبرت ہوتی ہے
کہ کیسے کیسے نامور آدمی ہیں کہ خاک کے تلے پڑے ہیں یقین ہے کہ بجز خاک کے کچھ نرہا ہوگا + + + +

بستی باوڑی ۱۰

یہ ایک مقبرہ ہے بستی خواجہ میرا کا حضرت نظام الدین باوڑی دور آگے اور اس مقام پر ایک برج قبر کا ہے اور
ایک مسجد ہے اور ایک باولی ہے اگلے زمانے میں باولی کو باوڑی کہا کرتے تھے اس سبب سے بستی باوڑی مشہور
ہو گئی یہ باولی بہت نفیس بنی ہوگی اور دالان نیچے اوپر کے بہت خوشنما اور دلربا ہونگے لیکن اب باولی بھی بند
ہو گئی ہے اور مکانات بھی ٹوٹ پھوٹ گئے ہیں صرف دالانوں کا کچھ نشان معلوم ہوتا ہے اس باولی کے اوپر مغرب کی طرف
ایک مسجد ہے اور یہ باولی گویا اوس مسجد کا حوض ہے اوس مسجد میں قرآن کی آیتیں چونہ کاری سے نقش کے
طور پر لکھی ہیں مگر اب بسبب شکستہ اور کہنہ ہو جانے کے پڑھی کم جاتی ہیں اس مسجد کے دالان میں بائیں طرف ایک برج
دروازے کا ہے اور یہ دروازہ تھا آمد و رفت کا اوس دروازے کے سامنے قبر کا گنبد ہے اس قبر کو عجیب طرح سے
بنایا ہے پہلے تو بہت اونچا چبوترہ بنا کے اوس میں کمرے کے طور پر دور کر کے گھر بنائے ہیں اور ایک طرف سیڑھیاں
ہیں اور اوپر قبر ہے اور قبر پر برج ہے یہ برج سولہ ستون اور اوس کے سنگ سرخ کا بنا ہوا ہے اور کسی زمانہ میں
جالیاں بھی لگی ہوئی تھیں مگر اب جالیاں تو لوگ اوکھاڑ کر لے گئے ہیں صرف ستون اور برج باقی رہ گیا ہے
برج کے کنگورے بھی گر گئے اوکھاڑنے کے سبب چھید ہو گیا ہے چبوترہ کے چاروں کونوں پر چار گنبدیاں بنی ہیں


کی تھی۔ اس میں تین برجیاں تھیں اس میں کی باقی ہیں اور ایک برجی صوبی ضلع کے طرف گرنے کی ٹوٹ گئی ہے ۔ یہ مکان کسی زمانہ میں بہت نفیس ہوگا اب بھی معقول سیر گاہ ہے ان مکانوں پر کوئی کتبہ نہیں ہے جس سے تاریخ معلوم ہو سکے اس سبب سے نہیں بتا سکتے اور کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ عمارت بھی پٹھانوں کے وقت کی بنی ہوئی ہے اور حسن مدرسہ کہ پٹھانوں کی استادی کی اور شامت کہ ہوئی اوتنی ہی مدت اس عمارت کے بنے ہوئے کو بھی ہوئی ہے استحکام کا نقشہ اسلوب پر کھینچا گیا ہے کہ اوس میں باولی اور مسجد اور دروازہ اور مقبرہ سب کا سب آگیا ہے ۔

خسرو کی گمٹی

یہ عمارت دریا کے کنارے پر موضع اوکھلا کی سرحد میں شاہجہان آباد سے ڈیڑھ کوس کے فاصلہ پر واقع ہے ہر چند میں نے تحقیق کیا اور تاریخ کی کتابیں اولٹیں مگر معلوم نہیں ہوا کہ یہ خسرو خان کون تھے جنکی یہ گمٹی مشہور ہے اور استحکام کا نام دور دور ملکوں تک مشہور ہے لیکن یہ مکان کچھ نفیس و لطیف نہیں ہے مگر اس سبب سے کہ دریا کے کنارے پر ہے اور کچھ لطافت نہیں رکھتا صرف ایک گنبد تھا کہ وہ بھی اب گر گیا ہے صرف کھنڈر باقی رہ گیا ہے اور ایک برجی چار دیواری میں کی باقی ہے یہ سنتے ہیں کہ اگلے زمانہ میں یہاں مدرسہ تھا مسلمانوں کے عہد میں مدرسہ تو ہر ایک جگہ اور کہیں بنائی ہے مگر کوئی بات تحقیق کو نہیں پہنچی بہر حال نقشے کے دیکھنے سے اسکی کیفیت ظاہر ہوتی ہے اور سوا اسکے میں اور کچھ حال اس عمارت کا نہیں لکھ سکتا۔

درگاہ سید محمود بہار

یہ درگاہ شاہجہان آباد سے چار کوس بارہ پلہ کے پاس موضع کیلوکھری کے سوانہ میں واقع ہے ۔ اگرچہ یہ مکان کچھ عمدہ نہیں ہے مگر اس مکان کو مکین سے شرف ہے اور شرف المکان بالمکین اسی جگہ صادق ہے ۔ حضرت سید محمود بہار بڑے ولی اللہ ہوئے ہیں اور سید ناصر الدین سبزواری کی اولاد سے ہیں ۔ آپ علاوہ درویشی کے بہت بڑے عالم تھے ۔ اور اسی واسطے بہار آپ کو کہا کرتے تھے اور آپکا لقب محی العلام ہے اور آپ کو راجہ بار گوز بھی کہتے ہیں اور وجہ اسکی یہ ہے کہ ایک بڑھیا عورت کا بیٹا سفر کو گیا تھا اور وہ اوس سے بہت محبت رکھتی تھی اور ہمیشہ آپکی خدمت میں حاضر ہوتی اور اپنے لڑکے کے ملنے کی دعا منگواتی ۔ اللہ تعالے نے اوپر مکاشفہ کے آپ پر ظاہر کیا کہ اوسکا بیٹا فلانی جگہ مر گیا ہے اور سوا ہڈیوں کے اور کچھ باقی نہیں رہا آپ نے بعجز و انکسار اللہ تعالے



باب اول



کی جناب میں دعا کی اور جناب باری نے اپنی قدرت کاملہ سے آپ کی دعا قبول کی اور اوس مردہ کو زندہ کیا اور اوسکی ماں سے ملایا ۔ اور جلوہ اولیا اور پتی کا بنیا دنی اسرائیل کا دکھایا ۔ شعر ۔ فیض روح القدس ار باز مدد فرماید ۔ دیگران هم بکنند آنچه مسیحا میکرد ۔ جبسے آپ کا لقب محی النظام اور راجہ ہارگوز یعنی بادشاہ استخوانہا ہو گیا ۔ آپ کے کرامات ظاہری اور باطنی نہایت شہرت سے حاجت بیان کی نہیں رکھتے ۔ غرضکہ ستائیسوین[27] صفر [illegible] ہجری میں آپ کا انتقال ہوا ۔ اور اس مقام پر امانت الٰہی کو سونپا ۔ معتقدین خاص نے ایک پکی چار دیواری مزار مبارک کے گرد بنا دی ہے اگرچہ مکان عمدہ نہیں مگر فیض سے مملو ہے سچ ہے ۔ شعر ۔ ز عشق ناتمام ما جمال یار مستغنی است ۔ بآب و رنگ و خال و خط چہ حاجت روی زیبا را ۔ اس حساب سے آپکے مزار کو بنے ہوئے تین سو چوراسی[384] برس کے قریب عرصہ گذرا اور آپ کے مزار مبارک کا نقشہ یہ ہے ۔


بارہ پلہ


یہ پل مستحکم اور نفیس بنا ہوا ہے ۔ اور شاہجہان آباد سے چار میل پر جنوب کی طرف فریدآباد کے رستہ پر سرا کے پاس واقع ہے ۔ اگرچہ یہ پل بارہ پلہ کرکے مشہور ہے لیکن اسکے گیارہ در ہیں چونہ اور سنگ خارا سے بنا ہوا ہے اور سرکار انگریزی کی عملداری میں اسکی درستی بھی ہوئی ہے اس پل کو مہربان آغا نے نورالدین جہانگیر بادشاہ کے عہد میں سنہ[1021] میں بنایا ہے کہ اب سکو دو سو اکتالیس[241] برس کے قریب عرصہ گذرا یہ مہربان آغا وہ ہیں جنکو آغایان بھی کہا کرتے ہیں ۔ اور نورالدین جہانگیر بادشاہ کے عہد میں آغا سے آغایان انکا لقب تھا تیمور کے خاندان سے انکو موروثی بنا کی تھی ۔ اور جس زمانہ میں کہ جہانگیر کی شادی ہوئی ہے اکبر بادشاہ نے انکو شاہزادہ خانم اپنی بیٹی یعنی جہانگیر کی بہن سے لیکر جہانگیر کے محل کی خدمت دی تھی ۔ اور اس سبب سے جہانگیر بھی انکی نہایت تعظیم و توقیر کیا کرتا تھا اور یہ بھی ہر دم اور ہر لحظہ جہانگیر کے ساتھ رہا کرتے تھے اور اخلاص کامل جہانگیر کے ساتھ انکو حاصل تھا ۔ سنہ[14] جلوس جہانگیری میں بڑھاپے کے سبب انھوں نے خانہ نشینی اختیار کی اور دلی میں رہنا قبول کیا ۔ جہانگیر نے بہت خوشی اور خاطر داری سے انکی درخواست قبول کی ۔ اور صوبہ دلی کے حاکم کو بہت تاکید کی کہ ہر دم اور ہر لحظہ انکی خاطرداری کیا کرے کہ کسیطرح انکو رنج نہ پہونچے ۔ خانہ نشین ہونیکے بعد انھوں نے پل بنایا ہے ۔ اور اس پل پر سنگ سرخ کی تختی لگا کر چند اشعار اور پل کے بننے کی تاریخ کندہ کی ہے ۔ اگرچہ وہ اشعار لطافت اور نزاکت سے خالی اور نہایت سے آب ہیں لیکن اونکے مضمون سے انکی عقیدت اور اخلاص کا حال جہانگیر کے ساتھ پایا جاتا ہے نقشہ کے دیکھنے سے پل کی کیفیت بخوبی معلوم ہوتی ہے اور جو اشعار کہ وہ پر کندہ ہیں بعینہ اونکی خط سے نقشہ میں

لکھے ہوئے ہیں فانظر الیہ

مقبرہ خانخاناں (۶۴)

یہ مقبرہ بھی بارہ پلہ کے متصل حضرت نظام الدین اولیا کی درگاہ کے پاس واقع ہے ۔ اور یہ مقبرہ عبدالرحیم خان خانخاناں بیرم خان خانخاناں کے بیٹے کا ہے اس مقبرہ کو عبدالرحیم خاں خانخاناں نے اپنی بیوی کے لیے بنایا تھا ۔ مگر اوسکو اس مقبرہ میں رکھنا نصیب نہوا ۔ سنہ ۲۱ جلوس جہانگیری میں مطابق سنہ ۱۰۳۶ ہجری کے عبدالرحیم خان خانخاناں کو بہتر برس کی عمر میں سفر آخرت در پیش آیا اور اس مقبرہ میں مدفون ہوا ۔ یہ مقبرہ بھی کسی زمانہ میں بہت نفیس و لطیف بنا ہوا تھا ۔ اسکا صحن تمام سنگ مرمر کا تھا اور جابجا سنگ سرخ میں سنگ مرمر کی دھاریاں لگی ہوئی تھیں اور گل بوٹے بنے ہوئے تھے ۔ مگر افسوس ہے کہ یہ مقبرہ بالکل اجاڑ ہو گیا ہے اس مقبرہ کا تمام سنگ مرمر اوکھاڑ کر بیچ ڈالا اور ایسے بعض مقبرہ کو بالکل ڈھا دیا کہتے ہیں کہ آصف الدولہ کے وقت میں اسکا تمام پتھر اوکھڑ کر لکھنؤ میں گیا ہے اور یہ مقبرہ بالکل لنڈورا رہگیا ہے ۔ اس مقبرہ کی قبر کا تعویذ بھی اوکھاڑ کر لیگئے ہیں ۔ اور اب اسمیں گائے بھینس بندھتی ہیں اور گوبر کی بدبو سے اندر جانا مشکل ہوتا ہے ۔ دیکھو کیا عظمت و شان تھی خانخاناں کی اور اب کیا حال ہے ۔ اس دنیاے بوقلموں پر تکیہ کرنا محض نادانی ہے ۔ یہ خانخاناں قوم کے ترکمان ہیں اسکے دادا سیف الدین علی کو شاہ اسمعیل نے ماوراء النہر کی لڑائی میں بابر بادشاہ کی کمک کو مقرر کیا تھا اور بیرم خاں خانخاناں انکے باپ کو ہمایوں کے عہد میں بڑا عروج تھا اور تمام مہمات سلطنت انہیں سے متعلق تھے اور یہ عبدالرحیم خان خانخاناں اکبر کے عہد میں بھی بہت معزز تھے ۔ جہانگیر کے عہد میں کبھی عزت سے اور کبھی ذلت سے بسر کی آخر کو مر گئے اور نہ وہ عزت رہی اور نہ وہ ذلت رہی ۔ سراسر مٹی کے نیچے ڈالدیا اور نام و نشان تک سب کے لیے یہ مقبرہ تھا کہ وہ بھی نہ رہا ۔ سبحان اللہ جسکے دیوان خانہ میں سیکڑوں من گلاب چھڑکا جاتا تھا ۔ اب اوسکے مقبرہ میں ہزاروں جانوروں کا موت پڑتا ہے ۔ فاعتبروا یا اولی الابصار تاریخ والے انکے علم کی بہت تعریف لکھتے ہیں کہ قابلیت اور استعداد میں اپنا نظیر نہیں رکھتے تھے ۔ اور علوم عقلی و نقلی سے بہرہ کامل اور نصیبہ وافر رکھتا ۔ عربی اور ترکی و فارسی اور ہندی زبان سے بخوبی واقف تھے ۔ واقعات بابری کا انہیں نے ترجمہ کیا ہے ۔ کبھی شعر بھی کہتے تھے یہ چند شعر انہیں کی طبع زاد سے ہیں ۔





غزل

شمار شوق ندانستہ ام کہ تا چند است
بکیش صدق و صفا حرف عہد بیکار است
نہ دام دانم و نہ دانہ اینقدر دانم
مرا فروخت محبت ولے نمیدانم
ادای حق محبت عنایتے است ز دوست
ازان خوشم بہ سخنہاے دلکش تو کہ ہیچ

جز اینقدر کہ دلم سخت آرزومند است
نگاہ اہل محبت تمام سوگند است
کہ پاے تا بسرم ہر چہ ہست در بند است
کہ مشتری چہ کس است و بہای من چند است
وگرنہ خاطر عاشق بہ ہیچ خورسند است
کہ اندکے بادا ہاے عشق مانند است

رباعی

زنہار رسیم از پئے دل نروی
گفتم سخنے و باز ہم مے گویم

بیہودہ بآرزوے دل در کروے
خواہش کارے ہمیشہ کاہش دروے

غرضکہ اس مقبرہ کو بنے ہوئے تخمیناً دو سو برس کے قریب عرصہ گذرا ہے جیسا کہ اب ٹوٹا پھوٹا یہ مقبرہ باقی رہگیا ہے نقشہ کے دیکھنے سے ویسا ہی دیکھائی دیتا ہے اور یہ شعر اس مقام پر نہایت موزون ہوتا ہے

شعر

از نقش و نگارہاے در و دیوار شکستہ
آثار پدید است صنادید عجم را ✤✤

نیلہ برج

یہ ایک برج ہے ہمایون کے مقبرہ کے پاس مگر نہین معلوم کہ یہ برج کب بنا اور کسنے بنایا + اس برج پر نیلہ رنگ کی چینی کا کام کیا ہوا ہے + اس سبب سے اسکو نیلہ برج کہتے ہین اگلے زمانہ مین بہت رواج تہا کہ عمارتون پہ چینی کا کام بنایا کرتے تھے + اور اوسکو کار کاشانی کہا کرتے تھے + اوسی طرح سے اس برج پر بھی طرح بطرح کی رنگ آمیزی کا کام بنا ہوا ہے + اور جہان جہان سے ثابت ہے وہان سے بہت خوشنما معلوم ہوتا ہے + لوگ مشہور کرتے ہین کہ یہ حجام کا برج ہے مگر کچھ تحقیق نہین ہوا کہ یہ برج کسکا ہے اس برج کی قبر بھی نہین رہی یا از خود اوکھڑ گئی یا تعویذ کے لالچ سے لوگون نے اوکھاڑ ڈالی غرضکہ یہ برج بھی بہت مشہور عمارتون مین سے ہے + اور کسی زمانہ مین بہت عمدہ عمارتون مین گنا جاتا تھا + مین اسکے بننے کی تاریخ اور اسکا حال لکھنے سے لاچار ہون + اسواسطے کہ مجھکو کسی تاریخ کی کتاب سے اسکا حال تحقیق


میں ہوا اگرچہ اس مسجد کی سمت قطع خوب نہیں ہے لیکن کام اسپر بہت کیا ہوا تھا اور اسی سبب سے
مشہور ہو گیا تھا + اب یہ مسجد ٹوٹ پھوٹ گر گیا ہے + نقشے کے دیکھنے سے اوسکا حال معلوم ہو

مقبرہ ہمایوں


یہ ایک مقبرہ ہے عجیب غریب نفیس و لطیف شاہجہان آباد سے ڈھائی کوس پر جنوب کی طرف سنہ
کیقباد کی کیلوکھڑی کے سواد میں اور اوسمیں ہمایوں بادشاہ کی قبر ہے اور اور بھی بہت سی قبریں اس
مقبرہ میں ہیں + اس مقبرہ کی عمارت ایسی خوب ہے کہ روے زمین پر اپنا نظیر نہیں رکھتی + سنگ مرمر اور
سنگ سرخ سے ملا کر اسکی عمارت بنائی ہے + سنگ مرمر وہ لطیف کہ موتی سا ہوا اور اوسکے آگے دریاے
خجالت میں ڈوب جاتا ہے + اور سنگ سرخ وہ نادر کہ گلاب کی پنکھڑیوں پر شرف لیتا ہے + برج اسکا
سنگ مرمر کا گویا قدرت الٰہی کے دریا کا ایک موتی ہے + قطع اس برج کی ایسی خوب ہے کہ آسمان اس عظمت
و شان سے اوسکے آگے پانی کا بلبلہ معلوم ہوتا ہے ایسا خوش قطع برج روے زمین پر نہیں ہے + چوڑان
پھیلاو اور اونچائی اس مقبرہ کی نہایت مناسب ہے + ایسی مناسبت کسی عمارت میں نہیں پائی جاتی جیسی کہ
اسمیں ہے + اوس میں امر عظمت کے ایسا ایک معلوم ہوتا ہے کہ جسکا کچھ بیان نہیں ہو سکتا + صحن اوسکا
دلکشا اور مکانات اوسکے دلربا + وضع نہایت خوب اور قطع نہایت مرغوب + سرخ سرخ پتھر سپید سپید
دھاریاں عجب عالم دکھاتی ہیں + گلدستے رنگت رنگ کے پتھر کے پھول پنکھڑیاں طرح طرح کی اور بھی تماشے
سے نظر آتی ہیں + کسی زمانہ میں یہ باغ بہت آراستہ تھا چاروں طرف نہریں جاری تھیں جابجا حوض سے تھے
پانی لہراتا تھا فوارے چھوٹتے تھے + سرو کے درخت سبز ہوتے تھے طرح طرح کے پھول کھل رہے تھے +
بلبلیں چہچہاتی تھیں اور اوسکی خوشنمائی جنت کو یاد دلاتی تھیں + کسی شاعر نے اس مقبرہ کی تعریف میں یہ شعر
کہا تھا حقیقت میں یہ مقبرہ ایسا ہی تھا کہ جو کچھ اسکی تعریف میں کہو سو کم ہے گا + شعر

سرکشیدہ کہ بسی شکل فردوس بریں | گو بیا ایں قصر ایں باغ ہمایوں را ببیں

اگرچہ عمارت اس مقبرہ کی بدستور قائم ہے کہیں کہیں سے جالیاں ٹوٹ گئی ہیں لیکن باغ بالکل ویران
ہو گیا ہے + نہ وہ سرو رہے نہ وہ درخت نہ وہ چار باغ جو بہشت سے تھے اور نہ وہ گل و بلبل جو دن کی عشرت سے بلبلیں کرتی
رہتی تھے نام کو بھی نہ رہے + نہریں تو ٹوٹ گئیں حوض بند ہو گئے آبشاروں کا نام نہ رہا مگر اب بھی کچھ
نشان باقی ہے اور شمال کی طرف ہوادار گرمی کا مکان + ہر حوض اور سرتیلے کے فوارہ انکا گرا ہوا ہے


نقشہ مقبرہ ہمایون


نقشہ نمبر ۲۴ متعلقہ صفحہ ۱۳ باب اول



نقشہ مقبرہ اندرون احاطہ

نقشہ نمبر ۱۴ ۔ متعلقہ صفحہ ۱۴۳ باب اول

نقشہ دروازہ غربی



اگر اب بھی اس مقبرہ کی مرمت کیجاوے اور باغ لگایا جاوے تو عجیب سیرگاہ اور نہایت فرحت بخش مکان ہے ۔ اس مقبرہ کی تیاری سنہ ۹۷۳ ہجری مین نواب حاجی بیگم ہمایون بادشاہ کی بیوی کی سعی اور ہمت سے شروع ہوئی اور سولہ برس کے عرصہ مین پندرہ لاکھ روپیہ لگاکر اس بہشت کے ٹکڑے کو بنایا تھا اور فردوس برین کو زمین پر اوتارا تھا ۔ مدت تک یہ دستور رہا کہ بادشاہی خاندان مین سے جو کوئی مرتا تھا اس مقبرہ مین دفن ہوتا تھا لیکن اب موقوف ہوگیا ہے ۔ حقیقت در اس مقبرہ کی کرسی مین بہت اور سب مین بادشاہی خاندان کی قبرین موجود ہین ۔ اور حمیدہ بانو بیگم ملقب بہ مریم مکانی جلال الدین اکبر شاہ کی ما یعنی حاجی بیگم زوجہ محمد ہمایون بادشاہ بانیہ اس مقبرہ کی اور عالمگیر ثانی اور فرخ سیر اور دارا شکوہ وغیرہ اسی مقبرہ مین مدفون ہین ۔ بہرحال نقشے کے دیکھنے سے اسکی کیفیت معلوم ہوتی ہے

برج اندرون احاطہ

یہ ایک چھوٹا سا مقبرہ ہے ہمایون کے مقبرہ کے احاطے کے اندر سنگ سرخ سے بنا ہوا ہے اور کہین کہین سنگ مرمر بھی لگا ہے ۔ اور اسمین دو قبرین ہین سنگ مرمر کے تعویذ دار کی ۔ ہرچند تحقیقات کی گئی اور تاریخ کی کتابون کو اولٹا پلٹا لیکن کچھ حقیقت اوسکی نہین معلوم ہوئی ۔ جو لوگ کہ اس مقبرہ کو شاہ کامران ہمایون کے بھائی کا مقبرہ بتاتے ہین ۔ یہ تو نہایت غلطی فاحش ہے ۔ اور جو کوئی نظام سقہ کا مقبرہ بتاتے ہین یہ بھی پایۂ اعتبار سے ساقط ہے بہرحال ایک چھوٹی سی عمارت دیکھنے کے قابل ہے ۔ گو نہ معلوم ہو کہ کب بنی اور کسنے بنائی ۔ اس عمارت پر کوئی کتبہ بھی نہین ہے جس سے بنے کی تاریخ معلوم ہو اس عمارت کی خوبی اور لطافت اور قطع نقشہ کے دیکھنے سے معلوم ہوتی ہے وہو ہذا

دروازہ ہای مقبرۂ ہمایون

اس نفیس و لطیف مقبرہ کے دو دروازے بہت عالیشان ہین اور نہایت خوشنما ۔ ایک دروازہ قبلہ کی طرف ہے ۔ اور ایک دروازہ مغرب کی طرف ۔ اس طرف کے دروازے مین بہت اچھے اچھے مقبرے ان بنے ہوئے ہین کہ لطافت اور دلکشائی مین اپنا نظیر نہین رکھتے ۔ دروازہ مین ہر مکان کے جانیکا جدا جدا رستہ ہی اور خوبصورت خوبصورت سیڑھیان بنی ہوئی ہین ۔ جنوبی دروازے مین اگرچہ مکانات نہین ہین لیکن دروازہ کے گرد دردن کے بیچ اور چبوترہ کے ہونے سے عجب نمود اور شان نکل آئی ہے ۔ یہ دروازے بھی گویا ہشت ... کے دروازے ہین ۔ اور سنگ سرخ ... اور سنگ رخام ... ہین ... سنگ رخام ایضا


خوش رنگ دودیا لگایا ہے کہ دور سے ایسا ہی معلوم ہوتا ہے کہ سنگ سرخ میں سنگ مرمر لگا ہوا ہے فصیل اس مقبرہ کی چونہ اور پتھر سے بنی ہوئی ہے اور فصیل کی دیوار پر پانی بہنے کا پرنالہ بنا ہوا ہے یہاں دروازہ کی لطافت اور برکت اور شان مقبرہ کے سوا پائی جاتی ہے نقشہ دیکھو اور قدرت الہی کا تماشا کرو

عرب سرا ۳

اس مقبرہ کے پاس عرب سرا واقع ہے یہ عرب سرا حاجی بیگم ہمایوں بادشاہ کی بی بی کی بنائی ہوئی ہے اس بیگم نے بہت عالی ہمتی اور نیک نیتی سے اعراب کو حرمین شریفین سے لاکر یہاں آباد کیا تھا کہتے ہیں کہ یہ بیگم تین سو عرب کو لائی تھی چنانچہ اونکے سو عرب سادات عالیات سے تھے اور سو مشائخ کبار سے اور سو آدمی عوام الناس میں سے خدمت گذار اون لوگوں کے تھے اگرچہ اس زمانہ میں وہ لوگ بسبب تنگی معاش کے تتر بتر ہو گئے ہیں اسپر بھی بیس پچیس گھر باقی ہیں سادات تو سید حسن کے گروہ اور گویا رئیس عرب سرا ہیں عمر اونکی قریب اسی برس کے ہے اور بہت معقول آدمی ہیں اور مشائخ میں سے زین الدین رئیس اور نہایت معقول تھے اونکا تو انتقال ہو گیا لیکن اونکے بھائی شیخ عبد الرحیم زندہ ہیں یہ ہم غنیمت ہیں یہ عرب سرا سنہ جلوس اکبری میں سنہ ۹۶۸ ہجری کے بنی ہے اب ہر قوم کے لوگ اسمیں رہتے ہیں اس سرا کے تین دروازے ہیں دو دروازے تو بہت عمدہ بنے ہیں لیکن شمالی دروازہ کسی زمانہ میں بہت شاندار ہوگا اوسکا نقشہ لکھا جاتا ہے دیکھو


منڈی چوتھا


یہ ایک منڈی تھی عرب سرا کے شرقی دروازہ کے پاس اور تمام کھانے پکانے کی چیزیں اسمیں بکا کرتی تھیں اور اس منڈی میں ایک بہت نفیس مسجد تھی کہ اب اوسکا نام و نشان نہیں رہا اور اوس مسجد کا ایک بہت بڑا سیڑھیوں دار کنواں ہے کہ اوسکو باولی کہتے ہیں یہ کنواں اب تک موجود ہے سیڑھیاں بھی بنی ہوئی ہیں اور اسمیں پانی بھی ہے دروازہ اسکا جو نام کو باقی رہ گیا ہے بہت نفیس ہے چینی کاری کا کام رنگ برنگ کا اوسپر ہو رہا ہے اس منڈی کو بھی مہرباں آغا نے جہانگیر بادشاہ کے عہد میں بنایا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ منڈی اور بارہ پلہ ساتھ ساتھ بنے ہوں اس دروازہ پر سنگ سرخ کے اوپر بسم اللہ اور کلمہ اور کچھ عبارت لکھی ہوئی ہے کہ نقشہ کے دیکھنے سے بخوبی معلوم ہو سکتی ہے اور جس خط میں کہ یہ کتبہ دروازے پر ہے اوسی خط سے نقشے میں نقل ہے نقشے کو دیکھو اور نقش و نگار در و دیوار شکستہ سے عبرت پکڑو




بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ







مسجد عیسی خان　نقشہ

عرب سرا کے غربی دروازے کے پاس ایک چاردیواری واقع ہے اور اسکو عیسی خان کا کوٹلہ کہتے ہیں اوس کوٹلہ میں یہ مسجد ہے اور یہ مسجد تمام سنگ خارا اور چونہ سے بنی ہوئی ہے مگر اسکی محراب میں سنگ سرخ لگایا ہے اس مسجد کی قطع اوسوقت کی عمارت میں بہت نفیس اور خوبصورت ہے گو اس زمانہ میں بھدی معلوم ہوتی ہے اس مسجد کو عیسی خان حجاب نے سنہ ۹۵۴ ہجری میں سلیم شاہ کے عہد میں بنایا ہے اور یہ عیسی خان شیرشاہی میرون میں سے تھے اور بعد مرنے شیرشاہ کے سلیم شاہ اونھیں کی سعی اور تدبیر سے بادشاہ ہوا اور اونھیں کی دلاوری اور مستقیمی سے عادل خان نے اپنے بڑے بھائی پر جو ولیعہد تھا فتح پائی غرضکہ یہ مسجد انھیں کی تعمیر کی ہوئی ہے کہ اوسپر تین سو آٹھ برس کے قریب عرصہ گذرا اس مسجد میں ایک کنواں بھی ہے مگر نہیں معلوم ہوتا کہ اوسکے بنانے والے نے اس مسجد کا کنواں ایسا بے موقع کیوں بنایا ہے کہ سارا چبوترہ مسجد کا خراب ہوگیا بہرحال نقشے کے دیکھنے سے جو اس مسجد کی ہیئت اب باقی رہ گئی ہے بخوبی معلوم ہوتی ہے

مقبرہ عیسی خان　نقشہ

اس کوٹلہ میں مسجد کے سامنے عیسی خان حجاب کا مقبرہ ہے اگرچہ یہ عمارت چھوٹی سی ہے لیکن بہت خوشنما اس عمارت میں ایک برج ہے اور گرد اوسکے غلام گردش کے طور پر عمارت بنائی ہے یہ عمارت تمام سنگ خارا اور چونے سے بنی ہوئی ہے لیکن اوپر کی برجیوں کے ستون سنگ سرخ کے ہیں اس مقبرہ میں بہت سی قبریں ہیں اور عیسی خان حجاب کی بھی اسی میں قبر ہے برج کے اندر مغرب کی طرف ایک بڑے پتھر پر کتبہ لگا ہوا ہے اور اوسپر آیات قرآنی کندہ ہیں اور اونکے نیچے بنانے والے کا نام اور بنانے کے سنہ کندہ ہیں کتبہ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ عمارت خود عیسی خان حجاب نے سلیم شاہ کے عہد میں سنہ ۹۵۴ ہجری میں بنائی ہے کہ اوسکو تین سو آٹھ برس کا عرصہ ہوا اب اس مقبرہ میں کمین لوگ آباد ہیں اور اونکے چولھے چکی کے سبب یہ مقبرہ بہت خراب ہو چلا ہے افسوس کہ کوئی خبر بھی لیتا نہیں اب بھی یہ مقبرہ صحیح و سالم موجود ہے بہرحال نقشہ کے دیکھنے سے اس عمارت کی وضع اور قطع اور خوبصورتی بخوبی معلوم ہوتی ہے اور وہ کتبہ

جس میں بنانے والے کا نام اور سنہ تک لکھتے ہیں یا جیسا آدمی کی صورت نقشے میں ہے ح سے اس مقبرہ کا
نقشہ اس طرح سے کھینچا گیا ہے کہ اس میں ہماری کتاب کا مقصد بھی دکھلا دیا ہے ۔

درگاہ حضرت شیخ نظام الدین اولیا

شہنشاہ اورنگ عرفان حق	دلش مہد دیوان ایوان حق	ملک پرور و دین و داستان او
ملک کاشہ سرد جان او	ثبت مرادہ انگو سرد یاد فقر	کہ شہنشاہ اورنگ درگاہ فقر
عامل زنگوں داطوار محو	نظاہر زنگین گہہ دار محو	ولیش سالک ملک ذات و صفات

زینت ملک دین و زینت ملکوت ۔ حضرت نظام الدین اولیا جیسے ولی اللہ تھے ہیں، اُنکے کمالات اور صفات ظاہری اور باطنی سے ہزاروں کتابیں بھری ہوئی ہیں، اس واسطے آپ کے تشریح کمالات کی اس مختصر میں کچھ حاجت نہ دیکھ کر صرف حال آپ کے مزار مبارک کا اور بیان وفات ہو سکا لکھتا ہوں۔ واضح ہو کہ آپ کے والد بزرگوار احمد بن دانیال عرب سے ہندوستان میں تشریف لائے، اور حضرت شیخ نظام اولیا صفر کے مہینے میں سنہ ۶۳۴ ہجری میں قصبہ بدایوں میں پیدا ہوئے اور پچیس برس کی عمر میں دلی تشریف لائے۔ اور یہاں علم حاصل کیا اور شیخ نجیب الدین متوکل سے صحبت رہی، پھر اجودھن کو حضرت شیخ فرید الدین مسعود شکر گنج کی خدمت میں تشریف لے گئے اور حضرت کو ارادت ہوئی بیعت حاصل کر کے پھر دلی میں تشریف لائے اور غیاث پور میں سکونت اختیار کی اور لوگوں کو آپ کی تعلیم و تلقین سے فیض و برکت ملی جو کہ اس سرای فانی سے سب کو چلنا ہے اور عالم بقا کو پہنچنا آپ نے ربیع الثانی کی اٹھارہویں تاریخ سنہ ۷۲۵ ہجری میں بدھ کے دن اس جہان فانی سے رحلت فرمائی اور موضع غیاث پور کی سرحد میں جہاں اب آپ کا مزار ہے آپ کو دفن کیا ۔ شہنشاہ دین ۔ آپ کی رحلت کی تاریخ ہے جیسا کہ آپ کے انتقال کے بعد اس تاریخ کو مسجد کی دیوار پر جس کا ذکر آگے آوے گا کندہ کر دیا ہے اور


وہ تاریخ یہ ہے ۔

نظام دو گیتی شہ ماء و طین ۔ سراج دو عالم شہ مالیقین ۔ چو تاریخ فوتش بجستم ز غیب ۔ ندا داد ہاتف شہنشاہ دین ۷۲۵


گنبد درگاہ

آپ کے مزار مبارک کے گنبد کا عجب حال ہے کہ جب سے آپ کو دفن کیا ہے ہر دور عمارت کو ترقی رہی کی اس ...

۱۰۰ اندر سے اچھی نقشی کی انتقال کے بعد کسی بادشاہوں نے وقت میں ایک حجرہ سا تھا کہ اوسکا تو



پا یہ سی کو لگا دیئے اور وہ شعر یہ ہیں



آریا سکھرا مبارک کے گنبد کا عجیب حال ہے کہ جیسا ستون گو نہ کیا ہو ویسا ہی عمارت کی ترقی ہوتی گئی اے دل

بدن ناہمی سے اچھی بنتی گئی + پہلے تو آپ کے انتقال کے بعد تغلقی بادشاہوں کے وقت میں ایک حجرہ سا تھا کہ اوسکا تو اب نام و نشان نہیں رہا + بعد اوسکے سنہ ۹۶۹ ہجری میں سید فریدون خان نے اکبر بادشاہ کے عہد میں آپکے مزار کے گرد ستون لگا کر بارہ در بنائے اور اوسپر گنبد بنایا اور سنگ مرمر کی جالیاں لگائیں اور گنبد کے اندر آپکے سرہانے ایک لوح سنگین پر کلمہ طیبہ لکھکر یہ اشعار کندہ کردیے ہیں ٭ شکر که در روضهٔ حضرت غوث الانام از پے تعمیر شد خان فلک احتشام + مہر نسب را شرف اوج شرف را شہاب + سید عالی نسب سپہر فلک احترام بانی او ہاشمے ساعی او ہاشمے + آنکه بدوران شان ہست سخن را نظام + از پے تاریخ آن چون متفکر شدم کلک خرد زد رقم قبله که خاص و عام + روے بدرگاه او آر فریدون بصدق + شاید از الطاف پیر کار تو گردد نظام

کاتب حسین احمد چشتی

بعد اسکے سنہ ۱۰۲۷ میں کہ اوس زمانہ میں نور الدین جہانگیر بادشاہ تھا فرید خان المخاطب بمرتضی خان نے جنکا فرید آباد آباد بسایا ہوا ہے آپ کے مزار مبارک پر سیپ کے کام کا بہت نفیس و لطیف چھپر کھٹ چڑھایا حقیقت میں ایسا باریک سیپ کا کام کیا ہوا ہے کہ خیال میں نہیں آتا کہ اسکے بنانے والے نے کیونکر بنایا ہوگا + قدرت الہی کا یہ بھی ایک نمونہ ہے اور اوسی چھپر کھٹ میں یہ شعر سیپ کی پچی کاری سے کھدے ہوئے ہیں

یک فریدش مقام فانی داد	شیخ دہلی نظام راد و فرید	کار دنیا و دین مہیا کرد	
	یک فریدش مقام احیا کرد	مرتضی خان فرا ز مرقد او	قبه چون سپهر برپا کرد
ہر جہان کعبه مربع او	ابر فیروزی از جہات برخاست	در یکدانه در صدف جا کرد	
	چار در از چہار حد وا کرد	عرشهٔ مرقد مبارک او	بر زمین کار عرش اعلی کرد
ہر که رخ از مقام او تابید	عرش دریای چار قائمه اش	چار تکبیر بے صحابا کرد	
	پشت بر کعبهٔ معلے کرد	زانکه رو در سجود او آورد	رخ چو آئینه مصفا کرد
سال تاریخ این بنا جستم	خاک روب مقامش باشی	بیتوان کار صد مسیحا کرد	
	قبهٔ شیخ عقل القا کرد	قدر باقی او رفیع کناد	آنکه این هفت سقف خضرا کرد

عزیز الدین عالمگیر ثانی کو آپ کی جناب میں بہت اعتقاد تھا اوسنے چند شعر آپ کی مدح اور اپنے درد دل کے بیان میں کہے اور سنہ ۱۱۷۱ ہجری میں اون شعروں کو سنگ مرمر پر کندہ کر کے برج کے اندر مغرب کی طرف پائینتی کو لگادیے اور وہ شعر یہ ہیں ٭

رباعی تیرہ

جو ہوئے خادم نظام الدین کا دسیلے اے غریب | اوسکے تئیں ہوتا ہے تاج خسروی جگ میں نصیب
خادمی کی تھی عمیرالدین نے باصدق و یقیں | تاب شاہی ہند کا اسکو دیا ہے حضرت نے
مرض دل افگار میرے کا و صحت عشق ہے | سے عداوت و عداوت دوا دے طبیب
بس پریشاں حال ہے اب حلقہ پر مجبور حق | فضل کر تقصیر دار ول پر تم ہو تم ہی ہسکے حبیب

باہتمام غلام ہوشیار علی خان محلی ۱۱۶۹

سنہ ۱۰۶۳ ہجری میں شاہجہاں کے عہد میں خلیل اللہ خاں نے آپکے مزار کے گرد سنگ سرخ کی غلام گردش بنائی اور اوسکے ہر ہر ضلع میں پانچ پانچ در رکھے کہ سب ضلعوں کے ملکر بیس در ہیں اور جنوب کی طرف کے ضلع کے دوسرے اور چوتھے در پر یہ عبارت کندہ کی ہے۔

کتبہ در دوم

در عہد اعلی حضرت صاحبقران ثانی احقر العباد خلیل اللہ خاں ابن میر میران المسمی نعمت الٰہی

کتبہ در چہارم
فی سنہ ۱۰۶۳

کہ حاکم شاہجہاں آباد بود این ایوان را در دو دہ صد شصت و سہ مرتب نمود

مدت تک یہ غلام گردش ہی رہی اور اس سے اس عمارت کی زیب و زینت رہی جب کہ اللہ تعالیٰ کو رونق بڑہانی منظور ہوئی جناب مولوی محمد فخرالدین صاحب کے دلمیں یہ بات ڈالی کہ اس سنگ سرخ کی غلام گردش کی جگہ سنگ مرمر کی غلام گردش بنائی جاوے۔ اس ارادہ سے مولانا فخرالدین صاحب نے کہ اوسکے کمالات ظاہری و باطنی شہرہ آفاق ہیں اور نواب اوسکے پوتے غلام نصیرالدین صاحب عرف کالے صاحب سجادہ نشین ہیں سنگ مرمر کے ستون خرید کیے اور یہ ارادہ کیا کہ سنگ سرخ کے ستونوں کی جگہ یہ ستون سنگ مرمر لگا دیے جاویں۔ ہنوز یہ ارادہ پورا نہیں ہوا تھا کہ اونکی عمر پوری ہوئی اور یہ کام یونہی پڑا رہا۔ بعد اوسکے اللہ تعالیٰ نے نواب احمد بخش خان بہادر والی فیروزپور جھرکہ کو توفیق عطا فرمائی اور انہوں نے اپنی نیک نیتی اور عالی ہمتی سے اول سنگ مرمر کے

ستونوں کو سنگ سرخ کے ستونوں کی جگہ لگا دیا + کہ اسکو تخمینا چالیس برس کا عرصہ گذرا + مگر محراب میں ابتک وہ ستون سنگ سرخ کی ہیں + اس غلام گردش کی چھت سنگ سرخ کی تھی اور اوس میں نقص تھا کہ ہر برس ٹوٹتی جاتی تھی اور نقش و نگار اوسکے جھڑ جھڑ پڑتے + اللہ تعالیٰ نے فیض اللہ خان بنگش کو ہمت دی کہ اوسنے سنگ سرخ کی چھت کے نیچے تانبے کی چھت جڑوا دی اور اوسپر سنہری اور لاجوردی کام بنوا دیا کہ ابتک بدستور موجود ہے + یہ چھت سنہ ۱۲۳۶ ہجری میں بنی ہے کہ اوسکو قریب پچیس برس کے عرصہ گذرا + اس چھت کے نیچے ایک تاریخ چھت کے کنارے پر لکھی ہوئی تھی اور اوسکے نیچے چونے کا کام تھا اور شورہ لگ کر وہ چونہ گر پڑا اسلیے اس سبب سے وہ تاریخ پڑھی نہیں جاتی لیکن جسقدر حرف اوسکے باقی رہ گئے ہیں ہم لکھ دیتے ہیں اور جو حرف کہ نہیں پڑھے جاتے اور سمجھ میں نہیں آتے وہاں پھول سا سطر بھرنے کو بنا دیتے ہیں وہ یہ ہے +

بدرگاہ نظام الحق والدین که محبوب + + + + چو این سقف منقش بنائی خان بنگش خورشید سیرت
وصال این سقف برین که آن بنا + + + + + + + + + + + + + + گفتا تمامی کار حقی سقف

یہ سب آرایش تو اللہ تعالیٰ کی قدرت سے اس عمارت کی ہو گئی لیکن اسکا برج چونے کا تھا اور پست خصوصاً غلام گردش کے بننے سے اور بھی پست ہو گیا تھا + اللہ تعالیٰ نے اکبر شاہ ثانی کے دل میں ڈالدیا اور اونکے حکم سے اوسکا برج سنگ مرمر کا اور سنہری کلس بہت نفیس و لطیف بنگیا + اور اوسکے برج کو بنے ہوئے چوبیس برس کے قریب عرصہ گذرا + اب یہ عمارت ایسی نفیس و لطیف اور خوشنما و دلربا ہو گئی ہے + کہ اپنا ثانی نہیں رکھتی + ربیع الثانی کی سترھوین تاریخ یہان بہت بڑا میلہ ہوتا ہے + اور ہزارہا آدمی اوس رات کو رہتے ہین + اور صبح کو بادشاہ بھی تشریف لاتے ہین + اور مشایخون کی مجلس جو اس زمانہ مین بعضے بدعتیون نے نکالی ہے منعقد ہوتی ہے + اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کے دل مین سے بدعت کی باتین نکالے اور مکانات متبرکہ جس کام کے لیے ہین اوس کام کی ہدایت دے آمین آمین

مسجد درگاہ

یہ مسجد آپ کے روبرو بنی ہے حقیقت اسکی کتب تواریخ سے یون معلوم ہوتی ہے کہ قراچگ ترک سلطان علاء الدین خلجی کے بڑے مقرب امیرون مین سے تھا اور اوسکو حضرت سلطان المشایخ سے نہایت عقیدت تھی ایکدفعہ حضرت سلطان المشایخ کو بروقت سماع ان بیتون کے مضمون سے حال متغیر ہوا + + +

ہیچ ہمہ حال جان او روح	در ہمہ وی مرید سبد نسوح	آن حال تو بینیست ہستی تو	جان ہست جیند تو بیست ہستی تو

قرابیگ ترک نے ان تینوں کو ایک کاغذ پر لکھکر سلطان علاء الدین خلجی کے پاس لیگیا اور تمام حال عرض کیا ٭ بادشاہ آپ کے کمالات ظاہری اور باطنی کی تعریف کرنے لگا ٭ اوسوقت قرابیگ نے عرض کیا نہایت افسوس ہے کہ باوصف اس عقیدے کے آپ ایسے بزرگ کی صحبت سے مشرف نہیں ہوتے ٭ بادشاہ نے جواب دیا کہ میں ناپاک گناہوں میں آلودہ ہوں اس شرم سے اونکے روبرو نہیں جا سکتا ٭ خضر خاں ولیعہد اور شادی خاں میرے بیٹوں کو اونکی خدمت میں لیجاؤ جب کہ خضر خاں آپکے خدمت میں حاضر ہوا نہایت اعتقاد لایا اور محبت صادق حاصل کی ٭ اوس زمانہ میں خضر خاں نے اس مسجد کا صرف بیچ کا درجہ بڑے گنبد سمیت بنایا تھا اگرچہ اس عمارت کے بننے کی تاریخ نہیں معلوم ہوتی لیکن کتب تواریخ کے تتبع سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ عمارت ۷۱۰ ہجری سے پہلے ہی ہوگی ٭ کہ اوسکو آجتک پانسو پچاس برس سے زائد عرصہ ہوا ٭ یہ درجہ مسجد کا نہ بہت بڑا اور عدیم المثال ہے تمام سنگ سرخ سے بنا ہوا ہے لیکن تماشا اللہ اوسکا دیکھنے میں نہیں آیا ٭ بیہودہ گر کا بیچ ہے ٭ اس درجہ میں ایک سنہری کٹورہ لٹک رہا ہے اور بعضوں نے اس خیال سے کہ سونے کا ہوگا گولیاں ماری تھیں مگر یہ کٹورہ گرا نہیں اور تحقیقا نہیں معلوم کہ کاہیکا ہے ٭ بعد اسکے جب سلطان محمد تغلق شاہ سلطان غیاث الدین تغلقشاہ کا بیٹا بادشاہ ہوا اور اوسنے عادل شاہ اپنا لقب کیا اور آخر کو سلطان جونا مشہور ہو گیا ٭ اوسنے اس درجہ کے ادہر اودہر دو درجے اور بنا دیئے اور ان درجوں میں آگے پیچھے دو دو برج بنائے ہیں ٭ کہ چار برج دو دو درجوں کے اور ایک برج بیچکا خضر خان کا بنایا ہوا ملکر اس مسجد کے پانچ برج ہو گئے ہیں ٭ اگرچہ ان دونو درجوں کے بننے کی بھی تاریخ نہیں معلوم لیکن ۷۲۵ ہجری کے بعد بنے ہیں ٭ کہ اوسکو آجتک پانسو سینتیس برس کے قریب عرصہ گذرا ہے ٭ اس مسجد کے دروں کی پیشانی پر آیات قرآنی کندہ ہیں اور بعض بعض کوفی خط میں ہیں لیکن سال بنا کندہ نہیں ٭ اس درگاہ کا صحن تمام سنگ مرمر سے محمد شاہ بادشاہ نے بنوا دیا ہے اور اسی درگاہ کے صحن میں جنوب کیطرف تین حجرے ہیں ٭ ایک جہاں آرا بیگم کا دوسرا محمد شاہ کا تیسرا مرزا جہانگیر کا ٭ اسواسطے ہم بجا مقام پر اول تینوں حجروں کا مختصر حال بیان کرتے ہیں ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

حجرہ جہان آرا بیگم

یہ ایک حجرہ ہے سرتاپا نوک سنگ مرمر کا گرد اسکے سنگ مرمر کی جالیاں لگی ہوئی ہیں ٭ اندر چار قبریں ٭

تم

تین بڑی اور ایک چھوٹی ॥ اس محجر کی تعریف نہین کی جاتی گویا سر سے پاؤن تک ایک نور کا ٹکڑا ہے اگر منزل ماہ کہون تو بھی سچا ہے کہ اسمین ماہ پارہ مکین ہے + اور اگر مکان نور کہون تو بھی درست ہے کہ یہ ایک خورشید طلعت کا مکان ہے ॥ یہ جہان آرا بیگم شاہجہان بادشاہ کی بیٹی ہین + اور اونکو خواجگان چشت سے نہایت اعتقاد تھا ॥ اور تین کرور روپیہ کا اپنا تمام مال و اسباب یہان کے خادمون کو دیکر یہ زمین اپنے مدفن کو مول لی تھی + لیکن عالمگیر نے دو کرور روپیہ اوسمین سے لے لیا اور کہا کہ تہائی سے زیادہ مین وصیت جائز نہین + اس محجر کو جہان آرا بیگم نے اپنے سامنے بنایا تھا ॥ انکے لوح مزار پر یہ شعر اور یہ عبارت بخط نسخ کندہ ہے ॥ ॥ ॥

هو الحی القیوم

بغیر سبزہ نپوشد کسی مزار مرا	کہ قبر پوش غریبان ہمین گیاہ بس است
الفقیرۃ الفانیہ جہان آرا مرید	خواجگان چشت بنت شاہجہان ॥

بادشاہ غازی انار اللہ برہانہ سنہ ۹۲

محجر محمد شاہ بادشاہ

اسی محجر کے پاس محمد شاہ بادشاہ کا محجر ہے + لطافت اور نفاست مین اوس سے ہزار درجہ بہتر + خوبصورتی اور خوشنمائی مین اوس سے کرورون درجہ خوشتر + سنگ مرمر اس محجر کا ایسا آبدار اور خوشرنگ اور خوش قماش ہے کہ موتی کی آب اوسکے آگے گرد ہے + نفاست اور لطافت اسکی بیان سے باہر ہے + گل بوٹے بیل پتے منبت کاری کے ایسے خوب بنائے ہین کہ گویا کار سامری ہے نگارخانہ چین بھی اسکے آگے مات ہے + جالیان سنگ مرمر کی ایسی تحفہ بنی ہوئی ہین کہ بیان سے باہر ہے ہر دیوال ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا آسمان سے تارے جگمگ جگمگ کرتے ہین اور کبھی معلوم ہوتا ہے کہ چادر نور ہے کہ گرد قبر کے تان دی ہے ॥ غرض کہ اس محجر کی تعریف نہین ہوسکتی + اس محجر مین سات قبرین ہین ॥ ایک محمد شاہ کی اور دوسری نواب صاحبہ محل انکی بیوی کی اور تیسری مرزا اکبر محمد شاہ کے پوتے کی اور چوتھی مرزا عاشوری کی اور تین قبرین باقی بھی سلاطینون کی ہین ॥ اس محجر کی زمین محمد شاہ بادشاہ اپنے سامنے خادمون سے مول لیکر اس محجر کو آپ بنایا تھا + اگرچہ اس محجر کے بننے کی تاریخ کسی کتاب سے نہین پائی جاتی لیکن محمد شاہ بادشاہ نے سنہ ۱۱۶۱ ہجری مین انتقال کیا ہے اس قیاس پر اس محجر کے بننے کی مدت خیال کر لینا چاہیے + اس محجر کے دروازہ مین دو پٹ سنگ مرمر کے ایک پتھر کے قد آدم کے برابر بہت نفیس و لطیف ہین شاید ایسی خوبصورت پٹ اور کہین نہونگے


محجر مرزا جہانگیر

اسی مکان کے پاس مرزا جہانگیر کا محجر ہے اور بعینہ محمد شاہ بادشاہ کے محجر کی نقل معلوم ہوتی ہے مگر کہیں کہیں اصل اور نقل میں فرق ہے اگرچہ مرزا جہانگیر کے محجر میں بہ نسبت محمد شاہ کے محجر کے کام بہت باریک ہے اور جالیاں بھی بہت باریک ہیں لیکن سنگ مرمر ایسا آبدار اور شفاف نہیں ہے بلکہ تیرگی ہوتی تماشہ میں ملا محمد شاہ کے محجر میں ایسی ملاحت اور ملائمت ہے اور مرزا جہانگیر کے محجر میں ایک رنگینی اور روکھاپن ہے بہر حال یہ مکان بھی عجائب روزگار ہے مرزا جہانگیر محمد اکبر شاہ ثانی کے بیٹے تھے اور اپنے وطن سے بسبب فساد کے جو دلی کی رہائش میں تھے نکالا گیا تھا اور اسی سبب سے انگریزوں نے ان کو بطور نظربند کے الہ آباد بھیجدیا تھا اور وہیں انکا انتقال ہوا نواب ممتاز محل انکی ماں کو بہت چاہتی تھیں انہوں نے نواب مختار الدولہ خواجہ وحید الدین احمد خان بہادر خلف اکبر وزیر اعظم دستور معظم نواب شیر الدولہ امین الملک خواجہ فرید الدین احمد خان بہادر مصلح جنگ کو الہ آباد بھیجا اور انکی لاش کو منگوا کر یہاں دفن کیا اور یہ محجر بنایا کہ یہ محجر سنہ [illegible] ہجری میں بنا ہے اور قریب بیس پچیس برس کے اسکے بنے کو ہوئے اس درگاہ کا احاطہ اس مقام پر [illegible] مکان ہم نے اوپر بیان کیے ہیں سب اسی میں واقع ہیں اور ایک جگہ ہونے سے نہایت خوبصورت دکھلائی دیتے ہیں اور اصل حیثیت مکانوں کی معلوم ہوتی ہے جو شخص کہ اس نقشہ کو دیکھے یہ سمجھے کہ درحقیقت اس درگاہ میں کھڑا ہو اور مکانات کو دیکھتا ہے

درگاہ حضرت امیر خسرو

آپکا اصلی نام ابوالحسن ہے آپکے والد کا نام سیف الدین محمود ہے آپ اور آپکے والد بزرگ امرائے شاہی میں سے تھے اور آپ نے بھی بہت دنوں تک امیری کی آخر کو امیری سے درویشی تک نوبت پہنچی اسکے کمالات ظاہری اور باطنی نہایت مشہور ہیں کہ اس بیان کے اظہار کی حاجت نہیں آپکو اپنے پیر حضرت سلطان الاولیا سے نہایت محبت تھی اور جب حضرت نظام الدین اولیا نے انتقال فرمایا آپکو نہایت غم ہوا اور سب مال و اسباب لٹا کر قبر پر بیٹھے یہاں تک کہ حضرت کے انتقال کے چھ مہینے کے بعد ماہ ذیقعدہ سنہ [illegible] روز جمعہ کی رات کو آپ نے انتقال فرمایا اور حضرت نظام الدین اولیا کے مزار کے پائینتی مدفون ہوئے

نقشہ نمبر ۹ متعلقہ صفحہ ۴۱ باب اول



نقشہ درگاہ حضرت امیرؒ ر ح

آپکو دفن کیا۔ مدت تک آپ کی قبر بلا گنبذ و مسجد رہی لیکن سنہ ۱۰۲۱ ہجری میں یعنی آخر عہد اکبر شاہ اور ابتدای زمانہ سلطنت نورالدین جہانگیر میں کہ اسکو آجتک دو سو اڑتالیس برس کے قریب عرصہ گذرا طاہر نے کہ جسکا نام محمد عماد الدین حسن ہے آپ کے مزار مبارک پر مسجد اور برج سنگ مرمر کا بہت نفیس و لطیف بنا دیا ہے اور برج کے اندر دیوار کے سرون پر یہ عبارت کندہ ہے +

ای خسرو بے نظیر عالم ❊ با روضہ تو مرا نیاز ہست ❊ تعمیر نمود طاہر انرا ❊ فیض ازلی ہمیشہ بازاست

تاریخ بنایش عقل گفتا ❊ با روضہ بگو کہ جای راز ست

قائل این کلام و بانی این مقام طاہر محمد عماد الدین حسن ابن

سلطان علی سبزواری فی سنہ ۱۰۲۱ غفر ذنوبہ و ستر عیوبہ

الکاتب عبد النبی بن ایوب

ای شہ ہست عاشقی بجامت	وز دوست زبان ما بپایت	شد سالک فرید از تو منظوم	زان لی ست کہ شد لقب نظامت
	جاوید بقاست بندہ خسرو	چون شد بہزار جان غلامت	
مرا نام نیکسا ست و خواجہ عظیم	دو شین و دو قاف و دو لام و دو جیم	اگر نام یابی درین حرفہا	بدانم کہ ہستی تو مرد فہیم

کاتب مذکور نبیرۂ شیخ فرید شکر گنج

اس گنبد کے گرد سنگ سرخ کی جالیاں آدمی کے گلے تک کی لگائی ہیں اور جنوب کی طرف اون جالیون پر محرابیں لگا کر چھت پاٹ دی ہے کہ اوس سبب سے آپ کے گنبد کی نمود اچھی طرح نہیں رہی ہاں [illegible] گنبد کے باہر شمال کی طرف بابر بادشاہ کے عہد میں مہدی خواجہ نے ایک سنگ مرمر کی لوح پر آپ کے انتقال کی تاریخ کھود کر نصب کر دی ہے اور وہ یہ ہے ❊

لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ

زین ازین لوح شد سرفرازی + بدوران بابر شہنشاہ غازی

میر خسرو خسرو ملک سخن + آن محیط فضل و دریای کمال +

نثر او دلکش تر از ماء معین ❊ نظم او صافی تر از آب زلال ❊

بلبل دستان سرائے سدرہ قریں + طوطئ شکر مقال بے مثال + +
از پئے تاریخ سال فوت او + + چوں شدم سرگرم اندر خیال + +
ست صد و نہ یک تاریخ او + دیگرے ست طوطئ شکر مقال + + +
حرف وصل جانان سادہ آیہ لوح خاک بین + طریق سادہ لوحی بین نشان عشق پاک بین
مصدرے ہوا جب سید باجاہ و جلال + تا ابد بنا این اساس بے مثال +
گفتم سعی جمیل مصدرے جامعہ + تاریخ بنائے این جو گردید سوال + + +
حررہ شہاب الدین المعمائی الہروی

آپ کے مزار مبارک کے پائیں مرزا اکرام کی قبر ہے اور مرزا اکرام پر یہ سو دیباچہ شعر تاریخ دفن ہے اور لطیفہ یہ ہے کہ آپ کے مزار کا طواف الیہ اس درگاہ میں شوال کی سترھویں تاریخ بہت دھوم دھام سے میلہ ہوتا ہے


باولی درگاہ

یہ باولی بھی بہت نامی اور نہایت مشہور ہے دور دور کے پھرنے والے اس باولی کی تعریف کرتے ہیں کہ ایسی صفا اور دلکش باولی دیکھنے میں نہیں آئی اس باولی کا پانی بہت قریب ہے اور بہت اچھا بعضے جاہل لوگ اس باولی کے پانی کو بھی تبرک سمجھ کر نہاتے ہیں اور جن اور پرے اور بھوت بھاگ جانے اور بیٹا ہونے کی بہت مانتے ہیں مشہور ہے کہ یہ باولی حضرت نظام الدین اولیا کے بنائے ہی ہوئی ہے اور خود آپ نے اور آپ کے مریدوں نے پہلے پہل اس باولی کو کھودنا شروع کیا نقل مشہور ہے کہ بہت مردان مدد خدا سے یہ باولی بہت جلد تیار ہو گئی لیکن اس باولی کی عمارت اور جنوبی ضلع پر کے مکانات فیروز شاہ کے عہد کے بنے ہوئے معلوم ہوتے ہیں اس باولی پر کئی نامی مکان ہیں ایک تو باولی کے سرے پر قدیم پٹھانوں کے وقت کا بنا ہے معلوم نہیں کس کا ہے اور کس نے بنایا ہے ایک سنگ مرمر کا برج غربی ضلع کی طرف ہے اور اس میں ایک قبر سنگ مرمر کی بہت تحفہ ہے اور اس پر آیات قرآنی اور دو نام ایسے خوشخط کھودے ہوئے ہیں کہ دیکھنے میں نہیں آئے اس قبر پر اگرچہ سنہ کھدے ہوئے ہیں لیکن غلطی کاتب کے سبب نہیں معلوم ہو سکتے کہ ایک ہزار آٹھ ہیں یا ایک ہزار اسی مگر مصرعہ آخر بیت سے ایک ہزار اسی برس نکلتے ہیں اگرچہ کچھ تعمیہ تخرجہ ہو

ہر حال جس کی قبر ہے اس کا نام اور تاریخ وفات جو لکھی ہے وہ یہ ہے +

نقشہ نمبر ۱۰ متعلقہ صفحہ ۷۴ باب اول

نقشہ باولی درگاہ حضرت نظام الدین



سال تاریخ فوت او جستم ٭ از دل صاف پیر پاک سرشت ٭ آہ سردے کشید و گفت بگو
باد ہمدم حوریان بہشت ٭ باسنہ کے کلد سنہ ٭ ٭ ٭ بنت ملا جیم خان شہنشہ

اس باولی میں مسجد سے رستہ تھا کہ وضو کو باولی میں چلے آتے تھے محمد شاہ بادشاہ نے اوسکو پاٹکر اوسپر چھپتہ بنا دیا ہے + اس باولی کے جنوبی ضلع کی طرف قایم عمارت کے لیئے فیروز شاہ کے عہد کی عمارت کے درے بنے ہوئے ہیں اور اسمعیل خستہ باولی پر آنے کا رستہ ہے + اور اسی مقام پر ایک پتھر پر یہ کتبہ بخط عربی ایسا بدخط کھدا ہوا لگ رہا ہے کہ مطلق نہیں پڑھا جاتا صرف عقلا اور قیاسا جیسا پڑھا گیا ہے لکھا جاتا ہے کہ اوس سے بنے کے سنہ اور بنانے والے کا بھی نام معلوم ہو جاوے گا +

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعہد دولت شاہ معظم	خجستہ خسرو اولاد آدم	مدار دین احمد شاہ فرید
شہ صاحب قران سلطان اعظم	موفق گشت از حق پناہ معروف	اساس این عمارت کرد محکم ٭
جوار روضۂ شیخ المشایخ	نظام الحق والدین قطب عالم	وحید الدین قریشی والدین
کہ با اہل ارادت بود ہمدم	بحسن اعتقاد و صدق اخلاص ٭	در اسرار ولی احمد ہمدم
مراحون برد پیش شیخ عالم	بدست خود گرفت و کرد تا ہم ٭	بلفظ خود مرا معروف خواندہ
درین عالم چو شیخ عیسوی دم	رعایا دارم کز انفاس مبارک	دران عالم بود معروف پرچم
بخوان تاریخ اتمام عمارت	درین جا چون بنائے خیر مقدم	ز ہجرت ہفصد و ہشتاد یک بود

مرتب شد بنا واللہ اعلم ٭ عرس کے دن اس باولی پر بڑا تماشا ہوتا ہے + اور بہت سے لوگ اکٹھا جمع ہوتے ہیں اور اوسکے مکانوں میں بیٹھتے ہیں چھوٹے چھوٹے لڑکے ان عمارتوں میں سے جو اس باولی کے اوپر بنے ہوئے ہیں دھما دھم دھما دھم کودتے ہیں + اور طرح طرح کی تیراکیاں تیرتے ہیں اوسپر زیادہ کمال یہ کرتے ہیں کہ میلے والوں سے کہتے ہیں کہ تم پیسا باولی میں پھینکو اور ہم بھی اوسکے ساتھ کودتے ہیں اور پیسے لولاتے ہیں اور اسیطرح کرتے ہیں کہ پیسے کے ساتھ کودے اور پیسے کو پانی میں سے لائے چار دیواری اس درگاہ کی بہت ٹوٹ پھوٹ گئی تھی + اور کچھ بندوبست نہیں رہا تھا جس زمانہ میں نواب احمد بخش خان بہادر والی فیروزپور جھرکہ نے درگاہ میں غلام گردش بنائی ہے اپنی عالی ہمتی سے تمام چار دیواری کی بھی ز سر نو مرمت کر دی تھی لیکن ابتک تمام نیک یادگار ہے + اور باولی کے باہر کے دروازے پر سونے کے پانی سے

یہ مصرعہ لکھوا دیا ہے + مصرعہ شاہان چہ عجب گر بنوازند گدا را + اس کے پاس ایک چہار دیواری ہے اوسکو ٹلہ کہا کرتے ہیں + میرے نزدیک وہ عمارت نقشہ کھینچنے کے لائق نہ تھی اسواسطے اوسکا نقشہ چھوڑ دیا اور نقشہ باولی کا جو بہت تحفہ اور مشہور عمارتوں میں سے ہے کھینچ دیا +


مقبرہ اتگہ خان


یہ مقبرہ شمس الدین محمد خان غزنوی کا ہے + جسکا اعظم خان خطاب تھا + اسکی بیوی کہ جسکا نام ماہم انگہ ہے اور اکبر بادشاہ انکو جی جی انگہ کہا کرتا تھا اکبر بادشاہ کو دودھ پلایا تھا + اور اسی سبب سے انکو اتگہ کہا کرتے تھے + اکبر کے وقت میں انکو بڑا عروج تھا اور تمام سلطنت کے وکیل مطلق تھے + اسی حسد سے ادہم خان نے رمضان کی بارھویں تاریخ سنہ ۹۶۹ ہجری کو بھرے دن انکو مار ڈالا + اور پھر بادشاہ نے اسکے قصاص میں ادہم خان کو بھی قلعہ پر سے دو دفعہ گروا کے مروا ڈالا چنانچہ + دونوں شہید + ہر یک ایک کے اس واقعہ کی تاریخ ہوئی تھی اور یہ مصرع بھی انکی وفات کی تاریخ ہے بتیغ رفت از ظلم سر اعظم خان + اور یہ تاریخ بھی بعضے لوگوں نے کہی تھی + مثنوی خان اعظم سپاہ اعظم خان + کہ چو اکسیر در جہان نادر بود + بشہادت رسید ماہ صیام + بہجرت موت روزہ دار شہید + کاش سال دگر شہید شدی + کہ شدی ہم بسال فوت خان شہید + غرضکہ انکے مارے جانیکے بعد انکی لاش کو دلی میں بھیجا اور جوار روضہ حضرت سلطان المشایخ کے دفن کیا + اور اون کے بیٹے کوکلتاش خان تھے + یہ عمارت عالی سنگ سرخ اور سنگ مرمر سے بنائی + کہ اپنا نظیر نہیں رکھتی + گرد اندر اور باہر آیات قرآنی کندہ ہیں اور بیل بوٹے منبت کاری کے ایسے خوب بنے ہوئے ہیں کہ جسکا کچھ بیان نہیں سنہ ۹۷۴ ہجری میں بنکر تیار ہوا (دو سو اٹھاسی برس کے قریب عرصہ گذرا یہ عمارت بن چکی چنانچہ نقشہ کی تاریخ کا کتبہ موجود ہے +

چوسٹھ کھنبہ


یہ ایک عمارت ہے عجیب و غریب متصل مقبرہ اتگہ خان کے + حقیقت میں اپنا نظیر نہیں رکھتی سر سے پانوں تک سنگ مرمر سے بنی ہوئی ہے + قطع اسکی ایسی خوب ہے کہ شاید کسی اور عمارت کی ہو اس عمارت میں چوسٹھ ستون سنگ مرمر کے لگے ہوئے ہیں اور اسی سبب سے اسکو چوسٹھ کھنبہ کہتے ہیں + اور اس عمارت

نقشہ مقبرہ تکہ خان





نقشهٔ یکی از عمارات جنت سرای اصفهان



مرزا عزیز کوکلتاش خان کی قبر ہے + اور یہ مرزا عزیز شمس الدین اتگہ خان کے بیٹے ہین + جبکہ شمس الدین اتگہ خان کو ادہم خان نے مار ڈالا اوسکے بعد خان اعظم کا خطاب اونکے بیٹے مرزا عزیز کو ملا + اور اونھون نے سنہ ۱۹ جلوس جہانگیری تک کبھی عزت سے اور کبھی ذلت سے بسر کی + آخر کو سنہ ۱۰۳۴ ہجری مین مطابق سنہ ۱۹ جلوس جہانگیری مین بمقام احمد آباد گجرات اس جہان فانی سے انتقال کیا + انکی لاش کو وہان سے لاکر یہان دفن کیا اور یہ عمارت عجیب و غریب اوسی نے بنائی کہتے ہین کہ مرزا عزیز کوکلتاش نہایت خوش تقریر اور بہت خوش تحریر تھے + اور نستعلیق بہت خوب لکھتے تھے اور خوشنویسی مین مرزا باقر پسر ملا میر علی کے شاگرد تھے اور کبھی کبھی شعر بھی کہتے تھے چنانچہ یہ رباعی انھین کی طبع زاد سے ہے + رباعی + عشق آمد و از جنون دلم گرم کرد وابستہ ز صحبت خرد مندم کرد + آزاد ز بند دین و دانش گشتم + تا سلسلہ زلف کسی بندم کرد غرضکہ یہ عمارت سنہ ۱۰۳۴ کے بعد بنی ہے کہ اوسکو آج تک دو سو اٹھائیس برس کے قریب عرصہ گذرا ہے + اس عمارت کی خوبی اور ستونونکے لگنے کی خوبصورتی نقشہ کے دیکھنے سے معلوم ہوتی ہے



لال محل

لال محل جسکو تاریخ والے کوشک لعل لکھتے ہین خلجی بادشاہون کے وقت کی عمارتون مین سے تھا چنانچہ جس زمانہ مین سلطان علاء الدین خلجی قلعہ رنتھنبور کا محاصرہ کیے ہوئے تھا اوس زمانہ مین حاجی مولی غلام زادہ ملک الامرا فخر الدین کوتوال نے دلی مین فساد برپا کر کر کوشک لعل مین تخت پر بیٹھا تھا + مگر اوسکا اب نام و نشان نہین معلوم ہوتا کہ کیا ہوا اسی ٹوٹے پھوٹے کھنڈہر کو لوگ لعل محل مشہور کرتے ہین بلکہ مگر تعجب یہ ہے کہ اسمین قبرین ہین شاید لال محل کے پاس یہ مکان بھی ہوگا اور وہ مکان تو ٹوٹ گیا لوگ اسکو لال محل کہنے لگے + غرضکہ یہ عمارت بھی بہت قدیم ہے اور اسمین قبرین ہین + مین یہ نہین کہہ سکتا کہ یہ عمارت کب بنی اور کسنے بنائی + اور اسمین کسکی قبرین ہین + جو کچھ ہے نقشہ مین موجود ہے اور اسی کے پاس بارہ کھنبہ کرکے ایک عمارت مشہور ہے بہت ناقص کہ دیکھنے کے قابل نہین + اور اسی کے پاس اب حال مین فیض اللہ خان بنگش نے اپنا مقبرہ بنایا ہے + نہایت ناقص و بہت برا کچھ بیہودہ عمارت بلکہ عمارت مین نہین +



مقبرہ سید عابد

حضرت نظام الدین کی درگاہ اور پرانے قلعہ کے بیچ مین یہ ایک گنبد ہے چونے کا اور اوسپر کہین کہین چینی کاری

کا بھی کام ہوا ہے + سنتے ہیں کہ سید حامد خاں خان دوران خان کے رفیقوں اور مدار المہام تھے اور کسی لڑائی میں شہید ہوئے ہیں اور انکا یہ گنبد ہے + بعضے لوگ اسکو شہید صاحب کی درگاہ بھی کہتے ہیں + مگر کسی کتاب سے اسکا کچھ پتا نہیں لگتا اور میں نہیں کہہ سکتا کہ یہ برج کب بنا اور کس نے بنایا + بہرحال ایک عمارت ہے معقول اسکا دروازہ جانب شمال واقع ہے اور اوپر سے برج بہت خوشنما بنا ہے + برج بھی لطافت اور نزاکت سے خالی نہیں + اسکے صحن میں نہریں اور حوض بہت نفیس بنے ہوئے تھے لیکن اب بالکل خراب اور ویران ہوگئے ہیں + نہریں خاک سے اٹ گئیں + حوض خراب ہوگئے + برج خراب ہو کے مرمت ہوگیا + دیکھنے کا کام رہا + وہ جلا جاتی رہی لیکن اب بھی یادگار دنیا گذشتہ ہے اسکا نقشہ اسطرح سے کھینچا گیا ہے کہ برج اور دروازہ دیکھنے سے سب کی سب معلوم ہوگی یہ ہے فالنظر الیہ +


نقشہ	لال بنگلہ	

اسی گنبد کے پاس ایک عمارت ہے اور لال بنگلہ کرکے مشہور ہے + کسی تاریخ کی کتاب سے تو اسکا حال نہیں معلوم ہوا لیکن جمہور والا کی زبانی یوں سننے میں آیا کہ نصیر الدین محمد ہمایوں بادشاہ کے عہد میں ایران جانے سے پہلے اونکی کسی حرم کے دفن ہونے کو یہاں کچھ عمارت بنائی گئی تھی + بعد اسکے حضرت فردوس منزل یعنے شاہ عالم بادشاہ کے وقت میں جب کہ لعل کنور اونکی والدہ کا انتقال ہوا اونکو اوسی قدیم قبر کے پاس چھوٹے گنبد میں دفن کیا + اور جب سے یہ مکان لال بنگلہ مشہور ہوا + بعد اسکے اونکی بہن بیگم جان اونکی بیاہتی بیٹی نے جو مرزا کو چنے سے منسوب تھی انتقال کیا اور دوسرے گنبد میں اونکو دفن کیا اور یہ عمارت بنائی + اس حساب سے اس عمارت کو بنے ہوئے ستر برس کے قریب عرصہ گذرا ہے + بعد اسکے خاندان تیموریہ کی اور بہت سی قبریں آمین ہوتی گئیں + چنانچہ مرزا سلطان پرویز مرزا داراں بخت ولیعہد بہادر کے بھائی کی اور مرزا اوکوکی اور نواب فتح آبادی اور مرزا باقی اور اور ارواح حضور والا کی بہیں قبریں ہیں + یہ دونوں برج سنگ سرخ سے بہت عمدہ بنے ہوئے ہیں + اسکے صحن میں دو مقبرہ ایک نواب فتح آبادی اور ایک مرزا بابی کا حال میں حضور والا کے عہد میں بنے ہیں + غرضکہ جسطرح یہ دونوں برج ہیں اوسی طرح نقشہ میں موجود ہیں ++

	پرانا قلعہ	

عوام الناس کی زبانوں پر یہ مشہور ہے کہ یہ قلعہ بہت پرانا ہے + بلکہ وہ لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اس قلعہ کی


انکا بھی کا نام معلوم نہیں + کہتے ہیں کہ سید عابد خان خان دوران خان کے رفیقوں اور سردار الملک ماسہپلا تھر کے مارکی
تھے اور کسی لڑائی میں شہید ہوئے ہیں اونکا یہ گنبد ہے + بعضے لوگ اسکو شہید صاحب کی درگاہ
بھی کہتے ہیں + غرضکہ کسی کتاب سے اسکا کچھ پتا نہیں لگتا اور نہ بعضوں کے [illegible]



[illegible] کا قلعہ

عوام الناس کی زبانوں پر یہ مشہور ہے کہ یہ قلعہ بنا ہوا ہے + بلکہ وہ لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اس قلعہ کا

نقشہ نمبر ۱۳ متعلقہ صفحہ ۹۳ باب اول



ابتدا کوئی نہین بیان کر سکتا + مگر حقیقت مین یہ بات نہین ہے بلکہ تاریخ کی کتابون کے دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے
کہ سنت ۷۳۳ بکرماجیت مین راجہ انند پال نے پہلے پہل اس جگہہ قلعہ بنایا تھا + کہ اوسکو آجتک ایکہزار چار سے
ترپسٹھہ برس کے قریب عرصہ گذرا لیکن اوس قلعہ کا نام و نشان نہین رہا + معلوم نہین کہ کب ٹوٹا اور کیا ہوا
شاید ہمایون بادشاہ کے عہد تک کچھ نام و نشان باقی ہو + بعد اسکے جب نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ ہوئے
اونھون نے ۹۴۰ ہجری مین کہ اوسکو آجتک تین سو چھبیس برس کے قریب عرصہ گذرا + اس قلعہ کو از سر نو
بنایا کہ یہ عمارت جو اب موجود ہے اور سب لوگ اوسکو پرانا قلعہ کہتے ہین + نصیر الدین محمد ہمایون کی بنائی ہوئی
ہے + اور اوسکا نام دین پناہ ہے + لوگون مین پرانا قلعہ مشہور ہوگیا ہے + اس قلعہ کے تین دروازے بڑے
اور ایک کھڑکی نامی ہے اور کئی کھڑکیان ہین ایک دروازہ اس قلعہ کا جو شمال غرب کی طرف ہے مدت سے
بند ہے + اور لوگ اوسکو طلاقی دروازہ کہتے ہین + اور یہ مشہور کرتے ہین + کہ ایک دفعہ کسی مہم پر اس دروازہ سے
فوج کشی ہوئی تھی بعد جانے فوج کے یہ دروازہ بند کر دیا ہے کہ اگر بے فتح کیے اس دروازے کو کھولین تو اونپر
طلاق ہے مگر افواہا بھی نہین معلوم ہوا کہ کس بادشاہ کے زمانہ مین یہ دروازہ تیغہ ہوا ہے + اس قلعہ کی
فصیل سنگ خارا اور چونے کی بہت مضبوط ہے اور عریض اینٹی ہوئی ہے + جب کسی زمانہ مین یہ قلعہ آباد اور تیار ہوگا
بہت خوبصورت اور دلکشا اور نہایت مضبوط ہوگا + اب بالکل ویران ہے ٹوٹی پھوٹی فصیل باقی رہگئی ہے
اور قلعہ کے اندر تمام زمینداران موضع اندرپت کے آباد ہین + قدیم مکانون مین کوئی مکان نام کو بھی نہین رہا سب
ٹوٹ ٹاٹ کر خاک برابر ہوگئے + مگر ایک مسجد عالی بہت خوشنما اور خوبصورت اور ایک مکان تھا کہ اوسکو شیر منڈل
کہتے ہین باقی ہے کہ اوسکا حال آگے آویگا + یہ قلعہ شاہجہان آباد سے دو کوس کے فاصلہ پر جنوب کی طرف
واقع ہے + اور اس قلعہ کی مغرب کیطرف پرانی دلی آباد تھی + اب بالکل ویران ہے کھنڈھر بھی باقی نہین رہے
دو ایک عمارتون کا ڈھیر اور ٹوٹے پھوٹے دروازے باقی ہین +

مسجد مدرسہ

منجملہ اون عمارتون کے ماہم بیگم کی ایک مدرسہ معہ مسجد ہے اگرچہ اوس مسجد کی مکان ٹوٹ گئی مگر یہ کتبہ باقی رہگیا ہے

بدوران جلال الدین محمد + کہ باشد اکبر شاہان عادل + چو ماہم بیگم عصمت پناہی +
بنا کرد این بنا بہر افاضل + وے شد ساعی این بقعہ خیر + شہاب الدین احمد خان باذل +

بے حیرت این لمعہ حیدر کشتہ تاریخ احیر المارل

گلال باڑی

اس مسجد کے پاس گلال باڑی ایک عمارت ہے کہ اسکو جوہے کے ڈھیر کے اور کچھ نہیں اور اوسکو گلال باڑی کہتے ہیں

خاص محل

اور گلال باڑی کے پاس خاص محل شاہجہاں کے وقت کا بنا ہوا ہے اگرچہ یہ بھی ٹوٹ گیا ہے مگر دروازہ پر یہ کتبہ باقی ہے


بدور شاہجہاں صاحب قران ثانی * کہ در جہانست جہان پرور سپہر جناب * بنا نہاد بہایں زمانہ خاص محل
دریں زمین بکرم مست زیبان ویاب * چنانکہ نادر بر سپہر بو قلموں * * ہمی ضمیر پرتش سپے مسلو تو
اگر سال بنایش شنو سوال تمام * حساب کن بنای محل خاص جواب
۱ ۴۲

نیلی چھتری


اسی عمارت کے پاس نواب دوست خان کا مقبرہ دسند + اور بالکل ٹوٹ گیا ہے اس جگہ کسی زمانہ میں چینی کا کام تھا اور سبز نیلا چھتر تھا اس سبب سے اسکو نیلی چھتری کہا کرتے تھے + اسکا دروازہ بھی ٹوٹا پھوٹا باقی رہ گیا ہے اور منہ اسکے دروازے پر سے پرانے قلعہ کا رستہ کھینچا ہے اور اوس دروازہ پر یہ کتبہ لگا ہے
میں دوست مطرب عالی مقامے * دریں عالم * یہ دیشم ایام * چو پرسیدیم کہ یا وقت اتمام * بگفتا تاریخ اتمامش ...
۹۴۰

شیر منڈل

اس قلعہ میں مسجد کے پاس ایک مکان ہے بطور مینارہ ہشت پہلو + اوسکو شیر شاہ نے اپنے عہد سلطنت میں بنایا تھا + کہ ابتک اوسکو تین سو تیرہ برس کے قریب عرصہ گذرا ہی + اور اس عمارت کا نام شیر منڈل رکھا تھا اور اسکے زمانہ میں اس عمارت کے سبب سے بعض اس سارے قلعے کو بھی شیر منڈل ہی کہنے لگے تھے + اور یہ تمام سنگ سرخ کی بنی ہوئی ہے + بیچ میں ایک کمرہ سا ہے اور چاروں طرف بہت پتلی غلام گردش



نقشہ نمبر ۲۴ متعلقہ صفحہ ۹۴ حاسہ اول



سب سے اوپر ایک برجی ہے + اور مقصود اس عمارت کے بنانے سے صرف سیرگاہ تھی + جب کہ نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ دوبارہ ہندوستان میں آئے تو اس عمارت میں کتب خانہ کیا تھا اور کبھی کبھی اعمال ریاضی اسپر کیا کرتے تھے + سیڑھی بہت اونچی اور سیدھی ہے + شاید ایک بہانہ ہو جاتا ہے + ایکدفعہ ہمایون بادشاہ اسی شیر منڈل پر چڑھے تھے اور اترتے وقت جب بیچ کے زینے میں پہونچے تو مسجد کی اذان ہونے لگی + بادشاہ نے بیٹھ کر اذان سنی اور دعا پڑھکر چاہا کہ عصا پر زور دیکر اوٹھیں اتفاقا عصا پھسل گئی اور نیچے آن پڑے + اور کئی دن بعد انتقال کیا اور ہمایون بادشاہ از بام افتاد + تاریخ انتقال ہوئی غرضکہ یہ مکان وہی ہے جسپر سے نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ گرکر مرے + اسکا نقشہ دیکھو اور بے ثباتی اور بے قراری دنیا کی عبرت پکڑو + اس شیر منڈل کے گرد بستی بستی تھی اور مکان بنے ہوئے تھے چنانچہ نقشے کے دیکھنے سے آبادی کا ڈول بخوبی معلوم ہوتا ہے

مسجد قلعہ کہنہ

یہ مسجد نصیر الدین ہمایون بادشاہ نے قلعہ کے ساتھ بنائی ہے + میں اس مسجد کی خوبی اور خوشنمائی بیان نہیں کرسکتا + یہی خوش قطع خوب صورت مسجد بنی ہوئی ہے کہ اوس زمانہ کی عمارتوں میں اپنا نظیر نہیں رکھتی + پانچ در ہیں اور عجب قطع کے ہیں اگرچہ یہ مسجد سنگ خارا کی ہے لیکن روکار میں سنگ سرخ اور سنگ مرمر اس خوشنمائی سے لگایا ہے کہ جسکا کچھ بیان نہیں ہو سکتا + ہر ہر محراب اور گوشہ پر آیات قرانی بخط نسخ اور کہیں کہیں بخط کوفی کندہ ہیں + صحن میں بہت اچھا ثمن حوض ہے اگرچہ اب بہت سے مرمت طلب ہے لیکن کسی زمانے کے عالی ہمتوں کا یادگار ہے + اس مسجد کی چھت پر جانے کا رستہ بھی عجب قطع سے بنایا ہے + اور اسکی دیوار کے آثاروں میں عجب عمدہ عمدہ نشیمن بنائے ہیں + چھت کے اوپر ایک بیچ کا گنبد باقی رہ گیا ہے + اور گنبد کے ادھر ادھر دو چھتریاں تھیں کہ وہ اب ٹوٹ گئی ہیں + اس مسجد کا الداؤ اس خوبصورتی سے بنایا ہے کہ آنکھ اوٹھانے کو دل نہیں چاہتا + بلکہ یہی دل چاہتا ہے کہ اسکو دیکھا ہی کیجیے + اس مسجد پر کوئی کتبہ تاریخ نہیں ہے مگر اندر کے پیش طاق کے ادھر اودھر کے طاق پر کچھ آیتیں کندہ ہیں کہ بعینہٖ نقشے میں مندرج ہیں فانظر الیہ

کابلی دروازہ

شاہجہان آباد کے دلی دروازے کے باہر تھوڑی دور پرانی دلی کا کابلی دروازہ ہے + اور پرانی دلی کی نشانیوں میں سے

یہ بھی ایک نشانی ہے۔ یہ دروازہ خلعت ہندوستان میں بہت معقول ہے۔ تمام سنگ خارا سے بنا ہوا ہے لیکن پچی کاری سنگ سرخ کی ہے۔ اس دروازہ پر دالان اور چبوترہ اور نشیمن بہت خوبصورت خوش قطع بنے ہوئے ہیں اور اب اس میں جیل خانہ کے سپاہی رہتے ہیں۔ مگر یہ کسی تاریخ کی کتاب سے نہیں تحقیق ہوا کہ یہ دروازہ اس بادشاہ کے عہد میں بنا۔ لیکن ایسا خیال کیا جاتا ہے کہ ہمایوں کے عہد میں پرانے قلعہ کے ساتھ بنا ہوگا اور ایسا ہی لوگوں میں مشہور بھی ہے۔ اس مقام پر بجز اس دروازہ کے اور کچھ نشانی پرانی دلی کی باقی نہیں اور اسی دروازہ کے پاس جیل خانہ ہے۔

جیل خانہ

یہ جیل خانہ حقیقت میں سرا ہے۔ جب کہ پرانی دلی ویران ہوگئی یہ سرا بھی ویران ہو گئی یہاں تک کہ عالمگیر ثانی اور شاہ عالم کے وقت میں بالکل ویران ہو گئی تھی۔ جب انگریزوں کی عملداری ہوئی صاحبان والا شان نے جیل خانہ کے لیے اس سے بہتر کوئی عمارت نہ دیکھی اور اس سرا کی مرمت شکست و ریخت کی کر کے جیل خانہ بنایا۔ اس سرا کا دروازہ بہت بلند اور نہایت عالیشان ہے اور اس پر ایسے معقول مکان بنے ہوئے ہیں کہ جیل خانہ کا داروغہ اور میں اچھی طرح سے بفراغت رہتا ہے۔ اسی کے پاس دو تین برس سے انگریزوں نے شہر کی طرف ایک نیا جیل خانہ بنایا ہے اور دوسری طرف اسپتال بنائی ہے۔ غرض کہ اب اس سرا میں بجائے مسافروں کے قیدی بند ہوئے رہتے ہیں اور دکھ بھرتے ہیں۔ چند روز سے اسی جیل خانہ کے بیچ میں تعبیر کرنے کو ایک مدرسہ تجویز ہوئی اور اس جگہ کسی کو جو پاس سے ملتی ہے اسی جگہ میں ملتی ہے۔ اللّٰہم احفظنا من کل بلیات الدنیا والآخرۃ

مہندیان

یہ ایک عمارت بہت عجیب بنی تھی۔ مکانات درو دروازے بنے ہوئے تھے اور اوپر چاروں کونوں پر چار برجیاں تھیں اور ایک ایسا عجیب بیچ میں برجی تھی۔ حقیقت تو یہ ہے کہ کچھ نہیں معلوم ہوتا کہ یہ عمارت کیا چیز تھی اور کس نے بنائی تھی۔ مگر عوام الناس میں یہ مشہور ہے کہ کوئی نواسے تھے کہ جناب حضرت غوث الاعظم کی جناب میں ان کو نہایت اعتقاد تھا۔ اور ہندوستان میں بعضے بعضے لوگوں نے یہ رسم نکالی ہے کہ جناب حضرت غوث الاعظم کی مہندیاں بہ طور نیاز کے سر پر رکھ کر لاتے ہیں کہ ایک برجی اونچی سی بنا کر اور قاعدے سے...

نقشہ نمبر ۴ متعلقہ صفحہ ۱۷ باب اول

اوسکو روشن کرتے ہین اورن نواب صاحب کے ہان بھی مہندی روشن ہونیکی رسم تھی + جبکہ وہ فوت ہوئے اور اللہ تعالی نے اونکو روپیہ بہت سا دیا او نھون نے اوسی رسم کے سبب ایک عمارت مہندی کی صورت کی بنا دی اور ہر برس اوسمین روشنی کیا کرتے تھے اور بہت سا کھانا پکا کر للہ خیرات کیا کرتے تھے جبسے اس عمارت کا نام مہندیان کرکے مشہور ہوگیا مگر یہ نہین معلوم کہ وہ نواب کون تھے جنھون نے یہ مہندی بنائی تھی العہدۃ علی الراوی انھین مہندیون کے قریب ایک میدان ہے اور اوسمین تمام عزیز و اقارب خاندان مولانا شاہ عبد العزیز صاحب کے آسودہ ہین + چنانچہ جناب مولوی شاہ ولی اللہ صاحب اور مولانا شاہ عبد العزیز صاحب اور مولوی رفیع الدین صاحب اور مولوی عبد القادر صاحب قدس اللہ اسرارہم کے مزار اسی مقام پر ہین + یہ عینی عمارتین مذکور ہوئین نقشہ مین سب کی سب موجود ہین + اسپار اسکے قلعے سے اوس مقام تک کوئی ایسی جگہ اور ایسا مکان نہین جو نقشہ کھینچنے کے لائق ہو + مگر یہ بھی دو عمارتین مشہور ہین ایک شیخ محمد کی باین جو اب شاہ صابر بخش کے صاحبزادونکے تبضہ مین ہے + اور ایک مہابت خان کی ریتی اور اوس مقام پر مہابت خان کی حویلی تھی اور اوسکے نیچے دریا بہتا تھا اوس ریتی کا نام مہابت خان کی ریتی ہے

کوٹلہ فیروز شاہ

یہ عمارت ہے فیروز شاہ کے وقت کی شاہجہان آباد کے دہلی دروازہ کے باہر تھوڑی دور پر دریا کے کنارے ہے اور اسی عمارت مین ایک لاٹھ بہت اونچی نصب ہے کہ اوسکو فیروز شاہ کی لاٹھ کہا کرتے ہین + اگرچہ کسی کتاب سے خاص اس کوٹلے کے بنے کی تاریخ نہین نکلتی لیکن تتبع کتب سے ایسا معلوم ہوتا ہے + کہ جس زمانہ مین فیروز شاہ نے فیروز آباد بنایا ہے اوسی زمانہ مین یہ عمارت بھی بنی ہے یعنے سنہ ۷۵۵ ہجری مین کہ آجتک پانسو آٹھ برس کے قریب عرصہ گذرا ہے + اب یہ عمارت بالکل شکستہ و خراب ہوگئی ہے اور دن بدن ٹوٹتی جاتی ہے چنانچہ نقشہ کے دیکھنے سے اسکے شکستہ اور خراب ہونیکا بخوبی حال معلوم ہوتا ہے + لیکن لاٹھ اس عمارت کی بہت نامی اور نہایت مشہور ہے + مینے ہرچند تحقیقات کی کہ یہ لاٹھ کب کی ہے اور کیون بنائی ہے + لیکن کسی کتاب سے کچھ تحقیق نہین ہوا + اور اس لاٹھ پر بہت سی عبارت اگلی زبان اور اگلے حرفون مین کندہ ہے وہ کسی سے پڑھی نہین جاتی + اور تھوڑی سی عبارت شاستری مین کندہ ہے کہ وہ بھی سمجھ مین نہین آتی + لیکن یہ حرف شاستری کے پڑھے گئے ہین اونکا ترجمہ لکھدیتا ہون + سدہ سری بکرماجیت سمت ۱۲۲۰ بیساکھ سدی پندرہ

سواسو لکی بنتی و اس پر ایں شاہ بہادر معز الدین کیقباد بعد دربار حقیقاس سنہ ۔ اس سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جس زمانے میں سلطان معز الدین محمد بن سام غوری نے کوہ سوالک کو سنہ ۱۱۹۱ عیسوی میں سے تاراج کیا ہے ۔ اوسی زمانے میں اس لاٹھ پر کہ پہلے اوسی مقام پر تھی اور ہندو اوسکو پوجا کرتے تھے یہ عبارت کھدوادی ہے ۔ اور اس لاٹھ کی حقیقت یہ معلوم ہوئی ہے کہ کوہ کماؤں کے پاس جو ہندوستان کے شمال میں واقع ہے دو لاٹھیں گڑی ہوئی تھیں اور ہندو یہ بات کہتے تھے کہ یہ دونوں لاٹھیں ہمارے دیوتاؤں کے گائیں چرانے کی لاٹھیاں ہیں اور اسی اعتقاد سے ہزاروں ہندو اسکی پوجا کیا کرتے تھے اور یہ اعتقاد رکھتے تھے کہ جب یہ لاٹھیں یہاں سے اوٹھیں گی یا ٹوٹیں گی جب پرلے ہوگی ۔ فیروز شاہ نے یہ بات سنکر ہندوؤں کے اعتقاد جھوٹھا کرنے کو ایک لاٹھ کو توڑ ڈالا ۔ اور دوسری کو یہاں آکر لگایا جب سے فیروز شاہ کی لاٹھ مشہور ہوگئی ۔ عرضکہ یہ لاٹھ بھی عجائب روزگار سے ہے ایک پتھر کی بنی ہوئی ہے اور لوگ کورنکا پتھر بتلاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جتنی اوپر ہے اوس سے دوچند نیچے ہے ۔ اور یہ بھی مشہور کرتے ہیں کہ اس لاٹھ کے نیچے بیشمار خزانہ دفن ہے بعضی تاریخ کی کتابوں میں اس لاٹھ کا طول ساٹھ گز کا لکھا ہے ۔ لیکن جیسے نقشے بنانے کے وقت اسطرلاب کے عمل سے اس لاٹھ کی پیمائش کی معلوم ہوا کہ اب جسقدر زمین کے اوپر ہے اوسکا طول [illegible] فٹ ۵ انچ ہے اور پڑکی ستائیس فٹ مدور ۔ اس لاٹھ کا سر ایک طرف سے تھوڑا سا کسی صدمے سے ٹوٹ گیا ہے بعضے کہتے ہیں کہ بجلی گری تھی اور بعضے کہتے ہیں کہ گولہ لگا تھا العبد عبد اللہ ۔ الحمد للہ کہ اس طرح کی عمارتوں کا بیان ہوچکا اب ہم قطب کی عمارتوں کا بیان شروع کرتے ہیں ۔

مسجد قوۃ الاسلام

یہ مسجد وہ ہے جس کے بیچ میں قطب صاحب کی لاٹھ مشہور ہے ۔ یہ مسجد نہایت عجیب و غریب ہے ۔ یقین ہے کہ ایسی بڑی مسجد روے زمین پر نہ ہوگی اور چشم فلک نے بھی نہ دیکھی ہوگی ۔ حقیقت میں اپنا مثل روے زمین پر نہیں رکھتی باوجود اسقدر بلندی اور بڑائی کے ایسی خوبصورت اور خوش قطع خوش وضع ہے کہ جسکا کچھ بیان نہیں ہوسکتا ۔ ایک ایک پتھر پر وہ منبت کاری اور گلکاری ہے کہ دیکھنے سے علاقہ رکھتی ہے ۔ اوسکی ایک ایک میل مسلسل پر سے ہزاروں معشوقوں کی زلف دوتا قربان ہے اور اوسکی ادنی سے ادنی پھول کی گھڑت پر سیکڑوں گلرخوں کے لب جان بحق تسلیم ہیں ۔ آیات قرآنی ہر ہر جگہ اس خوبصورتی سے کندہ ہیں کہ بیان

نہیں کیا جاتا تھا منظور ہوا تو بہت شہ شہزادے نے فسخ میسا ہو جاتا ہے اور کرتی ویسا ہی مگر افسوس کہ یہ فلک
گرفتار ہوا اور کسی پر پھیلا یکن ہو سکے بھی لیاقت نہیں رکھتا تھا ایسے عالی مکان کو بنا سکا + اول عشق
میں انگشت نما ہو کر کیا یہ سمجھا کہ یہ تو غیر مقرر جانتا ہے پہلے تو اوسکو تپنے نہیں دیا + اور پوری ہونے
نہیں پائی کہ بنانیوالے کی عمر پوری ہو گئی اور یہ عمارت ادھوری رہ گئی جسقدر کہ بن چکی تھی اوسکو بھی بلکہ
کم بخت پاس سے ٹوٹ گئی اور بے مرمتی کے سبب بالکل خراب ہو گئی اب یہانتک نوبت پہونچی ہے کہ اس عمارت
کا ایک ایک پتھر بڑھیا کے دانتوں کیطرح گرتا جاتا ہے اور جو باقی ہے وہ ہل ہل ہلتا ہے + اس مسجد کی بنا
کی حقیقت یہ ہے کہ پہلے اس مقام پر جہان اب مسجد ہے راے پتھورا کا بت خانہ تھا اور یہ بت خانہ بھی ایسا
نامی اور گرامی تھا کہ سومنات کے بت خانہ کو اور دلی کے بت خانہ کو برابر سمجھا کرتے تھے + آخر کار سلطان
معز الدین محمد بن سام نے جو سلطان شہاب الدین کر کے مشہور ہے سنہ ۵۸۹ ہجری میں راے پتھورا کو شکست دی
اور اس بت خانہ کو فتح کرکے تمام بت توڑ ڈالے اور اس مسجد عالی کی بنا رکھی + بیت + کرامت بت خانہ
مرا اے شیخ + کہ چون خراب شود خانہ خدا گردد + جب سے اس مسجد کے بننے کی بنیاد پڑی اور کئی بادشاہون
کے وقت میں یہ مسجد بنی اور اس پر بھی ناتمام رہ گئی کہ اسکا مفصل بیان آگے آویگا + لیکن اب یہ مسجد بسبب
شکستہ ہو جانیکے اور بھی بسبب ناتمام رہنے کے دکھیت بھلی ہو گئی اور دیکھنے والون کی سمجھ میں نہیں آتی
کہ یہ عمارت کیونکر بنی ہے اور کس کس قطع پر تھی + اسواسطے مجھکو مناسب معلوم ہوا کہ اول تھوڑا سا حال اس
عمارت عالی کی قطع کا بیان کر دون کہ کس قطع پر یہ مسجد بنی تھی اور کیونکر اسکی بنیادین رکھی گئین تھیں تا کہ
دیکھنے پڑھنے والون کو اسکی وضع بخوبی معلوم ہو جاوے + جاننا چاہیے کہ جب کہ راے پتھورا کا بت خانہ فتح
ہوا اور اس جگہہ مسجد کا بنانا ٹھہرا اور بت خانہ کا خانہ خدا ہونے لگا + اوسوقت یہ تجویز ٹھہری کہ اس بت خانے
کی عمارت بھی بہت عمدہ اور نہایت بے نظیر ہے یہ عمارت بھی بدستور رہے اور مسجد بنجاوے + کہ اس میں دو فائدہ
سمجھے ایک باقی رہنا عمارت عمدہ کا دوسرے پایا جانا نشان اور شوکت اور نشان قوت اسلام کا کہ ایسا
بڑا بت خانہ اسلام کے زور سے ٹوٹ کر خانہ خدا اور مسجد اعلیٰ بنا + اسی خیال سے اس مسجد کے بنانے والون
نے رفتہ رفتہ مسجد کے پانچ ٹکڑے کر ڈالے اور اس مسجد کو پانچ چوک پر تقسیم کرکے ہر ایک چوک کے جدا جدا مکان
بانٹ دیے اور بت خانے کی عمارت اس خوبصورتی سے بٹ گئی کہ گویا اس مسجد ہی کے لیے بنی تھی مگر کچھ کچھ بت خانہ
کے مکان جو بیڈول آن پڑے تھے انکو وہاں سے اوکھاڑ کر دوسری جگہہ موقع سے لگا دیے + اس بت خانے

کی عمارت میں برابر یہ ستون لگے ہوئے تھے اور یہ عمارت بھی انہیں ستونوں پر سنگتراشی کی ہوئی تھی اور بہت بیل بوٹے پھول پتی کی جگہ مورتیں بھی کھدی ہوئی تھیں مسلمانوں کے عہد میں اتنا تصرف ہوا کہ جس جگہ ستونوں اور ساہلوں اور کنگوروں محرابوں وغیرہ میں بتوں کی مورتیں کھدی ہوئی تھیں ان کی صورتیں بگاڑ دی گئیں جس کسی کا تو سر کاٹ ڈالا کسی کی ناک چھیل دی اور کسی کی آنکھ اکھیڑ دی مگر ہیئت اور صورت قائم رکھی چنانچہ اب تک ان ستونوں میں بتوں کی گڑھی ہوئی مورتیں موجود ہیں اور جو کہ رائے پتھورا کے مندر کی عمارت کے یہ ستون موجود ہیں گویا یہ بہت قدیم عمارت کی نشانی ہے اس واسطے ہم اسکا بھی نقشہ اور بیان علیحدہ ایک مقام پر لکھیں گے اب اس مسجد کی عمارتوں کا حال لکھنا شروع کرتے ہیں اول اوسکے مینار کا جسکو قطب صاحب کی لاٹھ کہتے ہیں بیان کرنا شروع کرتے ہیں

قطب صاحب کی لاٹھ

یہ لاٹھ حقیقت میں مسجد قوۃ الاسلام کا مینار ہے اسکی رفعت اور شان اور بلندی اور خوشنمائی کا بیان نہیں کیا جا سکتا یہ لاٹھ اسقدر بلند ہے کہ بہت دور دور کے رہنے والے سر اٹھا کر دیکھتے ہیں ایسی بلند کوئی عمارت روئے زمین پر نہیں بتاتے اور مثل مشہور ہے کہ اگر اوسکے نیچے کھڑے ہو کر اوپر دیکھو تو ٹوپی والے کی ٹوپی اور پگڑی والے کی پگڑی تمام سر سے گرتی ہے یہ لاٹھ اسقدر بلند ہے کہ آدمی یہ خیال کرتا ہے کہ اسکے اوپر سے تو آسمان کو پکڑ لونگا اور اس وقت آسمان کے رہنے والے شبہ آسمان پر چڑھ جاوینگے بار ہا لوگوں کو اتفاق ہوا ہے کہ ساون بھادوں کے مہینے میں کہ موسم پھول والوں کی سیر کا ہوتا ہے اس شیر پر چڑھتے ہوئے مینہ برسنے لگا اور جب نیچے اترے تو دیکھا کہ خوب مینہ برس گیا ہے جب جانا کہ ابر اس لاٹھ سے نیچا تھا اس لاٹھ کے اوپر سے نیچے کے آدمی ذرا ذرا سے معلوم ہوتے ہیں اور چھوٹے چھوٹے آدمی بھی ہاتھی گھوڑے دکھائی دیتے ہیں کہ سب بڑا تماشا معلوم ہوتا ہے اور اسی طرح نیچے والوں کو اوپر کے دروازے سے معلوم ہوتے ہیں اور ایسا شبہ پڑتا ہے کہ فرشتے آسمان پر سے اترتے ہیں غرضکہ یہ لاٹھ عجائب روزگار سے ہے کہ روئے زمین پر اسکا مثل نہیں کہیں ہے باوجود اسقدر بلندی اور بہت سے کے ایسی خوبصورت خوشنما قطع کر دی ہے کہ دیکھنے سے اسکی بہار دیکھتے ہی کو جی چاہتا ہے اس لاٹھ میں بالکل سنگ سرخ لگا ہوا ہے اور جو پتھر لگا ہوا ہے سنگ سرخ ہے ہر درجے پر آیات قرآنی کندہ ہوئی ہیں اور بہت سنگتراشی کی ہوئی ہے اس لاٹھ

[illegible]

[illegible]


[illegible]



نقشے بنے ہیں سو وہ اور کہیں ایسی خوبصورت نہین ہین کہ جسکا کچھ بیان نہین ہو سکتا + جو کہ اوسکی خوبی تو بیان سے باہر ہے اسواسطے اب ہم اسکے سبب کا حال بیان کرتے ہین + کہ اس لاٹھ کو سلطان شمس الدین التمش نے اپنے عہد سلطنت مین بنایا ہے + اور جو کہ سلطان شمس الدین التمش سنہ ۶۰۷ ہجری مین دلی کا بادشاہ ہوا ہے اسواسطے کہا جا سکتا ہے کہ اس لاٹھ کو بنے ہوئے چھ سو چھتیس برس کے قریب عرصہ گذرا لیکن ہمری راے مین بتتبع کتب تواریخ اور سیاق اور سیاق بادشاہونکے حال سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس لاٹ کی عمارت سنہ ۶۳۱ ہجری کے بعد تمام ہوئی ہے + بہر حال یہ لاٹ سلطان شمس الدین التمش کی بنائی ہوئی ہے اور یہ نشانی اوسی بادشاہ کی بلند ہمتی کی ہے + بعد اوسکے جو بادشاہ ہوا اس عمارت کو عجیب و غریب سمجھکر ہمیشہ مرمت کرتا رہا + چنانچہ ایکدفعہ فیروزشاہ کے وقت مین اس لاٹ پر بجلی گری تھی اور اس سبب سے اس لاٹ مین نقصان آگیا تھا + اسواسطے سنہ ۷۷۰ ہجری مین سلطان فیروزشاہ نے اس لاٹ کی مرمت کی اور بعد اوسکے اس لاٹ مین پھر شکست ریخت ہو گئی تھی اور مرمت کی حاجت پڑی تھی + جب سلطان سکندر بن سلطان بہلول لودی نے سنہ ۹۰۹ ہجری مین اس لاٹ کی مرمت کی بعد اسکے یہ لاٹ صدمہ بھونچال اور بجلی سے پھر ٹوٹ گئی تھی اور جڑ کے پاس سے کچھ پتھر گر پڑے تھے + کہ حکام والا مقام انگریزی نے اپنی عالی ہمتی اور نام آوری سے اس لاٹ کی مرمت کی اور سمتھ صاحب گارڈ کپتان اس مرمت کے مہتمم تھے کہ اس بات کو بیس برس کے قریب عرصہ گذرا ہوگا مشہور ہے کہ اس لاٹ کی مرمت اور اسکے گرد و نواح کے مکانون کی صفائی اور سڑک بنانے مین ایک لاکھ روپیہ سرکار کا خرچ ہوا ہے + واقعی مین یہ بات سچ ہے کہ لقا اس لاٹ کی صرف اس مرمت سے ہوئی اور یہ نامی اور عجیب عمارت صرف اس مرمت کے سبب اب تک قایم رہی ورنہ کبھی کی گر گرا چکی ہوتی + پہلے اس لاٹ کی صورت اور تھی اور اب اور ہو گئی ہے + بڑے بڑے آدمیون سے تحقیقات کرنے پر معلوم ہوا کہ پہلے اس لاٹ کے ہر درجہ پر کٹہرا نہین تھا بلکہ کٹہرے کی جگہ کنگورے بنے ہوئے تھے یہ کٹہرا اسمتھ صاحب نے بنایا ہے اسواسطے کہ کنگورے بالکل ٹوٹ گئے تھے اگر غور کرکے دیکھو تو کنگورے اس عمارت کے لیے بہت مناسب اور خوشنما تھے اور حقیقت مین اسطرح کی عمارت پر کنگورے ہی زیبا تھے + بعضی کتابون مین سے پایا جاتا ہے کہ یہ منارہ ہفت منظری تھا یعنے سات کھنڈ کا اور اس لاٹ کے سات ہی کھنڈ مشہور بھی ہین لیکن اب پانچ باقی ہین + جب اس بات کی پرانے پرانے آدمیون سے تحقیقات کی گئی تو اسقدر معلوم ہوا کہ یہ لاٹ جسقدر اب موجود ہے

یعنے پانچویں کھنڈ پر ایک اور چھوٹا سا گنبد تھا اور اوسمیں چاروں طرف چار دروازے تھے لوگ
اوسمیں جا کر بیٹھا کرتے تھے اور اوس میں بھی ایک طرف سے چھوٹی چھوٹی سیڑھیاں اوپر جانیکی
بنی ہوئی ہیں + اور شاید اوسپر بھی کچھ مکان ہو کہ اب کسیکو یاد نہیں اور یہاں سے لکھا جو اکتاب
کا او حوبات عوام الناس میں مشہور چلی آتی ہے صحیح معلوم ہوئی کہ اس لاٹ کے ساتھ ہی کھنڈ تھے
انگریزوں کی عملداری سے پہلے دو کھنڈ اسکے تو بالکل ٹوٹ گئے تھے اور تیسرے میں بھی حوادث سے
اوپر سے قلم کی تراش کے طور پر شکست آگئی تھی کہ بحکام عالی مقام انگریزی نے اوسکی مرمت کی اور چھجہ
اس لاٹ کا چھٹا کھنڈ تھا اوسپر ایک سنگین اٹھ دری برجی بنا کر لگائی کہ وہ چھٹا کھنڈ ہوا اور اوسکے
اوپر ایک اور کاٹھ کی برجی لگائی تھی کہ وہ ساتویں کھنڈ کی جگہ تھی اور اس طرح کرکے اس لاٹ کی اونچائی
پوری کر دی تھی + مگر اسطرح پر لاٹ بجائے بد زیب نکلی اور بلحاظ اسکے بدنما معلوم ہونیکے یہ برجی جو
چھٹے کھنڈ تک قائم مقام تھی اور وہ کاٹھ کی برجی جو ساتویں کھنڈ کی جگہ تھی نہ ٹھہر سکی اور شکستہ ہو گئی
اسواسطے اونکو اوتار لاٹ پر سے اوتار لیا + کاٹھ کی برجی کا تو نام و نشان نہیں رہا مگر سنگین برجی کو
یادگاری کے طور پر لاٹ کے پاس کھڑا کر دیا ہے چنانچہ نقشہ میں موجود ہے + اس لاٹ کی بلندی
کو مسٹر لاسن صاحب نے بعمل مساحت اور اقدام کے پیمائش کیا + پھر ہر درجہ کو ڈور سے بھی پیمائش کیا معلوم
ہوا کہ اس لاٹ کا پہلا کھنڈ چھیالیس فٹ کئی انچ کا ہے جسکے تئیس گز کئی انچ ہوئے + اور دوسرا
کھنڈ پچاس فٹ کئی انچ کا ہے جسکے ستره گز کے قریب ہوئے اور تیسرا کھنڈ چالیس فٹ کئی انچ کا ہے
جسکے کچھ اوپر تیرہ گز ہوئے + اور چوتھا کھنڈ پچیس فٹ کا ہے جسکے سوا آٹھ گز کے قریب ہوئے + اور پانچواں
کھنڈ بھی اوس تھوڑی سی اونچائی سمیت جو برجی کہ ٹھہر سکی ہے پچیس فٹ یعنی سوا آٹھ گز کے قریب
ہے اور تیس فٹ اونچا برجی کٹہرہ ہے + اس حساب سے معلوم ہوا کہ اس لاٹ کے پانچوں کھنڈ بلا باب وغیرہ
اسی گز کے قریب اونچے ہیں + اور سنگین برجی کی اونچائی بموجب اسکے اندازہ کی ہے ستره فٹ کئی انچ کی
ہے جسکے چھ گز کے قریب ہوئے + اور کہتے ہیں کہ پانچ گز اونچی اسپر چوبی برجی تھی اور اوسپر سونے کا کلس لگا ہوا تھا
جسکے طرف سے یہ لاٹ ڈیڑھ سو فٹ یعنی پچاس گز کا درجہ ہوا + پہلے اس پتھر سے جہاں برجی لگی تھی تیس فٹ
یعنے دس گز بلند ہے + اور قیاس ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس مقام پر جو سنگین اور چوبی برجی اور اوسپر چھترا
لگا ہوا تھا + وہ اسی اندازہ پر لگا ہوگا کہ اگر اس لاٹ کے سطح کے ملاصق ہو کر خط مستقیم کھینچیں تو جاویں

نقشہ درجہ اول مسجد قوۃ الاسلام



ہم نہیں کہہ سکتے پر اکثر لوگ ایسا کہتے ہیں اور بعضی تاریخ میں بھی لکھا ہے کہ یہ لاٹھ شمس الدین التمش نے بنائی تھی اور اس پر بیان بھی ہوتی ہیں کہ
اور سب اس لاٹھ کی اونچائی ہے ہمارے نزدیک دو سو گز سے زیادہ ہے سب کا یہی بیان ہے کہ سلطان شمس الدین التمش نے اس لاٹھ کو تمام کیا ہے اس پر
ہیں کہ پہلے درجہ میں قطب الدین ایبک کا نام ہے اور دوسرے درجہ میں التمش اور تیسرے میں بادشاہ اور چوتھے میں التمش
پانچویں میں بھی التمش کا نام ہے اور یہ کہ اس لاٹھ کی تین منزلیں ہیں اور چوتھے اور پانچویں درجے
کی عمارت فیروز شاہ کے وقت کی بنی ہوئی ہیں اگرچہ ان کو اس سے کچھ علاقہ نہیں لیکن معلوم ہوتا ہے کہ کتبے
کہ چوتھے درجہ میں تو پانچ سطریں اور پانچویں درجہ میں تین سطریں محرف ہیں اس تمام لاٹ پر آیات قرآنی
کندہ ہیں اسکے بیان کرنے کی تو کچھ حاجت نہیں مگر جو کتبے اس لاٹ کے قابل بیان کے ہیں کہ ان میں اس لاٹ
کے بنانے والے اور مرمت کرنے والوں کے نام لکھے ہوئے ہیں اور ایک میں معمار کا بھی نام ہے انکا خط و سطر
کتبہ میں ویسا ہی خط اور ویسی ہی طور سے نقشہ میں ہر ہر درجہ کے مقابل ہر جگہ ہیں ان کتبوں میں سے چوتھے درجہ کے
دروازہ میں کتبہ لکھا ہوا ہے اور باقی سب کتبے ہر ہر درجہ کے دروازوں پر کندہ ہیں ان کتبوں میں بعضے حروف اور
طرح سے خلاف رواج حال کے لکھے ہیں اور بعضے پڑھے نہیں جاتے غلطی ناقل اسمیں نہ سمجھی جاوے اصل لاٹ
میں اسیطرح ہیں اب قصہ کوتاہ کرو اور نقشہ دیکھو کہ یہ عجیب بھی کیا عجائب روزگار ہے

درجہ اول مسجد قوۃ الاسلام

جنوب کی طرف لاٹ کے سامنے جو تین در ہیں یہ اس مسجد کا پہلا درجہ ہے اگرچہ یہ درجہ اور درجوں سے پیچھے
بنا ہے مگر اب قطع میں پہلا آن پڑا ہے اس درجہ میں قبلہ کی طرف تین در ہیں بیچ کا در بڑا اور ادھر ادھر کے دو
چھوٹے در ہیں اور یہ تینوں در سنگ سرخ کے بنے ہوئے ہیں اور ان پر نسخ اور کوفی خط میں آیات قرآنی
کندہ ہیں اور بہت سے بیل بوٹے پھول پتے بتت کاری کے بنے ہوئے ہیں اس درجہ کے تینوں دروں میں سے
جنوب کی طرف کے چھوٹے در کی تو آدھی محراب آگے سے اور بیچ کے بڑے در کی اور شمالی چھوٹے
در کی ساری محراب ٹوٹ گئی ہے صرف بازو باقی رہ گئے ہیں اس درجہ کے جنوبی ضلع میں بت خانہ
کی عمارت موجود ہے یعنی اوسیطرح بہیوں ستون اور پٹاو لگے ہوئے ہیں اور اوپر پتھروں کی
پٹیاں ہیں اور اسی ضلع میں آمد رفت کے لیے ایک دروازہ تھا
کہ وہ اب ٹوٹ گیا ہے مگر نشان معلوم ہوتا ہے اور اسیطرح کا اسکا شمالی ضلع تھا کہ
اوسکی عمارت بالکل ٹوٹ گئی ہے اور اسطرف بھی ایک دروازہ تھا اس درجہ میں سے

دوسرے درجہ میں جا بجا اوسکی محرابیں بھی ٹوٹ گئی ہیں مگر کچھ حصہ سلسلہ کا باقی ہے ٭ اس درجہ کے ہر ایک چھوٹے در کے اوپر سنہ ۶۲۷ ہجری کندہ ہیں ٭ اس تحریر سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ سلطان شمس الدین التمش کے عہد میں بنا ہے آج تک چھ سو چھتیس ۶۳۶ برس کے قریب عرصہ گزرا ہے ٭ اس مسجد کے در ایسے بڑے کہ اور کہیں دیکھنے میں نہیں آئے ٭ اگرچہ اسکا بیچ کا در ٹوٹا ہوا ہے لیکن برابر کے درجوں کے در جو اسکے برابر ہیں اور ٹوٹے بھی ہیں اسکی بلندی اڑتالیس فٹ کی پیمایش ہوئی اصطرلاب کے عمل سے پس اسکا بیچ کا در کوئی اڑتالیس فٹ کا ہوگا اور بغلی چھوٹے در اٹھائیس ۲۸ اٹھائیس فٹ کے اونچے ہیں ٭ اس درجہ کا عرض مع بغلی صحنوں کے ایکسو اٹھ فٹ کا ہے ٭ اسی حساب پر اس مسجد عالی کی عظمت و شان خیال کرنی چاہیے کہ کتنی بڑی مسجد تھی ٭ اور انشاء اللہ تعالی ہم ہر ہر درجہ کی پیمایش اپنے اپنے مقام پر لکھیں گے اب اس مقام پر اس درجہ کا نقشہ لکھا جاتا ہے تاکہ جو کچھ ہمنے بیان کیا ہے وہ آنکھوں سے بھی دیکھا جاوے اور شنیدہ مانند دیدہ ہوجاوے ٭ اس درجہ کا کتبہ بعینہٖ اوسی خط اور عبارت سے نقشہ کے حاشیہ میں مندرج ہے ٭ اوسکو دیکھو اور اللہ تعالی کی قدرت کو یاد کرو اور بے ثباتی دنیا پر عبرت پکڑو فاعتبروا یا اولی الابصار

درجہ دوم مسجد قوۃ الاسلام

یہ درجہ بہت بڑا ہے اور اب اسکے برابر کوئی درجہ نہیں ٭ اور سبب اسکا یہ ہے کہ اس مسجد کے کل تین درجے تیار ہوئے تھے اور دو درجے اس سے رہ گئے اس سبب سے یہ درجہ گویا بیچ کا درجہ ہوگیا اور دوسری یہ ہوئی کہ یہ درجہ پہلے اور تیسرے درجہ سے بڑا بھی تھا اسواسطے کہ اسکے مقابل کا چوتھا درجہ تھا ٭ اس درجہ میں قبلہ کیطرف پانچ در ہیں ادہر اودہر دو دو در تو چھوٹے ہیں اور بیچ کا پانچواں بہت بڑا ہے ٭ جیسا کہ پہلے درجہ میں ایک بڑا در تھا ان دروں کی بلندی بھی اوتنی ہی ہے جسقدر کہ پہلے درجہ کے دروں کی بلندی تھی اس درجہ کے دروں پر نہایت تکلف کی سنگ تراشی اور طرح طرح کے بیل بوٹے پھول پتے بنے ہوئے ہیں کہ بیان سے باہر اور ایسا تکلف کا کام اور کسی درجہ پر نہیں بنا ہوا ہے اور بدستور آیات قرآنی کندہ ہیں اور بسبب ٹوٹ جانے حرفوں کے اکثر جگہ سے پڑھی نہیں جاتیں ٭ اسی درجہ کے بیچ کے در پر بائیں طرف سال یعنی ۵۹۴ سنہ ہجری اور ماہ ذیقعدہ کندہ ہے ٭ اس درجہ کو سلطان معز الدین محمد بن سام نے اپنے عہد سلطنت میں بنوایا ہے اور سال تعمیر سے جو اوپر مذکور ہوئے چھ سو انہتر ۶۶۹ برس کا بنا ہوا معلوم ہوتا ہے ٭ یہ درجہ سب درجوں سے پہلے کا بنا ہوا ہے اور اصل جگہ پرانے پتھورا کے بت خانہ کی یہی تھی اور گویا یہی درجہ مسجد قوۃ الاسلام

کی بنیاد ہے اور راؤ اور رسیے اور بادشاہون نے بنائے ہین اسکے جنوبی ضلع مین بدستور رائے پتھورا کے بت خانے کے ستون لگے ہوئے ہین ؛؛ اور اسیطرف ایک دروازہ آمد رفت کا تھا جو گر پڑا ہے مگر نشان باقی ہے ؛؛ اور اسیطرح شمال کیطرف ستون لگے ہوئے ہین اور اسطرف بھی ایک دروازہ آمد رفت کا ہے اور اب تک موجود ہے اوسکا حال بھی آگے بیان کیا جاویگا ؛؛ اور شرقی ضلع مین بھی بدستور ستون لگے ہوئے ہین اور اسطرف بھی ایک دروازہ آمد رفت کا قائم اور ثابت ہے کہ اس دروازہ کا بھی حال ہم آگے بیان کرینگے ؛؛ اور اسی درجہ کے غربی ضلع کے ستون بہت اچھے ہین اور بتون کی صورتین بھی دکھائی دیتی ہین ؛؛ اسواسطے ہم اس ضلع کا بھی ایک نقشہ علاحدہ کھینچین گے کہ گویا وہ نقشہ رائے پتھورا کے بت خانہ کی عمارت کا ہوگا ؛؛ اس درجہ کا عرض قبلہ کی طرف سے جنوبی اور شمالی ضلعون سمیت ایک سو اڑتیس ۱۳۸ فٹ کا ہے اور اسی درجہ کے صحن مین لوہے کی لاٹ ہے کہ ہم اب اوسکا بیان کرتے ہین ؛؛

لوہے کی لاٹ

اس لاٹھ کا کچھ حال نہین تحقیق ہوتا کہ یہہ کیا چیز ہے اور کس کے وقت کی بنی ہوئی ہے ؛؛ لیکن اسمین کچھہ شک نہین کہ بہت قدیم ہے اسواسطے کہ اسپر اگلے حرفون اور اگلی زبان مین کچھہ عبارت کندہ ہے کہ وہ پڑھنے مین نہین آتی ؛؛ بعضے لوگ یہہ بات کہتے ہین کہ سلطان معزالدین محمد بن سام نے جسنے یہہ مسجد بنائی ہے اس لاٹ کو بطور مقیاس کے لگایا تھا ؛؛ یہہ بات تو غلط محض معلوم ہوتی ہے لیکن اگر اسقدر ہو کہ یہہ لاٹ پہلے سے رائے پتھورا کے بت خانہ مین لگی ہو اور سلطان معزالدین محمد بن سام نے بھی اس لاٹ کو یہہ سمجھہ کر کہ چلو مقیاس ہی سہی دلنا ہی دیکھنے کے کام آوے گی اور اس نشانی سے شوکت اسلام کی باقی جاوے گی بدستور رہنے دی ہو تو ہو سکتا ہے ؛؛ اور بعضے لوگ اس لاٹ کے بننے کی یہہ تقریر کرتے ہین کہ رائے پتھورا کے وقت کے نجومیون نے رائے پتھورا سے یہہ بات کہی کہ ہم تمہارے شہر مین ایک ایسی کیلی گاڑ دیتے ہین کہ جب تک وہ کیلی قائم رہیگی تمہارا راج نہین ٹلنے کا ؛؛ رائے پتھورا نے اوسکی دلیل پوچھی پنڈتون نے حرکات کواکب کا اور اونکی تاثیرات کا بیان کیا ؛؛ رائے پتھورا کی سمجھہ مین آیا اور چونکہ اسکی تیاری مین زر خطیر خرچ ہوتا تھا اسواسطے بغیر سمجھے وہ اس کام پر مستعد بھی نہین ہوتا تھا ؛؛ آخرکار پنڈتون مین سے ایک پنڈت جو بہت بڈھا اور نہایت عقلمند تھا اوسنے سوچا کہ یہہ مورکھہ سمجھانے کے کام نہین چلتا ایک بات بنانا چاہیے کہ اسکی سمجھہ مین آوے اور × کلموا الناس

ملی اتنہ مشکوک ہو کر کیا ہوئے ۔ یہہ صحیح کہ اس بات سے ایک پیر اسکا گرچہ تھا ۔ اسے تھوڑا
بھی عادت کے موافق کہا کہ مجکو اسکا سبب بتا ۔ اس پنڈت نے ہاتھ باندھ کر عرض کیا کہ مہاراج
پرتھی راج یہہ کسکی بات ہیں ہے اگر آپ ایسا ہی پوچھتے ہیں تو الاس چلئے اور سارا حال سے آگاہ کیجئے
سکتے ہو ۔ راجہ جی نے بہت حلوت کی اور پنڈت سے پوچھا پنڈت جی نے کہا کہ سو مہاراج پرتھی راج
باسک دھرتی کے لگ اور یوتا راجہ باسک ہیں یعنی تمام ہندوستان کا اور اونکا گدی عادتی دھرتی ہے سابقہ
۔ اسا بہوت سے ان اقی رستے ہیں کہ وہ اس دھرتی میں آیا یا جتنے ہیں ہم اس کیلی کو اوسکے سر پر گاڑیں گے
اور کیلی اوکھڑے سے راجہ باسک ہاں سے جاتے ۔ اور سنتا ہیکہ راج سٹلے ۔ یہہ بات راجہ نے دیکھ لی کہ سمجھ
آگئی اوسے کیلی گاڑنیکا حکم دیا سب سامان جمع ہوئے اور حرکات کو اکسے کی دیکھنے کے وقت میں پر اس کیلی کو
گاڑا ۔ راجہ نے پوچھا کہ مہاراج پنڈت جی یہہ کیلی راجہ باسک کے سر پر بیٹھی ۔ اونھوں نے کہا کہ ہاں پرتھی راج
بیٹھی ۔ مگر یہہ بات تو کیسی گدری کیلی گاڑ کی تھوڑے دن بعد راجہ نے تھوڑا کر دلیں یہہ بات گدرا اور لیں سو
آیا کہ رام جانے یہہ کیلی راجہ باسک کے سر پر بیٹھی یا نہیں ۔ اس وہم سے پنڈتوں کو بلا کر کہا کہ مجکو راجہ باسک
سر دکھا دیا گیا کو اوکھیڑو کہ دیکھیں کھڑی سے یا نہیں ۔ ہر چند پنڈتوں نے منع کیا لیکن اوسنے سا ما ہر بانا
اور کیلی کو اوکھڑوا دیا وہاں کیا تھا کیسا لہو کیسا راجہ باسک اگر پنڈتوں نے اسپر تنگ سچا کرنے کو اوسکا پانی
کسی حکمت سے لہو لگا دیا ۔ اور کہا دیکھو یہیں راجہ باسک کے سر پر تھی ۔ راجہ پرتھی راج کو مت
افسوس ہوا اور پھر اوس کیلی کو پھر گڑوا دیا لیکن پھر گڑوانے سے کیا ہوتا ہے وہ وقت کہاں
تھا اسکے تو تھوڑے ہی دن گذرے تھے کہ مسلمان آئے اور راجہ پتھورا بقول بعضے مارا گیا
اور بقول بعضے قید ہو کر غزنیں بھیجا گیا اور مسلمانوں کا عمل ہو گیا اور میرے نزدیک بھی یہی روایت
قریب صدق معلوم ہوتی ہے ۔ اگرچہ دیکھنے والے اس کتاب کے میری اس تحریر کو مجازیک
افسانہ کے اور کچھ نہیں سمجھنے کے لیکن تاریخ کے دیکھنے والوں اور نجوم کے واقفین کو بخوبی
یاد اور معلوم ہوگا کہ اس قسم کی چیزیں اگلے زمانے کے حکیموں اور نجومیوں نے بہت سی بنائی ہیں اور ہر ایک
جانکدر یا دوسرے جانکے علیم مثلاً تبدیل راج یا اور کسی طرح کے حادثے سے مطلع کرتا تھا ۔ چنانچہ اوسکا ذکر بہت
معتبر تاریخ کی کتابوں میں موجود ہے ۔ پس اگر پنڈتوں نے بھی حرکات کو اکسے کی لحاظ
پر یہہ کیلی گاڑی ہو تو کیا عجب ہے ۔ سر جملہ سنہ لاٹ کبھی عجائب روزگار سے ہے ۔ [illegible]

پاؤن تک ایک موہیکی شیا ہو گی سب اسکو دیکھکر اوس کی بقل سمجھ میں نہیں آتی ہے کہ کیونکر قبا ہوگی اور کسطرح کھڑی کی گئی ہوگی ۔ سبب کہ جب میں اس مقام کا نقشہ کھینچا تو اس لاٹ کو زمین تا بالا سبت ہی اور اسطرلاب کے عمل سے بھی ناپا تھا تو اسکی بلندی سے جدا کی تھی اور جسکی لمبائی پانچ فٹ تین انچہ کی مدور معلوم ہوتی ہے اس لاٹ پر بہت سے لوگوں نے اپنا نام کھودا ہے اور کسی نے پچھوال بنا دیا ہے کسی نے کچھ نا کر کے تصویر بنا دیا ہے لیکن جو اسکا اصلی کتبہ ہے وہ لنگی حرفوں میں ہے کہ پڑھا نہیں جاتا اور نہ حرف سمجھ میں آتے ہیں ۔ میں نے سنا ہے کہ کسی شخص نے اس کتبہ میں سے صرف اسقدر الفاظ دھرمی راسے پر تھی راج پڑھا تھا اور باقی پڑھا نہ گیا ۔ جب کہ عوام الناس اس لاٹ کے دیکھنے کو آتے ہیں اسوقت بڑا تماشا ہوتا ہے یعنی عوام الناس میں یہ مشہور ہے کہ جس شخص کی کولی میں یہ لاٹ آجاتی ہے وہ حلال کا ہوتا ہے اور جسکی کولی میں نہیں آتی وہ حرام کا ہوتا ہے ۔ اور اسی سبب سے کہ یہ لاٹ گول ہوتی ہے یعنی قد کے آدمی کی تو کولی میں آجاتی ہے اور ٹھنگنے قد کے آدمی کی کولی میں نہیں آتی اور لوگ اوسکو چھیڑتے ہیں اور حرام کا ہے حرام کا ہے کہتے ہیں اور وہ کھسیانا ہوتا ہے ۔ میں اس لاٹ کا حال بیٹھا ہوا لکھ رہا تھا کہ یکایک بہت عورتیں جوان جوان خوبصورت خوبصورت آئیں اور اس لاٹ کو کولی میں لیا اتفاق سے اون میں ایک عورت کی کولی میں جو سب سے خوبصورت تھی یہ لاٹ نہ آئی اور سب نے اوسکو چھیڑنا شروع کیا یہانتک کہ وہ رونکی ہو گئی ۔ میں ایک کونہ میں بیٹھا ہوا چپکا نقشہ کھینچ رہا تھا اور حال لکھتا تھا خدا جانے اون عورتوں نے کیا جانا کوئی ملان یا سپاہی یا خادم سمجھ کر مجھسے پوچھا کہ کیون میان جی جسکی کولی میں یہ لاٹھ نہ آسکے وہ حرام کا ہوتا ہے یا نہیں ۔ میں اپنے دل میں بہت ہنسا اور اپنے دل سے کہا کہ خوب منصفی کرنی پڑی ۔ لاچار میں نے اون سے کہا کہ بیس برس کی عمر سے سوا یہ نہیں سمجھا جاتا ہے اگر تمھاری عمریں اتنی ہیں تو میں بتاؤن ۔ چونکہ اون میں سے کسیکی عمر اسقدر نہ تھی ہنس کر چلی گئیں میں پھر اپنا کام کرنے لگا ۔ علی الصباح جو مردم بکار روبار روند ۔ [illegible] رو بتہ [illegible] اسکا نقشہ دیکھو اور قدرت الٰہی کو [illegible]


ضلع شرقی درجہ دوم مسجد قوۃ الاسلام یعنی عمارت بتخانہ رای پتھورا

یہ ستون جنکا نقشہ میں لکھتا ہوں اسی دوسرے درجہ کے ضلع شرقی میں لگے ہوئے ہیں اسیطرح شمالی جنوبی ضلع میں بھی ہیں اسکا نقشہ صرف اسواسطے کھینچا گیا ہے تاکہ لوگ معلوم کریں کہ رای پتھورا کے بتخانہ کی عمارت کس قطع کی تھی اگرچہ میں یقینی نہیں کہہ سکتا کہ یہ عمارت بدستور رای پتھورا کو وقت کی بنی ہوئی ہے اور مسلمانون نے اسمیں کچھ تغیر و تبدیل نہیں کی لیکن ظن غالب یہی ہے کہ

یہ ستون راے پتھورا کے وقت کے اسی طرح سے لگے ہوئے ہیں اور مسلمانوں نے عہد میں بجز اسکے کہ ان ستونوں پر جو صورتیں بنی ہوئی تھیں اونکو بگاڑ دیا ہے اور کچھ تغیر و تبدل نہیں ہوئی ** اور اگر ہوئی ہو تو اتنا کہ سلطان قطب الدین ایبک نے یہ دروازہ جو اس طرف کو ہے اور اوسکا حال اور اوسکا کتبہ ہم علاحدہ لکھینگے بنایا ہے اور اوسکی دلیل یہ ہے کہ ان ستونوں کی اوس طرف جو دیوار احاطہ کی باقی ہے اور عمارت دروازہ کی بالکل علاحدہ ہے اور دیکھنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ ستون پہلے کے لگے ہوئے تھے اور یہ دیوار اور دروازہ پیچھے کا بنا ہوا ہے ** اسی دلیل سے میں یہ خیال کرتا ہوں کہ یہ ستون راے پتھورا ہی کے وقت کے لگے ہوئے ہیں اور اسی لحاظ سے اس عمارت کو راے پتھورا کے وقت کی اصلی تصویر کر کے اسکا نقشہ لکھتا ہوں ** یہ ستون اور بہت ستونوں سے عمدہ ہیں اور ان پر بہت کاری اور گل کاری بھی بہت اچھی بنی ہے اور ان ستونوں کی بہت سی مورتیں بنی ہوئی تھیں کہ مسلمانوں کے عہد میں انکو بگاڑ دیا ہے اور ایک گھنٹی بنی ہوئی موجود ہے ** اس عمارت کو دیکھ کر میرے جی میں یہ شعر بہت یاد آتا ہے ** از نقش و نگار در و دیوار شکستہ ** آثار پدید است صنادید عجم را ** قدرت الٰہی سے کیا کیا لوگ تھے اور کیا حال اور کیسے کیسے زمانہ میں گذر چکے ہیں ** اس سے بڑی زمانہ سے بہت عبرت پکڑنی چاہیے اور اس دنیاے دوں کی بے ثباتی و بیقراری پر ہرگز تکیہ نکرنا چاہیے اور اسکے مال و متاع پر ہرگز ہرگز خیال نکرے اگرچہ حرص غالب نہیں ہوتی ** کار دنیا کسی تمام نکرد ** ہر چہ گیرید مختصر گیرید ** بہر حال اسکا نقشہ اس ترکیب سے کھینچا گیا ہے کہ ستونوں کے بنے کی ترکیب اور اونکی مورتوں کے نشان سے معلوم ہوتے ہیں اوسکو دیکھو اور قدرت الٰہی یاد کرو

دروازہ شرقی درجہ دوم مسجد قوۃ الاسلام


یہ دروازہ اسی عمارت کی پشت پر واقع ہے جسکا نقشہ ہمنے راے پتھورا کے بت خانہ کی عمارت کر کے لکھا ہے ** یہ دروازہ وہی معلوم ہوتا ہے اندر کا دروازہ جو کچھ بنا ہے وہ تو سلطان معز الدین کے عہد سلطنت کا بنا ہوا معلوم ہوتا ہے ** چنانچہ اوسکی پیشانی پر سنہ فتح اور نام بت خانہ لکھا ہوا ہے اور اوس کتبہ کی عبارت اچھی طرح نہیں پڑھی گئی جس قدر پڑھی گئی ہم یہاں لکھ دیتے ہیں اسواسطے کہ نقشہ میں بہت باریک ہو جانیکے سبب اور اوسی طرح کے خط ہو جانیکے باعث شاید پڑھی نجاوے ** پہلے تو بسم اللہ کے بعد کلام اللہ کی آیت ومن دخلہ کان آمنا سے وان اللہ غنی عن العالمین تک لکھی ہے اور اوسکے پیچھے [illegible] یہ عبارت ہے ** این عمارت را فتح کردہ این مسجد جامع را بساخت ساعت مبارک فی شہور سنہ [illegible]



نقشہ دروازہ شرقی دوم مسجد قوۃ الاسلام

۱۱

لتہ نمبر ۵ صفحہ ۱۴۳ باب اول



بنا ہوا ہے ... نہ پڑھا جاتا ہے اور بعضے جگہ سے نقش ہا سا ہی ہے پڑھا جاتا ہے درست ہے اور بعضے جگہ جن میں آیت سورہ فتح کا جیسا وہ کتبہ ہے بعینہٖ نقشہ میں موجود ہے اور اس اور بعضے جگہ سے التمش قطب الدین ایبک کا نشانی ہے چنانچہ اوسکے اوپر اوسکا نام لکھا ہوا ہے لیکن اس بات میں دروازے کو اوسکے آگے کی طرف کی ایک محراب ... عہد سلطنت میں بنائی گئی ہے اس سبب سے کہ سلطان معز الدین محمد بن سام دلی کی فتح کے بعد سلطان شبہ ہے کہ یہ محراب سلطان ... قطب الدین کو ... تھا اور یہ سب عمارت اوسی کے اہتمام میں تیار ہوئی تھی اوسنے اپنا نام بھی اس پر کندہ کردیا ہے اسکی تحسین ... آثار ... نہیں پائی جاتی غرضکہ یہ دروازہ بھی بہت اچھا ہے چنانچہ نقشہ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے

دروازہ شمالی درجہ دوم مسجد قوۃ الاسلام

یہ دروازہ اس مسجد کی سب عمارتوں سے پہلے بن چکا ہے اور سلطان معز الدین محمد بن سام کے عہد سلطنت میں جسنے اس بتخانہ کو فتح کیا سنہ ۵۹۲ ہجری میں بنا ہے چنانچہ اس دروازہ پر سلطان معز الدین کا نام اور سنہ بنا لکھے ہیں اور اسکے کتبہ کے دیکھنے سے یہ بھی پایا جاتا ہے کہ مسجد کی تعمیر اوسی بادشاہ کے حکم سے جاری ہوئی ہے چنانچہ اوسمیں لکھا ہے کہ ہجرت ہذہ العمارت بعالی امر السلطان المعظم معز الدنیا والدین محمد بن سام ناصر امیر المومنین اور سال بنا کی جگہ لکھا ہے فی شہور سنۃ اثنی وتسعین اور خمسماۃ کا لفظ یا تو بسبب استداد زمانہ کے گل کر اوکھڑ گیا یا پہلے ہی نہ لکھا ہو مگر اوسمیں کچھ شک نہیں کہ پانسو بانوے سنہ میں تیار ہوا یہ دروازہ بھی خوبصورت بنا ہوا ہے کہ نقشہ کے دیکھنے سے اوسکی خوبصورتی پائی جاتی ہے اور اسی دروازہ کیطرف اس مسجد عالی کا تیسرا درجہ ہے کہ اب ہم اوسکا بیان کرنا شروع کرتے ہیں

درجہ سوم مسجد قوۃ الاسلام

یہ تیسرا درجہ ہے اس مسجد عالی کا اور یہ درجہ بعینہٖ ایسا ہے جیسا پہلا درجہ تھا اگرچہ اس درجہ کی محراب کا وہ پتھر جسپر سال بنا کندہ تھے ٹوٹ گیا ہے لیکن اس درجہ کی ساخت اور قطع اور بنت کاری اور درون کی اونچائی بعینہٖ پہلے درجہ کی سی ہے اس سے یقین پڑتا ہے کہ یہ درجہ بھی سلطان شمس الدین التمش کے عہد کا بنا ہوا ہے اور اسی سنہ میں بنا ہوگا جس سنہ میں کہ پہلا درجہ بنا ہے یعنی ۶۲۷ھ میں کہ اوسکو آجتک چھ سو چھتیس برس کا عرصہ گذرا اس درجہ کے بھی اسیطرح تین در ہیں ایک بڑا اور دو چھوٹے پہلا در تو ثابت ہے لیکن اوپر سے کچھ کچھ پتھر اوکھڑ گئے ہیں اور بیچ کے در کی محراب بالکل ٹوٹ گئی ہے اور بازو قائم ہیں اور تیسرے در کا صرف ایک بازو قائم ہے اور ایک بازو اور محراب کا نام ونشان بھی نہیں رہا شاید سڑک بن گیا کہ

ساحت کرنا ہے ... سلطان ... کرتا ... پیدا ہوے


اس درکے بیچ میں سے وہ شگاف ہوا تھا اور اس سے نکلی ہے کنول پھلیاں ہیں
یہ درجہ قبلہ کی طرف سے ایک سو آٹھ فٹ کا چوڑا ہے۔ اب قیاس سے
شمس الدین التمش نے اس مسجد کو بہت بڑا بنانا چاہا تھا اور ارادہ کیا تھا
کہ بہت بڑا کر دیں مگر ... جب کہ سلطان علاؤالدین خلجی بادشاہ ہوا اور اس نے
اور بنانا اس سے دگنی مسجد کی بنیاد ڈالی اور بنانا شروع کیا مگر اوسکی عمر نے وفا نہ کی اس کا
حال آگے بیان کریں گے اور اس مقام پر اس درجہ کا نقشہ کھینچتے ہیں ۔

درجہ چہارم مسجد قوۃ الاسلام

اگرچہ یہ درجہ بنا ہوا نہیں ہے اور جستہ جستہ بنا ہوگا اور تمام نہیں رہا مگر درواں کی بنیادوں کے نشان معلوم ہوتے ہیں اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس درجہ کی بھی بنیاد پڑ گئی تھی اور بنانا شروع ہو گیا تھا لیکن ابھی ... دکھائی کر ... [illegible] ہے ۔ پتھر و پتھر توڑوں اور کھمبوں کے لگ گئے ہیں ... اس درجہ کی بھی قطع ایسی تھی تمام ہوئی ہے جیسے کہ دوسرے درجہ کی قطع ہے ... اس درجہ کے ... درست ... ہوئے ... اور تاریخ کی کتابوں کے تتبع سے یہ بھی پایا جاتا ہے کہ اس درجہ کو سلطان علاؤالدین خلجی نے سنہ ... ہجری میں بنانا شروع کیا تھا ؛ جو کہ وہ قریب ... کے مر گیا یہ درجہ ناتمام رہ گیا ۔ اس درجہ کی پیمائش میں علاحدہ کرکے نہیں بتا سکتا اس واسطے کہ کچھ بھی طرح نشان نہیں پایا جاتا مگر جبکہ میں پانچویں درجہ کا حال لکھوں گا اور دونوں کی پیمائش ایک ساتھ بتا کر دوں گا ۔ اس درجہ میں جو ... پتھروں کے ڈھیر کے اور کچھ نہیں ہے اس سبب سے اسکا نقشہ نہیں لکھا

درجہ پنجم مسجد قوۃ الاسلام

اس درجہ کو بھی سلطان علاؤالدین خلجی نے سنہ ... ہجری میں چوتھے درجہ کے ساتھ بنانا شروع کیا تھا جس طرح کہ وہ درجہ ناتمام رہ گیا اسی طرح یہ بھی ناتمام رہ گیا ۔ اس درجہ کی قطع ایسی معلوم ہوتی ہے جیسے کہ پہلے درجہ کی قطع تھی ... در بھی بنانا شروع ہوا تھا مگر ناتمام رہ گیا ۔ ان دونوں درجوں کی چوڑان قبلہ کی طرف سے ... فٹ ہے کہ اس حساب سے اس مسجد کے پانچوں درجوں کی چوڑان ملا کر ... کا حق اور بڑھا کر ... چھیالیس فٹ کی ... دو سو ... گز کے قریب ہوتا ہے ۔ اس درجہ کا بھی نقشہ اس سبب سے کہ پتھروں کے ڈھیر کے اور کچھ نہیں ہے نہیں لکھا



لوٹی لاٹ

اس لاٹ کو بھی سلطان علاو الدین خلجی نے سنہ ۷۱۱ ہجری مین ان درجون کے ساتھہ بنانا شروع کیا تھا جسطرح کہ یہہ در ناتمام رہگئے سلطان علاو الدین خلجی کا ارادہ تھا کہ اس لاٹ کو پہلی لاٹ سے بھی بڑا بناوے اسواسطے اس لاٹ کو پہلی لاٹ سے موٹا بنایا تھا اگرچہ اس لاٹ کا پتھر پتھر سب اکھڑ گیا ہے اور چونہ کا ڈھیر رہگیا ہے لیکن چونکہ کچھہ نمود اسکی معلوم ہوتی ہے اور ایک نامی چیز ہے اسواسطے ہم اسکا نقشہ لکھہ دیتے ہین — اس مسجد کی تعریف مین حضرت امیر خسرو نے قران السعدین مین چند اشعار آبدار لکھے ہین مناسب مقام جانکر اون اشعار دن کو نقل کردیتے ہین

صفت مسجد جامع کہ جنانست درو

مسجد او جامع فیض اله — زمزمۂ خطبۂ او تا بماہ
آمدہ در وی ز سپہر کبود — فیض یک ختم اندران قرآن فرود
گنبد او سلسلہ پیوند را — سلسلہ چون کعبہ شدہ حلقہ سار
سنگ بسنگش در و لعل و عقیق — زہمہ ازادی بیت العتیق
در تہ سقفش بسما تا زمین — نصب شدہ جملہ ستونہای دین

شجرۂ طیبہ سر سوی چو طوبی الجنان

بر سر نہ تخت گرفتہ شہی — منبرش از خطبۂ النبی
غلغل تسبیح بہ گنبد درون — رفتہ ز نہ گنبد والا برون
خواندہ امام کعبۂ دین خویش — پیش نشستہ حجر الاسودش
ہر کہ سعادت بودش سایۂ ہمای — بر در او سر شدہ انگاہ پاے
قامت خود کردہ موذن دراز — دادہ اقامت بستون نماز

صفت شکل منارہ کہ ز رفعت سنگش

شکل منارہ چو ستونی ز سنگ — ازپی سقف فلک شیشہ رنگ
تا سرش از اوج بگردون شتافت — گنبدی سنگ فلک سنگ یافت
سنگ نمی ازبسکہ بخورشید بسود — زان زر خورشید عیاری نمود
دیدن او را کہ فگندہ ماہ — بلکہ فتادش گہ دیدن کلاہ
زان خلہ ہر بار کہ در ابر داد — برق ز جا جست و دگر جا فتاد
بر فلک سایہ طرف بر طرف — تا فلک پایہ شرف بر شرف
گرد سرش گرچہ موذن چو گشت — قامتش از سبحۂ عیسی گذشت

ازپی خنجر خورشید شدہ سنگ فسان

سقف سما گر کنگی شد نگون — در تن آن داشتہ سنگین ستون
آنکہ ز خور بر سرش افسر شدہ — سنگ ز نزدیکی خور زر شدہ
گر نہ خرف شد فلک شیشہ سا — از چہ بران سنگ بود شیشہ بار
ماہ تحسید ہمہ شب تا سحر — کز سر تیخش خلہ دارد بسر
شد چو بلند از شرف نقش پیش — روز بلندی بکج چرخ نشیش
ازپی بر رفتن ہفت آسمان — گر ذریعین تا بفلک نردبان
موذنش انجا کہ اقامت گزید — قامت موذن نتواند رسید

مقبرہ سلطان شمس الدین التمش

یہہ قبر ہے سلطان شمس الدین التمش کی جسنے یہہ بلند منار بنایا اور پھر آخر کو زمانہ کی گردش سے وے بھی خاک مین ملا یا ہے بہت عبرت کا مقام ہے کہ یہہ زمانہ کسیکو نہین چھوڑتا ہے کیسے کیسے نام آور

لوگ رہیں کے بیچ میں سن سات سو بیس یا سو کہ پیر رہیں دفن کردہ اتا * کر پچیس برس رہیں ہر لشان نامد میں یہ بادشاہ بہت نیک بخت اور نیک سیرت تھا * اسکی عہد میں سب لوگ جہاں تہاں امن امان سے رہتے تھے * یہ بادشاہ سو سال کے عمر سے پہلے مرا اور اسی قوۃ الاسلام مسجد کے پیچھے اوسکو رکھا * تاریخ کی کتابوں کے پڑھنے اور دیکھنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ مقبرہ سلطان رکن الدین فیروز شاہ اور سلطان رضیہ بیگم کے عہد میں بنا ہوگا * اگرچہ اسکے بننے کی تاریخ کسی کتاب سے نہیں پائی جاتی لیکن ۶۳۳ سنہ چھ سو تینتیس ہجری میں سلطان شمس الدین مرا ہے کر اوسکو آجتک چھ سو برس کے قریب عرصہ گذرا اسی اندازہ پر اس عمارت کے بننے کی تاریخ کو بھی خیال کر لینا چاہیے * اس مقبرہ کی عمارت باہر سے تو سنگ خارا کی ہے اور اندر سے سنگ سرخ کی اور کہیں کہیں سنگ مرمر لگا ہوا ہے اور تمام دیواروں پر آیات قرآنی کندہ ہیں * مگر اس مقبرہ کا گنبد گر پڑا ہے اور جو چار دیواری رہ گئی ہے وہ بھی جابجا سے ٹوٹ گئی ہے * اسی طرح کے پیچھے ... اسکی سڑک نکلی ہے اور قطب صاحب کو جاتی ہے * غرضکہ اس زمانہ میں جیسا کہ یہ مقبرہ ٹوٹا پھوٹا رہ گیا ہے ویسا ہی نقشہ میں موجود ہے نقشہ دیکھو اور زمانہ کی نیرنگی پر عبرت پکڑو *

مقبرہ سلطان علاء الدین خلجی

واہ کیا قدرت اللہ کی ہے کہ سلطان علاء الدین خلجی کیا بڑا بادشاہ تھا کہ اسکے آگے جو بڑے رئیس دونوں ہاتھ باندھے کھڑے رہتے تھے ایک پل میں جو چاہتا تھا سو کرتا اور ایک دم میں جو کہتا وہ ہوتا * اب یہ اوسکی قبر جسکا کوئی نام و نشان بھی نہیں جانتا کیسے لاچار اور درماندہ پڑے ہیں کہ لوگ ترکا تعویذ بھی اوکھاڑ لیگئے پتھر بھی اوکھیڑ لیگئے اور انکا کچھ پتہ نہیں چلتا * مسجد قوۃ الاسلام کے پہلے درجہ کے پیچھے ایک اور مسجد کے سے دکھائی دیتے ہیں اوسکے جنوبی ضلع میں ایک ٹوٹا کھنڈر ہے وہ ان سلطان السلاطین کی قبر ہے * اگرچہ یہ مکان اب اس لائق نہیں رہا تھا کہ اوسکا نقشہ کھینچا جاتا لیکن صرف اسواسطے کہ دیکھنے والوں کو اس دنیا کے ہیچ ہونے پر عبرت ہو اسکا نقشہ لکھتا ہوں اور اوسکے ساتھ یہ بھی بات ہے کہ بڑے نامی بادشاہ کی قبر ہے * یہ مقبرہ سلطان شہاب الدین اور سلطان قطب الدین مبارک شاہ کے عہد میں بنا ہے جو اسی بادشاہ کے بیٹے تھے اگرچہ بننے کی تاریخ نہیں معلوم لیکن ۷۱۶ سنہ ہجری میں سلطان علاء الدین نے اس دنیا سے کوچ کیا کہ اوسکو آجتک یہاں سے اٹھتالیس برس کے قریب عرصہ گذرا اسی حساب پر اس مقبرہ کے بننے کی مدت کو خیال کر لو اور اس ٹوٹے ہوئے مقبرہ کے نقشہ کو دیکھو *

لاٹ کے پاس کا شراور دروازہ

یہ ایک دروازہ ہے بڑی لاٹ کے پاس تمام سنگ سرخ سے بنا ہوا اور اسکے چارون طرف چار دروازے
ہین اور اسپر گنبد لداؤ کرا دیا ہے مقعر اس لداؤ کا ایسا بلند ہے کہ بعینہٖ یہ معلوم ہوتا ہے گویا آسمان کا مقعر ہے
اس دروازہ کی محرابون پر بھی آیات قرانی کندہ ہین اور چارون طرف کے دروازہ پر یہ تاریخ لکھی ہوئی ہے
[illegible] شوال سنہ عشر و سبعمائۃ [illegible] تاریخ کے حساب سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ

متعلقہ نقشہ نمبر ۵۵ صفحہ ۶۰ باب اول

	کتبہ درگاہ امام ضامن	

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

رفی کا آویزہ گوش فلک ہے اور غلغلہ اذنکی شوکت وحشمت کا زمین سے آسمان تک
ہے یعنی دریا نوال خدایگان ابر کف حاتم دوران فرزند ارجمند سبحان بیونا سلطان نی
الدولہ امین الملک اختصاص یار خان طامس نیا فلس

لاٹ کے پاس کا بڑا دروازہ

یہہ ایک دروازہ ہے بڑی لاٹ کے پاس تمام سنگ سرخ سے بنا ہوا اور اسکے چارون طرف چار دروازے ہین اور اسپر گول لداو کر دیا ہے سقف اس لداو کا ایسا بلند ہے کہ بعینہ یہہ معلوم ہوتا ہے کہ گویا آسمان کا مقعر ہے اس دروازہ کی محرابون پر بھی آیات قرانی کندہ ہین اور چارون طرف اسکے دروازہ پر یہہ تاریخ لکھی ہوئی ہے × فی التاریخ الخامس عشر من شوال سنہ عشر و سبعمائۃ ۔ اس تاریخ کے حساب سے معلوم ہوتا ہے کہ یہہ دروازہ سلطان علاء الدین خلجی کے وقت مین بنا ہے اور سلطان علاء الدین خلجی نے گویا مسجد کا یہہ دروازہ بنایا تھا اور اوسی دروازہ کی بنا کے لیے بادشاہ نے اس مسجد کے اور درجون کے بنانے کا ارادہ کیا تھا کہ وہ ناتمام رہ گئے ۔ غرضکہ یہہ دروازہ بھی ایک عجائب روزگار ہے ایسا بلند لداو کا دروازہ دیکھنے مین نہین آیا اور اسی دروازہ کے پاس ایک درگاہ ہے اوسکو امام ضامن کی درگاہ کہتے ہین اسواسطے مناسب ہوا کہ اسی جگہ اوس درگاہ کا بھی حال بیان کردون ۔

درگاہ امام ضامن

یہہ مقبرہ ہے امام محمد علی مشہدی کا کہ امام ضامن کر کے مشہور ہین ۔ یہہ مقبرہ آپ کے جیتے جی بنا تھا اور یہہ وصیت تھی کہ انتقال کے بعد اسمین دفن کیا جاوے چنانچہ ایسا ہی ہوا ۔ تاریخ بنا اس مقبرہ کی سنہ ۹۴۴ ہجری ہین چنانچہ کتبہ مین موجود ہین لیکن کتبہ بسبب بڑا ہونے کے نقشہ مین نہین سما سکتا تھا اسواسطے یہہ علیحدہ تحریر ہے

کوٹھی جناب فیض مآب معلی القاب صاحب کلان بہادر دام اقبالہ

یہہ ایک مکان تھا قطب صاحب کی لاٹ کے قریب نہایت خراب و خستہ ناقص و شکستہ اور محمد قلیخان کا مقبرہ کر کے مشہور تھا اور محمد قلیخان اکبر بادشاہ کے کوکا تھے اور یقین ہے کہ یہہ عمارت یا تو اکبر بادشاہ کے عہد کی ہوگی یا جہانگیر کے عہد کی لیکن جب کہ اسکے نصیب کھلے اور اس عمارت کے دن اچھے آئے تو اسے صاحب والا مناقب عالی مناصب نے جنکے عدل و انصاف کے آگے شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتا ہے اور ظلم و ستم دنیا سے نیست و نابود ہو گیا ہے آوازہ بلند ہمتی اور والا فطرتی کا آویزہ گوش فلک ہے اور غلغلہ انکی شوکت و حشمت کا زمین سے آسمان تک پہونچا ہے یعنے دریا نوال خدایگان ابر کف حاتم دوران فرزند ارجمند سبحان ہونا سلطانی معظم الدولہ امین الملک اختصاص یار خان طامس تیوفلس


مٹکاف صاحب بہادر فرزند رشید صاحب کلاں بہادر شاہجہان آباد دام اقبالہٗ نے اس مقام پر کوٹھی بنانیکا ارادہ کیا اور اس اوجڑے مکان کو خرید فرما کر رشک ارم بنایا اب وہ نفیس و لطیف کوٹھی تیار ہے کہ ایک ایک مکان اوسکا قصر ارم پر طعنہ مارتا ہے اور ایک ایک اوسکے ایک ایک درجہ پر رشک لیجاتا ہے باغ نہایت اسلوبی سے آراستہ مکانات نہایت خوبی سے بنائے ہیں ہر طرف پانی جاری ہے اور ہر طرح کے اشجار رنگ رنگ کے لگے ہوئے ہیں جس سے بہشت کی کیفیت یاد دلاتی ہے اور آب جاری اور ہوا اوسکی جنت کی ہوا کو خجل کرتی ہے سچ ہے یہ کوٹھی اسی شعر کی مصداق ہے ؏ اگر فردوس بر روئے زمین است ؏ ہمین است و ہمین است و ہمین است چنانچہ نقشہ کے دیکھنے سے اوسکی کیفیت معلوم ہوگی

راجون کی بائین

اسی کوٹھی کے قریب ایک مکان ہے پٹھانوں کے عہد کا ۹۱۲ ہجری میں سکندر شاہ بن سلطان بہلول کے عہد میں دولت خان نے بنایا ہے اس مکان کی لطافت و نزاکت بیان سے باہر ہے اگرچہ یہ مکان چونے اور پتھر سے بنا ہوا ہے لیکن سنگین مکانوں سے ہزار درجہ شرف رکھتا ہے اس مقام پر ایک باولی ہے بہت نفیس لطیف نہایت تری اور نہایت دلکشا بالکل سالم مگر باہر کی عمارت اوسکی کھنڈر ہو گئے ہیں اور باولی پر ایک مسجد ہے بہت خوبصورت جسکے دیکھنے سے آدمی کی روح خوش ہو جائے اور نہایت فرحت آوے اوس مسجد کے صحن میں ایک گنبد ہے ستون پر بنا ہوا نہایت مستحکم اور بہت خوب اور اوسمیں دو قبریں ہیں اور اوسپر کتبہ لگا ہوا ہے کہ اوسکے سنہ سے اور بنانے والے کا حال بخوبی معلوم ہوتا ہے چنانچہ وہ کتبہ بعینہ نقشہ میں موجود ہے کسی زمانہ میں اس باولی کے مکانوں میں راج بستے تھے جس سے راجوں کی بائیں مشہور ہو گئی ہے مگر اب راج تو اوٹھ گئے ہیں اور چند مدت سے حمار آ بسے ہیں جب حضور پر نور قطب صاحب تشریف لیجاتے ہیں اسی مسجد میں بادشاہی خواص اوترتے ہیں غرض کہ یہ مکان بھی تماشے کا ہے چنانچہ نقشہ کے دیکھنے سے اوسکی خوبی ظاہر ہوتی ہے واللہ اعلم

درگاہ مولانا جمالی رحمۃ اللہ علیہ

مولانا جمالی بڑے مشہور نامی اور اہل اللہ سے ہیں اونکے کمالات اظہر من الشمس ہیں راقم کے بیان کی کچھ حاجت نہیں درگاہ آپکی راجوں کی بائیں کے پاس ہے چونہ اور پتھر سے بنی ہوئی اور اوسپر کار کاشانی



نقشه [illegible] راجوں کی بائیں

نقشہ نمبر ۵ متعلقہ صفحہ ۸۹ باب اول

چینی کا کیا ہوا ہے درگاہ کے اندر چونہ میں نہایت بتبت کاری اور طرح طرح کے بیل بوٹے بنے ہوئے ہیں کہ دیکھنے سے تعلق ہے اور اوسی چونہ کی بتبت کاری میں یہہ اشعار کھدے ہوئے ہیں ×

غزل

اگر بکفر کشد بسر سیاہ کاری ما
اگر بہ پردہ رازی تو محرمی یابیم
ز ابر لطف تو شد نا پدید گرد گناہ

بود بلطف تو چشم امیدواری ما
فقیر فقیر نماید بہ پردہ داری ما
دلی کہ شستہ شد از داغ شرمساری ما
جمالیا بدر یار التجا سے آر

بہ آستان تو شرمندہ سگان توایم
بخاک کوی تو در چشم مردمان خواریم
برون ز حیز تو در بیکسی و تنہائی
کہ ہست پرورد لطف درستگاری ما

کہ شب قرار ندارد ز آہ و زاری ما
بہ نزد اہل نظر عزتست خواری ما
بجز غمت نرسد کس بغمگساری ما

غزل ثانی

ز حد گذشت بعشق تو بیقراری ما
اگرچہ در خور قہریم از گنہ گاری
اگر بپردہ راز تو پردہ دار شدیم
ای رحمت تو ز غضب تو بگذرد

امید ہست کہ رحم آوری بزاری ما
بود بلطف تو چشم امیدواری ما
فرشتہ را الستر و جای پردہ داری ما
نظر بسوی جمالی فگن ز روی عطا
قطعہ
ولی قہر تو از لطف تو فزود بما

جمال عفو تو کی آید از درون نقاب
بہ عزت جبروت و بحرمت ملکوت
ز بادہ ترشح باب کرم فروشوی
سبین بجانب مستی و خاکساری ما
جامی کہ شد از خرمن عفو تو تہی

اگر نہ روی نہد دمی گناہ گاری ما
رسیم گر بقرار بجانکساری ما
غبار جرم ز رخسار شرمساری ما
آنجا کہ خلق نسنجید بجو

وفات آپکی سنہ ۹۴۲ ہجری میں ہمایون کے عہد میں ہوئی ہے — خسرو ہند — آپکی تاریخ وفات ہے اور اوسی میں یہہ درگاہ بنی ہے کہ اوسکو آجتک تین سو اکیس ۳۲۱ برس کے قریب عرصہ گذرا

مسجد درگاہ مولانا جمالی

اسی درگاہ کے پاس ایک بہت عمدہ اور نہایت بڑی شان و شوکت کی مسجد بنی ہوئی ہے چونہ اور پتھر سے اوسکی خوبی وضع اور دلکشائی کا بیان نہیں ہو سکتا حقیقت میں یہہ مسجد کسی زمانہ میں بہت دلچسپ اور نہایت دل پسند ہو گی اس مسجد پر کوئی تاریخ یا کتبہ بنا نہیں ہے اور اس عمارت کا تاریخ سے بھی حال نکلنا نہایت مشکل ہے اس سبب سے میں یقینی نہیں بتا سکتا کہ یہہ مسجد کب بنی اور کسنے بنائی مگر اسقدر جانتا ہوں کہ درگاہ کے ساتھ کی مسجد ہے اور اوسی زمانہ میں بنی ہو گی اور ہمایون بادشاہ کے عہد کی عمارتوں سے بہت ملتی ہے اسی قرینہ سے کہا جا سکتا ہے کہ یہہ مسجد ہمایون بادشاہ کے عہد کی بنی ہوئی ہے اور درگاہ کے ساتھ بنی ہے کہ اوسکو آج تک تین سے اکتیس برس کے قریب عرصہ گذرا اگرچہ یہہ مسجد اس زمانہ میں ویران ہے لیکن

اگلے زمانہ میں جس میں آبادی میں واقع تھی اور کسی زمانہ میں قطب صاحب کی آبادی اسی جگہ تھی چنانچہ اسکی ٹوٹی پھوٹی حویلیوں کے کھنڈر اس مقام پر موجود ہیں غرضکہ جو کچھ اس عمارت کا اب حال ہے وہ نقشہ کے دیکھنے سے بخوبی معلوم ہوتا ہے نقشہ دیکھو اور انقلاب زمانہ پر عبرت پکڑو ۔

مقبرہ سلطان غیاث الدین بلبن

اس مسجد کے پاس قطب صاحب کی اگلی آبادی کی حویلیوں کے کھنڈر میں یہ مقبرہ ہے سلطان غیاث الدین بلبن کا بالکل شکستہ و خراب نہایت ٹوٹا پھوٹا اس مقبرہ کا پتھر اوکھڑ کر لگ گیا اور کچھ دلی کے بادشاہوں کے وقت میں مکانات میں لگا اب اس مقبرہ کا وہی حال ہے جو سلطان علاء الدین خلجی کے مقبرہ کا حال ہو گیا ہے صرف ایک ٹوٹا کھنڈر جو یہ کا ڈھیر باقی رہ گیا ہے مگر چونکہ بڑے نامی بادشاہ کی قبر تھی اس واسطے اوسکا حال اور نقشہ لکھا گیا ہو اگرچہ اب نقشہ لکھنے کے قابل نہیں رہا ہے اور اگرچہ اس عمارت کے بننے کی تاریخ کتابوں سے نہیں نکلی لیکن سلطان غیاث الدین بلبن ۶۸۶ھ میں مرا ہے اس خیال سے لکھا جا سکتا ہے کہ یہ عمارت سلطان معز الدین کیقباد بن سلطان ناصر الدین بن سلطان غیاث الدین بلبن نے جو اوسکے بعد بادشاہ ہوا بنائی ہو گی کہ اس حساب سے آج تک پانسو چوہتر برس کے قریب عرصہ گذرا × اسی مقبرہ سے ملا ہوا کہ گویا ایک ہی مقبرہ معلوم ہوتا ہے ایک چھوٹا سا مقبرہ اوسی طرح اوجڑا ہوا ٹوٹا پھوٹا ہے وہ مقبرہ ہے خان شہید کا جو محمد ولیعہد تھا [illegible] اب لاہور پر کفار سے جنگ کر کے ۶۸۳ ہجری میں شہید ہوئے تھے اسکے ماتم میں حسن دہلوی نے مرثیہ فارسی لکھا تھا اور میر نے ترکیب بند کہا تھا یہ نقشہ کے دیکھنے سے ان دونو مقبروں کا حال معلوم ہوتا ہے


باغ ناظر


یہ ایک باغ ہے قطب صاحب میں جھرنے کے پاس سنت سرو شاداب اسکی فی کمال آراستہ ہے مکانات مرغوب اسمیں بنے ہوتے ہیں پھول والوں کے میلہ میں ہزار ہا آدمی یہاں سیر کو آتے ہیں اور ایک جلسہ معقول اور نہایت دلچسپ ہوتا ہے ۔ اس باغ کو ناظر روز افزوں نے محمد شاہ بادشاہ کے عہد میں بنایا ہے یہ اشعار کہ اوسکے دروازہ پر کندہ ہیں انکو اسی مقام پر لکھ دیتے ہیں کہ اوس سے سال بناؤ کا ظاہر ہے اور بنانے والے کا نام اور عہد بنا معلوم ہوتا ہے

تاریخ


نغز باغی تمام شد حاصل	که مدد و قرش بود صاحب تاک	ساقی گلگشت در طلب گردید	گفت گلہا یش بہر رضوان تارک

نقشہ مقبرہ سلطان غیاث الدین بلبن و خان شہید





نقشہ نمبر ۶۲ متعلقہ صفحہ ۱۷ باب اول



نقشہ جھرنہ

بود پیوستہ دایم روز افزون	بحق سورہ صاد و تبارک
الٰہی تاریخ سالش گشت ہاتف	بنا باری بود با سعد مبارک

سنہ ۱۱۴۳ ہجری مقدسہ مطہرہ سنہ ۱۳ جلوس مبارک محمد شاہی

اس باغ کے گرداگرد چار دیواری بنی ہوئی ہے اور اندر کو چارون طرف مکانات سنگین سنگ سرخ کے معقول معقول دلچسپ بنے ہوئے ہیں اور ایک مکان باغ کے بیچ میں بنا ہوا ہے کہ وہ سب سے بڑا اور سب سے بہتر ہے اسواسطے ہم اوسکا نقشہ اس مقام پر لکھدیتے ہین

جھرنہ

یہہ ایک سیرگاہ ہے عجیب و غریب لطیف و نفیس دلچسپ و دلکشا فرحت بخش و دلربا اور بہت نامی مکان ہے اور قطب صاحب کا جھرنہ تمام میں مشہور ہے درختان سرسبز و شاداب اور نہرہاے جاری اور حوض فرحت بخش جنت یاد دلاتا ہے اور بہشت کا سما آنکھون مین پھر جاتا ہے بہت پہلے پہل اس مقام پر سلطان فیروز شاہ نے بند بنایا تھا چنانچہ جھرنہ کی دیوار وہی بند ہے جو اب تک موجود ہے اور فیروز شاہ نے حوض شمسی کا پانی روک کر نولکھی نالہ مین ڈالا تھا اور وہان سے قلعہ تغلق آباد کی خندق مین لے گیا تھا چند مدت کے بعد وہ قلعہ ویران ہوگیا اور وہان پانی بھی جانا موقوف ہوگیا حوض شمسی کا پانی اس بند مین سے نکل کر جنگل مین چلا جاتا تھا اور یون ہین خراب ہوتا تھا نواب غازی الدین خان فیروز جنگ نے اس بند کے آگے ایک حوض اور نہر اور چادرین بنوادین اب ان مین سے پانی کا نکلنا اور چادرون کا چھوٹنا عجب عالم دکھاتا ہے اور بے اختیار دلکو لبھاتا ہے اسکے چارون طرف کچھ کچھ مکان بنے ہوئے ہین ہم مختصر اونکا حال اس مقام پر لکھدیتے ہین

مکانات جانب غرب

جانب غرب اس بند کی دیوار سے ملا کر ایک سہ درہ دالان ہے اور جھرنہ انھی مکانات سے عبارت ہے اس دالان کی چھت کا ارتفاع گیارہ فٹ پانچ انچہ ہے اور اسکے آگے ایک بہت نفیس حوض بنا ہوا ہے کہ اس چھت پر سے لوگ اوسمین کودتے ہین اور تیرتے ہین لوگون کے کودنیکے وقت بڑا تماشا ہوتا ہے اور عجب عجب طرح سے لوگ اوسمین کودتے ہین کوئی قلابازی کھا کر کودتا ہے اور کوئی چاپ پھیری لیکر اور کوئی سیٹاختی کھا کر اور بعضے لوگ یہہ کرتے ہین کہ ایک زبردست آدمی کو کھڑا کیا اور دو آدمی اوسکے کندھون پر کھڑے ہوئے اور اسیطرح دو دو کر کے اونکے کندھون پر چڑھے اور درختون کی ٹہنیان ہاتھون مین لین اور سب سے نیچے کے آدمی نے ڈبکی ماری اور حوض مین کود پڑے سب لوگ اسکو ...

حوض میں کودتے ہیں اسطرح سے کہ کودنے کا نام ونشان کا کودنا اور جھانجھ کا ٹکا کودنا رکھا ہے عجب سہانے تماشے
برسات میں پھول والوں کی سیر میں ہوتے ہیں مگر اس دالان کی چھت ساری کی ساری اندر سے خالی ہے
اور اوسکے چھجے کے نیچے تیرہ امور بطور فوارہ کے لگے ہوئے ہیں اس چھت میں بھی پانی آتا تھا اور ان
امور میں سے دھاریں چھوٹتی تھیں اور حوض میں گرتی تھیں پھر اس دالان کے اندر بھی ایک چادر ہے تین فٹ دو انچہ
کی چوڑی کہ چار فٹ میں انچہ کی اونچائی سے چھوٹتی ہے اور اسکے نیچے چراغ جلانے کے لئے طاق بنائے
ہیں اور یہ حوض پچیس ۲۵ فٹ مربع ہے اور ایک فٹ سات انچہ کا اونچا ہے جس سے اس حوض میں پانی
آتا ہے اور سات فٹ چھ انچہ اس حوض کا عمق ہے اور حوض کے آگے بہت خوشنما ایک نہر ہے تیرہ فٹ
کی لمبی اور چھ فٹ کی چوڑی اور تین فٹ چھ انچہ کی گہری اور اس نہر کا پانی چادر میں جا کر گرتا ہے اور پانچ فٹ
چھ انچہ کی چوڑی اور چار فٹ کی ارتفاع ہو کر پھر یہ پانی بیسوڑی چادر سے اور اس چادر کے جنوب وشمال دو چھوٹی
چھوٹی اور چادریں ہیں کہ دو فٹ چھ انچہ کے عرض اور دو فٹ دس انچہ کے ارتفاع سے گرتی ہیں اور اوسکے
آگے تین فٹ سات انچہ کی پست کاری سے کہ ساری پتھر لگا دئے ہیں کہ اون پتھروں کے سبب سے چادر میں
پانی اٹک اٹک اور لہرا لہرا کے ساتھ کیفیت سے جاتا ہے ان سب چادروں کے آگے نہر میں بڑی
چادر کے آگے جو نہر ہے وہ تو چھبیس ۲۶ فٹ لمبی اور چھ فٹ چوڑی اور دو فٹ گہری ہے اور چھوٹی چادروں کے آگے کی نہر
بیس فٹ تین انچہ لمبی اور دو فٹ دو انچہ چوڑی اور آدھ انچہ گہری ہیں اس اس مقام پر سب پانی جمع ہو کر
جنگل کو بہا چلا جاتا ہے اور اسمیں مکانات سے جو عمارت ہے حقیقت میں ایسا عجیب مکان ہے
کہ دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے پانی کا غل اور بادلوں کا چھانا اور کوئل کا کوکنا اور موروں کا ناچنا جھاؤں کا
گونجنا خلقت کی کثرت خوبصورت خوبصورت آدمیوں کا پھرنا اور طرح طرح کے کپڑے پہن کر آنا جانا
جھکنا اور ایک طرف سے گانے بجانے کی آواز کا آنا ایک عجب سماں ہو جاتا ہے کہ شاید راجہ اندر کے اکھاڑے
میں بھی ایسا لطف ہو جسنے دیکھا ہے وہی اسکا لطف جانتا ہے اور اسکی کیفیت سے واقف ہے

مکانات جانب شمال

اسطرف دوہرے دالان سنگین بہت خوشنما دلربا ہے ہیں اور یہ دالان معین الدین محمد اکبر شاہ
بادشاہ نے اپنے عہد سلطنت میں بنائے تھے کہ اونکو تخمیناً بیس کے قریب عرصہ ہوا اس
سبب سے کہ یہ مکان اس جگہ میں ہے

حوض میں لیکر اُسکا اسطرح سے کو رہنے کا نام وحبت کا کو دہا اور چہار چھکا ٹکا کو دہار کھا ہر حوض سات سات
برسات میں یہ دالانوں کی سیریں ہوتی ہیں ہر اس دالان کی چھت ساری کی ساری اندر سے خالی ہے
اور اسکے نیچے کے بیچ تیر دار ہو کر بطور فوارے کے لگے ہوئے ہیں اس چھت میں بھی پانی آتا تھا اور اون
[illegible]



مکانات جانب شمال

اس طرف دو ہزار دالان سنگین بہت خوشنما دلربا سے ہیں اور یہ دالان جلال الدین محمد اکبر شاہ
بادشاہ نے اپنے عہد سلطنت میں بنانے شروع کئے اور تکمیل ہونے کے قریب عرصہ ہوا اس سے
سے تاریخ کا اس جگہ پر ہے

نقشہ [illegible]

مکانات جانب جنوب

اس طرف ایک سہ درہ دالان ہے اور دو دروازے اسکی بغل میں ہیں کہ اس سبب سے پنج درہ کہتے ہیں آتا ہے اور اسکی بغل میں دو دروازہ ہیں کہ اس سبب سے ست درہ ہوگیا ہے اس دالان کو شاہ جی کے بھائی نے جنکا نام سید محمد تھا شاہ عالم کے عہد میں بنایا ہے کہ اوسکو پچاس برس کے قریب عرصہ گذرا ہے

مکانات جانب مشرق

اس طرف کچھ مکان نہیں ہیں صرف پہاڑ ہے لیکن محمد شاہ بادشاہ نے ایک پھسلنا پتھر بنا دیا ہے کہ اوس پر لوگ چڑھتے ہیں اور چوتڑوں کے بل پھسلتے ہیں طول اوس پتھر کا اٹھارہ فٹ تین انچہ ہے اور عرض سات فٹ سات انچہ

اَمریان

اس نواح میں آم کے درخت بہت ہیں اور نہایت ہجوم درختوں کا ہے اونکو لوگ امریان کہتے ہیں اور ان درختوں میں جھولے ڈالکر جھولتی اور پینگ لیتے ہیں ساون میں رنڈیاں جمع ہوتی ہیں اور جھولوں میں جھولتی ہیں غرضکہ یہ مکان ایک طلسم کا مکان ہے کہ دیکھکر آدمی کی عقل حیران ہوتی ہے اس مقام پر ایک پتھر اور اوس پر شعر کندہ ہیں

قطعہ

عارف حکیم فاضل با زہد و قناعت	کرد	اور اقراق بدو بیانت ۱۲۱۹	تاریخ سال او از ہاتف عرا خبر داد	روح شہید عابا آمد بیان جنت

اب ہم اس مقام پر اسکا نقشہ کھینچتے ہیں اوسکو دیکھو

حوض شمسی

صفت حوض کہ در قلعہ سنگین بُوَد — ریختہ دست فلک ز آب خضر صورت جان

در کمر سنگ میان دو کوہ	آب گہر صفوہ در یا شکوہ	ساختہ سلطان کند صفات	در رسد کوہ آئینہ ز آب حیات
ما خفر ابخوش از پوشش کرد	آب تو بش از شیشہ حیوان نخورد	آب کہ علت زبرا ہی تربیت	تری آن آید ز علت تربیت
در نخورد آب وی اندر زمین	کی بتر بین ور خورد آبی چنین	ورتہ اکسیر ز صفا رنگ خورد	کہ ز فواند بدل شب شمرد
موج بلندش کہ رسد تا بماہ	باز دہد آب با بر سیاہ	سیل ہمی آہنگ کہسار کرد	کوہ بتر دامنی اقرار کرد
چون مہ و خورش ز نشیب و فراز	آب ز کوہ آمدہ رفتہ باز	چو تر و قصر بلندش ز آب	شد ہمہ چون ساغر و صافی حباب
رو دلسی زدہ شدہ تا آب حیوان	چون نی آبی از خستہ جوان	مرغ بہر رود ہمی اندر سرود	رقص کنان ماہی آزاد رود
شیشہ گری کرد بر آتش حباب	شیشہ خالی و جہان پر گلاب	بادہ کہ بردہی خطر بیا کوشت	نسخہ ماہیت دریا نوشت

عمق درو کار بحار کت ید لسکر و عقد رہبر آیس	گر تا او گشت دریں مایه کاو برین علف آتش	تیم فلک ست بریں حوض نگویم که جهانی ز دور	چون تہ تش میساریں آسمین در کرده دیده که بد با دو دور
	گرد دی از ازل ماشا گرده	داس خیمه شد دامان کوه	

یہ حوض بھی عجائب روزگار سے تھا اور سلطان شمس الدین التمش نے اس حوض کو اپنے عہد سلطنت میں بنایا اسواسطے حوض شمسی کرکے مشہور ہے کسی زمانہ میں یہ حوض تمام سنگ سرخ سے بنا ہوا تھا اب دیواریں اور پتھر بالکل اکھڑ گئے ہیں اور تالاب کی سی صورت رہ گئی ہے اسیواسطے اسکو لوگ شمسی تالاب کہتے ہیں مگر اور بعضے تالاب بھی کہتے ہیں اسی تالاب میں سے جھرنے میں پانی جاتا ہے اور اسکا پانی تغلق آباد کے قلعہ کی خندق میں گیا تھا حقیقت یہہ کہ آثار اس حوض کے شاید رہے رہیں یہ سوگا اب بھی یہ تالاب دو سے چھتری بنگلہ اٹھہ کھمبوں کا بیچ سے اسکے بیچوں بیچ میں ایک سرخ بھی ہوئی ہے اور اسمیں گھوڑے کا نشان بنا ہوا ہے کہ عوام الناس براق کے قدم کا نشان کہتے ہیں مگر یہ بنائی ہوئی بات معلوم ہوتی ہے واللہ اعلم بالصواب


اولیا مسجد

اسی تالاب کے کنارے پر مشرق کیطرف ایک چبوترہ ہے اور اوسمیں گرد گرد ایک چبوتری اور چھوٹی سی دیوار بھی ہوئی ہے کہتے ہیں کہ اس جگہ حضرت خواجہ قطب الدین اور اور بزرگوں نے چلہ کھینچے تھے اور اپنے ہاتھ سے ٹوکریاں ڈالکر یہہ مسجد بنائی تھی اسی سبب سے اولیا مسجد مشہور ہے اب اس کچی کو لوگوں نے پکا بنا دیا ہے اور چونہ کر دیا ہے

جھرنا

اسکے کنارے پر ایک عجب طرح کی عمارت ہے کہ اوسکو لال محل بھی کہتے ہیں اور جھرنا کرکے بھی مشہور ہے کہتے ہیں کہ کسی سوداگر نے یہہ مکان فقیروں کے لئے لنگر خانہ کے بنایا تھا اور سوا اسکے بہت سے مکانات اس تالاب کے کنارہ پر ہیں کہ ہم اونکی تفصیل لکھدیتے ہیں اور جنوب کیطرف سے مکانوں کا بیان شروع کرتے ہیں — نلکی شہزادہ کا باغ — زین الدین زرد دین کا مزار — شیخ وجیہ الدین خلیفہ حضرت سلطان المشایخ کا مزار — شادی کا باغ — چاندنی چبوترہ عمیہ محمد شاہ کہ اب ٹوٹ گیا ہے — امھیریا باغ کہ اب دس پانچ درخت باقی ہیں — یلیل خانی کی بیٹھک — مزار خواجہ سمار الدین بیر مولانا جمالی — سوہن برس — جیسل تہ محل میں — اولیا مسجد — باولی چبوترہ لال محل عرف جہاز — تکیہ دین علی شاہ — خانقاہ عنایت اللہ خاں — خانقاہ نواب حفیظ الدین — دلی مسجد — مقبرہ شیخ عبدالحق —

نقشہ تیار شدہ عرصہ قریب ۱۷۵ سال



نقشہ درگاہ حضرت قطب الاقطاب علیہ الرحمۃ

مقبرہ شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

آپ بڑے اولیاے کبار اور بڑے محدثون مین سے ہین کمالات آپ کے آفتاب سے سوا روشن ہین کہ غایت شہرت سے احتیاج مجھہ خاکسار کے بیان کی نہین رکھتے — آپ کا مزار بھی اسی حوض شمسی کے کنارہ پر ولی قصے اور بہت دلچسپ مکان ہے یہہ مقبرہ آپکے انتقال کے بعد بنا ہے اور برج کے اندر ایک دیوار پر چونے کے حرفون سے کچھہ عبارت لکھی ہے کہ اوس سے آپ کا تمام حال معلوم ہوجاتا ہے چنانچہ مین اس مقام پر اوسکو بعینہ نقل کردیتا ہون

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجملی از احوال کرامت منوال مقتداے وقت صاحب المفاخر ابو المجد عبد الحق رحمت اللہ رحمۃ وسیعہ آنکہ از مبادی شعور بطاعت حق وطلب علم کمر بستہ نزدیک باوان بلوغ اکثر علوم دینیہ تحصیل کرد و در بست و دو سالگی از ہمہ آن فارغ شدہ وکلام مجید از بر گرفتہ بر مسند نشست و ہم در عنفوان جوانی بجاذبہ الہی در سی و سہ سالگی دل از یار و دیار برکندہ متوجہ حرمین محترمین گشت مدت مدید با مقامات شریفہ اقامت ورزیدہ با قطاب زمان و اولیاے کبار صحبتہا داشتہ بوضع ارجمند و رخصت ارشاد طالبان اختصاص یافت و علاوہ آن تکمیل فن حدیث نمودہ برکات فراوان بوطن مالوف مراجعت فرمود و مدت پنجاہ و دو سال بجمعیت ظاہر و باطن تمکن یافت تکمیل فرزندان و طالبان بجا آوردہ و بنشر علوم سیما علم شریف حدیث پرداختہ بنہجی کہ در دیار عجم احدی از علماے متقدمین و متاخرین دست نداده است ممتاز و مستثنی گردید و در فنون علمیہ خاصۃ فن حدیث کتب معتبرہ تصنیف کرد چنانکہ علماے زمان اختیار بدان ورزیدہ دستور العمل خود دارند و اہل درس و خواص و عوام بجان خریداری می نمایند تصانیف این فیاض والا از صغیر و کبیر بصد جلد و بحسب شمار ابیات بپانصد ہزار رسیدہ است در محرم ۹۵۸ این نور اکرم پرتو ظہور بعالم عنصری دادہ و در ۱۰۵۲ بتمام آگہی ورشد پیشانی بعالم قدس خرامید — تاریخ ولادت شیخ اولیا — و تاریخ وفات — فخر العالم — است

درگاہ حضرت قطب الاقطاب خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ

میری کیا مجال ہے کہ آپ کے کمالات ظاہری اور باطنی کا حال لکھہ سکون کمالات اور خرق عادات آپ کے اظہر من الشمس ہین اور ہر ایک شخص آپ کی کرامات اور مجاہدہ سے واقف ہے ایسے آفتاب عالمتاب کا حال لکھنا ایسا ہے جیسا کہ شمع لیکر آفتاب کو دکھلانا اور جتنا کہ اس مختصر مین سما سکے اسسے زیادہ اوسکو موقوف رکھکر کچھہ تھوڑا سا آپ کے مزار مبارک اور مکانات شریفہ کا حال لکھتا ہون کہ یہی اس کتاب مین مقصود ہے واضح ہو کہ آپکا مزار مبارک کچا ہے اور قبر شریف بھی صرف مٹی کا ڈھیر ہے — سبحان اللہ کیا خاکساری ہے کہ فخر بادشاہی

سے اور کچھ گنبد وغیرہ بھی نہیں ہے صرف کھلا آسمان کے نیچے ہے اور سبزہ لوٹا اور رعب اور مرتبہ شان و شوکت سے ہے کہ جیسے ہیبت سے علاقہ رکھتی ہے ہر دم انوار الٰہی نازل کہ دل عقیدت مندوں کا نورانی ہوتا ہے — شعر عشق ناتمام ما جمال یار مستغنی است ✕ بہ آب و رنگ و خال و خط چہ حاجت روئے زیبا را ✕ وفات آپکی شب دوشنبہ چودھویں ربیع الاول ۶۳۳ ہجری میں ہوئی ہے کہ اسی حساب سے گویا اس مزار مبارک کی بنا خیال کرنی چاہیے ایک مدت پیچھے شمس الدین شاہ بادشاہ شکار کو اس طرف آیا اور زیارت مزار مبارک سے مشرف ہوا دیکھا کہ آپکے مزار مبارک میں کچھ تکلف نہیں ہے اوسکے خیال میں آیا کہ اسکے گرد چار دیواری بنوا دینی چاہیے اور ایک حد مقرر کی جاوے کہ یہاں سے لوگ جوتیاں اوتار کر حاضر ہوا کریں سو خیال کرکے اوسنے چار تیر چاروں طرف پھینکے اور جہاں جہاں تیر گرے وہاں وہاں ایک ایک دروازہ ہوا کر چار دیواری سادی تھی وہ چار دیواری بہت بڑی سی تھی کہ اب اوسقدر نہیں رہی مگر ایک آدھ طرف ٹوٹا پھوٹا دروازہ ارکان اوسکا پایا جاتا ہے — بعد اور بادشاہوں کے ہمیں چار دیواری کو مختصر کرکے دروازہ ہے کہ ہم اس مقام پر ہر ایک دروازہ کی اشعار لکھ دیتے ہیں

اشعار دروازہ جنوبی

حلقہ در این گنج سعادت بگیر	آخر کہ بیار شاکر جان ست	گفتم ہمہ لوسم رقم تاریخش	جواں مکرر ہمہ را دو رحمت گفت

اشعار دروازہ جانب احاطہ بلا موج

در زمان شہ جہان اسلام	شہ بلند اختر جہان	گرچہ ہست باب ست ارا	لیس باب مثل ہذا الباب
کرد معنی ساکہ درباس	یوسف ثانی ارض استقلال	چوں رتاریخ نام کردم عرض	گفت درگاہ خواجہ ابدال

اشعار دروازہ متصل مجلس خانہ

در زماں آنکہ است تاج و لیس شاہ	شاہ راہ راہ بات کو گشت گر اینجا ...	این علیم اللہ در گاہی ابدال	ساعی و آباد قول علم اکس تاریخ
	او بیت ١٠٠ بیا ابہوت شد	راہ تمام شد در ..... جلیل المحکم	

سے کہ گرد صندل کا کٹہرہ لگا دیا ہے اور کمس کار جیر سے مقام حرمت سمی نا حاصل کی ہے

مزار قاضی حمید الدین ناگوری رحمۃ اللہ علیہ

آپکے مزار کی پائنتی قاضی حمید الدین ناگوری کا مزار ہے اور اوسکی لوح پر یہ عبارت کندہ ہے — ہذا مرقد قطب الاولیا سے الآفاق غوث الاتقیا بالاستحقاق الامام العالم العامل الولی الفاضل الکامل شیخ حمید الدین ناگوری

نقشہ دو دارہای درگاہ حضرت خواجہ قطب الاقطاب معمر ارشد مولانا فخرالدین

دروازہ دوم

دروازہ اول

مدینۃ المنورہ عمدۃ الروضۃ خادم الفقرا سلیمان بن شیخ سیکاہائی سنہ اربع وسبعین وسبعمائۃ ہ وفات حضرت شیخ المتقین قطب العارفین شاکر بارگاہ قدس وحالف کعبۃ انس رو دریائی حقیقت جوہر کان طریقت حضرت محبوب حمید بندگی شیخ حمید نور اللہ مرقدہ در شب دوشنبہ یازدہم ماہ رمضان فی التحمید ذالک اللیل جار الشمس سنہ ۹۵ :: اور آپ کے مزار مبارک کے پاس اور بہت سی قبریں ہیں چنانچہ اسمیں خاص آپکے مزار مبارک کا نقشہ لکھتے ہیں ::

ذکر میان غلام نور صاحب خادم

اگرچہ آپکے مزار مبارک کے بہت سے خادم ہیں ایک ایک سے بہتر لیکن میان غلام نور صاحب نور علی نور ہیں اخلاق حمیدہ اور صفات پسندیدہ رکھتے ہیں تاریخ سے بھی شوق ہے اور یہان کے مکانات سے بھی خوب واقف ہیں یہان کے مکانات کی سیاحت میں میرے ساتھ تھے اور سب مکانون کا حال بہت اچھی طرح بتاتے تھے

دروازہ ہاے درگاہ

آپکے مزار مبارک کے شرق کو سنگ مرمر کی جالیان اور سنگ مرمر کے دروازے فرخ سیر کے عہد میں بنے ہیں اور اوپر اشعار کندہ ہیں جن سے تاریخ بنا اور نام بانی پایا جاتا ہے اور وہ یہ ہیں

اشعار دروازہ اندرون

ازسعی کمترین غلامان شہریار	با اعتقاد معتقد کامل العیار	رفتند قدسیان بدر پاک بہشت عدن	تاریخ یافتند حصار بہشت عدن

باہتمام کمترین غلامان معتقدان سنہ جلوس فرخ شاہی اتمام یافت سنہ ۱۱۳۰ ہجری راقمہ عبداللہ شیرین رقم

اشعار دروازہ بیرون

ازحکم بادشاہ جہان خسرو انام	گرد مزار خواجہ دین قطب اولیا	تعمیر شد محجر زیبا منتظم	فرخ سیر شہنشہ نہ آسمان غلام
	گردو بگرد روضہ او آدم و ملک	مانند قبلہ اشرف وچون کعبہ محترم	

مزار مولانا فخر الدین علیہ الرحمہ

اس دروازہ کے پاس مسجد کے پیچھے مولانا فخر الدین صاحب کا مزار ہے کیا خوب جلہ پائی ہے کہ جسکا کچھ بیان نہین آپکا مزار بھی سنگ مرمر کا ہے اور اوسکی لوح پر یہ اشعار کندہ ہین

اشعار

یگانہ شیخ فخر دین جہان ماہ آسمان وفا	لبہ آستانہ جا داد آن قطب اولیا ولی	سال وصال آن ماہ از غیب چون بجستم	تاریخ گفت ہاتف خورشید دو جہانی

من کلام سید الشعرا فخر الدین مقبول الہی سنہ ۱۱۹۰

یہ سب جالیاں اور دروازے بہت نفیس سنگ مرمر کے بنے ہوئے ہیں کہ انکا کچھ بیان نہیں ہو سکتا اور دروازے بھی بہت ہی خوش قطع ہیں جالیاں ایک نقشہ دیکھنے سے معلوم ہوگا

مسجد درگاہ

آپ کی درگاہ کے متصل جالیوں کے پاس ایک مسجد ہے کہ قدر و منزلت میں ہم پایہ بیت المقدس ہے اور فیض و برکت میں بیک جا مسجد الحرام ہے اس مسجد کے تئیں زمانہ میں پیدا و جہ وجود اس کا کچھ پتہ نہیں صرف اتنا اس قدر کہ معلوم حضرت قطب الاقطاب نے مصلیٰ بچھا کر یہاں ہر ایک ولی کامل اور پیر طریقت نے نوری سجدہ کیا تھا جس زمانہ میں اسلام شاہ نے اس درگاہ کے گرد چار دیواری بنائی اوسکے سامنے اس کچے درجہ کے آگے پختہ درجہ بنا دیا کہ یہ درجہ تعمیر اسلام شاہ ہے اوسکے بعد محمد فرخ سیر کے عہد میں جس زمانہ میں آپکی درگاہ کے گرد کٹہرہ سنگ مرمر کا اور دروازہ بنا ہے اوسی عہد میں اس مسجد کے آگے بھی ایک اور درجہ بنا گیا کہ یہ تیسرا درجہ فرخ سیری ہے اور فرخ سیر نے یہ تاریخ کہی ہے


تاریخ

سرور لطف و عنایت شہ والا جاہ	ساخت بدرگاہ ارادت و درست اعتقاد	خسرو فرخ سیر پادشہ ملک [illegible]
مسجد ساخت بدرگاہ مسیح و شتاب	[illegible]	سال تاریخ بپایش است رب الاسباب

باؤلی درگاہ


اگرچہ اس مسجد کی بزرگی آسمان سے گذر گئی تھی اور کچھ حاجت خوشنمائی کی نہ رکھتی تھی لیکن پانی نہ ہونے سے لوگوں کو بڑی تکلیف ہوتی تھی اس نظر سے صرف نیت ثواب نائب الدولہ خلیفۃ الملک حافظ محمد داؤد خاں مستقیم جنگ نے اس مسجد کے پاس اسی دریا دلی اور فیض بخشی سے جو عہد [illegible] باؤلی بنوا دی کہ خلق اللہ کو اوس سے آرام ہے اور یہ باؤلی گویا مسجد کا حوض ہے [illegible] آدمی نے یہ باؤلی بنائی ہے کیا ایسا موقع اور ایسی جگہ باؤلی بنانے کو کسیکو نصیب ہو سکتی ہے یہ باؤلی سنہ ۱۲۰۹ ہجری میں ہی شروع ہوئی اور سنہ ۱۲۲۳ ہجری میں ختم ہوئی۔ حافظ داؤد صاحب نہایت سخی اور بڑے ہمت والے آدمی ہیں اور بڑے صاحب خاندان اونکے نسب کا سلسلہ حضرت امام ابو حنیفہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ تک پہونچتا ہے اور اونکے آبا و اجداد ہمیشہ سے خاندان بادشاہی میں معزز و ممتاز چلے آتے ہیں حضرت ظل سبحانی ابو المظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ غازی نے آپ کے والد ماجد حافظ محمد خلیل سے استفادہ کلام مجید حاصل کیا ہے اونکو حضور ظل اللہ میں

نقشہ مسجد درگاہ معہ باولی



نقشہ نمبر ۱۸ متعلقہ فصل دوم باب اول

نقشہ نمبر ۲۶ متعلقہ صفحہ ۹۰ باب اول



ایک درجہ تقرب حاصل ہے کہ اونکو سب جیتین اور صاحب جلوس والاسے دار وغگی نذر نثار اور علاقہ خانساما
پر مشرف ہین — اوصاف حمیدہ اور اخلاق پسندیدہ لطف ونکا اوس سے سوا ہین جو لکھنے مین آوین اور اوصاف اونکے ایسے
بہت ہین جو کہ بیان مین مسراسر خیر مجسم ہین اور ہر دم اور ہر لحظہ حصول ثواب پر نیت مصروف رہتی ہے کہ یہ باولی بھی
اوسکا نمونہ ہے علاوہ اسکے اور بہت سی باتین ثواب کی ہین منجملہ اونکے یہہ ہے کہ منو جلد کلام اللہ وقف کئے ہین خدا
اللہ تعالے ایسے با اخلاق عالی ہمت کو سلامت رکھے کہ اوس سے ہر شخص کو فایدہ پہونچتا ہے اب ہم اہتمام پر ایک
نقشہ لکھتے ہین کہ مسجد اور باولی دونونکا نقشہ اوسمین موجود ہے

	موتی مسجد	

یہہ مسجد شاہ عالم بہادر شاہ کی بنائی ہوئی مشہور ہے تمام سنگ مرمر کی ہے اور فرش بھی سنگ مرمر کا ہے اور فرش مین
سنگ موسی کی محرابین مصلوں کی جگہ بنی ہوئی ہین او مسجد مین اور درگاہ شریف مین صرف ایک دیوار حایل ہے اس
مسجد سے جانب شرق درگاہ شریف ہے اور جانب جنوب روضہ شاہ عالم بہادر شاہ کا ہے اور اس روضہ کے حجرہ کے
پاس ایک دروازہ ہے کہ اوس دروازہ سے بادشاہ درگاہ شریف مین جایا کرتے تھے اس مسجد کے بیچ در اور
تین گنبد ہین اور دو مینار سنگ مرمر کے مسجد کے صحن کے کونون پر بنے ہین اس مسجد کا بیچ کا برج بسبب بھونچال کے
گر پڑا تھا سو عہد شاہ عالم مین اوسکی مرمت ہوئی ہے اور اوسکی میناروں پر جو برجیان تھین وہ دراڑدار اور بہت
خوشنما معلوم ہوتی تھین سنہ ۱۲۲۲ ہجری مین مطابق سنہ ۱۸۰۷ عیسوی کے ابو ظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ نے بسبب
کمزور ہو جانے اور اندیشہ گر پڑنے کے اونکو اوتروا ڈالا ہے افسوس کہ کسیکو توفیق مرمت کی نہوئی ۔ ×

	حجرہ شاہ عالم بہادر شاہ	

اسی مسجد کے پاس بہت تحفہ اور نفیس ایک حجرہ ہے سر سے پاؤن تک سنگ مرمر بنا ہوا ہے کہ اوسکی آب و تاب موتی کی آب کو
خاک مین ملاتی ہے اور اوسکی پالش فیصر شیشہ پر فوق لیجاتی ہے یہہ حجرہ سنہ ۱۲۲۴ ہجری مین شاہ عالم بہادر شاہ کے بیٹے
نے بنایا تھا چنانچہ یہہ بادشاہ عالی تبار اوسمین دفن ہین اور جالیون کے اوپر سرہانے کی طرف یہہ بیت کندہ ہے

	شاہ عالم را بود جنت سرا		در خور جنت اللہ باہر سنہ شوقے

غلام حیا شتخان سنہ ۱۲۲۴ ہجری

اور اوسکی پاس سلطان عالی گوہر شاہ عالم بادشاہ کی قبر ہے اور اوسکے سرہانے یہہ شعار کندہ ہین

زین عالم انتقال سر شاہ جہان	یعنی کہ شاہ عالم پناہ کرد	در داکہ از غبار کسوف اجل نہان	شد مہر اوج تاجوری در حضیض خاک

سید یوسف جامہ مجرد از پس	تیغ کو سال آمد رہ بشری عیان	دلی تاریخ فوتش ازین	شد روان سوے بہشت برین

سنہ ۱۰۲۲ ہجری انتخاب میر کلن رضوی سنہ ۱۰۲۱ ہجری

اور اسی قبر کے پاس معین الدین محمد اکبر بادشاہ عرش آرامگاہ کا مزار ہے کہ تاریخ وفات اونکی طبع زاد راقم یہ ہے

تاریخ

چون برفت از جہان شہ اکبر	شد سیہ آسمان زرد جگر	ای شادی شکست و آہ گفت	سال تاریخ او ز غم اکبر

مسجد و مکان حکیم محمد احسن اللہ خان بہادر

اگرچہ یہ مسجد اور مکان تعمیرات جدید سے ہے لیکن ایسا خوشنما اور خوش قطع و حسب سر راہ واقع ہوا ہے کہ بے اختیار اسکا حال لکھنے کو دل چاہا اور علاوہ اسکے یہ مسجد اور مکان ایسے دریادل فیاض زمان کا بنایا ہوا ہے کہ جسکی ہمت اور مروت کے آگے دریاے محیط ایک قطرہ سے سوا نہیں اور خزانہ قارون قابل آز رکھنا نہیں اوصاف حمیدہ اور اخلاق پسندیدہ مرتب جلی اور احسان فطرتی انکی ذات فیض سمات میں مخمر ہیں اور ہر ادنیٰ و اعلیٰ اسکے احسان اور اخلاق کا ممنون و مشکور ہے پیشگاہ حضور میں بدرجہ اعلاے معالج خاص سزاوار ہیں اور احترام الدولہ عمدۃ الحکما معتمد الملک حاذق الزمان حکیم محمد احسن اللہ خان بہادر ثابت جنگ کا خطاب ہے اور حقیقت میں انتظام دولت تمام کارخانہ حضوری کی انہی کی ذات پر موقوف ہے ان وجوہات سے بے اختیار دل نے چاہا کہ اس مکان میں بنیاں کا بھی ذکر لکھیے اور اس مسجد کا بھی ذکر کیجیے یہ مسجد سنہ ۱۲۵۲ ہجری میں اور مکان سنہ ۱۲۵۳ ہجری میں بن چکا ہے تاریخیں اوسکی یہ ہیں

تاریخ مسجد

مسجدی ساخت چون بحسن عمل	احسن اللہ خان نیک سرشت	ای ظفر بہر سال تاریخش	خامہ ام خانہ خدا بنوشت


تاریخ مکان

از سال بناے او بدرگاہ	پیر خرد ہمود آگاہ	بر داشت سر از دیار زہی	نعمت فقیر احسن اللہ


بھول بھلیاں یعنی مقبرہ ادہم خان

یہ مقبرہ ہے ادہم خان اکبر بادشاہ کے کوکہ کا جسنے شمس محمد خان عزیزی اکبر کے اتکہ کو مار ڈالا تھا اور اکبر بادشاہ نے اوسکے قصاص میں ادہم خان کو قلعہ پر سے گرا کر مروا ڈالا تھا اور یہ واقعہ بارھویں رمضان سنہ ۹۶۹ ہجری میں واقع ہوا اور باوجود یوں سنہ اوسکی تاریخ ہوتی لیکن یہ گنبد بھی اوس کے بعد بنا ہے کہ اس حساب سے مدت تیاری اس گنبد کی معلوم ہو سکتی ہے ۔ یہ گنبد چونہ اور پتھر سے بنا ہوا ہے اور اوسکی دیواریں اور چاریکا

نقشہ مکان و مسجد بیگم اکبر آبادی



نقشہ عمارت متعلقہ تعمیر دار السلام



نقشہ مدرسہ کا

رستہ ہے اور ایسا ہی رستہ بنا ہے کہ دیوار دیوار مین گرد پھر آسکتے ہین اور اوسمین ایک مقام پر ایسا دھوکا رکھا ہے کہ آدمی خیال کرتا ہے کہ جس رستہ کو مین جاتا ہون اس رستہ سے نیچے اوترجاونگا حالانکہ برخلاف اپنے قیاس کے اوپر چڑھ جاتا ہے اور پھر جب نیچے اوترنیکا ارادہ کرتا ہے تو بسبب اسکے کہ نیچے اوترنیکا رستہ ایک کونہ مین نظر سے پوشیدہ واقع ہے اوسی رستہ پر آن پڑتا ہے اور پھر اوپر چڑھ جاتا ہے اس سبب سے لوگون نے اس مقبرہ کا نام بھول بھلیان یعنے مقام گم گشتگی رکھا ہے بہرحال قطب صاحب کی عمارتون مین یہ بھی ایک نامی عمارت ہے اکثر صاحبان عالیشان اسمین آنکر اوترتے ہین اور اسی سبب سے اس کی قبر کا تعویذ برابر کر دیا ہے - باوجودیکہ یہ مقبرہ اکبر کے وقت مین بنا ہے مگر قطع اسکی پٹھانی عمارت سے بہت ملتی ہے چنانچہ اسکے نقشہ دیکھنے سے کیفیت اسکی معلوم ہوگی

جوگ مایا

یہ ایک مندر ہے قطب صاحب کی لاٹھ کے پاس سرحد یوسف سرای پاے منار مین اور یہ ایک دیبی ہے جسکی ہندو پوجا کرتے ہین اس مندر مین ایک پتھر ہے اوسکے گرد سنگ مرمر کا تھولہ بنا رکھا ہے اور اوسکی پرستش کرتے ہین اور راجہ پتھورا کی وقت سے جسکو آٹھہ سو آٹھہ سو برس کے قریب عرصہ گذرا اس پتھر کی پرستش ہوتی ہے کوئی ہندو اس دیبی کا بخوبی حال نہین بتا سکتا کہ یہ کون دیبی ہے مگر ہندو لوگ ایسا کہتے ہین کہ کرشن اوتار کی جوگ مایا بہن تھی بسبب آپسکی لڑائی کے کہ اوسکا قصہ مشہور ہے وہ بجلی بنکر اوپ ہو گئی اور یہان آن پڑی جب سے یہ مکان جوگ مایا جی کا استھان ہوگیا۔ اور بعضے لوگ یہہ کہتے ہین کہ جب راجہ پتھورا کی بیٹی مایا جی درشن کی پاس گئی اوسوقت اوسکے ساتھ بہت سہیلیان تھین جس وقت راے پتھورا کی بیٹی مسلمان ہوگئی اون سہیلیون نے یہہ بات سوچی کہ اب ہم راجہ کو کیا منہ دکھائینگی اور کھگوان جانے ہمارا کیا حال کرے اس ڈر اور شرمندگی سے سب کی سب ایک کنوئین مین جو اس مندر کے پاس تھا اور بعضے کہتے ہین کہ یہی کنوان تھا جو اب مندر کے پاس موجود ہے گر کر مر گئین جبکہ راجہ پتھورا کو اس حال کی خبر ہوئی اوسنے اونکی لاشونکو نکالا اور اوس مقام پر جہان اب مندر ہے پھونک دیا اور کہا کہ انھون نے بڑا جوگ کما یا جب سے اسکا نام جوگ مایا ہوگیا اور وہان پھول بتاشے چڑھنے لگی کہ اب رفتہ رفتہ یہہ نوبت پہونچی کہ لوگ اوسکو دیبی کہنے لگی اور پوجا تری ہان منت مانگنے لگے غرضکہ یہہ سب پوجاریون اور رخادمون کی لن ترانیان ہین حقیقت مین کوئی بات جو اعتماد کے لائق ہو پائی نہین جاتی - اس مندر مین آس پاس تین برج ہین - الگ الگ اور جس برج کے آگے کٹہرہ ہے اوسمین وہ پتھر کا ٹکڑہ ہے جسکی پرستش ہوتی ہے - اس مندر کے مکانات سب نئے بنے ہوئے ہین یہہ جو آگاس مندر کا ہے یہہ اوس زمانہ مین بنا ہے جب پھر پتھورا فتح ہوا ہے کہ اوسکو آجتک بیس۲ برس کے قریب عرصہ گذرا ہے

اور راجہ سیٹھ مل جیو اکبر بادشاہ کے اہلکاروں نے اس بت کو بنایا ہے۔ اس مندر کی برجی پر سنہری
کلس لگا ہے اور اس کلس میں آئینہ ہے کہ اوسکی چھائیں دور تک جاتی ہے بلندی اس مندر کی زمین سے
کلس کی چوٹی تک اکتالیس فٹ چار انچ کے قریب ہے جو عمل اسطرلاب سے پیمایش میں آئی ہے۔ مکانات
اس مندر کے کچھ عمدہ نہیں ہیں رسمی مکان سے ہوتے ہیں لیکن ہندوؤں کی بڑی پرستش گاہ ہے اور ہفتہ
میں ایک دن میلہ کا مقرر ہے یہاں کے پجاری اس دیوی کو کالکا دیوی سے اچھا جانتے ہیں کہ وہاں تو جو
چڑھتا ہے اور یہاں پھول پنکھڑی۔ اس مندر کی چاردیواری بھی ہے کہ اکبر بادشاہ کے عہد میں ہی ہر جگہ
جیسی ہیئت اور صورت اس مندر کی ہے وہ بعینہ نقشے میں موجود ہے اوسکو دیکھ لو اور ہر قوم کی رو سے
وحدانیت واجب الوجود پیدا ہے ساری اوس کی پیار سے اقرار کرو ع ہر قوم راست راہی دینی و قبلہ گاہی

قلعہ رائے پتھورا

یہ قلعہ بھی بہت قدیم ہے اور شاہجہان آباد سے سات کوس پر جنوب کیطرف قطب صاحب کی لاٹ کے
پاس واقع ہے اگرچہ اس زمانہ میں یہ قلعہ بالکل منہدم ہو گیا ہے لیکن کہیں کہیں ٹوٹی پھوٹی فصیل باقی رہ گئی
ہے۔ اس قلعہ کی ٹوٹی پھوٹی دیواروں کو دیکھکر اوسکی عظمت اور شان خیال میں آتی ہے کہ کتنا بڑا یہ قلعہ تھا اور
کیسے کیسے مضبوط مضبوط اسکے برج تھے اس قلعہ کے آثار اور نشان دو تین کوس تک معلوم ہوتے ہیں
اور تمام پتھورا کے محل اور بتخانہ جہاں اب قطب صاحب کی لاٹ ہے سب اسیکے اندر تھے یہ قلعہ ایک
چھوٹی سی پہاڑی پر بنا ہے اور اسکے گرد پہاڑی میں خندق بنائی ہے اور اس خندق میں تمام جنگل کا پانی گھیر کر
اور مینہ کا کر ڈالا تھا کہ بارہ مہینے اس خندق میں پانی بھرا رہتا تھا۔ تاریخ کی کتابوں سے ایسا معلوم ہوتا ہے
کہ اس قلعہ کو راے پتھورا نے بنایا ہے عوام الناس پتھورا پتھورا کہتے ہیں سمت [illegible] بکرماجیت میں بنایا تھا کہ اوسکو آج تک
سات سو پانچ تیس برس کے قریب عرصہ گذرتا ہے۔ یہ قلعہ سب طرف سے بالکل شکستہ ہو گیا ہے لیکن مغرب کی طرف سے
جہاں غربی دروازہ تھا اس قلعہ کی فصیل کا کچھ کچھ نشان باقی ہے اور غربی دروازہ کا بھی ٹوٹا پھوٹا ڈھیر معلوم ہوتا ہے
اور اسیطرف سے اسکی خندق کا بھی نشان دکھائی دیتا ہے اور میں اسیطرف سے اس قلعہ کا نقشہ کھینچا ہے
مگر میں اس قلعہ کا نقشہ کھینچنے گیا ہوں اوسوقت میں نے اس قلعہ کی فصیل اسطرلاب کے عمل سے ناپی تو معلوم ہوا کہ
جسقدر اب اس قلعہ کی دیوار باقی ہے وہ ہیسٹھ فٹ خندق کی زمین سے اونچی ہے اور نہیں معلوم کہ کسقدر
بلندی جو ٹوٹ گئی ہے۔ اس قلعہ کی فصیل کا آثار بہت چوڑا ہے پہلے تو خندق کیطرف سے فصیل اونچے ہیں

نقشہ نمبر ۲ متعلقہ صفحہ ۱۸ باب اول

اور جہان اوسکی اونچائی زمین کے برابر گئی ہے وہان سے ستره فت عرض چبوتره کر اکیس فت کے آثار سے دیوار اونچی شروع کی ہے اور پھر قلعہ کیطرف گیاره فت کا آثار چھوڑکر ڈیڑھ فت کے آثار سے دیوار چنی ہے اور یقین ہے کہ اوسی دیوار پر کنگوره بھی ہونگے بہرحال نقشہ کے دیکھنے سے جو ہیئت کہ اس قلعہ کی اب باقی ہے بخوبی معلوم ہوتی ہے اور اگلے زمانہ کی عظمت و شان یاد دلاتی ہے

مزار بابا حاجی روزبہ

اسی قلعہ کی خندق مین نیم کے نیچے بابا حاجی روزبہ کا مزار ہے یہہ بزرگ بڑے ولی اللہ ہوں سے اور اوس کے رہنے والے ہین راے پتھورا کے وقت مین یہان آئے اور اس خندق مین جہان آپکا مزار ہے آن بیٹھے راے پتھورا کے وقت مین جو منجم تھے اونہون نے اونکے آنیکو فال بد تصور کرکر راے پتھورا سے کہا کہ اس شخص کے آنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ عنقریب مسلمانونکی عملداری ہوا چاہتی ہے اور ایسا ہی ہوا کہتے ہین کہ راے پتھورا کی بیٹی نے آپ کے ہاتھ پر توبہ کی اور مسلمان ہوگئی چنانچہ آپ کے مزار کے پاس جو ایک عورت کی قبر ہے وہ اوسیکی قبر بتاتے ہین مصرع جب تک کہ آپ زنده رہے ہزارون ہندون نے آپ کے فیض سے اسلام قبول کیا روز بروز شوکت اسلام کی زیاده ہوتی گئی اللہم زد فزد آخر کو آپ نے انتقال فرمایا اور اوسی مقام جہان آپ آنکر بیٹھتے تھے آپ کو دفن کیا مصرع جہان ای برادر نماند بکس مصرع دل اندر جہان آفرین بند و بس

مقبره حضرت سلطان غازی

یہہ مقبره ہے بہت نفیس و لطیف و دلچسپ و دلکشا فرحت بخش و دلربا قطب صاحب سے دو کوس مغرب کیطرف ہے اس مقبره کو سلطان شمس الدین التمش نے ۶۲۶ ہجری مین بنایا تھا اس مقبره مین چار و نطرف مکان اور بیچ غرب ایک چھوٹی سی مسجد سنگ مرمر کی بنی ہوئی ہے اور بیچون بیچ مین ایک غار ہے کہ بند ره سیڑھیان اوترکر اوس غار مین جاتے ہین اور اوس غار مین ستون کھڑے کرکر اوسکی چھت پاٹ دی ہے اور اوسمین چھتری کی قبر اور اوس چھت پر ایک مثمن چبوتره بنا دیا ہے کہ کرسی اوس چبوتره کی سنگ مرمر کی ہے اور ته چونہ کی ارتفاع اوس چبوتره کا چار فت ساڑھے سات انچہ ہے اور ہر ضلع اوسکا پندره فت ڈیڑھ انچہ کا ہے کہ کل دور چبوتره کا ایک سو اکیس فت ہوا اس چبوتره مین جانب شرق کو سات سیڑھیان بنی ہوئی ہین اور جنوب کیطرف غار مین جانیکا دروازه ہے مشہور ہے کہ پہلے یہہ دروازه بند تھا اور لوگ چبوتره ہی کی زیارت کیا کرتے تھے تغلق شاه کے وقت مین یہہ دروازه کھول دیا ہے اور لوگ اوسکے اندر جاکر زیارت کیا کرتے ہین

عمارت کا دروازہ بھی بہت چھوٹا ہے ایک ہاتھ گیارہ انگل کا عرض اور تین ہاتھ انیس انگل کا ارتفاع ہے اسی سبب سے بڑی مشکل اور تکلیف سے وہاں جانے والوں کو اندر جانا میسر آتا ہے اور دور سے قریب دو ڈھائی کوس کے پانی آتا ہے اس عمارت کا اس مقام پر اسکا نقشہ لکھتے ہیں اور دروازہ کا کتبہ علاحدہ لکھیں گے


دروازہ درگاہ سلطان غاری

اس درگاہ کا دروازہ بھی بہت خوب بنا ہوا ہے اور سنگ مرمر کی چوکھٹ لگی ہوئی ہے چاردیواری اس درگاہ کی بہت اونچی ہے اور سنگ خارا سے ترتیب ہوئی ہے چاروں کونوں پر چار برج ہیں اور بیچ میں ایک چبوترہ ہشت پہلو بنا ہوا ہے اور کرسی تک بھرا ہوا ہے اور کرسی پر ایک گنبد ہے اور چوکھٹ سنگ مرمر کا بنا ہوا ہے اور اسپر کوئی کتبہ ہوا ہے چاروں طرف کتبے لکھے ہیں اور وہاں سے بہت سنگی کے بیچ میں چڑھا گیا وہاں پھول بنا دیتے ہیں امر ببناء ہذہ البقعۃ المبارکہ السلطان المعظم شاہنشاہ الاعظم مالک رقاب الامم [illegible] العالمین سلطان السلاطین شمس الدنیا والدین المخصوص بعنایت رب العالمین ابی المظفر التمش السلطان ناصر امیر المومنین خلد اللہ ملکہ سنہ تسع وعشرین وستمائۃ ۶۲۹ چونکہ یہ درگاہ بھی بہت نشیب میں بنی ہوئی ہے اور اتنی کرسی دار ہے کہ ستائیس سیڑھیاں چڑھکر دروازہ میں پہنچتے ہیں اور دروازہ کے پاس ایک دو تھمبے ستونے ہوتے ہیں غرض کہ اس مقام پر نقشہ اسکا لکھتے ہیں کہ جس سے اسکی خوبی سب اور اسکا نقشہ معلوم ہو جاتی ہے


حوض خاص اور مقبرہ فیروز شاہ

یہ ایک حوض ہے فیروز شاہ کا بنایا ہوا نہایت دلکش اور فرحت بخش کسی زمانہ میں ایسا خوب ہوگا کہ اسکے دیکھنے کو بے اختیار دل چاہتا ہوگا اور سیرگاہ معقول ہوگی اب بالکل شکستہ ہے یہاں تک کہ پانی بھی اسمیں نہیں ٹھہرتا سوکھا پڑا رہتا ہے اور زمیندار اسمیں کھیتی کرتے ہیں اس حوض کے جنوبی ضلع میں مکانات شکستہ کئی ایک ہوتے ہیں اور اوسی طرف فیروز شاہ کی قبر ہے اور ایک دروازہ کی پیشانی پر پتھر پر کتبہ لکھا ہوا تھا کہ اسمیں کہیں کہیں سے ٹوٹ گیا ہے اور جسقدر حروف ثابت ہیں وہ یہ ہیں [illegible] عمارت کرد این سلطان السلاطین سلطان فیروز شاہ خلد اللہ ملکہ [illegible] سلطان فیروز شاہ طاب ثراہ وجعل الجنۃ مثواہ پس اس سے ثابت ہوا کہ یہ حوض اور مکانات تو فیروز شاہ کے سامنے ہو گئے تھے اور [illegible] شاہ سلطان سید [illegible] شاہ نے دولت [illegible] ابو بکر شاہ بن ظفر خاں بن فیروز شاہ کے [illegible] شاہ ہوا تھا یہ حوض ایک بیگھہ میں ہے اور یہاں اور بہت چھوٹے چھوٹے بنے ہوئے ہیں

نقشهٔ مقبرهٔ تیمور شاه با احاطهٔ باغش



نقشہ نمبر ۱۷ متعلق صفحہ ۵۰ باب اول



کہ منجملہ اون برجون کے ایک برج ہے کہ اوسپر سہ گنبد لگا ہوا ہے ہذا این عمارت در عہد دولت سلطان الاعظم سکندر شاہ
سلطان خلد اللہ ملکہ و اعلی امرہ و شانہ این گنبد بنای شیخ شہاب الدین تاجخان و سلطان ابو سعید بتاریخ سیوم ماہ شوال سنہ
ستہ و تسعمائۃ ہذا اور اسی کے پاس ایک کوس کے فاصلہ سے میر خان وزیر خان کا مقبرہ ہے کہ امرائے عہد فیروز شاہ
سے تھے چنانچہ موضع میرپور وزیرپور مشہور ہین اور اسیطرح محمد پور مین ایک نامعلوم مقبرہ ہے مگر یہ مقبرے نقشہ کے
لائق نہین ہین اسواسطے صرف مقبرہ فیروز شاہ کا نقشہ کھینچتے ہین

بدیع منزل معروف بہ بیجے منڈل

یہ ایک مکان ہے قطب صاحب کے دکھن طرف حوض خاص کے سامنے نہایت رفیع و دلچسپ بنا ہوا
فیروز شاہ کا بنایا ہوا اور اسکو جہان نما بھی کہتے ہین اور بدیع منزل کرکے بھی مشہور ہے کہ عوام الناس بیجے منڈل
کہنے لگے ہین بتتبع کتب تواریخ سے ایسا ثابت ہوتا ہے کہ یہ مکان بھی اوسی زمانہ مین بنا ہے جبکہ فیروز شاہ نے فیروزآباد بنایا
اور وہ تعمیر [illegible] ہجری مین ہوئی تھی پس یہ تعمیر اوسکے چند برس بعد ہوئی ہوگی مگر تخمیناً مدت تعمیر بخوبی واضح ہے اس
مکان کی قطع بھی عجیب ہے کہ ایک بلند برج پر چار دروازون کا ایک کمرہ بنایا ہے اور اوسکی دیوارین سے
اوپر جانیکا زینہ رکھا ہے اور اوسکے اوپر اگلے زمانہ مین سنگین بہت خوشنما بارہ دری تھی کہ اب ٹوٹ گئی ہے
مگر اوپر چڑھ کر دیکھنے سے اوسکی علامات معلوم ہوتی ہین ایسے مکانات عرض لشکر کو بناتے جاتے تھے یہ مکان بھی
اسی واسطے بنایا ہوگا جو کہتے ہین کہ فیروز شاہ نے ایک نقب بنائی تھی کہ قلعہ فیروزآباد سے اس مکان مین ہوکر
اوس نقب کے رستہ سے سوار حوض خاص تک پہلے آتے تھے اوسمین تین کوس کا فاصلہ ہے اگرچہ اب مکان
بہت شکستہ ہوگیا ہے لیکن پھر بھی اوسکی بلندی اور وضع اور قطع اوسکے نقشہ کے دیکھنے سے بخوبی ظاہر ہوتی ہے

مسجد بیگم پور

بیجے منڈل کے پاس موضع بیگم پور ہے اور اوسمین خان جہان خان فیروز شاہی کی مسجد بنائی ہوئی ہے بعینہ
ایسی ہے جیسی کھڑکی کی مسجد ہے چونکہ اوسکا نقشہ کچھ عمدہ اور دلچسپ نہ تھا اسواسطے چھوڑ دیا

موٹھ کی مسجد

یہ ایک مسجد ہے بہت نامی اور نہایت عالی لوگ اس مسجد کو شاہجہان کے وقت کی بتاتے ہین مگر میری
سمجھ مین نہین آتا اسواسطے کہ اسکی عمارت پٹھانون کے وقت کی معلوم ہوتی ہے بہرحال اسپر کوئی کتبہ بنا ہوا نہین
جس سے سال بنا معلوم ہو اس مسجد کے پانچ در ہین اور ادھر ادھر دو دو در چھوٹے چھوٹے اور ہین کہ اونمین


سیڑھیاں بنی ہوئی ہیں دروازہ اس مسجد کا بہت تکلف سا بنا ہوا تھا مگر بالکل ٹوٹ گیا ہے اور اسپر سنگ مرمر میں آیت قرآنی کندہ تھی کہتے ہیں کہ بادشاہ نے رستے چلتے میں ایک موٹھ کا دانہ ریت پر سے اوٹھا لیا تھا اور اوسکو بوا دیا اور ہر سال اوسکی افزونی ہوتی گئی یہانتک کہ کئی برس میں بہت سا روپیہ جمع ہو گیا اوس روپیہ میں سے یہہ مسجد بنی ہے اور اسی سبب سے ایک موٹھ کی مسجد کہلاتی ہے غرضکہ اس مسجد کی عمارت عمدہ ہونے میں کچھ شک نہیں اب اس مسجد میں رہیدار بستے ہیں اور گھر بنا لیے ہیں اور اس مسجد کا نقشہ یہہ ہے ۞

تین برجہ

اس مسجد سے آگے مبارکپور کوٹلہ کے اس تین برج ہیں پٹھانوں کے وقت کے کہ تحقیق حال اونکا معلوم نہیں کہ کس بادشاہ کے عہد کے امرا سے تھے مگر مشہور کرتے ہیں کہ ایک برج بڑے خان کا اور ایک برج چھوٹے خان کا اور ایک برج کالے خان کا ہے دو برجوں کی عمارت اچھی نہیں ہے بلکہ میرے نزدیک پٹھانوں کے وقت کے بھی نہیں معلوم ہوتے ہاں البتہ ایک برج جو بڑا ہے وہ بیشک پٹھانوں کے وقت کا ہے اوسکی عمارت بھی بالکل اچھی ہے اور صاف پٹھانوں کے وقت کی معلوم ہوتی ہے عمارت اس برج کی سنگ خارا اور چونے سے بنی ہوئی ہے اور کہیں کہیں سنگ سرخ بھی لگا ہوا ہے اور اس سبب سے معلوم ہوتا ہے کہ بہت پہلے وقت کی نہو اخیر عہد پٹھانوں میں بنی ہو اگرچہ اس عمارت کا اچھی طرح حال معلوم نہوا لیکن اسقدر بھی معلوم ہو جانا غنیمت ہے چنانچہ اب اس مقام پر ہم ایک نقشہ لکھتے ہیں کہ اوسمیں ان تینوں برجوں کے نقشے موجود ہیں

مبارکپور کوٹلہ

یہہ ایک گانو ہے شاہجہان آباد سے تین چار کوس اور اوسمیں ایک مقبرہ ہے ساخت اوس مقبرے کی ایسی معلوم ہوتی ہے جیسے شیر شاہ اور اسلام شاہ کے وقت کی عمارت ہوتی ہے اور بعینہ اسی صورت کا ایک مقبرہ عیسیٰ خان کا ہمایوں کے مقبرے کے پاس ہے لیکن مشہور یہہ ہے کہ یہہ مقبرہ مبارک شاہ کا ہے اور اسی کے نام سے یہہ گانوں مبارکپور کوٹلہ کرکے مشہور ہے بہرحال یہہ عمارت بہت خوب قطع سنگ خارا سے بنی ہوئی ہے مگر لیکن سنگ خارا اس خوبصورتی سے لگایا ہے کہ دیکھنے سے علاقہ رکھتا ہے قطع اسکی نہایت خوب ہے اندر تو صرف ایک مکان ہے اور گرد اوسکے بہت خوش قطع سہ دری غلام گردش بنائی ہے اگر اس مقبرے کو معز الدین ابو الفتح مبارک شاہ کا مقبرہ تصور کیا جاوے تو اوسکو بنے ہوئے سوا چار سے برس کا عرصہ ہوا اسواسطے کہ مبارک شاہ بادشاہ بیچ سنہ ۸۳۷ ہجری کے گذرا ہے مگر مجھکو یقین نہیں کہ یہہ عمارت اوسی مدت کی بنی ہوئی ہو غرضکہ ہم مقام اسکا نقشہ لکھتے ہیں



شاہ مردان

یہہ ایک مکان ہے منصور کے مقبرہ کے پاس اور اس جگہ پتھر پر قدم کا نشان بنا ہوا ہے اور اوس نشان کو حضرت امیرالمومنین علی کرم اللہ وجہہ کے قدم کا نشان بیان کرتے ہین اور اسی سبب سے اس مکان کو علی جی اور شاہ مرادان کہتے ہین اب اس جگہ بہت سی عمارتین بن گئی ہین اس نقش پا کو سنگ مرمر کے حوض مین جمایا ہے اور اسکے کنارے پر یہہ شعر کندہ ہے

کتبہ

بر زمینے کہ نشان کف پائے تو بود	سالہا سجدۂ صاحب نظران خواہد بود
	سنہ ۱۱۳ ہجری

اور اس حوض کے نیچے سنگ مرمر کا فرش کرکے گرد اوسکے سنگ مرمر کا محجر بنایا ہے اب یہہ مکان بہت متبرک قرار پایا ہے اور ہزارہا آدمی بطور زیارت جاتے ہین اور ہر مہینے کی بیسوین بہت دہوم سے ہوتی ہے اور محرم کو بہت مجمع رہتا ہے

برج کاسہ حضرت فاطمہ

اس محجر کے پاس ایک برج ہے کہ اوسمین کسی مرد کو نہین جانے دیتے اور کہتے ہین کہ اسمین نقش کاسہ حضرت فاطمہ علیہا السلام کا ہے

جہاز

اس کے پاس ایک دالان ہے بہت بڑا بنایا ہوا کسی سوداگر کا کہتے ہین کہ اوسنے کسی کام کے لیے منت مانی تھی جب وہ پورا ہوا تو یہہ دالان بنایا اور جہاز اسکا نام رکھا

مجلس خانہ

اس عمارت کے پاس دالان در دالان ہے بنایا ہوا عشرت علیخان کا اور اس دالان مین مجلس مرثیہ خوانی کی ہوا کرتی ہے اور اسی سبب سے مجلس خانہ اسکا نام رکھا ہے اور اسکے ایک بازو پر یہہ تاریخ سنگ مرمر مین کندہ ہے

کتبہ

بدرگاہ شاہنشہی دوسرای	علی شاہ مردان ولی خدای	بحکم شہ اکبر نامور	چو عشرت علیخان بیاراست جای
	رسید شدم سائل سال آن	ہمین زد رقم داد ناظر نمای	
		سنہ ۱۲۱۲ ہجری	

نقار خانہ

اس عمارت کے باہر صادق علیخان نے ایک دروازہ نقار خانہ کے لیے بنایا ہے اور اوسپر یہہ تاریخ کندہ ہے

کتبہ

چونکہ صادق علی بنای رفیع	ساخت بر آستانہ حیدر	سال تاریخ آن بنا صادق	گفت نقار خانہ حیدر
			سنہ ۱۲۱۲ ہجری

احاطہ

اس امام باڑی کا ایک پختہ احاطہ بھی بنا ہوا ہے اور اوسکے پھاٹک دروازہ پر یہ تاریخ کندہ ہے قال محمد حبیب اللہ انا مدینۃ العلم و علی بابہا سنہ ۱۱۶۶ ہجری ۔۔ در عہد مبارک احمد شاہ بہادر بادشاہ غازی بموجب ارشاد نواب قدسیہ حضرت صاحب زمانیہ باہتمام نواب بہادر جاوید خان صاحب سر براہی خاکسار لطف علی خان تعمیر قلعہ و مجلس خانہ و مسجد و حوض در یک سال مرتب شد بعد اب ہم اس مقام پر اس درگاہ کا نقشہ لکھتے ہیں

کربلا


اسی احاطہ کے پاس مرزا اشرف بیگ خان نے ایک پختہ چار دیواری بنوادی ہے اور اسمیں تمام شہر کے تعزیہ دفن ہوتے ہیں اور اس احاطہ کا نام کربلا ہے ۔۔

مقبرہ نجف خان

اسی کے پاس نجف خان کا مقبرہ ہے جو اس قریب زمانہ میں بخشی تھے اور اونکے قبر پر تاریخ کندہ ہے اور یہ تربت نجف مادہ تاریخ ہے

مقبرہ منصور

یہ مقبرہ بہت نامی منصور علیخاں صفدر جنگ کا جو وزیر تھے احمد شاہ بادشاہ کے اس عمارت کی خوبصورتی بیان سے باہر ہے یہ مقبرہ سر سے پاؤں تک سنگ سرخ کا بنا ہوا ہے اور بیچ بیچ میں سنگ مرمر کی پٹیاں اور چوکے لگے ہوئے ہیں صحن اسکا تمام سنگ مرمر کا ہے اور اندر اندر تک سنگ مرمر لگا ہوا ہے اور قبر کا تعویذ بھی سنگ مرمر کا ہے اور اوسمیں ایک تہ خانہ ہے جسمیں اصل قبر بنی ہوئی ہے عمارت اسکی ایسی نازک اور زنانہ ہے کہ اسی لطیف میں رکھتی تقسیم مکانات کی اس خوبصورتی سے کی ہے کہ بیان میں نہیں آسکتی گرد اسکے چار دیواری کھنچی ہوئی ہے اور اوسمیں بہت تحفہ باغ آراستہ ہے چاروں طرف اس مقبرہ کے چار نہریں بہت پاکیزہ بنی ہیں اور انکے آراستہ ہیں باغ کے تینوں طرف مکانات دلکشا بنے ہوئے ہیں جنوبی مکان موتی محل کر مشہور ہے اور صاحبان انگریز اسمیں سیر اور تماشہ کو ٹھہرتے ہیں غربی مکان جنگلی محل کرکے مشہور ہے اور یہ بھی بہت عمدہ مکان ہے اور شمالی مکان کو کہ نہایت تحفہ اور عمدہ بنا ہوا ہے بادشاہ پسند کہتے ہیں صحن باغ شرقی میں دروازہ ہے بہت بلند اور اوس دروازہ میں طرح طرح کے مکانات اور حجریاں بنی ہوئی ہیں اور اوس دروازہ کے اوپر ایک بارہ دری ہے بہت بلند اور نہایت خوشنما غرضکہ یہ دروازہ بھی



ہے گو وہ معقول ہے اس دروازہ کے متصل جانب شمال ایک مسجد ہے سنگ سرخ کی نہایت نفیس اور پاکیزہ لیکن فرش کی سبب کہ اوسمین نماز نہین ہوتی اس مقبرے کی چار دیواری کے چارون کونون پر چار برج ہین اور اونمین سنگ سرخ کی جالیان لگی ہوئی ہین درست ان جالیون مین بہت بہار معلوم ہوتی ہے اور یہہ دکھائی دیتا ہے کہ جیسے ابر بہار یہہ مقبرہ سیدی بابل محمد خان کے اہتمام مین تین لاکھہ روپیہ خرچ ہو کر تیار ہوا ہے اور مقبرے کے اندر یہہ تاریخ کندہ ہے

تاریخ

جوان منصور عرصۂ مردی	ز دار فنا گشت رحلت گزین	چنین سال تاریخ او شد رقم	الٰہی بادا مقیم بہشت برین ۱۱۶۷

اور یہہ نقشہ ہے اس عمارت عالی کا

خیر پور — نقشہ

منصور کے مقبرہ کے سامنے ایک برج ہے بہت خوشنما اور اس برج کی عمارت اور مبارک پور کوٹلہ کے برج کی عمارت اور عیسی خان کے گنبد کی عمارت ایکسی ہے اگرچہ نہین معلوم ہوا کہ یہہ برج کس کے وقت کے ہین مگر اسمین کچھ شک نہین کہ پٹھانون کے وقت کے ہین کوئی امیر ہونگے جنکے نام سے یہہ گانو آباد ہوا اونکا یا اونکے لواحقون کا یہہ گنبد بھی ہوگا غرضکہ اسکی عمارت بھی بہت خوب اور نہایت عمدہ ہے کہ نقشہ دیکھنے سے اوسکی خوبی معلوم ہوتی ہے

مسجد و مقبرہ — نقشہ

اسی برج کے پاس ایک اور مسجد اور مقبرہ ہے پٹھانون کے وقت کا کہ اسکا حال بھی کچھہ مفصل نہین دریافت ہو سکتا اس مقبرہ کے پاس جو مسجد ہے وہ بہت تحفہ بنی ہوئی ہے اگرچہ وہ مسجد چونہ اور پتھر کی ہے لیکن چونہ کاری مین ایسے گل بوٹے بنائے ہین اور زینت کاری کی ہے کہ دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے مسجد کی پیشانی پر چونہ کاری سے آیات قرآنی کندہ ہین اس مسجد اور مقبرہ مین زمیندار آباد ہین اور تمام عمارت کو خراب کر دیا غرضکہ اب جو کچھہ حال اس عمارت کا ہے اور جیسی ٹوٹی پھوٹی رہگئی ہے وہ نقشہ کے دیکھنے سے بخوبی معلوم ہوتی ہے ٭

مقبرہ سلطان سکندر بہلول — نقشہ

انہی برجون کے پاس ایک برج ہے بعینہ اوسیطرح کا جسطرح کا کہ عیسی خان کا اور مبارک پور کوٹلہ کا گنبد ہے کہتے ہین کہ یہہ مقبرہ نظام خان الملقب بہ علاء الدین سلطان سکندر شاہ بن سلطان بہلول لودھی کا ہے اور چونکہ سکندر شاہ تیرھوین ذیقعدہ سنہ ۹۲۳ ہجری کو مرا ہے اس سبب سے کہا جا سکتا ہے کہ یہہ مقبرہ بھی اوسی زمانہ مین بنا ہوگا کہ اس بات کو تین سو اڑتالیس برس کے قریب عرصہ ہوا غرضکہ یہہ عمارت بھی بہت اچھی ہے اور اسکا اس مقام پہ ہے

انکا نقشہ لکھتے ہیں جسکے دیکھنے سے اس عمارت کا حال معلوم ہو سکتا ہے ⁂


جنتر منتر

جنتر کے معنی سنسکرت زبان میں آلہ رصد کے ہیں لیکن عوام الناس میں سے آلات جنتر منتر کے مشہور ہیں بہرحال یہ عمارت آلات رصد میں جو محمد شاہ بادشاہ کے عہد میں بنی تھی اور بڑے بڑے ریاضی دان ہندو اور مسلمان اسمیں شریک تھے جو کوئی ان آلات کو دیکھے سے علاوہ رکھتی ہے کہ کیسی کیسی قوسیں اور کیسے کیسے دائرہ مجسم بنائے ہیں کہ تدویر فلک بھی اوسکے آگے تدویر سے تر معلوم ہوتی ہے افسوس ہے کہ یہ آلات عالی جو کہ ہو بہو معقولات سے تھا نہایت ہی مرمت پڑے ہیں اور بہت جگہ سے شکستہ ہو گئی ہیں رصد جانہ کے بدلے یہ جگہ مزار جانہ ہو گیا ہے ہر برج میں یہ اور سے ہر تدویر اور درجہ اور دقیقہ میں تو موسم گوہ کا ڈھیر ہو گیا ہے ایسی نوبت یہاں تھی کہ نقشہ کھینچنے کو کھڑا مشکل پڑا تھا ۔ کل من علیہا فان ویبقی وجہ ربک ذو الجلال والاکرام ۔ بہرحال یہ عمارت رصد جانہ ہے اور حالات کواکب اور گردش ثوابت و سیار اور اختلاف یوم و لیلہ اور طالع و مطالع بلاد اس سے معلوم ہوتے ہیں ۔ اور ہر طرح کی رصد کی جا سکتی ہے اگر میں ان آلات کی صنعت کے طرق اور انکے اعمال کے قواعد لکھوں تو اسکو تو ایک کتاب علاحدہ چاہیئے اگر موت نے مہلت دی اور خدا نے بھی چاہا تو ان آلات کے صنعت و اعمال میں ایک رسالہ علاحدہ لکھونگا اس مقام پر صرف ان آلات کا بیان ہیئت کرتا ہوں واضح ہو کہ تمام سے کہ اکثر آلات رصد ٹوٹ گئے ہیں صرف چار آلہ باقی رہ گئے ہیں کہ ان چاروں کا ذکر موقع بموقع لکھتا ہوں

مقیاس

یہ ایک جنتر ہے بہت خوب اور اس سے بہت سے اعمال ہوتے ہیں ہیئت اسکی یہ ہے کہ ایک قوس معدل النہار کی عرض موافق عرض بلد کے منحرف کہ ہر درجہ اوسکا دس ایچ اور چار عشر کا ہے بنا ہے اور اوسکے نیچے اوپر دو دو طرف درجات تقسیم کیے تھے اور ہر درجہ کو دس ٹکڑے کر کے ہر ایک ٹکڑے کے چھ ٹکڑے کر ڈالے تھے کہ اس تقسیم کے سبب ہر درجہ ساٹھ دقیقہ پر منقسم ہو گیا تھا اور اوسکے بیچ میں ایک پاکھہ کہ اوسکو مقیاس کہتے ہیں بنایا ہے کہ اوسکی تقسیم موافق درجات قوس کے کی تھی اور اوسمیں چھیاسٹھ ۶۶ زینہ بنائے ہیں کہ اوپر سے اوپر چڑھ جاتے ہیں معلوم ہے کہ پانچ زینہ اوپر کے پاس سے ٹوٹ گئے ہیں اور چھپن ۵۶ زینہ نیچے کے اور پانچ زینہ اوپر کے ثابت ہیں طول پاکھہ کا حد سے چوٹی تک ایک سو سولہ ۱۱۶ فٹ کا ہے اور اوس پاکھہ کے اوپر ایک سمود بنایا ہے اور اوسپر دائرہ ہندی بنا ہوا تھا اور دوربیں وہاں رکھ کر اعمال کیا کرتے تھے اور اوس

نقشہ نمبر ۹۰ متعلقہ صفحہ ۱۹ باب اول



معدل النہار کے دونوطرف ایک دیوار مماس قوس کی بناکر اوسمین بھی زینہ بناتے ہین کہ اوسپر چڑھکر درجات قوس دیکھا کرتے تھے اوسکے نیچے ایک تہ خانہ تھا کہ اب مٹی سے بند ہوگیا ہے اور اوس پر ایک سوراخ چھوٹا سا تھا کہ اوس تہ خانہ مین بیٹھکر اور اوس سوراخ مین نظر ڈالکر رصد کواکب کیا کرتے تھے اوس قوس معدل النہار کا قطر ایک سو چھ ۱۰۶ فٹ کا ہے اور زینون کی دیوارون کا عرض دو فٹ کا اور ہر زینہ کا عرض ایک فٹ ساڑھے پانچ انچہ کا ہے اور صورت اس جنتر کی یہہ ہے جو نقشہ مین دکھائی دیتی ہے ::

[illegible]	کرہ مقعر	

اسی جنتر کے پاس جانب جنوب یہہ جنتر ہے اور حقیقت مین یہہ دو کرہ ہین مقعر اور اونکو اسطرح بنایا ہے کہ مدار قطب بروج کا ہر ایک مین ناقص ہے کہ اگر ایک کرہ کو اوٹھا کر دوسرے کرہ پر اسطرح رکھدین کہ قطب شمالی قطب جنوبی پر اور قطب جنوبی قطب شمالی پر منطبق ہوجاوے تو یہہ ایک کرہ پورا بن جاوے اور دونو قطبون کا مدار بھی پورا ہوجاوے بہرحال ان کرون مین بارہ قوسین بنائی ہین چھہ خالی اور چھہ بھری کہ یہہ بارہ برج ہین اور قطب جنوبی پر ایک سیخ آہنی چھوٹی سی لگی ہوئی تھی کہ اب اوسکو لوگ اوکھاڑ لیگئے ہین اور جانب قطب شمالی کا دونو مین ناقص ہے اور وہان ایک نشان خط نصف النہار کا بنادیا ہے اور اون کرون کی چارون طرف چار چبوترہ بنائے ہین کہ اون پر بیٹھکر اندر کے سایہ کا حال دیکھا کرتے تھے اور ہر خالی قوس مین زینہ بنائے ہین دونو کرونکا قطر چھبیس ۲۶ فٹ سات انچہ کا ہے اگرچہ ان کرون کی صورت جیسی دل چاہتا ہے نقشہ مین نہین آسکتی اور تقریر مین انکی دکھائی نہین دی سکتا مگر جیسا ممکن ہے نقشہ مین موجود ہے اوسکو دیکھو اور ساخت مقعر کو خیال کرو ::

[illegible]	دوائر الظل	

انھی دونو کرہ مقعر کے پاس جانب جنوب قریب ایکدیگر یہہ دو دائرہ ہین چار طبقہ کے اور انسے رصد ظل ہوتا ہے دائرونکا ایک درجہ زمین مین دبا ہوا ہے اور تین درجہ اوپر نکلے ہوئے ہین ان دائرونمین ساٹھہ جا بنائے ہین تیس ثابت اور تیس خالی کہ اس سبب سے محرابین طاق طاق کے طور پر ہوگئی ہین کہ ہر ایک پایہ ثابت اور طاق خالی کا عرض دو فٹ ساڑھے دس انچہ کا ہے اور اوسکے اندر جیون بیچ مین ایک عمود بطور مقیاس کے ہے کہ اوسکا محیط سترہ فٹ ایک انچہ کا ہے اور نصف قطر دائرہ کا سوائے عمود کے چوبیس ۲۴ فٹ کا ہے اور قطر عمود کا تخمینا پانچ فٹ آٹھہ انچہ کا ہے کہ کل قطر دائرہ کا ترپن فٹ آٹھہ انچہ کا ہوا اور اوسکے اندر بھی سیڑھیان خالی اور بھری موافق اعداد خانون کے بنادی ہین غرضکہ اب اس مقام پر ہم ان دونو دائرونکا نقشہ کھینچتے ہین

کہ جسکے دیکھنے سے ان دائروں کی صورت بخوبی معلوم ہوتی ہے د ہ وبا


قسمی دوائر العظام — چ

پہلے حصے کے جانب شمال یہ حصہ ہے اس صورت سے کہ ایک چبوترہ سلامی بنایا ہے کہ شمال کیطرف سے بقدر عرض بلند مرتفع ہے اور اوسکے اوپر دو دو قوسیں جانب مشرق و مغرب دوائر عظام میں سے ہیں اندر کی قوس کا قطر بیس فٹ دو انچہ کا ہے اور عرض قوس کا ایک فٹ سات انچہ کا ہے اور اوسکے بعد ایک قوس اور ہے کہ اوسکا قطر بتیس فٹ کئی انچہ کا ہے اور عرض ایک فٹ سات انچہ کا اور فصل درمیان قوسین کے جانب شمال سے صرف تین فٹ دو انچہ کا ہے اور جانب جنوب کا لست شکستہ ہو جانے سے معلوم نہیں ہوا غرضکہ یہ چار قوسیں ہیں دو جانب شرق اور بعینہ اسیطرح دو جانب غرب اور اسکے تیس زینے ہوتے ہیں کہ اوپر چڑھکر درجات قوسوں کے دیکھا کرتے تھے اس مقام پر بھی مثل پہلے حصے کے ایک قوس معدل النہار کی بنائی ہے اور بدستور سابق زینہ سے اترتے ہوتے ہیں اور علاوہ اس قوس کے صرف جانب جنوب ایک قوس بنائی ہے اسطرح پر کہ اگر اوسکو پورا دائرہ فرض کریں تو سمت الراس اور سمت القدم پر مرور کرے اس قوس کے پاس بھی سیڑھیاں درجات دیکھنے کو بنادی ہیں اور اس مقام پر اور کچھ آلات بھی بنے ہوتے تھے کہ وہ بالکل شکستہ ہو گئے ہیں ہم نے اس مقام کا نقشہ لکھنچا ہے کہ اوس سے کیفیت عمارتوں کی بخوبی واضح ہوتی ہے ×

قدم شریف — چ

یہ درگاہ بہت نامی اور گرامی اور حقیقت میں قبر ہے شاہزادہ فتح خاں کی اور اوسکے اوپر نقش قدم رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم لگا ہوا ہے کہتے ہیں کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ معجزہ ہوا تھا اور یہ نقش پا پتھر پر بنا تھا واللہ اعلم بالصواب غرضکہ یہ قدم فیروز شاہ بادشاہ کے عہد میں آیا اور سنہ تسع وسبعمائہ میں جب شاہزادہ فتح خاں کا انتقال ہوا اور بادشاہ اوسکو نہایت چاہتا تھا یہ قدم شریف اسکی چھاتی پر لگا دیا گیا اور گرد اسکے مدرسہ اور مکانات و مسجد بنا دیے اور متصل چار دیواری کے ایک حوض بنا شروع کیا غرضکہ جو کچھ عمارت اس درگاہ میں قدیم ہے وہ سب فیروز شاہ کی بنائی ہوئی ہے قبر کے اوپر سنگ مرمر کا کٹہرا لگا ہوا ہے اور اسمیں پانی بھرتے ہیں اور قدم مبارک دھوکر تبرک لوگوں کو دیتے ہیں اور دور دور لیجاتے ہیں اور یہ شعر پڑھتے ہیں سنہ ۱۵ ای حسرت دل اسکے تیئں بیحاجات ہے دیا ہی قدم شریف کا آب حیات ہے ربیع الاول کو بارھویں تک یہاں بہت دھوم دھام سے میلہ رہا کرتا ہے خصوصاً بارھویں کو بہت دھوم ہوتی ہے

تشریح نمبر ۴۹ متعلقہ صفحہ ۱۳۲ حصہ اول



[illegible]

شعر

شہ عالیشان ہمامی محمد / [illegible]
ہدایت دستگاہ [illegible] محمد / [illegible] کیمیای محمد
[illegible] سگان کوی او / شدہ شیردان از گدای محمد

اب ہم اس مقام پر اس درگاہ کا نقشہ لکھتے ہیں وہو ہذا

درگاہ خواجہ باقی باللہ

یہ درگاہ ہے حضرت خواجہ باقی باللہ رضی اللہ تعالی عنہ کی انکا حال نہایت اشتہار سے محتاج میرے بیان کا نہیں اسواسطے انکے مزار مبارک کا حال لکھتا ہوں کہ انکا مزار مبارک چونہ کا زیر آسمان ہے اور ایسی فیض و برکت آپکے مزار سے ہے کہ جسکا کچھ بیان نہیں باوصف تابش آفتاب کے آپکا مزار ہمیشہ سرد رہتا ہے

جنوبی دروازہ درگاہ پر یہ اشعار لکھے ہوئے ہیں

خواجہ باقی آن امام اولیا / عارف باللہ اسرار [illegible]
[illegible] شرب فنا اندر بقا / محو حق گشتہ ز اسرار [illegible]
نکہت بستان سر انبیا / از نہال [illegible] گل شگفت
رحلت [illegible] / چون ندای ارجعی از حق شنفت
سال تاریخ وصالش خسرو [illegible] / فی باللہ نقشبندی [illegible] گفت

آپکے مزار مبارک کے سرہانے ایک دیوار ہے بطور چراغدان کے [illegible] اور اوس پر یہ قصیدہ لکھا ہوا ہے

قصیدہ

قبلہ ارباب معنی کعبہ اصحاب دین / مظہر فیض الہی صاحب علم الیقین
حامی دین نبی اکمل امام المتقین / سرو و فضل گرامی آل ختم المرسلین
کاشف اسرار مطلق [illegible] علم الیقین / محو ذات اقدس باللہ باقی بالیقین
غوث اعظم عروۃ الوثقی ز رب العالمین / قطب [illegible] شاہ جہان [illegible]
کامل عالی طریقہ مہدی راہ متین / بحر عرفان الہی مقتدای العارفین
راضی و مرضی حق بر ذات [illegible] / این کرامت ہست از محبوب رب العالمین
نور بیچون [illegible] تافتہ از حق [illegible] / شد زمین [illegible] قلب المومنین
کی توانم گفت [illegible] / ہست ذات خواجہ باقی رحمت للعالمین
نعمت اللہ باقی بود باقی [illegible] / مرجع [illegible] فضل [illegible]
خواجگی اکنہ شد مرشدان شاہدین / لیک بر مشرب [illegible]
[illegible] دایم [illegible]

چند و سال عیب او آخر بعد اربعین	وال رجب بود الف اثنا عشر و دو بیا	از وفات سلطان دوران ابن محمد مسلمین
ہر کہ آید بر مزارش ای برادر صدق و یقین	حاجتش گردد روا ہم مقصد بیاید ز دین	ماہر و عاصی بدرگاہش ہمی آید ہمین
تا بیابد لطف رحمت ہم نجات یوم دین	یاد بارِ رحمت رضوان از الہی یا	محمد خواجہ باقی راہ اولیاء ہمی سلیس

اس اہتمام پر ہم آپ کے مزار مبارک کا نقشہ لکھتے ہیں وہو ہذا

درگاہ سید حسن رسول نما

یہ درگاہ ہے حضرت سید حسن رسول نما رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کہ اولیائے کبار سے تھے انکا حال بھی اتنا مشہور ہے کہ محتاج بیان کا نہیں آپکو جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وہ تقرب حاصل تھا کہ جسکو چاہتے تھے آپکی زیارت سے مشرف کروا دیتے تھے اسی سبب سے رسول نما آپ کا لقب تھا آپکا مزار بھی زیر آسمان واقع ہے اور مزار شریف کے سرہانے یہ شعر کندہ ہے

شعر

حسن رسول نما امجاد آل حسن	اویس عربی بانی و ثالث حسنین


اور یہ نقشہ ہے آپ کے مزار مبارک کا فانظر الیہ

بولی بھٹیاری کے محل

آگے اس درگاہ سے بڑھکر یہ ایک مکان پہاڑی پر واقع ہے بنا کیا ہوا الولا جان بیگم کا کہ عوام اسکو بولی بھٹیاری کا محل کہتے ہیں بسبب مرتفع ہونے اوس پہاڑ کے دور تک کی سیر سبزہ زار کی خصوصاً موسم برسات میں جنگل پہاڑی کا بہنا اور سبزہ کا لہلہانا عجب ایک لطف دیتا ہے ہر ایک سال کے تمام شہر کے لوگ منجم علم نجوم ہی رکھتے ہیں وہاں ہوا دیکھنے جاتے ہیں اور ایک جھنڈی گاڑ کر ہوا دیکھتے ہیں اور ہزاروں آدمی ہندو مسلمان جمع ہوتے ہیں اور اس میلہ کا نام لوں پرچہ کا میلہ ہے ×

مسجد سرہندی

یہ ایک مسجد ہے لاہوری دروازہ کے باہر بنائی ہوئی سرہندی بیگم کی نہایت مرتفع مشتمل اوپر تین گنبد کے تمام وکمال سنگ سرخ کی بنی ہوئی صحن اوسکا وسیع اور خوشنما تھا اس سے کہ بیرون دروازہ لاہوری مردم اکرام کی بستی آباد تھی اور اطراف و جوانب سے لوگوں کی آمد و رفت وہاں ہوا کرتی تھی نماز ہر وقت کی بڑی جماعت کے ساتھ ہوا کرتی تھی ایک طرف سے جو دوسرا حجرہ سرکار کمپنی بہادر کے منہدم ہوگئی وہ کثرت نمازیوں کی



مگر ہر وقت مغرب البتہ ایک جماعت بزرگ ہو جاتی ہے اور چار دیواری بھی اس مسجد کی منہدم کر دی گئی ہے اگرچہ یہ مسجد کہنہ ہے لیکن اس طرح کا استحکام اسکو دیا گیا ہے کہ شاید قیامت ہی کی خبر لاوے تقریباً کہا جاتا ہے کہ مردہ اکرام کی سرا سے جو متصل اس مسجد کے تھی ایسی آباد تھی کہ کثرت آمد و رفت و ہجوم مردم سے ایک بالشت زمین قدم رکھنے کو نہیں ملتی تھی اور اوس سرا کے دروازہ کے باہر شام کو ہجوم سودا بیچنے والوں کا اس کثرت سے ہوتا تھا کہ برائے خود ایک بازار کلاں معلوم ہوتا تھا اور انواع اور اقسام کی چیزیں بہم پہنچ جاتی تھیں اور مردم شہر بھی بعضے خرید و فروخت اور بعضے اوسکی سیر کی واسطے اوس جگہ جمع ہو جاتے تھے اس سرا کی تاریخ جو اوسکے دروازہ پر کندہ تھی اوسکا مادہ تاریخ بہت لطیف و نہایت خوب اور پاکیزہ ہے اور از بسکہ نہایت بے تکلف ہے اوسکا لکھنا یہاں مناسب معلوم ہوا ٭

تاریخ

امشب کرمی کن بسرائے اکرام

کوٹھی جناب صاحب کلان بہادر دام اقبالہ

بیرون کشمیری دروازہ یہ کوٹھی واقع ہے حاکم دادگر و عدل گستر حاتم دوران نوشیروان زمان موسس اساس انصاف و داد ممہد عدالت بنا و معظم الدولہ امین الملک اختصاص یار خان فرزند ارجمند یکجان پیوند سلطانی طامس سیاقلس مٹکاف صاحب بارونٹ بہادر فیروز جنگ صاحب کلان دار الخلافۃ شاہجہان آباد دام اقبالہ کی بنائی ہوئی زمین چار دیواری کی اسقدر وسیع ہے کہ اگر ایک جہان اور پیدا ہو جاوے تو اوسکی گنجائش اوسمین ہو سکتی ہے اور کوٹھی اسقدر خوبصورت اور خوش وضع بنی ہے کہ اوسکو رشک ارم اور غیرت فردوس کہیں تو بجا ہے بلکہ مبالغہ اور اغراق کو اوسمین کچھ مدخل نہوگا انواع آرایش مکان کہ جسقدر ممکن اور متصور ہو وہ سب اوسمین موجود ہے در و دیوار اوسکی نہایت صفا سے ایک آئینہ ہے کہ ہوا کے چلنے سے شاید تکدر پیدا کرے اور غایت جلا سے جو اس بدن کی صورت اوسمین جلوہ گر ہو سکتی ہے ٭٭ زہی صفاے عمارت کہ در تماشایش ٭٭ بدیدہ باز نگردد نگاہ از دیوار ٭٭ اگر اس کوٹھی کی تعریف صفحہ کاغذ پر لکھی جاوے ایک دفتر ہو جاوے بلکہ ایک کتاب بنجاوے اسواسطے موقوف رکھا اور سچ اس کوٹھی کا تماشائی کی نظر میں ایسا دلچسپ ہے کہ ایک کو چھوڑ کر دوسرے درجہ میں آنے کو جی نہیں چاہتا اور جب دوسرے درجہ میں گیا وہاں سے ہٹنے کو طبیعت نہیں چاہتی غرضکہ ہر درجہ کا یہی حال ہے الحق یہ شعر ایسی مکان جنت نشان کی شان میں صادق آتا ہے

شعر

کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجاست	ز فرق تا بقدم ہر کجا کہ می نگرم

قدسیہ باغ

یہ باغ باہر کشمیری دروازہ کے صاحب کلاں بہادر دام اقبالہ کی کوٹھی سے ورے واقع ہے بنا کیا ہوا
نواب قدسیہ بیگم کا اوسکی بنا سے معلوم ہوتا ہے کہ باغ قدیم ہے قدیم سے تعلق سرکار بادشاہی میں چلا آتا
اوس میں ایک مسجد ہے سنگ سرخ کی نہایت خوش قطع اور وسیع اور دروازہ اوس باغ کے ایک بارہ دری ہے نہایت
کلاں اور بستہ نشین اوس میں نہایت وسیع اور خوشنما اور دلچسپ اور اوس بارہ دری کے پیچھے بھی ایک بائیں
باغ ہے ہرچند اس باغ کی آراستگی کی طرف کسیکو کچھ توجہ نہیں لیکن باوجود اسکے بھی ایسا تازہ اور ستھرا اور سرسبز
و روش ہے کہ قلم کو طاقت اسکے وصف کی نہیں ہر درخت اوسکا رشک قامت یار اور ہر گل اوسکا رشک رخ نگار
اس باغ کے سنبل سے طرہ نکویاں پیچ و تاب کھاتا ہے اور اس گلشن کی نکہت سے خط خوباں ایسا [illegible]
مہکتا ہے ہر اسکی کہکشاں سے بہتر اور سبزہ زار اوسکا مینو سے خوشتر جو نسیم یہاں سے چلکر بدن کو
لگتی ہے گویا نسیم جنت نعیم ہے اور ہوا ایسی کہ اسکی نہر میں نظر آتا ہے گویا آب کوثر و تسنیم ہے سمت مشرق میں
یہ باغ لب دریا کے جمن کے ہے شرقی دیوار سے تیر نظر کوسوں تک پہنچتا ہے ایکطرف سیر دریا اور ایکطرف
سبزہ زار کا تماشا سبحان اللہ عجب طرح کا لطف ہے کہ اوسکا بیان حیز قدرت سے باہر ہے

نگمبود


یہ ایک گھاٹ ہے ہنود کے غسل اور عبادت کے واسطے اونکے عقیدہ میں یہ جائے ایسی متبرک اور
پاک ہے کہ جو مردہ اس گھاٹ کی سرزمین پر جلتا ہے اوسکی آمرزش قطعی ہوتی ہے اور اوسکی مکت میں کچھ
شک نہیں اور اس کے ایک صفت یہ بیان کرتے ہیں کہ اگر اس جگہ مردہ جلایا جاوے بالفرض حیثیت قد معہود سے
کم بھی ہوں تو بھی مردہ بالکل جل جاتا ہے خلاف اور جائے کہ وہاں مردہ کے جلانیکے واسطے اسباب جلانیکا بہت
چاہیے لیکن یہاں ایک لطیفہ یاد آیا کہ کسی ہندو نے ایک مسلمان سے اس سرزمین کے متبرک اور بزرگ ہونے کی
دلیل یہی بیان کی اسنے کہا کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ طبقہ آتش اس سرزمین سے بہت قریب ہے
بعض اس سرزمین کے بزرگ اور متبرک ہونے کی ایک یہ وجہ بھی بیان کرتے ہیں کہ سابقے ایک زمانہ دراز کے
نیلی چھتری کے قریب جو ایک سنگہ کے طور پر جیسی بنہ ور دست ہے زیر قلعہ دریا کے پار اشنان ہی ہوتی ہے



[illegible] SHAH FORTRESS WITH THE EMPEROR JEHANGEER'S BRIDGE CONNECTING IT WITH THE DELHI PALACE

نقشہ متعلقہ صفحہ ۱۰۹

نقشہ بنارس



بیٹھ کر عبادت میں مصروف رہتے ہیں اور اہم مقصود اونکا اس بیٹھنے سے سوتی ناموس کا انتظار تھا اور انکے عقیدہ میں یہہ ہے کہ باوجود سینکڑون برس کے انتظار کے وہ ناموس نہ آتی جب وہ تنگ ہوکر اوٹھ کھڑے ہوتے اور ناموس مذکور کو بددعا کی کہ تو کل جگ میں اکثر آدے گی اسی واسطے اس زمانہ میں ہر سال آتی ہے بہرکیف یہہ گھاٹ عجب ایک مکان ہے کہ روے زمین پر اسکا نظیر نہو گا سب گھاٹ اسکے سنگ سرخ سے بنے ہوئے اور معابد بھی اکثر سنگ سرخ کے بنا کیے ہوئے ہیں ہر صبح کو اسقدر ہجوم مرد و زن ہنود کا واسطے غسل کے ہوتا ہے کہ دریاے جمن میں کثرت مردم ہجوم مردم آبی کا معلوم ہوتا ہے حسن اون عورتوں نکا جو واسطے غسل کے جمع ہوتی ہین کیا بیان کیا جاوے کہ اگر آفتاب کی گردش تابع گردش فلک کی نہوتی بسبب شرم و خجالت کے کبھی اسکے وہان ہونے تک مشرق سے سر بدر نکرتا

شعر

فتادند در کفر صبر و شکیب	حذر از کمرهای زنار زیب	ره مایه داران ایمان زنند	بجز دار نقد دل و جان زنند

نیلی چھتری

یہہ ایک گنبد ہے بنگلہ نما معروف بہ نیلی چھتری کہ اوسکو ہمایون بادشاہ نے سنہ نو سو اونتالیس ہجری میں بنا کیا ہے پار دریاے جمن کے تنگو دکیطرف نیچے سلیم گڈھ کے اور ہمایون بادشاہ اکثر اوجاتا وہان بیٹھکر سیر دریا کرتے تھے بعضے اوسکا نام بنگلہ جہانگیر بادشاہ کہتے ہیں اور بعضے یون مشہور کرتے ہیں کہ یہ چھتری قدیم سے ہے کہ بادشاہ جہانگیر نے اوسکی شکست و ریخت کی مرمت از سر نو کی اور چھتری کی علامتیں منہدم کرکے بطور بنگلہ کے مرتب کر دیا اصل اس مقدمہ کی بعد تامل کے یہہ معلوم ہوتی کہ یہان قدیم سے پنڈون کے وقت سے ایک چھتری ہوگی کہ ہمایون بادشاہ نے اوسکو منہدم کیا اور یہہ بنگلہ اپنی طرف سے بنا کر نشست گاہ اور سیرگاہ مقرر کیا اور جہانگیر بادشاہ نے اپنے وقت میں اوسکی کچھ مرمت کرکے یہہ کتبہ بنگلہ کے اندر لکھوا دیا

الله اکبر بدبیئہ جہانگیر شاہ بن اکبر شاہ

عجب پرفیض جاے کامرانی است	نشیمن گاہ جنت آشیانی است

اور جنت آشیانی بعد وفات کے نام ہمایون بادشاہ کا ہوا تھا ×

باغات

واضح ہو کہ بیرون کشمیری دروازہ و لاہوری دروازہ شہر پناہ کے باغات قدیم مثل روشن آرا اور مہندی


ومحلدار خاں اور شالہ مار کہ شاہجہانی باغ سے باغات قدیم سے اور باغ نواب حامد علیخاں بہادر اور باغ جناب مولانا محمد صدالدین خاں بہادر وغیرہ باغات جدید سے ہیں لیکن چونکہ اونکے لکھنے میں بحسب طوالت کے اور کچھ فائدہ نہ تھا اسواسطے فروگذاشت کئے گیے

پہلا باب تمام ہوا




به عون صانع بیچون و مکان فضل خلاق زمین و زمن

کتاب حذاقت انتساب متضمن حالات تعمیرات قلعه و باشندگان شهر دهلی مسمی به



تصنیف جواد الدوله سید احمد خان صاحب بهادر عارف جنگ سابق منصف دار الخلافه شاهجهان آباد

مطبع نامی منشی نولکشور میں مطبوع ہوا



باب دوسرا

قلعۂ معلی کی عمارات کے حال میں

زہی قلعہ کاندر اساس او دی	بہ اردی بہشت است آن گل زمی	تو ورش گل کوہساری دمید	ز دستان نسیم بہاری دمید
بہشتی شدہ پیشہ پیرامنش	وگر کہ تری بستہ سرو آشنش	سواد تن بس سبزہ رنگیا	چو باغ ارم مایہ صد امید
اگر ابسدہ گردت پا سودگی	ور رستہ خاکستر آلودگی	بہ یک سال ریحان او سبز تاج	بہ یک تنہ دو بار دہم خراج
زمین تاب ریز آختہ اند	تو گوئی ز دوران سحر ان گشتہ اند	چرا سیدہ بر سبزہ آن زمین	خیالی بہ صد سحر جری

زہی بلند پایہ حصار کہ اگر آسمان اوسکے ایک برج کے کلس کی وسعت پیدا کرے کلاہ تفاخر کو اپنے سر پر کج رکھے اور اگر سپہر برین اوسکے ایک کنگرہ کی رفعت بہم پہونچاوے اپنے جامے میں نہ سماوے اندیشہ اوسکی بلندی دیوار کے اندازہ کرنے میں حیران اور عقل اوسکی وسعت کی تحقیق میں سرگردان اوسکی دیواریں آسمان سے کیلئے مثال اور اوسکی خندق غیرت محیط و عمان نظم ایک اندیشہ بستہ از سحر حرم با طلسمی میان وجود و عدم بر جہان را صرور است خمیازہ کہ از سایہ اش گاہ اماں رہ بسے قاصد

نقشہ کمرہ پا مشقاتہ د مدا سے ماس ۲

نقشہ رنگ محل کا اندر سے

اسکی یہہ ہے کہ بموجب فرمان قضا جریان اس بادشاہ کے یہہ قلعہ بنا شروع ہوا اور سال دوازدہم جلوس
شاہجہانی میں مطابق شب جمعہ دوازدہم ذیحجہ ۱۰۴۸ سنہ ہجری ایک ہزار اڑتالیس مطابق نوین اردی بہشت
۱۱ سنہ ملک شاہی کے اچھی سے اچھی ساعت دیکھکر اوستاد حامد اور اوستاد احمد معمارون نے
کہ اپنے فن میں اپنا اپنا نظیر نہ رکھتے تھے اور ہندسہ و حساب میں ثانی اقلیدس اور رشک ارشمیدس
تھے اس قلعہ کی بنا رکھی چنانچہ تاریخ بیٹھک میں کندہ ہے لیکن ہمنے تاریخ کا غذات کہنہ میں سے
ایک زائچہ بنا اس قلعہ کا لگا اوسکو بھی واسطے ملاحظہ ناظرین کے درج کتاب کرتا ہون اور اوس زائچہ میں تاریخ
بنا یہہ لکھی ہے ۔ جمعہ کی رات کو پانچ ساعت اور بارہ دقیقہ گذرنے کے بعد نوین محرم ۱۰۴۹ سنہ ایکہزار
اونچاس ہجری کو مطابق چہبیسوین اردی بہشت ۱۱ سنہ یا سنہ ایکسٹھ ملک شاہی کو بطالع دلو اس
قلعہ کی بنا پڑی ہے اور وہ زائچہ یہہ ہے ۔

زائچہ بناے قلعہ شاہجہان آباد بطالع دلو از مغرب پنج ساعت دوازدہ دقیقہ از شب جمعہ نہم محرم ۱۰۴۹ سنہ ہجری
موافق بست و چہارم اردی بہشت ۱۱ سنہ ملک شاہی

راس
جدی
قوس مشتری
لوہا
حوت طالع
دلو
حمل
لوہا
ثور شمس
عقرب
الالدرجے
سہم الغیب
سہم السعادت
میزان
لوہا
اسد
زہرہ
مریخ
عطارد
سرطان
سنبلہ

غرضکہ جب اس قلعہ کی بنیاد پڑی اور بنا شروع ہوا ۔ حضرت بادشاہ جہان پناہ کیطرف سے نہایت
تاکید ہوئی کہ جسقدر جلد ہو سکے اس قلعہ کو پورا کرو اور اس طلسم کو کہ رشک فردوس بریں ہوگا انجام کو
پہونچاو چنانچہ تمام قلمرو سلطانی سے بڑے بڑے کاریگر سنگتراش اور معمار بلائے گئے اور طرح طرح کے

مستکار اور پرچین ساز حاضر ہوئے اور ہزاروں مزدور اس قلعہ بنانے میں مصروف ہوئے سب سے پہلے اس قلعہ کا اہتمام عزت خاں کو سپرد ہوا اور اوسنے سولہویں جمادی الاول ۱۰۴۹ھ تک تاریخ بنانے پانچ مہینہ دو دن اس قلعہ کی نیویں کھودوائے اور مصالح جمع کرنے میں ہمت مصروف کی اور اوسکے اہتمام سے قلعہ کی تمام نیو کھد گئی اور کچھہ مصالح بھی جمع ہو گیا اور بعضی بعضی جگہہ ست پایہ بھی اونچہ آئی جب کہ عزت خاں ٹھٹھہ کی صوبہداری پر مامور ہوا اوس قلعہ کا اہتمام الہ وردی خاں صوبہ دار کو سپرد ہوا اور دو برس ایک مہینہ گیارہ دن الہ وردی خاں کے اہتمام میں یہہ قلعہ بنا اور ہر طرف سے بارہ بارہ گز اونچا ہو گیا تھا بعد اوسکے یہہ کام مکرمت خاں کے سپرد ہوا اور مکرمت خاں کے اہتمام اور سعی سے سال بستم جلوس شاہجہاں میں یہہ قلعہ بنکر طیار ہو گیا اوس زمانہ میں شاہجہاں بادشاہ کابل میں رونق افروز تھے اور وہانکی سیر و سیاحت کرتے تھے کہ مکرمت خاں نے اپنی عرضی بھیجی اور لکھا کہ دولتخانہ بادشاہی اور ایوان حضرت ظل الٰہی بنکر تیار ہو گیا اور دیوان خاص و عام و حمام و محل و بہت سے عمارت اقسام سجہ رہائے اور اس قطعہ بہشت کو اپنی برکت قدوم میمنت لزوم سے رشک فردوس برین کیجئے بادشاہ کہ خود ایکدل سے ہزار دل اوسکے دیکھنے کے مشتاق تھے لفور پہونچنے اس عرضی کے حکم کوچ کا دیا اور سال بست و یکم جلوس والا میں مطابق چوبیسویں ربیع الاول ۱۰۵۸ھ ہجری میں اس قلعہ معلی میں داخل ہوئے آراستگی بازار اور دلچسپی مکانات سے ہر ایک کو عالم حیرت تھا اور نہر کے بہنے اور فواروں کے چھوٹنے سے اور ہی عالم دکھائی دیتا تھا اور بیشک جنت کے ہونے پر یقین ہوتا تھا اس قلعہ کی وسعت اکبرآباد کے قلعہ سے دوگنی ہے یہہ قلعہ آٹھہ برس کے عرصہ میں باوصف استعداد اسی اہتمام کے ساتھ بنا کہتے ہیں کہ پچاس لاکھہ روپیہ اس قلعہ کی عمارت میں اور پچاس قلعہ کے اندر کے مکانوں کی عمارت میں خرچ ہوا ہے اور یہہ قلعہ مشتمل ہے چار دروازوں اور دو کھڑکیوں اور اکیس[21] برجوں پر ان برجوں میں سے سات برج مدور اور چودہ مثمن ہیں اور چار دیواری کا محیط کہ تخمیناً [illegible] ہے ہزار گز کا طول اور چھہ سو گز کا عرض اور پچاس گز کا ارتفاع کنگرہ سے تا کر نیو تک رکھتا ہے اور چھپاوا اوسکی گیارہ گز کے ہے اوسکے نیچے کا عرض پندرہ اور اوپر کا دس گز کا ہے اور قلعہ کی زمین چھہ لاکھہ گز ہے اس قلعہ کی ضلع شرقی کی بلندی جو دریای جون کی طرف واقع ہے پانی کے کنارہ سے عمارت کی کرسی بارہ گز کی ہے اور لیکہ دریا سے جون اس قلعہ کے ضلع

نقشہ دہانہ دروازہ قلعہ علی

متصل ہے خندق پچیس گز کی چوڑی اور دس گز کی عمیق اور اضلاع مین اوس قلعہ کے کھود کر نہر کا پانی اوسین ڈالا ہے اور وہ پانی دو طرف دریا ے جون مین جاتا ہے دور اوس خندق کا تین ہزار چھہ سو گز کا ہے سب بارہ و برج اوج سے حضیض اور کنگرہ سے خاکریز تک سنگ سرخ سے بنے ہوئے ہین اور سب عمارتین دولتخانہ کی مثلا عمارت برج شمالی اور باغ حیات بخش اور حمام اور شاہ محل مشہور بدیوان خاص اور آرامگاہ مقدس اور برج طلائی اور امتیاز محل اور وہ عمارت جو قرینہ ہے خوابگاہ اقدس کا اور آرامگاہ محل خاص اور وہ عمارتین محل ملکہ دوران سے متعلق تھین اور وہ برج جو برج شمالی کا قرینہ اور ایک رستہ مین بترتیب واقع ہے اوس ضلع مین ایسی طرح سے بناے ہین کہ مشرق کی طرف دریا اور مغرب کی طرف سے باغ دلکشا ہین اور ایک نہر مسمی بہ نہر بہشت چار گز کی عرض کی شمال کیطرف سے آکر ان عمارت کے بیچ سے گذر کر جنوب کی طرف جاتی ہے جب حال تنگی اشتمال اس قلعہ آسمان پایہ کا بسبیل اجمال ناظرین کتاب پر واضح ہوا اب فکر بلند اس آرزو مین ہے کہ آپ جاے کی بعض عمارات نامی مشہور کا حال جنکا مثل و عدیل سواے عالم مثال اور شہر بند خیال کے روی زمین پر نہین پایا جاتا اس کتاب مین لکھون تاکہ دیکھنے والون کو زیادہ لطف و کیفیت حاصل ہو

دروازہ جنوبی قلعہ معلی

یہ ایک دروازہ ہے رفیع الشان بلند بنیان کہ جسکی رفعت کے آگے آسمان پستی خاک سے کمتر اور جسکی اوج آسمان سوچ کے سامنے اوج ثابت و سیار حضیض مین سی پست تر ہے دروازہ سر سے پاؤن تک سنگ سرخ کا بنا ہوا ہے اور جابجا مقامات مناسب پر سنگ مرمر کی پچی کاری کی ہوئی ہے ابداو اس دروازہ کے گنبد آسمان سے بھی فوق لیجاتے ہین اور طاق ان کے کہکشان سے بھی خوشتر دکھائی دیتے ہین اس دروازہ کو قلعہ کا دہلی دروازہ بھی کہتے ہین اسواسطے کہ پرانی دلی کیطرف واقع ہے اور اکبری دروازہ بھی کہتے ہین اس سبب سے کہ اکبراباد کا بھی اسیطرف سے رستہ ہے اور ہتھیا پول بھی کہتے ہین اسواسطے کہ سابق مین اس دروازہ کے آگے پتھر کے دو ہاتی کہ کلانی اور کوہ مثالی مین سچ مچ کے ہاتیون کے برابر بنے ہوئے تھے اور اسی سبب سے ہتیاپول کہتے تھے کہ ہندی محاورہ مین پول دروازہ کے معنی مین ہے یعنی دروازہ فیلان مگر عہد سلطنت محی الدین محمد اورنگ زیب عالمگیر کے مین یہہ دونو ہاتی توڑے گئے اور اوس بادشاہ دین پناہ نے اسطرحکی تصویرین دروازون پر بنانے کو رسم ہنود اور خلاف طریقہ اسلام سمجھکر توڑوا ڈالا اس دروازہ کے سامنے ایک اونٹ نہ تھی اور شہر کے آگے دلی دروازہ مین سے نظر ہوکر دور تک جنگل مین چلے جاتے تھے حضرت

عالمگیر نے اس بات کو بھی نامناسب جانا اور اس دروازہ کے آگے ایک اور چوک بنا کر اوسکا دروازہ جانب شمال رکھا کہ اس سبب سے اس دروازہ کے اوٹ ہوگئی اور اس ہوڑ کا نام گھونگٹ اور [illegible] اوس زمانہ میں مشہور ہے جب کہ حضرت عالمگیر نے بعضے مصلحتوں کے سبب اپنے والد ماجد شہاب الدین محمد شاہجہاں کو کنج عبادت میں بٹھایا اور کار سلطنت اپنے ذمہ لیا مشہور ہے کہ جب شاہجہاں نے یہ بات سنی تو عالمگیر کو لکھا کہ اے فرزند اس قلعہ کو دلہن بنایا اور اوسکا گھونگٹ نکالا اس قلعہ کے گرد خندق ہے کہ اوسکا حال ہم اوپر بیان کر چکے ہیں اس دروازہ کے آگے بھی خندق تھی اور اوس پر تختہ لگا ہوا تھا کہ جب چاہتے تھے تختہ اوٹھا لیتے تھے اور سبب خندق اور پانی کے قلعہ کا رستہ بند رہتا تھا لیکن حضرت عرش آرامگاہ محمد اکبر شاہ ثانی کے وقت میں سرکار دولتمدار انگریزی کیطرف سے اس دروازہ کے آگے پل بن گیا ہے اور یہ کتبہ سنگ مرمر میں لگا دیا ہے

سنہ ۵ جلوس والا سنہ ۱۲۲۶ ہجری ہوئے الف ۱۸۱۱ عیسوی در عہد شاہ جم جاہ محمد اکبر شاہ بادشاہ غازی صاحب قران ثانی باہتمام ولاور الدولہ رابرٹ اسمتھ بہادر والیس پل فیض منزل تعمیر یافت

اس دروازہ سے اندر آنکر جلوخانہ کا چوک ہے دو سو گز کے طول اور ایک سو چالیس گز کے عرض سے اوس میں تین دروازہ ہو اور ایک طرف نقارخانہ جنوبی میں تو یہی دروازہ ہے اور شمالی دروازہ میں سے اصل جانب نور گڑھ کیطرف رستہ جاتا ہے اس چوک میں ایک حوض ہے اور سرتاسر ایک نہر چار گز کے عرض سے بہتی ہے جو [illegible] مغرب کی طرف جاکر خندق میں پڑتی ہے

چھتہ لاہوری دروازہ

جانب مغرب اس چوک کے لاہوری دروازہ کا چھتہ ہے یہ چھتہ بھی عجائب روزگار سے ہے اسکے صانع نے عجب عجب طرح کے طلسمات اور انواع انواع عجائبات بنائے ہیں یعنی اسکا اندازہ ایسا مرتفع ہے کہ سقف فلک کی مانند دکھائی دیتا ہے اور اوس میں عجب عجب طرح سے لہریں اور موڑ توڑ بنائے ہیں کہ دیکھنے سے علاقہ رکھتے ہیں اس عمارت کی اونچائی اور ارتفاع پر طولانی بھی بہت ہے اور اس چھتہ کے دونو طرف مکانات دو کھنے اور ایوان ہائے فرحت افزا بنے ہوئے ہیں اور سب تا مرو سہلے مکان ہیں اور بیچ میں ایک چوک بنایا ہے اور اوسکی چھت روشنی کے لیے نہیں پاٹی اس چھتہ کو شاہجہاں کے وقت میں بازار مسقف کہا کرتے تھے اس

چھتے کے آگے لاہوری دروازہ ہے

لاہوری دروازہ قلعہ معلی

یہہ دروازہ فلک مثال اور کوہ تمثال بلندی اور رفعت مین اپنا نظیر اور زینت اور پرچین سازی مین اپنا عدیل نہین رکھتا جسطرح کہ دلی دروازہ قلعہ معلی کا بنا ہوا ہے اوسیطرحکا یہہ دروازہ بھی ہے اور اسیطرح حضرت اورنگ عالمگیر نے اس دروازہ کے آگے بھی گھوگس بنا دیا ہے اسواسطے کہ اس دروازہ مین سے بلکہ دیوان عام سے تمام چاندنی چوک اور فتحپوری تک نظر جاتی تھی امرای بادشاہی کو فتحپوری کی مسجد کے پاس سے اوترنا پڑتا تھا اور پیادہ دربار مین آنا ہوتا تھا اسکے آگے بھی خندق تھی اور تختہ لگا ہوا تھا حضرت اکبر بادشاہ ثانی کے وقت مین اوسکے آگے بھی پل بنا دیا اور اوسپر بھی بعینہ وہی کتبہ لگا ہوا ہے جو دلی دروازہ کے پل پر ہے یہہ دروازہ صاحب قلعہ دار کے تصرف مین ہے اور صاحب ممدوح اوسپر تشریف رکھتے ہین اور جو کہ یہہ دونو دروازے صورت و شکل مین ایک سے ہین اسواسطے ہم اس مقام پر دلی دروازہ کا نقشہ لکھتے ہین

نقار خانہ


اس چوک کے غربی ضلع مین بہت بڑا دروازہ ہے کہ آسمان سے باتین کرتا ہے اور اس دروازہ مین سے دیوان عام مین جانیکا رستہ ہے اور اس دروازہ پر دالان دلکشا و مکانات فرحت بخش بنے ہوے ہین اون مکانون مین نقار خانہ بادشاہی ہے اور دن رات اپنے معمول پر نوبت بجتی ہے کہ اوسکی آواز سے غم و الم کا دنیا مین نام نہین رہتا اور عالم عالم فرحت و شادمانی کا حشر ہوتا ہے ہر در و دیوار وحوش و طیور چرند و پرند و انس و جن اوسکی آواز سے مست ہوتے ہین اور عالم عالم شادمانی کا حاصل کرتے ہین اور نقارہ شادی کی صلاے عام ہے ہواخواہان جانثار کو اور دلیری اور بہادری کا سبب ہے بہادران دشمن شکار کو اور یہی آوازہ روح افزا دشمنونکی جان کو وبال ہے کہ ہیبت سے اونکا پتا پانی ہوتا ہے اور اوسکی دہشت سے اونکا جی نکلتا ہے یہہ عمارت تمام سنگ سرخ کی ہے بیچ مین دروازہ کلان ہے اور اودہر اودہر دو منزلے دو حجرے ہین کہ اونکے آگے بھی محرابین بنا دی ہین اور اونکی ادہر اودہر سیڑہیان اوپر جانیکو بنی ہوئی ہین اور اوسکے اوپر بیچ دردہ دالان ہے کہ اودہر اودہر دونو طرف اوسکے در نمودار ہین اوس دالان مین نوبت کا کارخانہ ہے اور نوبت شاہی بجتی ہے اور اسی سبب سے نقار خانہ کہلاتا ہے اوسکے اوپر چارون کونون پر چار برجیان ہین بہت خوشنما اور انکے سبب سے عجب رونق اس مکان کو حاصل ہو گئی ہے چنانچہ ہم اب اس مقام پر اوسکا نقشہ لکھتے ہین

دیوان عام

نقار خانے کے آگے ایک چوک ہے اور اوسمیں دیوان عام بنا ہوا ہے یہہ مکان بھی عجیب و غریب ہے اور جب تک
دربار عام ہوا کرتا تھا تو بادشاہ اس مقام میں دربار فرمایا کرتے تھے اس مکان میں جانب مشرق ٹوڈر کا کہ گھماؤدار
بنا ہوا ہے کہ سب در اوسکے ملکر ستائیس ہوے اور ہر ہر دالان کے نعل میں ایک ایک ست کرتی رایک طرف
اور میں رایکطرف کے چھہ ستون ہوے اس دالان عظیم الشان کا طول ستر گز کا اور عرض میں چوبیس گز کا ہر ہر
در میں ستون لگاے ہیں اور اوسپر محرابیں نہایت خوبصورت بنائی ہیں اگرچہ یہہ سارا دالان معہ چھت کے سنگ
سرخ کا بنا ہوا ہے لیکن اسپر بہت خوب سفیدی کرکے تمام سونیکا کام کیا تھا اور سنگ مرمر سا عالم بنا دیا تھا اور بیچ کے
در میں سنگ مرمر کا کٹہرا لگا ہوا ہے اور اسپر سنہری قبہ اور کلسیاں بنی ہوئی تھیں کہ اب اون کلسیوں کا نام نہیں
رہا مگر سنگ مرمر کا کٹہرا ٹوٹا پھوٹا باقی ہے یہہ دالان ایک چبوترہ پر واقع ہے کہ اوس چبوترہ کا طول ایکسو چار گز کا
اور عرض اسکا ایکسو سات گز کا ہے اور اوسکے گرد سنگ سرخ کا قد آدم کٹہرا لگا ہوا ہے اور اوسپر سنہری کلساں
تھیں کہ اب نہیں رہی ہیں یہہ کٹہرا بالکل مسمار ہو گیا تھا اور نام و نشان تک بھی نہیں رہا تھا سنہ جلوس بادشاہ
دین پناہ سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ غازی خلد اللہ ملکہ میں یہہ کٹہرہ از سر نو مرتب ہوا اور اس کٹہرہ کے آگے
بہت وسیع صحن ہے کہ جب جہاں بھی اوسکے آگے تنگ معلوم ہوتی ہے طول اوس صحن کا دوسو چار گز اور عرض سا ٹھہ گز
کا ہے اور اوس صحن کے گرداگرد دالان بنا ہوا ہے دلکشا اور نشیمن ہاے رفیع اور اسیے ہوتے ہیں اوسکی جانب جنوب کو ایک
دروازہ ہے کہ اوس طرف سے محلات شاہی اور اور مکانات کا رستہ جاتا ہے اور جانب شمال بھی ایک دروازہ ہے
کہ اوسمیں سے جالی نالی اور باغات کی طرف رستہ نکلتا ہے اور سامنے غرب ۔ ۔ ۔ نقار خانہ ہے کہ جسکا حال بیان ہو چکا

نشیمن ظل الہی

اس دالان میں ایک دالان کے بیچ میں ایک نشیمن بنا ہوا ہے کہ اسکو تخت شاہی اور اورنگ ظل سبحانی
کہتے ہیں یہہ نشیمن عجیب عمارت ہے کہ چشم فلک نے بھی ایسی لطیف نفیس عمارت نہ دیکھی ہوگی یہہ نشیمن کرسیدار
بنایا ہے تمام سنگ مرمر کا بنگلہ کے طور چار گز مربع میں اور اسپر چار ستون کہ حقیقت میں استاد آسمان ہیں بنا
ہیں اور اوسپر بنگلہ سنگ مرمر کا بنا ہے اور اوسکے پیچھے ایک پیش طاق ہے سات گز کا لمبا اور ڈھائی گز کا چوڑا سارا
سنگ مرمر کا اور اسمیں اور پیش طاق میں طرح طرح کے رنگین اور بیش قیمت پتھر لگائے ہیں اور نہایت کاریگری اور
مینا کاری سے طرح طرح کے میل بوٹے تراشے ہیں کہ چشم فلک اوسکے دیکھنے سے حیران اور عقل آسمان ششدر



PUBLIC AUDIENCE, DELHI PALACE

نقشہ نشست ظل الہی

اوسکی صنعت پر سرگردان ہے اور پیش طاق مین بھی طرح طرح کے رنگین پتھر لگائے ہین اور عجیب عجیب جانوروں کی صورتین اوسمین بنائی ہین اس پیش طاق کے پیچھے مکان ہے اور اوسمین دروازے لگے ہوئے ہین جب کبھی دربار عام ہوتا بادشاہ اوسطرف سے تشریف لاتے اور اس تخت سنگین ذیشان پر رونق افروز ہوتے اور تمام امرا اور وکلاء بادشاہان ہاتھ باندھکر تخت کے آگے حاضر رہتے اس تخت کی کرسی آدمی کے سر سے بھی بہت اونچی ہے اسواسطے اس تخت کے آگے سنگ مرمر کی بہت خوبصورت ایک چوکی رکھی اور اوسمین بھی طرح طرح کی پرچین سازی کی ہی جب کبھی کسی مقرب خاص کو کچھہ عرض کرنا ہوتا تو اجازت حاصل کرکے اوسپر قدم رکھتا اور پایہ تخت کو بوسہ دیکر اور آداب بجالاکر کچھہ عرض کرتا اور سنگ مرمر اور سنگ سرخ کی کٹہرے کے پاس جمیع امرا و افسران فوج اپنے اپنے درجے کے موافق ہاتھہ باندہکر کھڑے رہتے تھے مدت ہوئی کہ اس جگہ دربار نہین ہوتا اور یہہ مکان جسمین بڑے بڑے بادشاہون کے وکیلون کو قدم رکھنا نصیب نہین ہوتا تھا ویران پڑا ہوا ہے اور بادشاہی سپاہی دن رات پڑے رہتے ہین اب ہم اس مقام پر اس مکان عالیشان کا نقشہ لکھتے ہین

امتیاز محل معروف بہ رنگ محل　نمبر ۷

یہہ محل معلی دیوان عام کی پشت پر واقع ہی اور امتیاز اور کوئی محل نہین صحن اسکا نہایت وسیع تھا کہ اوسمین نہرین جاری تہین فوارہ چھوٹتے تھے باغ لگا ہوا تھا اب سب برباد ہوگیا اور اس صحن دلکشا مین سڑیل سڑیل مکان بن گئے ہین اگلے زمانہ مین اس محل کے صحن مین ایک حوض تھا پچاس گز سے اڑتالیس گز مین اور پانچ فوارہ اوسمین چھوٹتے تھے اور ایک نہر تھی اوسمین پچیس فوارہ لگے ہوئے تھے اور باغچہ تھا ایکسو ساٹھ گز کا لنبا اور ایکسو پندرہ گز کا چوڑا اور اوسکے گرد سنگ سرخ کا محجر لگا ہوا تھا اور اوسپر دو ہزار سنہری کلسیان لگی ہوئی تھین اور تینون طرف اس صحن کی شترگرتے کے غرض سی مکان دلکشا اور ایوانہاے دلربا بنے ہوئے تھے اور جانب غرب مین مشرف بہ دریا اور بائین باغ یہہ عمارت ہی امتیاز محل کی کہ جس کی تعریف لکھنی طاقت بشر سے باہر ہے منہ چہرہ اسکا باہر سے یون ہے کہ کرسی دیکر ایک چبوترہ بنایا ہے اور اوسکے نیچے دو تہ خانہ ہین بہت خوب اور اوس چبوترہ پر گویا پانچ درہ تہرا دالان بنایا ہے ستاون گز کا لنبا اور چھبیس گز چوڑا بیچ کے درکے آگے صحن کیطرف ایک حوض ہے سنگ مرمر کا نہیت بڑا ایک پتھر کا پایہ وار کہ اوسمین ڈیڑہ گز کی اونچائی سے تین گز کی چوڑی چادر پڑتی ہے اور اوسمین سے اوبل کر نیچے کے حوض مین آتی ہے اور وہان سے نہر مین بہتی اور صحن کے حوض مین جاکر باغچہ کی ہر ہر روش اور پٹری مین بہتی تھی روکار اسکی تمام سنگ مرمر کی تھی اور وہ تحفہ محرابین او زمر غولین بنائی ہین اور وہ ملبت کی ہے کہ آدمی کی عقل دیکھکر حیران ہوتی ہے اور اوسکی چھت کے چارون کونون پر چار چوکھنڈیان بنائی ہین کہ اوس سے

رفعت و شان اس عمارت کی المضاعف ہوگئی ہے اس محل کے کونوں پر چار سنگ سنگین سے بہت خوب ایک
کرسیوں میں جس کی ٹٹیاں لگا کر جس جانہ سایا جاوے غور کرو کہ جب اس محل میں بہت نہریں جاری ہوتی
اور فوارہ چھوٹتے ہوں گے اور جس جانہ تیار ہوگا اور ٹٹیوں پر پانی چھڑکا جاتا ہوگا اور ہر ایک جالی سے پانی کی
بوندیں ٹپکتی ہوں گی اور برستا ہوا پانی آب ٹپکتے ہوئے اور ٹھنڈی ہوا چلتی ہوگی تو کیا عالم ہوگا حقیقت میں
بہشت بریں کا ایک ٹکڑا ہے کہ اوسکی خوبیوں کا بیان نہیں ہوسکتا یہ حال تو اوسکے عکس اور صرف نقشہ کا
تھا اندر سے اس محل میں اسقدر سوا عجائبات ہیں کہ اس مقام پر اوسکی کارگاہ کا نقشہ لکھکر اسکا حال بیان کرتے ہیں

حال امتیاز محل کا اندر سے

اس محل عالی کا کیا حال بیان کروں کہنے کی طاقت نہیں پاتا کیفیت کیونکر بیان کیجاوے اور حال کو حال
کیونکر اداکیا جاوے ہر حال جیسا ہوسکتا ہے لکھتا ہوں کہ اسکے سامنے والے دالان کا عجب تماشا ہے کہ
کارسازیاں اور نیرنگیاں کی ہیں ایک طلسمات کا عالم ہے کہ دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے جسطرح کہ اسکی رنگ
میں پانچ در محراب دار بنائے ہیں اسیطرح اسکے اندر بھی محراب دار در ہیں کہ ہر محراب پر ہزار ہزار طرح کی
گلکاریاں نمایاں ہیں اور اوسکے ہر ہر عمود پر لاکھ لاکھ طرح مرغولہ دار منبت کاری درون اور محرابوں کے
سامنے بیچوں بیچ میں ایک چوکھنڈی سی واقع ہوگئی ہے اوسمیں ایک حوض ہے کہ اوسکی خوبی بیان نہیں
ہوسکتی اوس حوض کو سنگ مرمر سے اسطرح بنایا ہے کہ ایک کھلا ہوا پھول معلوم ہوتا ہے اوسکی پنکھڑیاں
ایسی خوبصورت ہیں کہ جیسے گل یاسمین و نسترن بشارت کیے جاویں تو بجا ہے اور پھر اوسمیں تحار رنگیں
بیش قیمت سے وہ منبت کاری اور پرچین سازی اور پچی کاری کی ہے اور وہ گل بوٹے بیل پتے بنائے ہیں
کہ جسکا کچھ بیان نہیں نگار خانہ چین ہے کہ تماشائیوں کی آنکھ جلوہ گر ہے اگرچہ یہ حوض سارا ہے ساتٹ گز مربع
ہے لیکن عمق اس حوض کا بہت کم ہے بعینہ مثل کف دست دلبراں دلربا معلوم ہوتا ہے اور اوسمیں جو ایک
کہ جسوقت پانی بھرا ہوا ہو اور جوش زن ہو تو تمام بیل بوٹے اس حوض کے ہلتے دکھائی دیتے ہیں اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ کیا
باغ ہے اور اسمیں ہزاروں طرح کے گلہائے رنگا رنگ کھلے ہوتے ہیں اور نسیم بہاری سے لہراتے ہیں اور
علاوہ یاد ولاتی ہیں اس حوض میں ایک کاسہ ہے سنگ مرمر کا کنول سا ہوا اور اوسمیں اسیطرح منبت
کاری اور پچی کاری ہوئی ہے وہ کاسہ اگرچہ فی نفسہ ایک گل ہے کہ ہزار پھول اوس سے تماشے

بیلین اور بیل بوٹیان بنی ہوئی ہین اور پھول نکلے ہوئے معلوم ہوتے ہین اوس پیالہ مین ایک سوراخ ہے اور ایک نہر پوشیدہ وتلے آئی ہے اور اوس پیالہ مین سے ابلی ہے پیالہ کی لبون پر سے پانی کا گرنا اور اوس حباب آب مین سے گل بوٹون کا ابھرآتا ہوا دکھائی دینا ایک عالم طلسمات معلوم ہوتا ہے نہر بہشت جو موتی محل اور دیوان خاص مین سے ہوتی آتی ہے اس محل کے بیچون بیچ مین سے گذرتی ہے اور جانب جنوب بہتی ہوئی چلی گئی ہے اور ایک اور نہر اس محل مین اس حوض سے جانب شرق دغرب بہتی ہے اور جانب شرق اوس حوض مین جو صحن کیطرف رو کار کے سامنے رکھا ہوا ہے چادر ہوکر گرتی ہے ہر ایک نہر مین منبت کاری اور پرچین سازی اور پچی کاری کا وہی حال ہے جو ہمنے اونکی نسبت بیان کیا یہہ محل تمام اجارہ تک اور اوسکے ستون کہ پایہ نما ہین اور محرابین سب کی سب سنگ مرمر کی ہین اور اسمین پچی کاری کی ہوئی ہے کہ سنگ مرمر اوسکا ہزار درجہ بیاض گردن جانان سے بہتر اور عقیق اوسکا کڑ درجہ لب لعل مہ جبینان سے خوشتر ہے اور علاوہ اسکے ہر ایک در و دیوار پر سونا لپا ہوا ہے اور سونیکے کام سے گل بوٹے بنے ہوئے ہین کہتے ہین کہ اس محل کی چھت نری چاندی کی بنی ہوئی تھی فرخ سیر کے وقت مین کسی ضرورت کے سبب وہ چھت اوکھاڑی گئی اور اوسکے بدلے تانبے کی چھت چڑہادی لیکن قریب ۳۵ برس کے ہوئے عرصہ ہوا کہ حضرت عرش آرامگاہ معین الدین محمد اکبر شاہ کے وقت مین اس تانبے کی چھت کو بھی اوکھاڑ لیا اور اوسکے بدلے کاٹ کی چھت لگائی ہے کہ وہ بھی اب بوسیدہ ہو گئی ہے ؀ کل من علیہا فان ویبقی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام ؀ اوسکے پہلو مین حجرے بنے ہوئے ہین اور اوسکے بعد جانب جنوب ایک مکان ہے کہ وہ چھوٹی بیٹھک کر کے مشہور ہے اب اس مقام پر اس محل کے اندر کا نقشہ لکھکر اوسکا حال لکھین گے

چھوٹی بیٹھک

یہہ عمارت جانب جنوب امتیاز محل کے واقع ہے اور حقیقت مین قرینہ ہے خوابگاہ اعلیٰ کا جو بڑی بیٹھک کر کے مشہور ہے اگرچہ یہہ عمارت بھی بہت نفیس و لطیف اور نہایت خوشنما ہے لیکن مرزا جہانگیر بہادر مرحوم نے اسمین تصرفات جدید ایسے کیے تھے کہ قطع قدیم شاہجہانی نہین رہی اسواسطے اسکے نقشہ لکھنے کی ضرورت معلوم نہوئی

جھرونکہ

جھرونکہ عبارت ہے ایک مکان سے کہ اوسمین کھڑکیان جانب ریتی دریا ہین اور جو کچھہ تماشا وغیرہ حضور کو دیکھنا ہوتا ہے اوسمین بیٹھکر دیکھتے ہین اگرچہ غرض واضع کی یہہ نہین تھی اسواسطے کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے وقت مین جھرو کہ وضع ہوے ہین اور انکا نام درشنی تھا اور بعض لوگ کہ

وہ سب بند رہتے تھے یہ مکان خاص اکبری کہلاتا تھا اونکا یہ قاعدہ تھا کہ جب تک بادشاہ کی صورت نہ دیکھ لیتے تھے اور بادشاہ کی دنڈوت نکر لیتے تھے بات تک نکرتے تھے اسواسطے بادشاہ ہر روز صبح کے وقت برجی میں جاکر جلوہ گر ہوتے تھے اور اس مکان خاص کو اپادرشن کہاتے تھے بعد اوس سلطنت کے جب یہ طریقہ موقوف ہوا اوس وقت سے اسکا نام جھروکہ رکھا گیا اور سیر و تماشا گاہ مقرر ہوئی اور بعضے کہتے ہیں کہ جہانگیر تک یہ طریقہ جاری تھا مگر عہد اورنگ زیب عالمگیر میں موقوف ہوا

اسد برج

یہ ایک برج ہے جنوبی قلعہ معلی کا اور قریب ہے برج شمالی کا جو شاہ برج کرکے مشہور ہے اور اوسکا حال ہم آگے بیان کرینگے یہ برج ہریاتھہ چیلے کے ہنگامہ میں بسبب مدمہ گولوں کے بالکل شکستہ و خراب ہو گیا تھا مگر عہد عدالت مہد حضرت عرش آرامگاہ معین الدین محمد اکبر شاہ میں دوبارہ بنا ہے اور جیسا تھا ویسا ہی ہو گیا ہے اس برج کو صرف ایک بہت بڑا برج خیال کرنا چاہیے اور اوسکا نقشہ اپنے خیال میں کھینچ لینا چاہیے


خوابگاہ مشہور بڑی بیٹھک

یہ خوابگاہ واقدس داخلی امتیاز محل کے جانب شمال کو واقع ہے اور ایک عمارت نفیس و لطیف کہ دنیا میں اپنا نظیر نہیں رکھتی سر سے پاؤں تک سنگ مرمر کی ہے اور اوس میں طرح طرح سے بہت کاریگری کام اور سونے کے بیل بوٹے بنے ہوئے ہیں اسکے بیچ میں تہ دالان کی طرح ایک مکان ہے اور اسکے جنوب و شمال کو دو چھوٹے چھوٹے دالان کے سنگ مرمر اور بیچ میں ساری سے بنے ہیں کہ اون میں تہ دالان کا طول بیس گز اور عرض چھہ گز کا ہے اور اوسکی دو محرابوں پر ایک کتابہ کہ سعد اللہ خاں نے انشا کیا ہے لکھا ہوا ہے اور گرد اجار کے پاس سونیکی پانی اشعار لکھے ہوئے ہیں کہ ہم اون سب کو اس مقام پر نقل کرتے ہیں

کتبہ محراب جنوبی

سبحان اللہ این چہ منزل زیباست رنگین و دلنشین قطعہ ایست بہشت برین چون گوئیم کہ سپہر با ہمت بلند تماشائیش آرزو دارد اگر ساکنان اطراف اکناف جہان بیت العتیق طواف اینجا روا است و اگر نظارگیان انفس و آفاق تقبیل حجر اسود تقبیل آستانش ربع السالس شاید سر آغاز قلعہ والا کار کاخ گردون سر ترست و رشک سد اسکندر جایش دلکشا مواج حیات بخش کہ در مثال جوی روح مسلسل است منبع و الحمد مہر ایجاد کرد آب صافیش علیا آئینہ جمال نما است و دلدار عالم غیب پردہ کشا و آشکارا کہ ہر یک کوی سعیدہ مصدر بہت یا لوحہ اسرار لوح و قلم و تارہ ہا کہ ہر کدام مشتمل

نقشہ تسبیح خانہ یعنی خوابگاہ مثمن برج



کتبہ محراب شمالی

بمنافحه اسمانیان مایل بالای متلالی است با تمام رنگینیان تا رانج و حوض که همه از آب زندگانی پر ٭ بصفا رشک نور
چشمهٔ خورشید و از دهم ذی الحجه سال جلوس دوازدهم اقدس مطابق هزار و چهل و هشت هجری العالمیان نوید کامرانی
داد و انجامش که بصرف پنجاه لک روپیه صورت پذیرفت بست و چهارم ربیع الاول سال بست و یکم جلوس همایون
موافق سنه هزار و پنجاه و هشت بفر قدوم میمنت لزوم گیتی خدیو گیهان خداوند بانی این مبانی آسمانی شهاب الدین
صاحبقران ثانی شاهجهان بادشاه غازی در فیض بروی جهانیان بگشاد

ابیات

شهنشاه آفاق شاهجهان	باقبال ثانی صاحبقران	در ایوان شاهی بصد احتشام	چو خورشید بر چرخ بادا مدام
اساس است تا ناگزیر این بنا	بود قصر اقبال او عرش سا	زهی دلنشین قصر پیراسته	بهشتی بصد خوبی آراسته
شرافت یکی آیه در شان او	سعادت در آغوش ایوان او	چه در ین سرای سرور	کند از جهه دور
بپایش سر صدق هر کس سود	چو دریای چین آن بر ویش فرود	زمانه چو دیوار او بر فراشت	به پیش رخ مهر آئینه داشت
زبس روی دیوارش آراستست	ز نقاش چین ره نما خواستست	چنان بر سرش دست آباد کرد	که گردون بلندی از و وام کرد
ز فواره و حوض دریا نشان	بآب ترین شسته رو آسمان	چه جای شهنشاه عادل بود	از آن بادشاه منازل بود

اس شہ نشین کے آگے ایک پیچ در دالان ہے تمام سنگ مرمر کا پرچین کاری کا نہایت نفیس و لطیف بیس گز کا لنبا اور چھ گز کا چوڑا اور ادہر اودہر اوس دالان کے بھی محرابین ہین اور حجرے ہین کہ غربی حجرہ مین سے دیوان خاص کو رستہ جاتا ہے اور اوسکو خاصی ڈیوڑہی کہتے ہین اس دالان کے بیچ مین ایک حوض ہے سنگ مرمر کا عجیب و غریب کہ ایسا حوض نہ دیکھنے مین آیا اور نہ سنے مین اون لوگون کو کیا کیا یہ سوجھتی تھین کہ ایسے ایسے عجائبات بناتے تھے اور کیفیت اوس حوض کی یہہ ہے کہ وہ ایک حوض ہے مستطیل بہت تحفہ سنگ مرمر کا بغیر فوارہ کے یعنی اوسمین فوارہ نہین ہے مگر اوسکی تہ پر طرح طرح کے رنگین اور بیش قیمت پتھرون سے ہزارون طرح کے گل بوٹے اور بیل پتی بناتے ہین اور ہر ہر پھول کی پنکھڑی مین ایک ایک چھید رکھا ہے کہ جب پانی چھوڑتے ہین اون سوراخون مین سے فوارے چھوٹتے ہین اوس حوض کی پچی کاری مین ہزارون پنکھڑیان ہین اور ہزارون چھید اس سبب سے ہزارون دہارین فوارہ کی نکلتی ہین اور نہایت مرتفع ہوتی ہین اس واسطے کہ اوسکا منبع بہت بلند ہے اور ان فوارون سے جو کیفیت ہوتی ہے اپنے خیال مین خیال کرو کہ کیا عالم ہوگا اور کیا لطف دکھائی دیتا ہوگا اس دالان کے آگے


مثمن ہے وسیع ودلکش سنگ مرمر کا فرش اوسمیں کیا ہوا ہے اور نہر بہشت بہتی ہے اور سنگ محل میں چلی جاتی ہے
اور اسی عمارت کی جانب مشرق کو مشرف بدریا برج طلا ہی کہ اوسکو برج مثمن بھی کہتے ہیں چنانچہ اب ہم اوسکا حال لکہتے ہیں

برج طلا معروف بہ مثمن برج


اسی عمارت سے متصل جانب مشرق یہہ برج ہے مثمن سر سے پاوں تک سنگ مرمر کا اور بدستور اور مکانات عالی
کی اوسمیں بھی سونیکا کام اور پرچین ساری اور بست کاری کی ہوئی ہے اور اوسکا برج اور کلس سنہری ہے اور اسی سبب سے
اوسکو سنہری برج بھی کہتے ہیں اور بسبب مثمن ہونیکے مثمن برج بھی کہلاتا ہے تین ضلع اسکے عمارت خوابگاہ کی طرف
ہیں اور پانچ جانب دریا مشرف ہیں اون پانچوں ضلعوں میں سنگ مرمر کی جالیاں لگی ہوئی ہیں اور اون پر ایک چھجا بطور
سراپردہ کی جانب دریا بنا ہوا ہے چنانچہ اس اہتمام پر ایک نقشہ لکہتے ہیں کہ خوابگاہ اور یہہ برج سب اوسمیں موجود ہے

شاہ محل معروف بہ دیوان خاص

یہہ ایک عمارت ہے نامی اور مشہور بے مثل کہ مدیل کہ روی زمین پر اوسکی نظیر نہیں رکھتی اور ایسی خوش قطع ہے کہ دوسری
دیکھنے میں نہیں آئی خوابگاہ کی جانب شمال کو ایک بہت بڑا چوک ہے اوس چوک کے ضلع شرقی میں ڈیڑھ گز کا اونچا
چبوترہ بنایا ہے اسی گز کا لمبا اور چھبیس گز کا چوڑا اوسکے بیچوں بیچ میں دیوان خاص کی عمارت ہے چوبیس ۲۴ گز کی لمبی
اور چھبیس ۲۶ گز کی چوڑی سر سے پاوں تک سنگ مرمر کی ایسا سنگ مرمر کہ سپید و صاف و بے داغ کہ سارا ستون ایک ہی پتھر سے تراشا معلوم ہوتا ہے
اور سر تا سر اسکے بیچ میں چار گز کے عرض سے نہر بہشت بہتی ہے اس عمارت کے بیچوں بیچ پایہ نما ستون سا کر اٹھارہ
گز کے طول اور دس گز کے عرض سے مکان بنایا ہے اور اوسکے بیچ میں ایک چبوترہ ہے اوس چبوترہ پر تخت
طاؤس رکھا جاتا ہے اور اوسپر حضور والا اجلاس فرماتے ہیں اور اس مکان کے گرد پایہ نما ستون لگا کر مکان
بنایا ہے در و دیوار و ستون و مرغول اور محراب اور فرش اس عمارت کا سنگ مرمر کا ہے اور اوسمیں نادرہ عقیق و سنگ
عقیق و مرجان اور ایسا ہی بہت بیش قیمت سے پچی کاری کی ہے اور بیل بوٹے پھول پتے ایسے بنائے ہیں کہ اوسکے دیکھنے سے قدرت
الٰہی یاد آتی ہے اور نادرہ سے اوپر چھت تک سونیکا کام کیا ہوا ہے اور سونیکے پانی سے گویا لیپا ہوا ہے
اندر کے رخ محرابوں کے اوپر سونیکے پانی سے یہہ شعر لکھا ہوا ہے ؂ اگر فردوس بر روی زمین است ہمین است
ہمین است و ہمین است ؂ یہہ عمارت جانب شرق سے مشرف بدریا ہے اور اوسطرف کی دروں میں جالیاں لگا کر
آئینہ بندی کی ہے اور جانب غرب اسکا صحن ہے ستر گز سے ساٹھ گز کا اور اوس صحن کے گرد مکانات اور ایوان
سنگ سرخ سے بنے ہوئے ہیں جانب غرب اس صحن کے دروازہ ہے کہ دیوان عام سے اوسمیں رستا ہے



...ہے کہ دو میل سے دریا
اور سبزہ اور جنگل کی کیفیت دکھائی دیتی ہے لیکن میرے نزدیک اس درجہ کا نقشہ کھینچنا فضول تھا اسواسطے صرف



سنگ سابرج سے بنے ہوئے ہیں جانب جنوب اس صحن کے دروازہ ہے کہ دیوان عام سے ادھر میں رستہ آتا ہے

اور اوس دروازہ کے آگے لال پردہ تنا رہتا ہے اور سب امراے وقت دربار کے اس لال پردہ کے پاس سے آداب و تسلیمات بجا لاتے ہین اور جانب شمال رستہ ہے حیات بخش کا اور جانب جنوب ڈیوڑھی محلات شاہی کی اور اس کے بیچ کے در کے سامنے صحن کیطرف ایک کٹہرہ ہے سنگ مرمر کا اوسکو چوکھنڈی دیوان خاص کہا کرتے ہین غرض کہ یہ عمارت بھی عجایب روزگار ہے اسکی چھت بھی نری چاندی کی تھی مگر سنہ ہجری ۱ور جاٹ گردی مین لے گئے

تسبیح خانہ

اسی چبوترہ پر جسپر یہ عمارت عالی بنی ہوئی ہے جانب جنوب کہ عقب ہے خوابگاہ معلی کا ایک دالان بنا ہوا ہے اور وہ تسبیح خانہ کرکے مشہور ہے کبھی کبھی جب خلوت کرنی منظور ہوتی ہے یا دربار امراے مخصوص کا ہوتا ہے حضور والا یہان بھی اجلاس فرمایا کرتے ہین اس دالان کی دیوار پر بیچ بیچ مین سنگ مرمر کی میزان بنی ہوئی ہے اور وہان میزان عدل لکھا ہوا ہے اور بہت سا سنہری کام کیا ہوا ہے کیا اچھا آدمی تھا جسنے اس مقام پر میزان عدل بنائی ہے کہ ہر وقت عبادت کے بادشاہ اوسکو دیکھے اور یاد کرے کہ قیامت کے دن میزان عدل الٰہی کھڑی ہوگی بادشاہ اور غریب سب برابر ہون گے اور سب کے اعمال تولے جاوین گے اسیطرح بادشاہ کو بھی لازم ہے کہ انصاف ہی کام کرے اور ہر امر کو میزان عدالت مین جانچ کر حکم دے اسی تسبیح خانہ کے پیچھے خوابگاہ کا رستہ ہے کہ وہ خاص ڈیوڑھی کہلاتی ہے

عقب حمام

جانب جنوب اس عمارت کے حمام ہے کہ روی زمین پر اپنا مثل نہین رکھتا اور اسطرف کے جو مکانات ہین وہ عقب حمام کہلاتے ہین چنانچہ اب ہم اس مقام پر دیوان خاص کا نقشہ لکھتے ہین کہ تسبیح خانہ بھی اوسمین دکھائی دیتا ہے اور کچھ مکانات عقب حمام کے بھی معلوم ہوتے ہین اور بعد اسکے حمام کا حال علاحدہ لکھین گے

حمام

یہہ حمام بے مثل و بے عدیل کہ روی زمین پر اپنا نظیر نہین رکھتا تین درجہ کا ہے اسواسطے مناسب معلوم کرکے تینون درجونکا علاحدہ علاحدہ بیان کیا جاوے

درجہ اول حمام سب سے پہلے یہ جامہ کن

یہہ درجہ حقیقت مین جامہ کن ہے کہ پہلے اس درجہ مین گئے یا نہانے کے بعد بیٹھے اور کپڑے پہنے اور کچھ کھایا پیا اس درجہ کی عمارت بھی بہت خوب ہے اور کمرے کی طرح پر اسکے درجے بنے ہوئے ہین اور جا بجا تک نرا سنگ مرمر کا ہے اور پرچین کاری کا کام کیا ہوا ہے اور جانب شرق مین جالیان لگا کر آئینہ بندی کی ہے کہ اوسمین سے دریا اور سبزہ اور جنگل کی کیفیت دکھائی دیتی ہے لیکن میرے نزدیک اس درجہ کا نقشہ کھینچنا فضول تھا اسواسطے صرف

حال مختصر پر اکتفا کیا اور واضح ہو کہ بعضے لوگ اس درجے کو عقب حمام بستے ہیں

درجہ دوم حمام مسمیٰ بہ سرد خانہ

یہ درجہ عجیب و غریب ہے کہ اسکا نظیر چشم فلک نے بھی نہ دیکھا ہوگا اس درجہ میں جانب شمال کو ایک شہ نشین سر سے پاوں تک سنگ مرمر کی نہایت نفاست کا اور پرچین کار اور پچی کار اور اسکے آگے ایک درجہ مربع سنگ مرمر کا اور اوسکے فرش سے لیکر چھت تک عجیب عجیب رنگ کے پتھر سے پچی کاری کی ہوئی ہے اور طرح طرح کے بیل بوٹے بنائے ہیں اس درجے کے فرش کی پچی کاری ایسی خوب ہے کہ اوسکا بیان ممکن نہیں دور سے معلوم ہوتا ہے کہ ہزار قالین ایرانی اوسکی ایک گل کاری کے آگے بے رونق ہے اور اوسکے بیچوں بیچ میں ایک حوض ہے مربع اسی طرح کا پرچین کار اور اوسکے چاروں کونوں پر چار فوارے ہیں سنہری کہ وہ چھوٹا کرتے ہیں اور اون فواروں کو اس طرح منحرف لگایا ہے کہ چاروں فواروں کی دھار ملکر حوض کے بیچ میں پڑتی ہے اور گرد اسکے دیوار سے ملی ہوئی ایک نہر جدول کے طور پر ایک گرد کے عرض سے جاری ہے غرض کہ اس نفاست و لطافت سے کوئی مکان نہیں علاوہ اسکے اس درجہ میں یہ خوبی ہے کہ اگر چاہیں تو یہ درجہ سرد رہے اور نہر اور حوض میں بھی پانی سرد جاری رہے اور چاہیں اوسکو بھی گرم کردیں کہ فرش سے لیکر چھت تک گرم ہو جائے اور فوارے گرم ہی چھوٹیں اور نہر بھی گرم ہی پانی کی بہے بہر حال اب ہم اس مقام پر اس درجہ کا نقشہ لکھتے ہیں


درجہ سوم حمام مسمیٰ بہ گرم خانہ

یہ درجہ تیسرا ہے اس حمام کا اور اوسکی جانب غرب حوض آب گرم کے بنے ہوئے ہیں اور بڑے سنگ مرمر کے ہیں کہ اس حمام میں سوا سو من لکڑیوں کا لقمہ دیا جاتا تھا اور اوسکے آگے ایک مربع درجہ ہے اور اوسکے بیچ میں سنگ مرمر کا چبوترہ ہے کہ اوس پر بیٹھکر نہایا کرتے ہیں اور جانب شمال بدستور دوسرے درجہ کی شہ نشین بنی ہوئی ہے، اور اوس شہ نشین پر ایک بہت بڑا اسلیل حوض ہے اور اوسمیں بھی یہ خوبی ہے کہ چاہیں اوس حوض کو گرم پانی سے بھریں خواہ سرد پانی سے اس درجہ کا بھی فرش اور چبوترہ اور حوض اور دیواریں ازارہ تک بالکل بہت کاری اور طرح طرح کے رنگین اور بیش قیمت پتھر اسمیں جڑے ہیں اور اوسکے پھول اور بیلیں ایسی بنائی ہیں کہ اوس گل کاری سے سنبل باغ کا سا عالم دکھائی دیتا ہے صفائی اسکی بیان سے باہر ہے اور یہ شعر گویا اسی مقام پر صادق آتا ہے

رہی صفائی عمارت کہ در تماشایش ٭ بپائے خار نگردد نگاہ از دیوار ٭

غرض کہ اب ہم اس مقام پر اس درجہ کا نقشہ لکھتے ہیں کہ اوسکے دیکھنے سے اس عمارت کی خوشنمائی اور خوبصورتی معلوم ہوتی ہے

نقشہ متعلقہ صفحہ ۱۷ باب دوم



ہیرا محل

جانب شمال اوس حمام کے ہیرا محل ہے اور دیوار مین اور حمام مین صحن چھوٹا سا ہوا ہے اور اوس صحن مین چار گز کے عرض کی ایک نہر بطور مارپیچ کے سنگ مرمر سے بنی ہوئی ہے اور یہ وہی نہر ہے جسکا نام نہر بہشت ہے اور دیوان خاص اور رنگ محل مین جاری ہے اوس صحن کے بیچ مین نہر کے کنارہ پر ایک بارہ دری بڑی سنگ مرمر کی بنائی ہے اور اوسکی چھت کے چارون کونون پر چار چھوٹی چھوٹی چوکھنڈیان بنائی ہین اور اونکی چھتریان سنہری ہین یہ محل بھی تراشے سنگ مرمر کا ہے اور نہایت نازک اور خوبصورت بنا ہے یہ محل قدیم نہین ہے بلکہ چار پانچ برس ہوئے کہ حضرت ابو الظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ غازی خلد اللہ ملکہ و سلطانہ نے بنایا ہے صفائی اور نفاست اسکی حد سے زیادہ اور خوبصورتی اور خوشنمائی اوسکی بیان سے باہر ہے اس صحن مین جو نہر جاری ہے وہ بہت خوشنما ہے اور اسطرح سے مارپیچ بنائی ہے اوسکا بیان نہین ہوسکتا اگلے زمانہ مین اس نہر کے بیچ مین سنہری روپہلی چوبیس فوارہ لگ رہے تھے اور ہمیشہ چھوٹا کرتے تھے مگر اب یہ نہر ٹوٹی پھوٹی باقی رہگئی ہے لیکن فوارونکا نام نہین رہا اپنا لہو آپ پیتے ہین اور خاموش ہوگئے ہین

غرض کہ اس مقام پر ہم اونکا نقشہ لکھتے ہین اوسکو دیکھو اور قدرت الٰہی کو یاد کرو

موتی محل

یہ ایک محل ہے سنگ سرخ کا اور اوسکو سنگ پتھائی سے سفید کر کے رنگا میزی اور طلا کاری سے گل بوٹے بنائے تھے اسمین ایک درجہ ہے سترہ گز کا لنبا اور آٹھ گز کا چوڑا مشتمل دو شہ نشینون پر اور اوسکے بیچ مین ایک حوض ہے چار گز لنبا اور تین گز کا چوڑا اور ہر ایک شاہ نشین کے پیچھے ایک ایک درجہ ہے آٹھ گز کا لنبا اور پانچ گز کا چوڑا اور ایوان ہین رفیع پانچ پانچ در کے کہ جانب شرق سے مشرف بدریا ہے اور جانب غرب سے مشرف بہ باغ حیات بخش اور ہر ایک ایوان کا طول تیس گز کا اور عرض ساڑھے گز کا ہے اندر کی عمارت مین اجارہ تک سنگ مرمر لگا ہوا ہے اور باقی سنگ سرخ کا ہے اور اوسکو سنگ پتھائی سے سفید کیا ہے اور اسمین ایک نہر اور نہر ہے اوسمین سے ایک چادر دو گز کے عرض سے جانب باغ حیات بخش ایک حوض مین پڑتی ہے کہ وہ حوض بھی عجایب روزگار سے ہے چنانچہ ہم اب اوس حوض کا بیان لکھتے ہین

بیان حوض

یہ حوض ایک سنگ مرمر کا ہے جو ڑ ہے کہ اتنا بڑا پتھر اور ایسا بڑا بے جوڑ حوض روے زمین پر نہو گا حقیقت اسکی یہ ہے کہ یہ پتھر اتنا بڑا بے جرم مکرانہ کی کان مین سے نکلا جو کہ صفائی اور شفافی مین بے نظیر تھا اسواسطے بموجب حکم معلی کے اوسکا حوض بنایا گیا کہ چار گز کا مربع اور ڈیڑھ گز کا عمیق پایہ دار بنا کہ تمام حوض معہ پاون کے ایک پتھر کا

بعد تیار ہونے اوس حوض کے مکرر یہ ہے کہ دار الخلافہ سے دو سو کوس ہندوستانی کی مسافت رکھتا ہے ہاتھیوں پر لائے اور اس مقام پر لا کر رکھوایا کہ اس موتی محل کی جانب جنوب اور جانب شمال بھی مکانات تھے اور اب بھی موجود ہیں مگر اونمیں کچھ نقصان بھی آگیا ہے اور اب عالیجناب حضور والا نے اس محل کے پیچھے ایک چبوترا تہ خانہ بنایا ہے اور اکثر اونمیں اور اس محل میں آرام فرمایا کرتے ہیں غرض کہ یہ مکان بھی بہت نادر اور زیبا نفیس ہے کہ اب ہم اس مقام پر اوسکا نقشہ کھینچتے ہیں تا کہ جسقدر ممکن ہو اوس نقشہ کے دیکھنے سے اوسکی خوبی اور خوشنمائی دریافت کر سکے اور وہ نقشہ یہ ہے


موتی مسجد


یہ ایک مسجد ہے حمام کے پیچھے مشرف بہ حیات بخش سر سے پاؤں تک سنگ مرمر کی فرش اوسکا اور گرد دیوار محراب و مرغول اور چھت اور مسند سب کی سب سنگ مرمر کی ہیں اور پتھر اوسپر وہ منبت کاری کی ہوئی ہے ایسے گل بوٹے بیل پتے بنائے ہیں کہ دیکھنے سے تعلق رکھتے ہیں حقیقت میں ایسی منبت کاری تمام قلعہ میں کسی مکان پر نہیں بلکہ قلعہ کے باہر بھی کہیں پر نہ ہوگی اس مسجد کے تین در ہیں بہت خوشنما اور چھوٹے چھوٹے دو مینار ہیں اور تین گنبد ہیں سنہری اور اسی سبب سے لوگ اسکو سنہری مسجد بھی کہتے ہیں اس مسجد کے صحن میں ایک حوض تھا بہت چھوٹا اور بسبب اسکے کہ وہ دہ در دہ سے چھوٹا تھا پاک رہنا مشکل معلوم ہوا اسواسطے اسمیں ایسی ترکیب رکھی ہے کہ بھادوں میں سے اس حوض میں پانی آتا ہے اور ابل کر نہر میں جا پڑتا ہے گویا یہ حوض بھی چشمہ جاری ہے اور اس مسجد کی جانب شمال کو ایک حجرہ بنا ہوا ہے واسطے عبادت اور وظیفہ وظائف کے اوسمیں بھی ایک مختصر کم عمق بہت نفیس حوض ہے اور اوسکی گرد آئینہ بندی کی ہوئی ہے اس مسجد کو حضرت اورنگ زیب عالمگیر نے سنہ دو جلوس میں بنایا ہے اور ایک لاکھ ساٹھ ہزار روپیہ اوسپر خرچ ہوئے ہیں اور عاقل خان نے یہ تاریخ اوسکی پائی ہے ؏ ان المساجد لله فلا تدعو مع الله احدا ۱۳۶

یہ مسجد بھی عجائب روزگار ہے اور یہ اوسکا نقشہ ہے

باغ حیات بخش

یہ باغ خدا کی قدرت کا نمونہ ہے اوسکے دیکھنے سے دل کو فرحت تازہ اور جان کو قوت لذت اندازہ حاصل ہوتی ہے اسکے دیکھنے سے نقشہ بہشت بریں کا آنکھوں کے سامنے پھر جاتا ہے ہر درخت اسکا تیرا قامت یار اور ہر گل اسکا غیرت گل رخسار اسکی سمن کے آگے بنا گوش یار خجل اور اسکی بنفشہ کے سامنے زلف دلبار خجل





متصل اس باغ کے بیچون بیچ مین ایک حوض کلان ہے اور حوض کے چارون طرف سنگ سرخ کی نہرین چھ چھ گز کے عرض سے بہتی ہین اور ہر ہر نہر مین تیس تیس فوارہ چاندی کے چھوٹتے تھے اور روش مین نہر ہی کا پانی آتا ہے اور گلہاے معطر اور درختان دلکش کی تازگی کا باعث ہوتا ہے اور حوض کی دو جانب مین دو مکان واقع ہین کہ اونکو ساون بھادون کہتے ہین ان دونون مکانون کا حال ہم آگے بتفصیل لکھتے ہین طول اس باغ کا دو سو پچاس گز اور عرض ایک سو پچیس گز کا ہے الغرض ایک کیفیت ہے کہ نہر در آب جاری اور ہوای باغ اور صحن دلکشا کی قابل بیان کی نہین صد ہزاران گل شگفتہ در وے سبزہ بیدار و آب خفتہ درو

بھادون

اس باغ مین جانب جنوب ایک مکان ہے سنگ مرمر کا بہت نفیس و لطیف اوسکو بھادون کہتے ہین چہرہ اوسکا یہہ ہے کہ ایک چبوترہ کرسی دیکر بنایا ہے اور اوسپر سولہ ستون لگا کر ایک ایوان دلکش تعمیر پایا ہے مشتمل اوپر دو ایوان کے جانب شرق و غرب اور دو بنگلہ ہین آگے اور پیچھے کہ ان ستونون کے سبب بیچون بیچ مین ایک چوکھنڈی بن گئی ہے اور اوسمین ایک حوض سنگ مرمر کا چار گز پندرہ طسو کا مربع اور ڈیڑہ گز کا گہرا اوس مکان مین نہر بہشت سے نہر آتی ہے اور حوض مین چادر ہوکر پڑتی ہے اور نہر اوسمین سے نکلکر آگے ایک اور چادر چھوٹتی ہے اور نہر مین پڑتی ہے یہہ عمارت بھی بہت نادر ہے اور اسمین پانی کا پڑنا اور چادر کا چھوٹنا ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا بھادون کا مینہہ برستا ہے اور اسی سبب سے اس مکان کا بھادون نام رکھا ہے اب اس مکان مین پانی آنیکا اور چادرین چھوٹنے کا رستہ بالکل بند ہوگیا ہے اس مکان کے حوض اور چادرون مین محرابی چھوٹے چھوٹے طاق بنا دیے ہین کہ دنکو اونمین گلدان ہاے رنگین رکھے جاتے تھے اور رات کو شمع کافوری روشن ہوا کرتی تھین کہ اوسکے اوپر سے پانی کی چادر پڑتی تھی اور اندر سے ان پھولونکی خوشنمائی اور چراغون کی روشنی عجب عالم دکھاتی تھی اسکی چھت کے چارون کونون پر بھی چار برجیان چوکھنڈی کی سنہری بنی ہوتی ہین چنانچہ اب ہم اس مقام پر اوسکا نقشہ لکھتے ہین کہ اوسکی دیکھنے سے اس عمارت عجیب کی خوبی معلوم ہوئی

حوض باغ حیات بخش

اس باغ کے بیچون بیچ مین یہہ ایک حوض ہے کہ چشمہ خضر اسکے آب زلال کا تشنہ ہے عرض و طول اسکا ساٹھہ گز سے ساٹھہ گز کا ہے اور اوسکے بیچمین اونچاس فوارہ چاندی کے لگے ہوے تھے اور ہر دم چھوٹا کرتے تھے اور علاوہ ان فوارون کے گردا گرد اس حوض کے ایکسو بارہ فوارہ چاندی کے مائل جانب حوض تھے اور وہ بھی مدام چھوٹا کرتے تھے اب ان فوارون کا نام نہین رہا مگر ہر جگہہ چھید باقی رہ گئے ہین بیت دل عشق کا ہمیشہ حریف نبرد تھا

اب جس جگہہ کہ داغ ہے یہان پہلے درد تھا

ظفر محل

عرصہ چار پانچ برس کا ہوا کہ اس حوض کے بیچوں بیچ میں حضرت ابوظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ غازی نے ظفر محل بنایا ہے سر سے پاؤں تک سنگ سرخ کا اوسکے بیچ میں ایک درجہ ہے اور اوسکے چاروں طرف عام کے طور پر مکان اور کونوں پر حجرہ اور چاروں جلو میں نشیمن ہیں اور ایکطرف اس مکان میں آنے جانیکا پل بنایا ہے غرض کہ یہ مکان جدید بھی بہت تحفہ ہے چنانچہ اس مقام پر ہم ایک نقشہ لکھتے ہیں کہ وہ بھی ان دونوں مکانوں کا نقشہ ہے

ساون

اسی باغ میں جانب شمال یہ عمارت ہے بڑی سنگ مرمر کی نہایت نفیس اور بہت تحفہ کہ اوسکی لطافت اور آب حدیاں سے باہر ہے اور چہرہ اسکا بعینہ مثل چہرہ بھادوں کے ہے بال برابر بھی فرق نہیں گویا ایک مکان کو چھاپا اور ایک کو نکالا اور ایک درہ ورق میں اور اسیطرح اسمیں بھی چادر بنی ہوئی ہے اور حوض بھی بنا ہے اور اسی طرح گلدان اور چراغدان رکھنے کو محرابی طاق بنائے ہیں جو کہ نقشہ ساون اور بھادوں کا سب مطابق تھا اس واسطے ہم نے بھادوں کا نقشہ تو باہر سے کھینچا ہے اور ساون کا نقشہ اندر سے کھینچتے ہیں تاکہ اوس سے ان عمارتوں کی اندر اسی سے حال حوض اور طاقچہ چراغدان معلوم ہو اور اس سبب سے کہ اس مکان میں پانی کی آمد اور چادر کا گرنا اور زور شور سے پانی کا بہنا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسا ساون کا مینہ اسیواسطے اس عمارت کا ساون نام رکھا اور یہ اوسکا نقشہ ہے

برج شمالی معروف بہ شاہ برج

یہ برج بھی عجائب روزگار ہے کہ ایسا برج نہ دیکھا نہ سنا قطر اس برج کا سولہ گز کا ہے اور اوسکی عمارت تین طبقہ پر ہے پہلے طبقہ کو زمین سے بارہ گز کرسی دیکر بنایا ہے اور اسکی چھت اندر سے گول اور اوپر سے سطح ہے یہ عمارت تمام سنگین ہے اجارہ تک تو سنگ مرمر سے بنی ہوئی ہے اور اوسمیں احجار رنگین سے پچی کاری کی ہوئی ہے اور اجارہ سے چھت تک سنگ پتھالی سے سپید کر کے سنہری گل بوٹے بنے ہوئے بنائے ہیں یہ درجہ مثمن ہے اور اسکا قطر آٹھ گز کا ہے اور اوسمیں چار طاق اور دو نشیمن ہم شمس بطرف دریا بنائے ہیں اور اوسکی روکار سنگ مرمر کی ہے طول اور عرض طاق شمالی اور شرقی کا چار گز کا ہے اور غربی اور جنوبی طاقوں کا طول چار گز اور عرض تین گز کا ہے اور مثمن درجہ کے بیچ میں ایک حوض ہے تین گز کے قطر کا نہایت دلربا اور نہایت خوبصورت کہ اوسکی صنعت کاری دیکھ کر عقل حیران رہجاتی ہے اور صنعت الہی یاد آتی ہے اور جنوبی طاق میں ایک آبشار ہے اور چھوٹے چھوٹے طاق محراب دار بنائے ہیں کہ اونمیں دنکو پھول اور رات کو



چراغ رکھا کرتے اوس آبشار کے آگے ایک حوض ہے سنگ مرمر کا سارا تین گز کے طول اور ڈھائی گز کے عرض سے اور اس حوض سے شرقی طاق کے کنارہ تک ایک نہر ہے ڈیڑھ گز کے عرض سے نرمی سنگ مرمر کی بہت تحفہ اور پچیں ساز اور منبت کار اور یہہ دونو حوض بھی نہایت پچیں ساز اور منبت کار ہین اور عقیق اور مرجان اور یشم پچیں بیش قیمت جڑے ہین اسی تہ مین سے ایک نہر نکل کر غربی طاق کے حوض مین پڑتی ہے اور اوس ثمن برج کی نہرین آنکر اور ثمن حوض مین سے ہوکر شرقی طاق کیطرف بہتی ہے کہ اوسکے نیچے دریا کیطرف ایک آبشار بنی ہوئی ہے سارے قلعہ مین اسی مقام سے نہر گئی ہے اور ہر جگہہ پانی جانے کے قلبے اسی برج مین بنے ہوئے ہین اور ہر ہر قلبہ پر نام لکھا ہوا ہے کہ یہہ فلانے حوض کا قلبہ ہے اور یہہ فلانی نہر کا اور دوسرے درجہ کی عمارت بھی ثمن ہے نہایت صفائی کے ساتھہ آٹھ گز کے قطر سے اور اوسکے آٹھون ضلعون پر سراسر ایوان ہے چوبیس ستونکا اور تیسرے درجہ کی عمارت ایک نشیمن ہے گنبدی آٹھہ ستونون پر اور اوسکا برج سنگ مرمر کا اور کلس سنہری ہے غرض کہ یہہ عمارت عجایب روزگار سے ہے اب ہم اس مقام پر اوسکا نقش لکھتے ہین

مہتاب باغ

حیات بخش باغ کی جانب غرب یہہ باغ ہے کہ کسی زمانہ مین بہت لطیف و نفیس ہوگا مگر اب کچھہ اچھا نہین رہا اس باغ کے بیچ مین ایک بہت بڑی نہر بہت خوشنمائی سے بہتی ہے اور اب حضور والا سراج الدین محمد بہادر شاہ نے اوس نہر کے پاس جانب غرب قطب صاحب کے جھرنے کے طور پر جھرنا بنایا ہے تراشکر سنگ سرخ کا اور اوس سبب سے اس باغ کو اور رونق ہو گئی ہے اور اسی باغ مین ایک جگہ قدم شریف کی ہے مگر کچھہ عمارت اوسکی نہین ہے اوسکا نقشہ یہہ لکھا

چوبی مسجد

اس باغ سے آگے نکل کر دو مکان ہین باورچی خانون کے اور وہ دونو مکان چھوٹا خاصہ اور بڑا خاصہ کر کے مشہور ہین اونکے پاس ایک مسجد تھی چوبی احمد شاہ بادشاہ کے وقت کی بنی ہوئی مگر اب بالکل ٹوٹ گئی ہے اور مٹی کا ڈھیر ہوگئی ہے مگر اوسکے دروازہ پر یہہ کتبہ باقی رہگیا ہے

بنا کرد مسجد شہ دین پناہ	کہ شد پایہ اش دولت سرمدی	برد سر کہ آنجا سجود نیاز	باوار طاعت شود مستعدی
خرد را بحسرت فرو رفت پای	چو شد فکر تاریخ را سرمدی	بگفتا سروش از سر بیخودی	بہ بیت الشرف مسجد احمدی
سنہ ۱۱۶۴		۱۱۶۴	ہجری

حال قلعہ معلی از جانب ریتی

ریتی کیطرف سے دیکھنا اس قلعہ کا ایک کیفیت عجیب اور تماشاے غریب رکھتا ہے کہ ایکطرف موج زنی دریای جون

اور جہاں آب اور روانی کشتیوں اور لہرانا سبزہ کا اور دور دست تک نظر آنا صحراے خرم و شاداب کا اور دوسری طرف سپیل اور برج طلائی اور کنگرہ ہاے قلعہ اور ان سب چیزوں کا عکس پانی میں پڑنا اور سورج کی کرن سے برج طلائی کا چمکنا اور کثرت لمعان سے تماشائیوں کی نگاہ کا اوس پر نہ ٹھہرنا ایک طرفہ تماشا ہے خصوصاً اوس وقت تمام پانی کے جاری ہونے کی صدا اور درختان پر جو قلعہ پر کہ بہت قسم کے واقع ہوے ہیں انواع طیور کا بسیرا لینا اور آپس میں چہچہے کرنا دلخوش اور لحن دلکش کا کرنا اور ہواے ملایم کا چلنا جانوں کو ارجو درختوں کی تکلیف کرتا ہے

نور گڈھ

اسی قلعہ کے متصل جانب شمال سلیم گڈھ ہے اسلام شاہ کا بنایا ہوا سنہ ۹۵۳ ہجری میں بنا تھا خاندان تیموریہ اسکو نور گڈھ کہتے ہیں اب یہ نور گڈھ نام سے ایسا ملحق ہو گیا ہے کہ حقیقت میں ایک خرابہ ہے قلعہ کا یہ عمارت دریا کے بیچ میں بنی ہوئی ہے اور اسلام شاہ کے وقت میں دریا اوتر کر اس عمارت میں جاتے تھے اور اصلی دروازہ اس گڈھ کا جانب جنوب کی طرف گھاٹ گہد و سے ہے بعد جہانگیر بادشاہ نے اوسکی جانب شمال ایک پل بنا اور اوس پر بھی دروازہ بنایا گیا جبکہ شاہجہان نے یہ قلعہ بنایا وہ پل اس قلعہ میں ایسا مل گیا کہ گویا اس قلعہ ہی کے لئے بنایا تھا اور اوس پر دونو طرف کتبہ لگا ہوا ہے چنانچہ اسکی ہم نقل کر دیتے ہیں ٭

کتبہ جانب شرق

شد بحکم شاہ نورالدین جہانگیر عظیم   سال و تاریخش مبارک این صراط المستقیم

کتبہ جانب غرب

بحکم بادشاہ ہفت کشور چنین پل گشت در دہلی مرتب	شہنشاہ عدل و داد و تدبیر کہ وصفش را نشاید کرد تحریر	جہانگیر ابن شاہنشاہ اکبر پی تاریخ اتمامش خرد گفت سنہ جلوس جہانگیری	کہ شمشیرش جہاں را کرد تسخیر پل شاہنشہ دہلی جہانگیر

اب ہم اس مقام پر ایک نقشہ زمین کا کھینچتے ہیں کہ اوس میں سلیم گڈھ اور پل سلیم گڈھ اور تمام مکانات جا بجا کے موجود ہیں وہ یہ ہے

اشارہ

واضح ہو کہ جسے اس قلعہ کی پیمایش کا جہاں جہاں ذکر کیا ہے وہ شاہجہانی گز سے بیان کیا ہے اسواسطے کہ کتب تواریخ میں اسکی پیمایش شاہجہانی گز سے لکھی ہے

ابو ظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ غازی خلد اللہ ملکہ و سلطانہ و افاض علی العالمین برہ و احسانہ


الحمد للہ کہ یہہ قلعہ معلی اور یہہ قصر اعلی کہ جسکا اوسکے مکان خلد برین پر فوق لیجاتا ہے ایسے شاہنشاہ عالم پناہ کے
وجود باجود سے رونق پذیر ہے کہ نوشیروان کو اوسکے دیوان عدالت مین رتبہ اوسکے چاکر کا ہو اور سکندر کو اوسکی
بارگاہ مین کمترین نوکر کا ہے خزان اونکے عہد دولت مین برنگ بہار اور خار اونکے زمانہ سلطنت مین غیرت
گلزار یہہ بات ظاہر ہے کہ اگر اندیشہ ایسے ممدوح کی مدح وثنا کی درپے ہو جسقدر مضمون عالی پیدا کرے اوسکی
شان کے آگے پستی سے خالی نہوگا اسواسطے اول ہی عجز پر اقرار کرنا اولی اور انسب ہے دلالت اس مہر
برج حق اور قبلہ اہل حق کی اٹھائیسوین شعبان المعظم ۱۱۸۹ ہجری روز سہ شنبہ قرب غروب آفتاب ہے تاکہ جہان
کو معلوم ہو کہ اس برگزیدہ خدا اور نور دیدہ عرفا کے ظہور کے بعد آفتاب بھی خجل ہو کر پردۂ حجاب مین چھپ گیا
اور ابو ظفر تاریخ ولادت پائی ہے کہ دلیل ہے معاندین پر ظفر مندی اور فیروزی کی اور جلوس میمنت مانوس
حضرت کا اٹھائیسوین جمادی الثانی ۱۲۵۳ ہجری شب جمعہ کو واقع ہوا ہے اور یہہ تاریخ جلوس ہے
از نشہ دولت بہادر شاہی ** شد پر ز می طرب ایاغ دہلی ** بنشست بتخت دولت روز افزون ** زینت افزود از وی باغ دہلی
تاریخ جلوس آن شہ والا قدر ** آمد بلب خرد چراغ دہلی ** اللہ تعالی اس زبدہ ملوک بزرگ اور نقاوہ سلاطین
سترگ کی ذات مقدس کو ابد الاباد تک سلامت رکھے اور عالم اونکے فیض عام سے شاداب و سیراب رہے بالنبی و آلہ الامجاد

تمام شد باب دوم



بعون صانع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

کتاب حذاقت انتساب متضمن حالات تعمیرات و قلعه و باشندگان شهر دهلی مسمی به



تصنیف جواد الدوله سید احمد خان صاحب بهادر عارف جنگ سابق منصف دار الخلافه شاهجهان آباد

مطبع نامی منشی نولکشور بطبع مزین مطبوع و مسموع عالمی شد



خاص شہر شاہجہان آباد کے حال میں

کسی را رسد کاین ستاید باشد | که در شاهجهان آباد باشد

شہر اعظم بہشت پرستان	مرکز تخت گاہ جہان	چون سواد بہشت جان پرور	ہمچو باغ بہار [illegible]
ساکنانش ہمہ خلف مرید	فاضل نکتہ دان دانشمند	ہمہ فیروز جنگ ملک ستان	ہمہ [illegible]
ہمہ با جاہ و حشمت جانی	ہمہ با زیب و فر سلطانی	ہمہ با [illegible]	[illegible]
ہمہ مرہم نہ دل خستہ	ہمہ از حور و پری وارستہ	ہمہ داد و دہش چو [illegible]	[illegible]
ہمہ [illegible] در لیلیٰ شوق	ہمہ فرہاد طبع شیریں ذوق	ہمہ با [illegible] کام [illegible]	[illegible]

آدمی کی کیا طاقت ہے کہ اس شہر کرامت بہر کی تعریف لکھ سکے اس واسطے اوس سے در گذر کر مختصر حال اسکا لکھتا ہوں کہ آبادی اس شہر کرامت بہر کی سنہ بارہ جلوس شاہجہان بادشاہ میں [illegible] مطابق سنہ ایک ہزار اڑتالیس ہجری کے بعد تیاری قلعہ کے شہر پناہ اور جدید شہر [illegible] اور ہر ہر مقام پر بازار اور کٹڑیاں رکھی گئیں اور چوک اور بازار عمارت ہوئی کہ ایک ایک گلی اور ایک ایک کوچہ رشک فردوس بریں تھا اور لطافت میں [illegible] پر اپنا نظیر نہیں رکھتا تھا [illegible]

بن کر تیار اور آباد ہوا میر یحییٰ کاشی نے اس شہر کی یہہ تاریخ پائی ٭ شد شاہجہان آباد از شاہجہان آباد ٭ اس شہر کے بیچ مین نہر جاری ہے اور وہ جنات تجری من تحتہا الانہار کی مصداق رکھتی ہے ہر گلی کوچہ مین نہر کا پانی پہونچتا ہے اور آب حیات پر طعنہ مارتا ہے اسواسطے مناسب معلوم ہوا کہ سب سے پہلے نہر کا حال لکھا جاوے اور مشتاقان لقاء دہلی کو طراوت روح افزا دی جاوے


حال فیض نہر

یہہ ایک نہر ہے فیروز شاہ بن سالار رجب کی بنائی ہوئی جسنے دلی مین قلعہ فیروز آباد و کوٹلہ اور جہان نما یعنی بدیع منزل عرف بیجے منڈل بنایا تھا یہہ بادشاہ بہت نیک نیت تھا اور پل اور بند بنانے پر بہت مصروف رہتا تھا چنانچہ اس بادشاہ نے اپنے عہد سلطنت مین دریا سے جمن سے ایک نہر کاٹی اور نواحی پرگنہ خضر آباد سے اسکا سیراب شروع کیا کہتے ہین کہ جس مقام سے اس بادشاہ نے نہر کاٹنی شروع کی ہے وہان ایک بہت مرتفع عمارت نہایت مستحکم بنائی ہے اور اسمین تہہ خانہ و مشاور حیات دروازے اور دریچہ رکھے ہین کہ جتنا پانی منظور ہوتا ہے اتنا لیتے ہین غرضکہ فیروز شاہ کے عہد مین یہہ نہر پرگنہ خضر آباد سے پرگنہ سفیدون تک آتی ہے جہان فیروز شاہ کی شکار گاہ تھی جب کہ سلطان فیروز شاہ مرگیا اور اسپر ایک زمانہ گذرا یہہ نہر خراب ہوگئی اور بہنے سے رہگئی جلال الدین محمد اکبر شاہ کے عہد مین شہاب الدین احمد خان صوبہ دار دہلی نے اپنی جاگیر کی آبادی اور افزونی زراعت کو اس نہر کی مرمت کی اور خضر آباد سے سفیدون تک پھر جاری کی اور نہر شہاب اسکا نام رکھا جب اسپر بھی ایک زمانہ گذر گیا اور کسی نے اسکی مرمت اور خبرگیری نہ کی پھر یہہ نہر بند ہوگئی اور بہنے سے رہگئی جس زمانہ مین شہاب الدین محمد شاہجہان بادشاہ نے قلعہ بنایا اور شاہجہان آباد آباد کیا اسی زمانہ مین حکم دیا کہ اس نہر کی پھر مرمت کیجاوے اور خضر آباد سے سفیدون تک بدستور پھر جاری ہووے اور سفیدون سے قلعہ معلی اور ارک اعلی تک کہ تیس کوس کا فاصلہ ہے ایک نئی نہر کھودی جاوے اور قلعہ معلی اور شہر مین جاری ہووے چنانچہ بنا پر حکم تیئیسوین جمادی الاول سنہ ۱۲ جلوس تک چار مہینہ بارہ روز عزت خان برادر زادہ عبد اللہ خان بہادر فیروز جنگ نے اس نہر کی مرمت مین محنت مصروف کی جب کہ عزت خان ٹھٹھہ کی صوبہ داری پر مقرر ہوا اہتمام نہر و غیرہ کا اللہ وردی خان کو تفویض ہوا اور اس نے یکم جمادی الثانی سنہ ۱۵ جلوس تک دو برس ایک مہینہ پندرہ دن اس کام مین سعی کی اور بعد اسکے خدمت مکرمت خان میر سامان و خانسامان کو سپرد ہوئی کہ اوسکے اہتمام مین سال بست و دوم جلوس مین قلعہ اور نہر مرتب ہوگئی قلعہ مین کوئی مکان ایسا باقی نہ رہا کہ جہان نہر نہ پھری ہو اور شہر مین کوئی گلی کوچہ ایسا نہ تھا کہ جہان

نہر آتی ہوتی کہ بادشاہی جیلانوں میں بھی نہر جاری تھی اور پانی کی نہایت بہتات تھی۔ لیکن گو کہ بعد بادشاہ کے وقت و
عہد عالمگیر ثانی کے پھر اس نہر کا حال تباہ ہو گیا اور جا بجا سے ٹوٹ گئی اور مٹی بھر گئی کہ پانی بہنے سے رہ گیا اور شہر
میں وہ ترتازگی اور وہ دلچسپی اور وہ دلربائی نہ رہی جبکہ سرکار دولتمدار انگریزی نے اس ملک کو فتح کیا اور عالیجناب
رسیدہ ہوئے اور اونکے حکم اور عدل سے رونق بازار حاصل کی حکام والا مقام انگریزی اس نہر کی درستی اور تعمیر
میں مصروف ہوئے اور اگلے زمانے سے بہتر اوسکی درستی کی اب شہر میں بدستور سابق یہ نہر جاتی ہے اور
قلعہ معلی کے ہر ہر مکان میں بہتی ہے اور علاوہ اسکے حکام والا مقام انگریزی نے اور دلی راحت اور آبادی
ملک کی لیے بھی بہت مصروف کی کہ اس نہر کے سبب محصول دیہات مضاعف ہو گیا کوئی پرگنہ باقی
نہیں کہ جہاں سے یہ نہر نہ گذری ہو اور اوسکے ہر ہر موضع میں نہ گئی ہو۔ جہاں سے کہ یہ نہر کھینچی ہے وہاں
سے چلکر اس نہر کے دو شعبے ہو گئے ہیں ایک شعبہ بائیں ہاتھ طرف گیا ہے کہ ملک سرسہ اور حصار وغیرہ کو
اوس سے رونق حاصل ہے مگر یہ شعبہ ریگستان کے آگے جا اور وہیں غائب ہو گیا۔ اور دوسرا
شعبہ اوسکا بائیں طرف کرنال اور پانی پت ہوتا ہوا شہر شاہجہان آباد میں آیا ہے اور اوسکے بازار میں
ہوتا ہوا قلعہ معلی میں داخل ہوا ہے اور اوسکے ہر ایک مکان کو رونق دی ہے اور پھر دریا
میں جا ملا ہے اور اب سرکار دولتمدار انگریزی کی بدولت اس ملک میں پانچ نہریں جاری ہیں اول نہر مغربی
جسکو نہر فیض کہتے ہیں اور اوسکا جیسے اوپر حال لکھا ہے اور یہ نہر شہر شاہجہان آباد میں بہتی ہے اور اوسکے
شعبے حصار رہتک تک پہونچے ہیں دوسری نہر مشرقی کہ دریا سے جمن سے متصل سہارنپور روان ہے سوم
نہر ہماپور واقعہ ڈیرہ دون کہ نکالی گئی ہے جانب جنوب دریا ہماپور سے متصل ہماپور کے چہارم نہر راجپور واقع
ڈیرہ دون کہ نکالی گئی ہے جانب راست دریا رسپنا کے قریب قصبہ راجپور کے پنجم نہر کلید واقع ضلع
تحو دملاقہ روہیلکھنڈ کہ نکالی گئی ہے جانب راست دریا کو ہ سے اور بہتی ہے متصل نگینہ کے اس کے
مختصر حال جیسے نہر کا معلوم ہو گیا اوسکے بعد اب آبادی اور شہر پناہ حیدر البلاد شاہجہان آباد کا حال لکھتا ہوں

حال شہر پناہ

جبکہ یہ قلعہ معلی اور ارک اعلی بنکر تیار ہوا اور شہر کے کوچہ و بازار اور نہر آباد سے رونق پائی اور آبادی اسکی
زیادہ روز افزوں ہونے لگی اوس وقت بادشاہ دین پناہ نے حکم دیا کہ اس شہر کی فصیل بھی بنائی جاوے اور
خندق اور برج بارہ سے درست کیجاوے تا کہ شہر کو رونق تمام حاصل اور ساکنین کو آسائش و فراوانی حاصل ہو



چنانچہ سال بست و چہارم جلوس شاہجہانی مین مکرمت خان کے نام حکم ہوا کہ شہرپناہ پتھر اور مٹی سے بنائی جاوے بموجب حکم عالی کے شہرپناہ پتھر اور مٹی سے چار مہینہ کے عرصہ مین ڈیڑہ لاکھہ روپیہ لگ کر بنی لیکن اس سبب سے کہ مٹی کو چندان قیام نہین ہے پانی کے زور اور برسات کے زور شور مین اکثر جگہہ سے شہرپناہ گر پڑی اسواسطے سال بست و ششم جلوس مین ربیع الاول کی بائیسوین تاریخ کو حکم ہوا کہ اس شہرپناہ کو اوکھیڑ کر سر سے شہرپناہ لطیف و نفیس مستحکم و مضبوط چونہ اور پتھر سے بنائی جاوے کہ بموجب حکم اقدس و اعلی کے شہرپناہ جدید پختہ و مستحکم ساڑھے تین لاکھہ روپئے خرچ ہوکر بنی کہ ڈیڑہ لاکھہ سابق کا اور ساڑھے تین لاکھہ حال کے کل پانچ لاکھہ روپئے اسپر خرچ ہوئے اور گیارھوین جمادی الثانی ۱۰۶۹ سنہ ہجری مین تمام ہوئی اس حصار فلک مثال کا طول چھہ ہزار تین سے چونسٹھہ (۶۳۶۴) گز کا ہے اور عرض دیوار کا چار گز کا اور ارتفاع کنگرہ دون تک نو گز کا اور اسمین ستائیس برج مین ہر برج کا دس گز کا قطر ہے اور چھہ دروازے بڑے اور پانچ چھوٹے تھے لیکن اب ایک دروازہ اور بھی بڑھگیا ہے اور کھڑکیان بہت سی ہوگئی ہین چنانچہ اوسکا حال آگے لکھین گے مگر ہر دروازہ کی قطع اور صورت اور شکل ایک سی ہے اور سب آپسمین ملتے ہین اسواسطے ہم اس مقام پر ایک دروازہ کا نام لکھکر صرف ایک دروازہ کے نقشہ پر اکتفا کرتے ہین کہ اوسی پر سب دروازون کا حال قیاس کیا جا سکتا ہے یہ فصیل بھی بسبب امتداد زمانہ کے جابجا سے شکستہ ہوگئی تھی حکام والا مقام انگریزی نے ہر مقام سے اسکی مرمت کی اور اوسپر مزید یہ کیا کہ اجمیری دروازہ کے باہر ایک مدرسہ غازی الدینخان کا متصل شہرپناہ واقع تھا جو کہ عمارت بلند کا گرد شہرپناہ کے رہنا مراتب احتیاط اور دانشمندی کے خلاف تھا اسواسطے جملہ مکانات بیرون شہر کے توڑنے کی تجویز ہوئی یہہ مدرسہ کہ نہایت عالی اور بغایت دلکشا تھا اوسکا توڑنا بہت نامناسب جانا اسواسطے اجمیری دروازہ کے باہر شہرپناہ جدید بنائی اور اس مدرسہ کو داخل شہر کرلیا چنانچہ اسکا حال اوس مقام پر آویگا اور چونکہ تعمیر معین الدین محمد اکبر شاہ بادشاہ کے عہد سلطنت مین ہوئی تھی اسواسطے اوسکے ایک برج جدید پر برج اکبر شاہ نام کھود کر لگا دیا ہے

ہم اسمقام پر دروازون کا نام بیان کرتے ہین اور ایک دروازہ کا نقشہ لکھتے ہین

نام دروازون کے

دلی دروازہ ۔ راج گھاٹ دروازہ ۔ خضری دروازہ ۔ نگمبود دروازہ ۔ کیلہ گھاٹ کا دروازہ ۔

کشمیری دروازہ ۔ بدرو دروازہ ۔ کابلی دروازہ ۔ پتھر گھٹی دروازہ مسدود ۔ لاہوری دروازہ ۔ اجمیری

کھڑکیون کے نام

زینت المساجد کی کوٹھری ۸۰ نواب احمد بخش خاں کی کوٹھری ۸۱ نواب عماد الدین خاں کی کوٹھری ۸۲ شمس برج کی کوٹھری ۸۳ سلیم گڈھ کی کوٹھری ۸۴ نصیر گنج کی کوٹھری ۸۵ ... کی کوٹھری ۸۶ اسد گنج کی کوٹھری ۸۷ امیری دروازہ کی کوٹھری مسدود ۸۸ مسدود کتوالی کی کوٹھری مسدود ۸۹ نیلہ باغ کی کوٹھری مسدود ۹۰ فراش خانہ کی کوٹھری امیر خاں کی کوٹھری ۹۱ خلیل خاں کی کوٹھری ۹۲ مسافر خانہ کی کوٹھری ۹۳ محمود کی کوٹھری

آبادی شہر کا حال

اس شہر کی وسعت اور آبادی کا حال کیا لکھوں ایک بہشت ہے اور جوق جوق ملائک اوس میں آباد ہیں تمام دنیا کی چیزیں موجود ہیں اور ہر قسم کے آدمی رہتے ہیں جنکے حسن و ادا پر حور و غلمان اور زہد و تقوی پر ملائک ہفت آسمان رشک لیجاتے ہیں

طوطی دہر اسالی رجد مثل ست بہر طرف گوہر فروشی	سادہ پتیں جو دسر بایہ چو تیش سر آوردہ رو رہا یا حر دشتی	فرنگی ار فرنگستان رسیدہ قناعہ بہر طرف سنبل دستانی	نو اورار ساد پتیں جیدہ بودہ بہر دو کاں کان بدخشانی
ہوا لیشش والکشا و لیشمس آ	طراوت خاسرا ادین زمیں است		

جب کہ آبادی کا یہ حال ہو اور وسعت کا یہ احوال پھر کیونکر اسکا حال لکھا جاوے اور اس دریاے محیط کو کوزہ میں بند کیا جاوے لیکن قل و دل یا اس شہر کی آبادی کا حال اور مکانات کا نقشہ لکھنا شروع کرتا ہوں اگرچہ اس شہر میں بہت مکان نفیس ہیں اور بہت مسجدیں عالی اور بہتری ہیں لیکن افضل المساجد اور اقصی العمارات جامع المساجد

مسجد جہان نما یعنی جامع مسجد

یہ مسجد اقصی اور یہ معبد اعلی ارک شاہجہان آباد سے ہزار گز کے فاصلہ پر عرب کیطرف ایک چھوٹی سی پہاڑی پر واقع ہے کہ وہ پہاڑی اوس میں بالکل چھپ گئی ہے اور شہاب الدین محمد شاہجہان بادشاہ نے اسکو بنایا ہے کہ لطافت اور نزاکت اور خوبی اور خوشنمائی اوسکی بیان سے باہر ہے آدمی کی طاقت نہیں کہ اوسکی خوبیاں کہ سکے ایسی خوش قطع اور خوشنما مسجد روے زمین پر نہیں سر سے پاؤں تک ایک رنگ کے سنگ سرخ کی ہے اور اندر سے اجارہ تک سنگ مرمر کی اور جا بجا سنگ سرخ میں سنگ مرمر کی دھاریاں اور سنگ موسی کی پچی کاری کی ہوئی ہے برج

زینت المساجد کی کھڑکی ۸۰ نواب احمد بخش خاں کی کھڑکی ۸۱ نواب عماد الدین خاں کی کھڑکی ۸۲ شمس برج کی کھڑکی ۸۳
سلیم گڑھ کی کھڑکی ۸۴ نصیر گنج کی کھڑکی ۸۵ ... کی کھڑکی ساده گنج کی کھڑکی ۸۶ راجہ جی دروازہ کی کھڑکی مسدود ...
... کی کھڑکی ۸۷ خلیل خاں کی کھڑکی ۸۸

خوشنما مسجد بروئے ... میں ... پاؤں ... ایک ...
سنگ مرمر کی اور حاشیہ سنگ سرخ میں سنگ مرمر کی دھاریاں اور سنگ موسیٰ کی پچی کاری کی ہوئی ہے برج

تمام سنگ مرمر کے ہین اور اوسمین سنگ موسی کی دھاریان بنی ہوئی ہین ایسے مہندس نے بدل فن یہہ مسجد بنائی
ہے کہ کوئی در و دیوار طاق و محراب مرغولہ و کنگورہ تناسب سے خالی نہین دسوین شوال سنہ ۱۰۶۰ ہجری مطابق
سال بست و چہارم ۲۴ جلوس مین اس مسجد کی بنیاد باہتمام سعد اللہ خان دیوان اعلے اور فاضل خان خانسامان کے پڑی
شروع ہوئی اور ہر روز پانچہزار راج مزدور بیلدار سنگتراش کام کرتے تھے باوجود اس اہتمام کے چھہ برس مین
دس لاکھہ روپیہ خرچ ہو کر یہہ مسجد تمام ہوئی اس مسجد کے تین گنبد ہین نہایت خوشنما نوے ۹۰ گز کے طول اور
تیس ۳۰ گز کے عرض مین اندر کو سات محرابین ہین باہر صحن کی طرف گیارہ در ایک در بہت بلند ہے اور پانچ پانچ در ادہر
اودہر ہین بڑے در پر تو یا ہادی بطور طغرا لکھا ہے اور باقی درون پر کتبہ نام نامی شاہجہان اور تاریخ تعمیر کا سنگ مرمر پر
کھدا ہوا ہے چونکہ وہ کتبہ بہت بڑا ہے اوسکا بعینہ نقشہ مین نقل کرنا بہت مشکل ہے اور معہذا نقشہ کی رونق
اور شان و شوکت نہین ہے کی اسواسطے اوسکو اس مقام پر نقل کر دیتا ہون

کتبہ در اول از طرف شمال

بفرمان شہنشاہ جہان پادشاہ زمین و زمان کیہان خدیو کشورستان گیتی خداوند گردون توان سرور خواقین
عدل و سیاست راشید ارکان ملک و دولت بنیاد ان عالی فطرت قضا فرمان قدر قدرت فرخندہ رای
خجستہ منظر فرخ طالع بلند اختر آسمان ہمت مہر بنیاد خورشید عظمت فلک پایگاہ

کتبہ در دوم

مظہر قدرت الہی مورد کرامات نامتناہی مظہر کلمۃ اللہ العلیا مروج الملۃ الحنفیۃ البیضا ملجاء الملوک والسلاطین خلیفۃ اللہ
فی الارضین الخاقان الاعدل الاعظم والقاآن الاجل الاکرم ابو المظفر شہاب الدین محمد صاحب قران ثانی شاہجہان
بادشاہ غازی لازالت رایات دولتہ منصورۃ دائماً بحضرۃ مقرون کہ دیدہ بصیرت حق بینش از شعشعہ انوار ہدایت انما یعمر مساجد اللہ

کتبہ در سوم

من آمن باللہ منور و باطن پرتو الا لمحہ مستنیر است و آئینہ ضمیر صدق گزینش از اشعہ مشکات روایت احب البلاد الی اللہ
مساجدہا فروغ پذیر این مسجد کہ اساس گردون مماس کہ بر مسجد اسس علی التقوی بنیان پایدار است و
بنیہ والتقی سقف الارض رواسی ان تمید بکم کہ ایوان استوار او قبہ ہای کہ شانش از طبقات آسمان گذشتہ دشو افلاک
سپہر نشان شرح کیوان پیوستہ

کتبہ در چہارم

هیچ شک نیست که هست از کهکشان و آسمان	×	×	گر طاق و قبهٔ مقصوره‌اش خوانی نشان
طاق نوری طاق گردیده سوده کهکشان	٭	٭	گردیده قبهٔ گردون سوده تابش

و از شمسهٔ پیش طاق جهان نمایش روشنی بخش مصابیح سموات رشک قندیل گنبد عالم آرایش لوای افراشته
قنادیل حیات مسلک مرتبش چون سجدهٔ مسجد اقصی امر قات

کتبهٔ در ششم

مقام قاب قوسین او ادنی محراب فیض گسترش مانند صبح صادق کشایندهٔ ابواب بشارت رسان و لقد جاءهم من ربهم الهدی ابواب رحمت آسایش صلای والله یدعوا الی دار السلام سامع خاص و عام رسانیده و منار سپهر مدارش ندای و بشر الذین احسنوا الحسنی ازین رواق گنبد فیروزه فام گذرانیده سقف رفیع نما
تماشاگاه روحانیان کرهٔ افلاک مرور گشته گنبدهای بخط طغرا نوشته

کتبهٔ در هفتم

صحن وسیع دلکشایش سجده‌گاه پاک نهادان معمورهٔ خاک روح فضای فیض انتمایش و طیب هوای روح افزایش از روضهٔ رضوان حکایت کرده و عذوبت ماء معین حوض لبریز لطافت آسایش از چشمهٔ سلسبیل خبر داده روز جمعه دهم شهر شوال سال هزار و شصت هجری موافق سال چهارم از دور سوم جلوس میمنت مانوس بساعت سعید

کتبهٔ در هشتم

و طالع شایسته سرمایهٔ احیا و پیرایهٔ تاسیس یافت و در عرض مدت شش سال بحسن سعی کارپردازان کاردان کارگذاران و عمل عقل اهتمام کارفرمایان صاحب اقتدار و عمل جد و جهد استادان ماهر دانشور و محنت کوشش معماران

کتبهٔ در نهم

از قدوم اقدس پادشاه ظل الله صاحب بیت خدا گذار بیت الحرام زینت گرفت و اقامت نماز عید و ادای طاعت اسلام چون مسجد الحرام در روز عید اضحی مرجع طوائف انام گردید شعار اسلام و ایمان را استقامت و رفعت کرامت فرمود و سیاحان ربع مسکون و سالکان کوه و هامون را آراسته عمارتی باین رفعت و وسعت در آیینهٔ

کتبهٔ در دهم

و مرآت خیال مرتسم نگشته و حقائق نگاران وقائع دهر و حکایت پردازان اقلیم و شهر که سوانح نگاران ملک

ارباب جاہ و دولت و صنائع شناسان اصحاب حکمت و قدرت ندا فراختہ بنای باین شکوہ و عظمت بجز بان قلم و قلم زبان نگذشتہ فراز ندۂ کاخ ہستی و طراز ندۂ بلندی و پستی این بنیان رفیع را کہ قرۃ العین بینش و زینت بخش کارخانۂ آفرینش است

کتبہ دربار دوم

پایدار داشتہ صدای تسبیح سبحانش را ہنگامہ آرائی ذاکران مجامع ملکوت و زمزمۂ تہلیل مہللانش را نشاط افزای پرستاران جوامع جبروت دارا و درودش مناہر معمورۂ جہان را بخطبۂ دولت جاوید طراز این بادشاہ داد گر دین پرور کہ بنیامن ذات مقدس مبارکش ابواب امن و امان بروی روزگار کشادہ است آراستہ وارد بحق الحق و اہلہ نور احمد ان درونکے دونو طرف مینار ہین نہایت بلند اور بغایت خوشنما اور اوسمین زینہ بنے ہوئے ہین کہ اوس رستہ سے مینار کے اوپر چلے جاتے ہین میناروں کے اوپر بارہ دری کی برجیان سنگ مرمر سے نہایت دلکش دلربا بنی ہوئی ہین ان میناروں پر چڑھنے سے شہر کی عجب کیفیت معلوم ہوتی اور نہایت سیر دکھائی دیتی ہے تمام شہر مثل کٹورہ کے معلوم ہوتا ہے اور درختون کی رونق اور مکانون کی خوشنمائی سے ایک عالم دکھائی دیتا ہے شمالی مینارہ بسبب بجلی کے گر پڑا تھا اور اس عمارت عالی مین چشم زخم پہونچ گیا تھا اور صحن کا فرش بھی کہ تمام سنگ سرخ کا ہے جا بجا بگڑ گیا تھا سرکار دولتمدار انگریزی نے معین الدین محمد اکبر شاہ بادشاہ کے عہد مین کہ اوسکو آجتک قریب تیس برس کے عرصہ گذرا ہے اس مینار کو بنوا دیا اور فرش بھی درست کروا دیا کثرت نمازیون کی ماشاء اللہ اس مسجد مین مور و ملخ سے زیادہ ہوتی ہے اور امام کی آواز تکبیر سب نمازیون کو نہین پہونچ سکتی اسواسطے شاہزادہ مغفور مرزا سلیم ابن معین الدین محمد اکبر بادشاہ خلد آرامگاہ نے بڑے در کے بیچ مین ایک مکبر سنگ باسی کا بہت خوشنما بنوا دیا ہے کہ اوس مکبر پر مکبر کھڑا ہو کر آواز اللہ اکبر اور ربنا لک الحمد سب کے کان تک آویزہ کرتا ہے اس مکبر کو بنے ہوئے اٹھارہ برس کے قریب عرصہ گذرا ہے مسجد مین تمام فرش سنگ مرمر کا ہے اور اوسمین سنگ موسیٰ کی بنت کاری اور پرچین سازی سے مصلے بنا دیے ہین ممبر اس مسجد کا سنگ مرمر کا ہے اور ایسا خوش قطع بنا ہوا ہے کہ جسکا بیان ممکن نہین

درگاہ آثار شریف

اس مسجد مین شمالی کی طرف دالان غربی مین آثار شریف جناب رسول مقبول علیہ الصلوٰۃ والسلام رکھے ہوئے ہین اور اونکو آگے حضرت اورنگ زیب عالمگیر کے وقت مین الماس علیخان خواجہ سرا نے مسجد سنگ سرخ جالی دار بنوا دیا تھا

اور اوسپر یہ تاریخ کندہ تھی

پیش آثار مبارک سرور آخر زمان	در زمان شاہ عالمگیر خاقان جہان
با سیادت ساحت دیوار حجرہ سنگ سرخ	شد تمام احتشام و از صدق شاہ دل الملک خان
سال تاریخش چو می‌جستم از عقل جواب	گفت ہاتف سجدہ گاہ والا والا جہان

پانچ برس کا عرصہ ہوتا ہے ایک آدمی تیرہ آلی بخش اوسکے مدرسے وہ جو گر پڑا تھا حضرت ابوالظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ غازی خلد اللہ ملکہ نے از سر نو اوس جگہ کو مرتب کیا چنانچہ اوسکا وہ حصہ ہے جو درست ہے

حوض

صحن مسجد کا نہایت دلکشا اور نہایت فرحت بخش ہے ایک سو چھتیس گز کے عرض و طول ہے اور بیچوں بیچ میں حوض نہایت فرحت بخش روح افزا اور دلکش ... بارہ گز کا سنگ مرمر کا اور اسکے بیچ میں فوارہ لگا ہوا ہے اور جمعہ اور عیدین اور الوداع کو چھوٹا کرتا ہے اوسکی کیفیت دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے گویا فوارہ نور ہے کہ آسمان تک پہونچتا ہے اور یا مہتاب ہے کہ آسمانیوں سے مصافحہ کرتا ہے

ز صحن صحن دیگر نیستان ثانیست	ہو صحن آب کوثر نیستان ثانیہ	بعد آسمان یکتا یہ اوہ	سر خورشید برید سایہ او
	ز روز قسمت اہل یقین است	بعد دگر سپہ اقصی است	

اوس حوض کے غربی گوشہ پر ایک چھوٹا سا کٹہرا سنگ مرمر کا ہے یہ مال محلی نے بنوا دیا ہے اسواسطے کہ مقام کی روایت ہے امام صاحب نے رسول مقبول علیہ الصلوۃ والسلام کو بیٹھے ہوئے دیکھا تھا اوس کٹہرہ پر یہ اشعار کندہ ہیں

کوثر محمد رسول اللہ سنہ ۱۱۹۰

رسول دید اسا اینجا ولی بال اللہ سماست گرشد دایں سنگ چبوترہ سال تحسین آفرین گفت احاطہ حاجی ۱۱۹۰

پانی جانے کی اور سیڑھی چڑھنے کی شکل بادشاہی

اس مسجد کے صحن کے چاروں طرف دالان ہیں جو نہایت اور دالان سامنے فرحت افزا اور دلکشا مکانات فرحت بخش سے ہوئے ہیں اور چاروں کونوں پر چار برج ہیں بارہ دری کے صفت کہ اوس سے ایک نہایت رونق اور بہار حاصل ہو گئی ہے جنوبی اور شرقی دالان کے سامنے ... وقت ... ہے کہ جو ... اوسکا افق عالم پر طلوع ... صحن کے تین دروازے ہیں سمت شمالی ایک جانب جنوب کی طرف ... اور دوسرا جانب مشرق کی طرف ... اور تیسرا جانب شمال کی طرف

[illegible]

مینار پایہ والا ہا اور ان تینوں دروازوں میں برنجی کواڑ منبت کاری کے چڑہے ہوئے ہیں اور مسجد کے داہنی بائین طرف دار الشفا اور دار البقا بہت صفا اور لطافت سے بنے ہوئے ہیں اور اسکی تاریخ شعرا نے کئی طرح پر کہی ہے اسکے ناظم نے اسطرح کہی

من نگویم کعبہ لیکن اینقدر گویم کہ ہست	چہ اعتقاد عاشق سجدہ این آستان	پرتوی انوار او چون عالم افروزی
صبح را گرد و نفس انگشت حیرت در دہان	مسجدا این است می زیبد اگر حسن بتان	خلوت روحانیان از شمع بالائی دخان
دست او ستاد قضا تا از رخامش ساختہ	رو سفیدی ابر ابادو گشت از بہر کمان	نیست درد حاصل اوقات اہل تاشکار
خسرو غازی ثانی صاحبقران شاہجہان	در بنای حرا این سعی کہ وا کرد شش	حاصل کان جملہ خواہ گشت آخر صرف کان
تا ہمیشہ قبلہ اسلام سمت کعبہ است	قبلہ گاہی از برو باد اجابت جاودان	مسجد کان کعبہ ثانی است تا حسن بود

قبلہ حاجات آمد مسجد شاہجہان ۱۰۶۶ ہوا اس تاریخ میں ایک عدد کی زیادتی ہوتی ہے اور جو کہ ایک عدد شمار میں نہیں ہے اسواسطے یہ زیادتی کالعدم سمجھی جاتی ہے اور مورخین نے اسکو جائز رکھا ہے اب ہم اس مقام پر اس نقشہ مسجد کا اندر سے لکھتے ہیں اور ہر ہر دروازہ کا نقشہ علیحدہ اور اوسکے ساتھ اوسطرف کے مکانات کا ذکر نقشوں سمیت لکھتے ہیں

دروازہ جنوبی مسجد جامع نمبر ۲

جنوبی دروازہ اس مسجد کا چتلی قبر کے بازار کیطرف واقع ہے اس دروازہ کی سیڑھیوں پر تیسرے پہر سے مجمع عام ہوتا ہے اور بساطی اپنی اپنی دکانیں لگاتے ہیں اور طرح بطرح کی چیزیں بیچتے ہیں اور فالودہ والا اپنی دوکان کو آراستہ کرتا ہے اور شربت قند اور پالودہ رنگین بیچتا ہے اور عاشقان تفتہ جان کے سینہ بریان میں ٹھنڈک پہونچاتا ہے کبابی ہر طرح کے کباب بناتے ہیں کہ اوسکی بو پر عاشق برشتہ جان حسرت لیجاتے ہیں اور آتش غیرت سے جلتے ہیں جانور اور اصیل مرغ بیچتے ہیں اور جوانان فرشتہ صورت ایام نوروز میں جبکہ مرغ لڑاتے ہیں تو اونکی جفاکاری اور نیرنگی پر رشک کھاتا ہے یاران ہمعمر اور جوانان ہمسر ہاتھ میں ہاتھ دیے ہوئے سیر و تماشا کرتے پھرتے ہیں نمازی آواز اذان سنکر دوڑتے ہیں اور ماننده فرشتوں کے مسجد و آسمان کا ارادہ کرتے ہیں سیڑھیاں اس دروازہ کی کہ تعداد میں تینتیس ہیں ایسی خوبصورت اور خوشنما ہیں کہ اوسکی خوبی کے بیان کی مجال نہیں سنگ سرخ اوسکا سرخی لب پان خوردہ معشوقوں پر فوق لیگیا ہے اور ہر ایک زینہ اوسکا زینہ بام آسمان سے زیادہ ہے چنانچہ اوسکا نقشہ دیکھنے سے اس دروازہ کی خوبی معلوم ہوتی ہے

دار البقا

اس دروازہ کیطرف مدرسہ دار البقا ہے کہ لوگ اوسکو زمانہ میں طالب علم ... مدرسہ ... اور ... متولی ...

پڑھا کرتے تھے یہ مدرسہ بالکل خراب و برباد ہو گیا تھا اور بالکل ٹوٹ پھوٹ گیا تھا کہ زمانہ اہل اللہ سے خالی نہیں اور ہر زمانہ
میں کوئی نہ کوئی صاحب ہمت عالی اور طالب علم ہوتا ہے اور نیت مست اور دل ارشاد و سخاوت سے او سکے سر پر
اللہ تعالیٰ کا سایہ رحمت ہو اور کسیکو میسر نہیں ، اس عہد زمانہ میں اللہ تعالیٰ نے جناب مولانا مولوی محمد صدر الدین صاحب
صدر الصدور شاہجہاں آباد کو ہمت بلند اور فطرت ارجمند عنایت کی ہے کہ شاید اگلے زمانہ میں بھی کسیکو ہوگی تب
ممدوح نے اپنی عالی ہمتی سے اس دار البقا کو از سر نو مرتب کیا ہے اور شاہجہانی عہد پر جو حجرے
اوسکے ٹوٹ گئے تھے اونکو نئے سر سے بنایا ہے اور مدرس نوکر ہیں اور طالب علم پڑھتے ہیں اونکی خبر گیری اور
دو پارچہ کی انکی سرکار عالی سے ہوتی ہے سبحان اللہ غور کرو کہ یہ کیا چشمہ فیض ہے کہ انکی ذات میں آیات سے
جاری ہے اور تشنہ لبان بیابان کو پانی دیتا ہے بیابان نیک نامی کے کچھ نہیں رہتا اور عقبیٰ میں بجز اعمال کے
اور کچھ نہیں جاتا یہ دونو باتیں اللہ تعالیٰ نے انہیں کے لئے پیدا کی ہیں اللہم زد فزد بعد اس دروازہ کے آگے ایک
بازار ہے نہایت وسیع کہ اس جنوبی دروازہ سے شروع ہوا ہے اور ترکمان اور دلی دروازہ تک چلا گیا اس بازار میں
جو مقام نامی ہیں اونکا ذکر لکھتے ہیں بعضی جسکا تو صرف حال ہی لکھا جاتا ہے اور بعضو کا معہ نقشہ اور جب کہ ہم اس جنوبی
دروازہ سے چلیں تو کچھ مکان جانب دست راست پڑتے ہیں اور کچھ جانب دست چپ اونکی تفصیل یوں ہے

امام کی گلی

یہ کوچہ دست راست کو واقع ہے اسمیں مکانات شرفا و امرا واقع ہیں اور اس کوچہ میں قدیم سے امام مسجد جامع
کا مکان ہے اور اسی سبب امام کی گلی مشہور ہے

غازی نیچہ بند کی دکان

اس گلی کے سامنے دست چپ کو غازی نیچہ بند کی دوکان ہے یہ نیچہ بند بھی بڑا نامی ہے ہر میلہ میں اسکی
دوکان پر بڑا ہنگامہ اور نہایت رونق ہوتی ہے اپنی دکان کے سامنے غازی میاں کی چھڑیوں میں ایک
اور دروازہ تعزیہ کر کے چھوڑتا ہے اور ایسی روشنی کرتا ہے کہ رات دن ہو جاتی ہے ہزار ہا آدمی سیر تماشے
کو آتے ہیں اور محرم میں ایک بڑا اچھا بجرہ لٹکاتا ہے اور اوسمیں بلبلیں اور قمریں چڑھاتا ہے اور طرح
طرح سے روشنی کرتا ہے کہ دس دن تک شام سے صبح تک ہزار ہا آدمی اوسکے دیکھنے کو آتے ہیں اتنا
بھیڑ ہوتی ہے کہ تل رکھنے کو جگہ نہیں ملتی دسویں شب کو تعزیہ گشت کرتا ہوا پہر رات رہے تک
اسکے پاس آتا ہے اوس وقت اس بجرہ میں سے اوسکی سلامی ہوتی ہے اور طرح طرح کی آتشبازی چھٹتی ہے

ہے اوسوقت آدمیون کی کثرت سے وہ بازار نمونہ محشر اور صحراے قیامت ہوجاتا ہے

مٹیا محل

جانب دست چپ یہہ ایک محلہ ہے بڑا سابق مین کچھہ مکانات امرا کے ہونگے مگر اب صرف رعایا رہتی ہے
اور یہہ محلہ مٹیا محل کر کے مشہور ہے کہ کچھہ اوسکی وجہ تسمیہ معلوم نہین ہوتی

حویلی جناب مولوی محمد صدرالدین خان بہادر صدر الصدور

جانب دست راست حویلی ہے جناب مولوی محمد صدرالدین خان بہادر کی کہ سابق مین لالہ ہزارہ بیکسا کی حویلی تھی مولوی صاحب نے اوسکو خرید کیا اور اپنے سر لیسے بنایا یہہ حویلی بہت خوش قطع ہے اور نہر و فوارہ اسمین جاری ہین اور بسبب خانہ باغ اور نہر اور فوارہ کے نمونہ بہشت بریں ہے

شیدی فولاد خان کا بنگلہ

جانب دست راست شیدی فولاد خان کا بنگلہ تھا جو محمد شاہ کے عہد مین دلی کا کوتوال تھا مگر مدت ہوی اوسکا نشان باقی نہین ہا نام چلا جاتا ہی اور یہان سے ایک شاخ اس بازار کی بجانب غرب گئی ہی کہ اوسکا نام چوڑی والون کا محلہ ہے

عزیز ابادی کی حویلی

جسکے سامنے جانب دست چپ نواب عزیز ابادی کی حویلی ہے مدت تک نواب محل بیگم صاحبان کے تصرف مین رہی اب بادشاہی علاقہ مین ہے اس حویلی مین ایک مسجد شکستہ تھی کہ اب اوسکو جناب مولوی محمد صدرالدین خان بہادر نے بہت روپیہ خرچ کرکے عمرت کی اور ایک نیا کنوان کھنچ دیا

مکان سید محمد امیر خوشنویس

اسکے مقابل متصل بنگلہ شیدی فولاد خان جانب دست راست سید محمد امیر خوشنویس کا مکان ہے اور اوسپر بہت خوش خط عاقبت بخیر باد لکھا ہوا ہے اور اسیکی پاس تھانہ بھی چلا بیٹھا ہی

مکان نواب محمد مصطفے خان بہادر

اس سے آگے جانب دست چپ یہہ مکان واقع ہے اور بہت اچھا کرہ اور نفیس مکان بنا ہوا ہے اور مکین کی رفعت شان کے سبب آسمان پر فوق لیجاتا ہے

سید رفاعی صاحب کی مسجد

یہہ مسجد دست راست کو واقع ہے اور بنا اسکی بہت قدیم سے لیکن چونکہ سید صاحب موصوف اس مسجد مین بہت

بنے ہیں اور اس مسجد کی مرمت بھی کی ہے اسواسطے انکے نام سے مشہور ہو گئی ہے یہ سید صاحب بڑے مقتدائے روزگار تھے اور انکے ہاں ایک مجلس سماع مقرر ہوا کرتی تھی اور اوسمیں مرید خاص عام ہوا کرتے تھے اور یہ قید تھی کہ اوسکے گرد پیش پاس عورت نہو اور اونکی مریدیں خاص کے ہاتھ میں چھرے لیے ہوتے تھے اور اون سب پر ایک حالت تاری ہوتی تھی کہ اوسوقت بیاو ما فیہا فراموش کرتے تھے اور اوس حالت میں کلمہ طیب پڑھتے تھے اور وہ چھرے ایک دوسرے کو مارتے تھے مگر زخم کا اثر ہوتا تھا اور جایا اگر کبھی ہوا بھی تو فی الفور سید صاحب نے ایا لب لگایا اور وہ زخم اچھا ہو گیا اور اس سید صاحب مرے ہوئے تیس برس کے قریب ہوئے

اعظم خان کی حویلی

یہ حویلی جانب چپ واقع ہے اور سالق میں تعمیر کی ہوئی نواب اعظم خان کی تھی مگر اب اسمیں محلہ بستا ہے

چتلی قبر

اس حویلی کے مقابل جانب دست راست یہ قبر واقع ہے اور ایسی مشہور ہے کہ دور دور تک اسکا نام مشہور ہے کہتے ہیں کہ سید روش صاحب شہید کی یہ قبر ہے اور پانسو برس سے اسمقام پر واقع ہے اب اسمقام پر اس مزار کی دو شاخیں ہو گئی ہیں ایک سلسلہ کمان ور دارہ اور ایک جانب دہلی دروازہ اور یہ میدان جو چتلی قبر اور اعظم خان کی حویلی کے بیچ میں واقع ہے تراہہ ہو گیا ہے اب ہم ترکمان تک کا حال لکھتے ہیں

مزار میر محمدی صاحب

اس مزار کی جانب دست چپ ان بزرگ کی پہلے ایک حویلی تھی ا[illegible] وفات کے بعد [illegible] ہر برس عرس ہوتا ہے اور روشنی کیجاتی ہے اور مزار [illegible]

شاہ غلام علی صاحب کی خانقاہ

اس سے آگے دست چپ کو شاہ غلام علی صاحب کی خانقاہ ہے کہ بڑے اولیائے کامل سے تھے اور اسی خانقاہ میں مرزا جان جاناں شہید اور شاہ صاحب موصوف اور شاہ ابو سعید صاحب رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کا مزار ہے

موم گروں کا چھتہ

اسی خانقاہ کے مقابل جانب دست راست موم گروں کا چھتہ ہے کہ اب اوسمیں عیاںداروں کی سکونت واقع ہے

[illegible] صفحہ 15 تا صفحہ [illegible]

شاہ ترکمان کی ڈگڈگی

اسی مقام کے متصل ست پیت کی طرف سر بازار ایک لال ساپتھر اور اوسمین چھوٹی سی دیوار حیراغان کی بنائی اور اوسمین شاہ ترکمان کی لیے درویش نذر بہت اداکرتے تھے اور روشنی کرتے تھے اونکی ڈگڈگی مشہور ہوگئی ہے اور ایسے مکانکو اس فرقہ کی اصطلاح مین ڈگڈگی کہا کرتے ہین اور یہان جب مہتاب تمام ہوا تو کئی مقام پر نالہ کھود کر اوسکو بند کیا

مزار رضیہ سلطان بیگم

اسی نواح مین ایک محلہ بلبلی خانہ کا ہے اور وہان منشی شیر علیخان اور جناب مولوی رشید الدین خان صاحب کے مکانات ہین اون مکانو مین ایک احاطہ سنگین کھنچا ہوا ہے اور اوسمین دو قبرین ہین ایک رضیہ سلطان بیگم کی اور ایک ستی بیگم کی کہ عوام الناس اوسکو رجی جھجی کی درگاہ کہتے ہین شاید کسی زمانہ مین یہ مکان اچھا بنا ہوا ہو لیکن اب بالکل شکستہ ہوگیا ہے یہانتک کہ قبرون کے تعویذ بھی ٹھیک اور ثابت نہین اور یہ مکان اس لائق نہین کہ اوسکا نقشہ لکھا جاوے مگر رضیہ سلطان بیگم اپنے وقت مین ہندوستان کی بادشاہ ہوگئی ہے اور تخت سلطنت ہندوستان کو انکی ذات سے رونق حاصل ہوئی تھی اسواسطے انکا ذکر لکھنا مناسب معلوم ہوا مد جاننا چاہیے کہ رضیہ سلطان بیگم بیٹی ہین سلطان شمس الدین التمش جنہون نے قطب صاحب کی لاٹھ اور مسجد قوۃ الاسلام اور حوض شمسی بنایا تھا جبکہ سلطان شمس الدین التمش کا انتقال ہوا اوسکے بعد سلطان رکن الدین فیروز شاہ بن سلطان شمس الدین تخت پر بیٹھا اوسکے بعد سلطان رضیہ نے ۶۳۴ھ مین تخت سلطنت پر جلوس فرمایا اور ۶۳۷ھ مین سلطان معز الدین بہرام شاہ نے انکو پکڑ کر قلعہ تبرہندہ مین قید کیا کہ بعد چند روز کے وفات پائی اور یہان مدفون ہین

کالی مسجد نمبر ۳

بلبلی خانہ اور ترکمان دروازہ کے پاس ایک مسجد ہے پٹھانونکی وقت کی اور اوسکو کالی مسجد کہتے ہین شاید اصل مین کلان مسجد ہو یہہ مسجد بہت بلند کرسی دار بنائی ہے کہ تیئیس ۲۳ سیڑھیان چڑھکر اوسکے صحن مین جاتے ہین اس مسجد کو جونا شاہ المخاطب بخان جہان ابن خان جہان وزیر نے فیروز شاہ کے وقت مین ۷۸۹ھ مین بنائی ہے اور اوسکے دروازہ کی پیشانی پر یہہ کتبہ لکھا ہوا ہے مد بسم اللہ الرحمن الرحیم بفضل و عنایت آفریدگار در عہد دولت بادشاہ دین دار الواثق بتائید الرحمن ابو المظفر فیروز شاہ السلطان خلد اللہ ملکہ این مسجد بنا کردہ بندہ زادہ درگاہ جونا شاہ مقبول المخاطب خان جہان خدا برین بندہ رحمت کند ہر کہ درین مسجد بیاید بدعاے خیر بادشاہ مسلمانان و این بندہ بفاتحہ و اخلاص یاد کند حق تعالے این بندہ را بیامرزد بحرمۃ النبی واٰلہ مسجد مرتب شد بتاریخ دہم ماہ جمادی الآخر سنہ تسع و ثمانین و سبعماۃ ہجری مد اس مسجد کے نقشہ دیکھنے سے پٹھانون کی وقت کی عمارت کی شکل بخوبی معلوم ہوتی ہے یہہ مسجد بنگھی ہے اور پانچ پانچ در ہر ہر گہہ مین ہین اور اوسکے صحن مین کئی قبرین ہین منجملہ اونکے ایک قبر جونا شاہ خانجہان

بانی مسجد کی اور دوسری جا شمار او سکے باپ کی ہے اب او سکے لکھے کو دیکھو اور قدرت الٰہی یاد کرو

درگاہ حضرت شاہ ترکمان نمبر ۳

یہ درگاہ ہے حضرت شمس العارفین شاہ ترکمان بیابانی کی ترکمان دروازہ کے پاس اور اسی سبب سے یہ دروازہ ترکمان دروازہ کرکے مشہور ہوگیا ہے حضرت شمس العارفین ترکمان بیابانی بڑے ولی اللہ ہیں آپ کے اوصاف اور کمالات اس سے سوا ہیں جو بیان ہوسکیں اور محامد آپ کے اسکے محتاج نہیں کہ لکھے جاویں مزار آپکا آسمان کے نیچے واقع ہے ایک مختصر احاطہ سا ہوا ہے اور اوسمیں آپ کا مزار ہے آپکی قبر کے گرد سنگ مرمر کا کٹہرا لگا ہوا ہے اور گرد قبر شریف کے تھوڑی دور تک سنگ مرمر کا فرش ہے باقی سنگ سرخ کا فرش ہے اس درگاہ میں ایک درخت ہے کہ یہاں کے خادم صاحب فرماتے ہیں کہ یہ درخت حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت کے ہاتھ کا لگایا ہوا ہے۔ وفات آپ کی چوبیسویں رجب ۶۳۸ ہجری کو ہوئی ہے اور اسی تاریخ ہر برس یہاں عرس ہوتا ہے اور ہر برس بسنت یہاں بہت دھوم دھام سے ہوتی ہے اور تمام شہر کے لوگ جمع ہوتے ہیں اور چار قبریں اسی احاطہ میں اور ہیں اور ایک قبر سے فرش میں ملی ہوئی اور وہ سرپن آپ کے مریدوں کی اور ایک قبر بھتیجے کی ہے اور یہ آپ کے مزار کا نقشہ ہے

اسعد خان کا بازار


اس بازار کی چتلی قبر سے دو شاخیں ہو گئی ہیں ایک شاخ کا جو ترکمان دروازہ کو گئی ہے اوسکا حال تو ہم لکھ چکے اب دلی دروازہ کی طرف کی شاخ کا حال لکھتے ہیں کہ چتلی قبر سے آگے بڑھ کر دہلی دروازہ کی طرف جو بازار ہے وہ امیر خان کا بازار ہے اور اوسمیں چھیر پھوالوں [illegible] اور سودے والوں کی دوکانیں ہیں

بنگش کا کمرہ

اسی بازار میں جانب دست راست فیض اللہ خان بنگش کا کمرہ ہے کہ رفعت میں آسمان سے باتیں کرتا ہے اور استواری میں کوہ بیستون کو دیر لعنہ مارتا ہے اس کمرہ کو فیض اللہ خان بنگش نے ہزار ہا روپیہ خرچ کر کر بنوایا تھا اس بازار کے سامنے تیراہا او ر مرزا خجستہ بخت کی حویلی ہے اور اوسی میں سے داہنی طرف امیر خان کے گنج کو رستہ جاتا ہے اور بائیں طرف چیلوں کے کوچہ اور کاسے محل کو

حویلی مرزا خجستہ بخت بہادر

یہ حویلی مرزا خجستہ بخت بہادر کی ہے جو بھائی ہیں حضرت ابوالمظفر محمد اکبر شاہ بادشاہ کے اس حویلی کی تاریخ



بہت خوب اور وہ یہ ہے ہو مکان خجستہ بنیاد

تیراہہ بیرم خان

اس سے آگے ایک چھوٹا سا چوک ہے اوسمین ایک تو یہی رستہ آتا ہے جسکا ہم ذکر کرتے آتے ہین اور اوسکے آگے ایک رستہ دلی دروازہ کو ہو کے جاتا ہے اور ایک رستہ بائین طرف فیض بازار کیطرف جاتا ہے اسواسطے تیراہہ مشہور ہے اور یہان ایک نامی مسجد ہے

دائی کی مسجد

یہ مسجد بہت عمدہ ایک ساج کی اور بہت نامی ہے اور اکثر لوگ اسمین نماز پڑھتے ہین اور اوس کی پیشانی پر یہ تاریخ کندہ ہے

تاریخ

شکر للہ کہ گشت این مسجد + از شرف سجدہ گاہ اہل نظر + سال تاریخ او خرد گفتا + گشتہ آباد کعبہ دیگر
۱۰۶۴

حویلی نواب دبیر الدولہ مرحوم

اس سے آگے جانب فیض بازار نواب دبیر الدولہ امین الملک خواجہ فرید الدین احمد خان بہادر مصلح جنگ کی حویلی ہے یہ حویلی پہلے نواب مہدی قلی خان کی تھی بعد اسکے اونھون نے اوسکو خرید فرمایا

اولیا مسجد

اسکے آگے اولیا مسجد ہے اور یہ مسجد نئی بنی ہے اور خانہ خدا ۱۲۶۱ اسکی تاریخ ہے اور اسکے آگے فیض بازار ہے اور ایک رستہ تاراچند کے کوچہ کو جاتا ہے

فیض بازار

واقع مین یہ بازار فیض بار ہے دلی دروازہ کے سامنے سے قلعہ کے نیچے تک ایک بازار ہے وسیع و دلکش و دلربا فرحت بخش و دلکشا ایک ہزار پچاس گز کے طول اور تیس گز کے عرض سے اور ادہر اودہر مکانات عالی واقع ہین بیچ مین نہر موجود ہے اور حوض دلربا بنا ہوا ہے اشجار نازک اور دلربا سے بہار تازہ حاصل ہے دکانین سبزہ فروشون سے سر سبزی جاودانی ہے اس نہر اور حوض مین جیساز ور شور پیچ و تاب سے فرحیین کہاتا ہوا اور لہراتا ہوا پانی جاتا تہا اس خوبی سے تمام شہر کی نہر وہین نہ تہا مگر افسوس ہے کہ نہر خراب ہو گئی پانی سوکھ گیا وہ لطف نہ رہا اب چند روز مین یہ بھی کوئی نہین جانیگا کہ یہان نہر بھی تھی یا نہین جس زمانہ مین یہان نہر جاری تھی حقیقت مین یہ بازار ایک بہشت کا ٹکڑا تہا اسواسطے کہ اس خوبصورتی سے اور کسی بازار مین نہر نہ تھی اور یہ شعر ہو بہو صادق تہا ۔ نہر سو نہری در ان گلستان ۔ خیزان و جہان جو فیل مستان

حکیم بو علی خان کا کمرہ

اسی بازار میں حکیم بو علی خان کا کمرہ ہے کہ اب اوسکو نواب دبیر الدولہ خواجہ زین العابدین احمد خان بہادر مصلح جنگ نے خرید کر لیا ہے یہ کمرہ بھی کسی زمانہ میں بہت تحفہ تھا

پھول کی منڈی

اس بازار میں پھول کی منڈی تھی اور گلفروشوں کی دکانیں دماغ عالم کو معطر کرتا تھا اگرچہ اب دکانیں نہیں رہیں لیکن نام چلا جاتا ہے اور اوسکے پاس تھانہ فیض بازار ہے

مسجد روشن الدولہ نمبر ۵


اس بازار میں قاضی واڑہ کے پاس ایک مسجد ہے نواب روشن الدولہ کی بنائی ہوئی نہایت نفیس و لطیف اگلے زمانہ میں اس مسجد میں سر سے پاؤں تک سونیکا کام کیا ہوا تھا اور سنہری تین برج بڑے تکلف کے تھے اور اسی سبب سے سنہری مسجد کہلاتی تھی لیکن اب وہ کام بالکل خراب ہو گیا اب وہ برج ٹوٹ گئے اور مناروں کے مینار بھی شکست ہو گئے اب کہیں کہیں نشان اور علامتیں باقی ہیں کہتے ہیں کہ اس مسجد کے شکست برج کوتوالی چبوترہ کی سنہری مسجد کی مرمت میں خرچ ہوئے ہیں یعنی یہاں سے اور دو باقی سنہری برجوں کو ملا کر کوتوالی کی مسجد کے تین برج درست کر [illegible] جناب مولوی مخصوص اللہ صاحب اکثر اس مسجد میں تشریف رکھتے ہیں اس مسجد کے صحن میں ایک حوض ہے بہت پاکیزہ و نفیس اب یہ حوض بھی خراب ہو گیا ہے یہ مسجد ایسی سر راہ واقع ہوئی ہے کہ اس سبب سے اسکو زیادہ رونق ہو گئی ہے یہ مسجد محمد شاہ کے عہد میں بنی ہے اور اوسکی بنا کی تاریخ کے اشعار کندہ ہیں

شکر حق کز فیض سعی جانفشان پادشاہ * شاہ عالمگیر آن شاہ کامل آسمان جاہ * در زمان شاہ اسکندر نشان جمشید قدر * معدلت گستر محمد شاہ غازی بادشاہ
روشن الدولہ ظفر خان صاحب جود و کرم * کرد تعمیر بنائی مسجد عرش اشتباہ * مسجدی کاندر صفای صحن تعمیرش [illegible]
گردد از نور شعاع مہر روشن نگاہ * حوض صاف اجتناب از چشمہ کوثر دہد * ہر کہ از آتش وضو سازد شود پاک از گناہ
سال تاریخش رسائی یافت از الہام غیب * مسجد چون بیت اقصی مظہر نور اللہ

غرض کہ یہ مسجد بھی عمدہ عمارات سے اور بہت نامی ہے چنانچہ اسی ہم استقامت پر اوسکا نقشہ لکھتے ہیں دیکھو جلد ۱

مسجد اکبرآبادی

۱۶ اسی بازار میں یہ ایک مسجد ہے دلکش و دلربا و فرحت بخش و روح افزا سر سے پاؤں تک سنگ سرخ کی اور گنبد



مسجد روشن الدولہ

ایک مکانات اور حجرے طالب علموں کے رہنے کے لیے بنے ہوئے ہیں ضلع غربی سے ملحق کرسی دیکر یہ مسجد بنائی ہے جسکی رفعت
شان کے آگے گنبد اخضر پست ہے اور [illegible]

نقشہ مسجد اکبرآبادی

عمل مرزا شاہرخ بیگ

سنہ ۱۲۶۳ ہجری

اسکے مکانات اور حجرے طالب علموں کے رہنے کے لیے بنے ہوے ہیں ضلع غربی سے ملحق کرسی دیکر یہ مسجد بنائی ہے جسکی رفعت
شان کے آگے گنبد اخضر پست ہے اور جسکی عظمت و جلال کے آگے ملاء اعلی گرد ہے اس مسجد فیض بنیاد کو اعزاز النسا
بیگم بیوی شہاب الدین محمد شاہجہان نے سنہ ۱۰۶۰ ہجری میں مطابق سنہ ۲۴ جلوس کے بنائی ہے ان بیگم کا خطاب اکبرآبادی
محل تھا اس سبب سے یہ مسجد بھی اکبرآبادی مسجد مشہور ہوگئی ہے اس مسجد کی تین برج ور سات در ہیں مسجد کی
عمارت تریسٹھ ۶۳ گز طول میں اور سترہ ۱۷ گز عرض میں نری سنگ سرخ کی اور اوسکا پیشطاق سنگ مرمر کا
پرچین کار ہے اور اوسکے آگے ایک چبوترہ ہے تریسٹھ ۶۳ گز طول اور ستاون گز کے عرض سے ساڑھے تین
گز کا اونچا اوسپر سنگ سرخ کا کٹہرہ لگا ہوا ہے اور اوسکے آگے ایک حوض ہے بارہ سے بارہ گز کا کہ چشمہ آفتاب
و ماہتاب پر شرف لیجاتا تھا اور نہر کا پانی اوسمیں آتا تھا بیت دران صحن حوضی بصد آب و تاب منور درخشندہ
چون چشمہ آفتاب ۞ جب سے کہ یہ شہر خراب ہوگیا اس حوض میں بھی پانی نہیں رہا اسکے گرد حجرے بنے ہوے تھے
ایک سو چون ۱۵۴ گز کے طول اور ایک سو چار گز کے عرض سے اور ہر حجرہ کے آگے ایک ایوان ہے اور اوسکے
آگے سرتاسر چار گز کے عرض سے چبوترہ تھا اور اس مسجد کے دو مینار ہیں بہت بلند منجملہ اونکے شمالی مینار بجلی کے
صدمہ سے ٹوٹ گیا ہے اور اب تک ویسا ہی ٹوٹا پڑا ہے اور اوسکے دروازہ پر ایک کتبہ ہے خط نسخ میں چنانچہ
ہم اوسکو اس مقام پر نقل کرتے ہیں ۞ کتبہ ۞ این مسجد فیض انتما و سراے راحت جا و حمام لطافت آما و چوک دلکشا کہ عبادتگاہ
حق پرستان روزگار و روح افزاے مترددان اقطار و نزہت کدہ آسمانیان و دار النفع زمینیان است در عہد سعادت مہد
بادشاہ اسلام کہف انام سایہ والا پایہ پروردگار خلیفہ برگزیدہ کردگار رحمت اعم ذی الجلال مظہر ایزد دادار ابو المظفر
شہاب الدین محمد صاحبقران ثانی شاہجہان بادشاہ غازی پرستار خاص بادشاہی پرستندہ با اخلاص ظل الٰہی موفقہ
خیرات و مبرات محررہ سعادات و حسنات اعزاز النسا مشہورہ باکبرآبادی محل بفرمان معلی بنا کرد و بجہت ابتغاء مرضات الٰہی
اقتناے ثواب اخروی و حاصل سری و جہوی با حقوق و توابع داخلہ و خارجہ وقف لازم شرعی نمود و مقرر ساخت کہ اگر مرمت
این بکمہ احتیاج افتد انچہ از حاصل این موقوف بعد الترمیم باقی ماند بخدمت مسجد و حمام و طالب علم رسانند والاتمام را بجماعہ
مسطورہ بدہند این منازل منیعہ در عرض دو سال بصرف صد و پنجاہ ہزار روپیہ آخر شہر رمضان المبارک سال
ہزار و شصتم ہجری مطابق بیست و چہارم سال جلوس عالم آرا صورت انجام یافتہ بمرحمت ایزد تعالے ابد این خیر جاری
و نفع باقی پروردگار فرخندہ آثار بادشاہ دین پرور حق گزین حقیقت گستر و بانی این مبانی عامرہ عاید گرداناد
آمین یا رب العالمین

سنہری مسجد نمبر ۲


اس مسجد سے تھوڑی دور آگے قلعہ کے پیچھے سنہری مسجد ہے لطافت اور نزاکت اوسکی بیان سے باہر ہے اور خوشنمائی اوسکی حد سے زیادہ ہے قطع اسکی بہت خوب اور وضع اوسکی نہایت مرغوب ہے فرش سے پاؤں تک سنگ ماسی کی بنی ہوئی ہے اور دو مینار ہیں خوب صورت وہ بھی سنگ ماسی کے ہیں تین گنبد تھے سنہری یعنی کاٹ کے گنبد بنا کر اوسکے اوپر تانبے کے موٹے موٹے پترے چڑھائے تھے اور انپتروں پر سونے کے پترے بطور ملمع کے چڑھائے تھے اور انہیں تمام چیزوں اور کلسیاں اس مسجد کی سنہری ہیں اور اندر سے تمام در و دیوار اسکی سونے سے لپٹی ہوئی تھیں چند روز سے گنبد کا کاٹھ اونکے برسوں کا گل گیا تھا اور بیچ ٹیڑھے ہو گئے تھے اسکا نقشہ کھینچنے کے بعد بموجب حکم حضور والا کے وہ بیچ اوتارے گئے اس مسجد کے بائیں طرف ایک کانگا دالان بنا ہوا ہے اور اوسمیں تبرکات رکھے ہیں اور ہر برس اوسکی زیارت ہوتی ہے اور دائیں طرف بہت خوبصورت حوض ہے اور اوسمیں فوارہ بھی لگا ہوا اوس حوض میں اوس کوئیں سے جو کہ مسجد کے متصل ہے پانی آتا تھا اس سبب سے مرمت ہو جانے کے پانی نہیں آتا اور فوارہ نہیں چھوٹتا اس مسجد کے در پر اشعار کندہ ہیں اشعار شکر حق در عہد احمد شاہ غازی بادشاہ ۞ خلق پرور دادگستر شاہ عالم پادشاہ ۞ مسجدی کردہ سماوات قدسی عز و جاہ ۞ باد و اتمیں عام آں ملائک سجدہ گاہ ۞ مستی نواب بہادر صاحب لطف و کرم ۞ ساحت تعمیر چنین جاوید عالی دستگاہ ۞ جاہ و حوض و صاف حبش آبروی سید بہشت ۞ ہر کرا آتش طہارت کرد شد پاک از گناہ ۞ سال تاریخش چو حرم یافت از الہام غیب ۞ مسجد بیت مقدس مطلع نور الٰہ ۞ اب بھی تمام اوسکا نقشہ کھینچتے ہیں اور جو بنا

بکوا باڑی

اسی مسجد کے پاس ایک باڑی ہے اور اوسمیں بکوا بیگم کی قبر ہے اور جا بجا باغات ہیں بعض بتلاتے ہیں کہ یہیں آرسی کی پاس تھا گرد باغ کا حصار تھا

زینت المساجد

یہ مسجد بھی شاہجہان آباد میں بہت نامی ہے اور نہایت بلند اور دریا گنج میں دریا کے کنارہ واقع ہے اسکے مینار دور دور سے دکھائی دیتے ہیں اور یہ مسجد کوسوں سے معلوم ہوتی ہے اوپر مسجد کے حصار اور ریتی کا رنگ اور چہل پہل بہار کی بہار اور اوپر سے دریا کا دکھائی دینا اور دریا کا بہنا اور طرح طرح کی موجوں کا لینا عجب عالم دکھاتا ہے واقع میں سب کی لطافت اور لطف اس مسجد میں ہے ایسا کم کسی مسجد میں ہوگا یہ مسجد سنگ سرخ کی بنی ہوئی ہے اور تینوں گنبد سنگ مرمر کے ہیں اور اوسمیں سنگ موسیٰ کی دھاریاں بنائی ہیں اگرچہ ستم بد سے محفوظ رہے اور برجوں پر نہایت خوشنما سنہری کلس ہیں کہ اونکی چمک آفتاب کی چمک کو مات کرتی ہے مینار اسکے آسمان سے باتیں کرتے ہیں ہمکا [illegible] سے بھی گذر گیا ہو اس مسجد کو زینت



تتمہ متعلق صفحہ ۱۲ تا ۱۳

[illegible]

میں بہت خوشنما ہے کا در بہت بڑا ہے اور ادھر ادھر کے چھوٹے صحن کے بیچ میں ایک حوض ہے دریا مانند
چشمۂ آفتاب کے اور پر نور مثل ماہتاب کے اور اس مسجد کے پاس ایک کنواں تھا کہ اوس سے پانی اس حوض میں
آیا کرتا تھا مگر اب وہ کنواں بند ہو گیا ہے اس مسجد کو زیب النسا بیگم اورنگ زیب عالمگیر کی بیٹی نے بنایا ہے اور
اوسکا مدفن بھی اسی مسجد کے صحن میں شمال کی طرف ہے چنانچہ اسکی قبر کے پاس ایک چھوٹا برج تبرکات رکھنے کا بنا
ہے اور اوسکے نیچے دو حجرے ہیں ایک حجرہ سنگ باسی کا ہے اور اوسکے اندر ایک حجرہ ہے سنگ مرمر کا کہ اوسمیں فرش بھی
سنگ مرمر کا ہے اور تعویز بھی سنگ مرمر کا ہے اور قبر کے سرہانے آیۂ کریمہ قل یا عبادی الذین اسرفوا کندہ کر کے یہ عبارت کندہ کی ہے

کتبہ

مونس ما در لحد فضل خدا تنہا بس است	سایۂ از ابر رحمت قبر پوش ما بس است

امید وار حسن خاتمہ فاطمہ زینت النسا بیگم بنت بادشاہ محی الدین محمد عالمگیر غازی انار اللہ برہانہ ۱۱۲۲ ہجری یہ
مسجد عہد اورنگ زیب عالمگیر میں بنی ہے اور یہ حجرہ عالمگیر کے بعد اب ہم اس مقام پر اس مسجد کا نقشہ لکھتے ہیں کہ
کہ اوسمیں مسجد اور حجرہ دونو کا نقشہ موجود ہے وہو ہذا

دروازہ شرقی مسجد جامع

یہ دروازہ اس مسجد عالی کا خاص بازار کی طرف واقع ہے اور اس دروازہ کی سیڑھیوں پر گذری ہوتی ہے
یہ گذری بھی شاہجہان آباد میں گویا ہر روز کا میلہ ہے بزاز طرح طرح کے کپڑے الگنیوں پر ڈالے لٹکے ہیں اور عجب
عجب خوشنمائی سے اپنی اپنی دوکانیں آراستہ کرتے ہیں کہ اونکی رنگ آمیزی اور گلکاری سے در و دیوار باغ
بہشت اور روضۂ رضوان پر فوق لیجاتا ہے جوانان عشق سرشت طرح طرح کی جانوریں بیچنے کے لئے ہوئے گھیر گھیر
پھرتے ہیں اور اونکی اچھی اچھی آوازیں سناتے ہیں ایک طرف کبوتر والے کبوتر بیچتے ہیں اور ایک طرف گھوڑے والے گھوڑے
لئے کھڑے ہیں خریدار جوق جوق پھر پھر کر سیر دیکھتے ہیں اور ایک ایک چیز نقد دل کے بدلے مول لیتے ہیں یک چند مشتری کو سامان بازار دیکھ کر حیرت ہوتی ہے

تعالی اللہ چہ شہر است این چہ بازار	شتہ مغربیان درو دکاکین	چو گل زر زر همه آسوده حال اند
کہ در زیب خود باغ است و گلزار	کہ این بازار را حسن است آیین	کہ هم زردار و هم صاحب جمال اند
چہ بازار رونق بود دیگر گلستان	ندارد در آسمان یک مشتری بیش	بہ خدمت مشتری در هر دکانش
	نہ بیند روز و شب جز مہ خریش	

اس جگہ کے کنارے پر بیچ میں ... بیٹھتے ہیں اور اس طرف شاہ سرمد شہید اور ہرے بھرے صاحب کی درگاہ درمیان

سرہند کا شہر واقع ہے چنانچہ اب ہم اس مقام پر اوسکا نقشہ لکھتے ہیں

خاص بازار نمبر

اسی دروازہ کی جانب یہ ایک بازار ہے بہت وسیع نہایت دلکشا اور سیدھا اس بازار میں سب طرح کے سودے والوں کی دکانیں ہیں جو تیر کمان ترکاری بیچنے والے بہت بیٹھتے ہیں اور ہر طرح کی ترکاری بیچتے ہیں اور یہیں سے خاص کے بازار اور خان دوران خاں کی حویلی کو رستہ جاتا ہے

سعد اللہ خان کا چوک

یہ چوک بھی بہت نفیس و لطیف تھا اور نہایت سیر و تماشہ کا مکان تھا لیکن اب وہ رونق نہیں ہے ایک نام چلا جاتا ہے


لال ڈگی نمبر ۸

خاص بازار کے آگے قلعہ کی فصیل کے نیچے جس مقام پر کہ اگلے زمانہ میں گلابی باغ تھا وہاں سرکار دولتمدار انگریزی کی طرف سے ایک چشمہ میں بنا ہے کہ چشمہ آفتاب و ماہتاب پر فوقیت لیگیا ہے اس حوض کو سر تا سر سنگ سرخ سے بنایا ہے اور چاروں کونوں پر چار برج کنگرہ دار بہت خوشنما بنے ہوئے ہیں اور دو طرف حوض میں سیڑھیاں بنی ہوئی ہیں اور یہ چشمہ بموجب حکم قمر شمیم نواب عالیجناب فلک رکاب لارڈ ویلسلی بہادر کے بنا ہو اور پچاس ہزار روپیہ کے قریب اسپر خرچ ہوا ہے طول اسکا پانسو فٹ اور عرض ڈیڑھ سو فٹ کا ہے اگرچہ ایسے مکان کی لطافت اور نفاست کو دیکھنے کی بیان میں نہیں ہو سکتی لیکن پھر بھی نقشہ کے دیکھنے سے کچھ پائی جاتی ہے اور نقشہ یہ ہے

دروازہ شمالی مسجد جامع نمبر ۹

یہ دروازہ مسجد جامع کا پائے والوں کے بازار کی طرف واقع ہے اور اسطرف اکتالیس ۴۱ سیڑھیاں ہیں اگرچہ اسطرف بھی کبابی بیٹھتے ہیں اور سب سودے والے دوکانیں لگاتے ہیں لیکن بڑا تماشا اسطرف مداریوں اور قصہ خوانوں کا ہوتا ہے تیسرے پہر کو ایک قصہ خوان مونڈھا بچھائے ہوئے بیٹھتا ہے اور داستان امیر حمزہ کہتا ہے کسیطرف قصہ حاتم طائی اور کہیں داستان بوستان خیال ہوتی ہیں اور ہزارہا آدمی اوسکے سننے کو جمع ہوتے ہیں ایکطرف مداری تماشا کرتا ہے اور کہیں سامنی کا کھیل کرتا ہے اور بوڑھے کو جوان اور جوان کو بڑھا بناتا ہے غرضکہ ان دروازوں پر ہر روز ایک طلسم کا عالم رہتا ہے کہ اوسکی کیفیت دیکھنے والا ہی جانتا ہے سچ ہے شنیدہ کی بود مانند دیدہ سبحان اللہ کیا مسجد ہے اور کیا شہر اور کیا لوگ ہیں اور کیا بازار اور کیا تماشے ہیں

نقشہ نمبر ۱ متعلقہ صفحہ ۲۲۳ باب سوم



نقشہ لال ڈگی

ایک پردہ کا غذ پر دکھلاتے ہین اور نگار خانہ چین اور نقش ارژنگ تیار تھے ہمین وہ ہونڈا ٭ ٭

دار الشفا ٭

اسی دروازہ کی جانب شاہجہانی دار الشفا ہے کہ سابق حکیم بیٹھتے تھے اور دوائی خانہ رہتا تھا اب لوگ رہتے ہین اور گھر بھی بن گئے ہین

رہٹ کا کنوآن

یہ کنوان بھی بہت نامی اور نہایت مشہور اور شاہجہانی ہے پہاڑ مین کٹا ہوا اسپر رہٹ لگا ہوا ہی اس سبب سے رہٹ کا کنوان کہلاتا ہی اسی کنوے سے مسجد جامع کے حوض مین پانی آتا ہی یہان بہت بڑے خزانے بنے ہوئے اوسمین سے فوارہ حوض کا چھوٹتا ہے

جینیونکا بڑا مندر

یہ مندر دھرم پورہ مین واقع ہے بہت بڑا اگرچہ یہ مندر چونا اینٹ کا بنا ہوا ہے اور شاید کہین کہین اندر پتھر بھی لگا ہوا ہو لیکن اسکے بننے پر روپیہ بہت خرچ ہوا ہے سمت ۱۸۵۷ مین یہ مندر بنا شروع ہوا اور سات برس کے عرصہ مین بن چکا اور منی بیساکھ سدی تیج سمت ۱۸۶۴ مین سراوگیون نے اپنے مذہب کے موافق اس مندر مین پہلے پوجا کی تھی پانچ لاکھ روپیہ اس مندر کے بنانے مین خرچ ہوا ہے اس مندر کو لالہ ہرسکھ رائے اور لالہ موہن لال صاحبون نے بنایا ہی کہتے ہین کہ اس مندر مین سوا لاکھ روپیہ کی تیاری کی صرف ایک بیدی ہے ٭

جینیونکا چھوٹا مندر ٭

اسی مندر کے پاس یہ مندر ہے سیٹھ کی گلی مین اس مندر کو تمام شہر کے سراوگیون نے ملکر بنایا ہے اور پنچایتی مندر کہلاتا ہے اس مندر کی تیاری جیٹھ سدی دوج سمت ۱۸۹۰ مین شروع ہوئی اور سمت ۱۹۰۱ مین منی منگسر بدی تیرس کو سراوگیون کے مذہب کے موافق اس مندر مین مہاراج براجمان ہوتے ہین ان دونون مندرون کی کلس سنہری ہین اور اسمین بہت سے مکانات بنے ہوئے ہین مگر سراوگی غیر مذہب کو مندر کے اندر جانے دیتے نہین ادہر ہی کی بات جانتے ہین اس سبب سے ان دونو مندرونکا نقشہ نہین سکا

پائے والونکا بازار ٭

یہ ایک بازار ہی نہایت اور دلکشا جامع مسجد کے شمالی دروازہ کے سامنے اور اس بازار مین ایک تراہہ ہے کہ اس سے خانم کے بازار اور دریبہ کو رستہ جاتا ہے

دریبہ

یہ ایک بازار ہے نہایت معروف اور نہایت مشہور اگرچہ اس بازار کی وسعت مانند اور بازاروں کے نہیں لیکن نہایت آباد اور بارونق ہے کہ جسکا کچھ حد حساب نہیں اکثر جوہریوں اور ہنڈوی والوں کی دوکانیں اسمیں ہیں اور بہت اقسام کے سودے لینے یہاں بکتے ہیں اور سودا بیچتے ہیں

مسجد شرف الدولہ

اسی بازار میں سر راہ ایک مسجد ہے نہایت دلکشا اور بہت خوب اگرچہ وہ مسجد تو ساری تو نہ اور نہایت سنگین ہوئی ہو لیکن بیچ اوسکے سنگین ہیں اگرچہ اون برجوں کے پتھر کو بھی سنگ مرمر کہا جاتا ہے لیکن عسالہ چکار ردی لیا ہوا پتھر کہ اسکی سفیدی کم لیا اور میں پتھر کی رنگت میں ملتا ہے اس مسجد کو نام شرف الدولہ نے محمد شاہ کے عہد میں سنہ ۱۱۳۵ ہجری میں بنایا ہے اور اسکی پیشانی پر سنگ مرمر کی لوح پر کتبہ تاریخ کندہ ہے

در زمان شہ محمد شاہ حیدر شرف الدولہ ساخت مسجد	اہل حق را ساختہ ماہ زمان مسجد و مدرسہ با سالہا سال تاریخ با بیعت حیدر	باصر الدین کہ محمد شاہ ہست این رحمت الشرف علم و عمل تاریخ ارادت کیسالہا	تیغ او کفر سکن در دو زمان ہو مسجد ملک کرسالہا ۱۱۳۵

۱۱۳۵

اب ہم اس مقام پر اس مسجد کا کتبہ درج کرتے ہیں


خونی دروازہ


دریبہ کے سرے پر ایک دروازہ بنا ہوا ہے محراب دار جسکا اوس دروازہ کا نام خونی دروازہ ہے اور اوسکے آگے بڑا بازار جسمیں چاندنی چوک وغیرہ سب بازار شامل ہیں مگر اگلے زمانہ میں یہ بازار لاہوری بازار یا اردو بازار کہلاتا تھا اب اوسکے متعدد نام ہو گئے اسواسطے ہم الگ نام سے اسکا حال لکھتے ہیں

بازار جانب دارالسلطنت لاہور

یہ ایک بازار ہے نہایت وسیع کہ عرصہ جہاں بھی اوسکے آگے تنگ معلوم ہوتا ہے اور بہت عجیب کہ علاوہ زینت کے بھی بہتر معلوم ہوتا ہے ہر قسم کے سودے والے اسمیں سودا بیچتے ہیں اور طرح طرح کے دوکانیں اور دوکانیں لگاتے ہیں کیفیت اس بازار کی اوس سے زیادہ ہے جو کہنے میں آوے اور اوس سے بہت سے ہے جو لکھی جاوے یہ بازار قلعے کے لاہوری دروازہ سے فتحپوری تک ہے اس بازار کے پہلے حصہ کو تو اردو بازار کہتے ہیں اور اوس آگے جہاں ترپولیا اور کوتوالی ہے وہ اوسی نام سے مشہور ہے اور اوسکے آگے چاندنی چوک کہلاتا ہے اور اوسکے آگے فتحپوری کا بازار کہلاتا ہے غرضکہ یہ بازار چالیس گز عرض سے زیادہ میں اور ہزار بیس گز درمیان میں نہر جاری تھا گرد

نقشۂ مسجد شرف الدولہ





نقشہ مسجد سنہری کوتوالی

شہر کے دو رستہ درخت لگے ہوئے ہین اور طرح طرح کی عجایب مکانات تیار ہین کہ دیکھنے سے علاقہ رکھتے ہین خونی دروازہ سے نکلتے ہی تو شمرو کی بیگم کی کوٹھی ہے کہ اب ہم اوسکا حال پہلے لکھدیتے ہین

شمرو کی بیگم کی کوٹھی

یہہ ایک کوٹھی ہے نہایت دلکشا اور فرحت بخش بہت عمدہ کہ چشم فلک نے بھی دیکھی ہوگی اس کوٹھی کو کرسی دیکر بنایا ہے اور کرسی مین کمرے گودام کے اور شاگرد پیشہ کے لیئے بناے ہین اور اوسپر یہہ کوٹھی ہے کہ ایک درجہ اوسکا بہشت ارم سے بہتر ہے علاوہ خوبی عمارت کے باغ کی آراستگی اور سرو کی درختون کی خوشنمائی اور نہر کے زور و شور کے بہنے سی اور ہی لطف و کیفیت ہوگئی ہے اس کوٹھی کو ابتداے عملداری سرکار مین شمرو صاحب کی بیگم نے جاگیردار سردہنہ تھین بنایا تھا چونکہ باہر سے نمود کوٹھیون کی کمتر ہوتی ہے اسواسطے ہمنے اس مقام پر فقط تحریر حال پر اکتفا کیا

کوتوالی چبوترہ

یہہ سیاست گاہ ایک چوک مین واقع ہے اور صورت اسکی یہہ ہے کہ یہی بازار جسکا ہم ذکر کرتے ہین جس مقام سے شروع ہوا ہے وہان سے چار سو اسی گز پر آن کر ایک چوک ہے اتنی سے اسی گز کا اور اوسمین حوض ہے اور جانب جنوب کوتوالی چبوترہ ہے اور جانب شمال ترپولیہ تھا اور رستہ جاتا تھا کہ اب ترپولیہ تو ٹوٹ گیا ہے مگر رستہ بدستور جاتا ہے کہتے ہین کہ یہہ مقام ہمیشہ آفت خیز رہا ہے ایک زمانہ تھا کہ یہان دریا بہتا تھا اور اس مقام پر کوئی بھنور پڑتا تھا کہ ہزارہا کشتیان غرق ہوتی تھین اور ایک زمانہ تھا کہ یہان جنگل ہوگیا اور شیر لگنے لگا کہ کسی ذی روح کو زندہ نہین چھوڑتا تھا اب یہان کوتوالی چبوترہ ہے اور لوگ پکڑے جاتے اور عذاب بھگتتے ہین اسی چبوترہ کی سنہری مسجد ہے ؎ مسجد کے زیر سایہ خرابات چاہئیے ؎ بھون پاس آنکھہ قبلہ حاجات چاہئیے

سنہری مسجد کوتوالی نمبر ۱۱

یہہ مسجد ہے نہایت دلچسپ و دلکشا اور ایسی سر بازار واقع ہوئی ہے کہ جسکا کچھہ بیان نہین اگرچہ یہہ مسجد چونہ اور [illegible] کی ہے لیکن بہت خوشنما اور خوش قطع بنی ہوئی ہے برج اس مسجد کے سنہری ہین اس سبب سے سنہری مسجد کہلاتی ہے اسکے برج بھی مثل برج مسجد فیض بازار لوٹ گئے تھے لیکن ان دونون مسجدون کی برجونکو ملاکر اس مسجد کے برج کلس سمیت نیا دیئے ہین کہ اب بخوبی مرتب ہین اس مسجد کو بھی نواب روشن الدولہ ظفر خان نے سنہ ۱۱۳۴ ہجری مین بنایا ہے چنانچہ اوسکی پیشانی پر یہہ اشعار کندہ ہین

سنہ بادشاہ ہفت کشور بہ سلیمان فر محمد شاہ اور بڑے رتبہ کا تھا آن قطب الملک تا ... شد این مسجد بیت جواہر تا
عدالت ہیت لیک الدہر ... سام روشن الدولہ ظفر خاں ، تاریخ بھی بہت تا ستائیس ہے ، ایک مسجد اور عمارت
عوض کے یہ مسجد بھی بہت خوب اور نہایت نامی ہو گیا ہے اب ہم اس مقام پر اوسکا لقب بھی لکھتے ہیں وہو ہذا

چاندنی چوک


اسکے آگے چاندنی چوک ہے یعنی اس مقام کے آگے چار سو اسی گز کا لمبا بازار ہے اور اوس مقام پر ایک چوک ہے
مثمن سو گز سے سو گز زمین اور اوسکے بیچ میں بھی مثمن حوض ہے اس چوک کو چاندنی چوک کہتے ہیں خوبی اور خوشنمائی
اسکی بیان سے باہر ہے آدمی کی طاقت نہیں کہ بیان کر سکے تیسرے پہر کو اس چوک میں عالم طلسمات ہو جاتا ہے اکثر
جوانان جواں دل امرا اور شاہزادے سیر و تماشے کو آتے ہیں اور سیر کرتے پھرتے ہیں اس چوک کے گرد دکانیں
نہایت سلیقے اور خوشنمائی کے ساتھ بنی ہوئی ہیں اور اون میں ہر قسم کے سودے والے بیٹھتے ہیں تمام دنیا
کی چیزیں یہاں بہم پہنچ سکتی ہیں اور ایسی کیفیت ہوتی ہے کہ جامہ و بیان کو اوسکی بیان کی طاقت نہیں ×

بیگم کا باغ

اس چوک کے جانب شمال مکانات دلکشا اور دلچسپ بنے ہوئے تھے اور ایک باغ تھا نو سو ستر گز کا لمبا اور
دو سو چالیس گز کا چوڑا باغ میں عجیب عجب بارہ دریاں اور مکانات تھے اور نہر جاری تھی اور ہر جا حوض
و فوارے تھے اگرچہ اب وہ صورت نہیں رہی اکثر لوگوں نے اسمیں مکانات بنا لیے ہیں اور ایک بستی بس گئی ہے
ہے لیکن اسپر بھی باغ موجود ہے اور نہر جاری ہے اور اگلے زمانہ کی کیفیت یاد دلاتی ہے اس چوک کے
جنوب کی طرف بھی اس عمارت کے محاذات میں عمارت دلکشا ہوتی تھی چنانچہ اب بھی اوسکا نمونہ باقی رہ گیا ہے
یہ باغ صاحب آباد کر کے موسوم تھا اور یہ سب عمارت اور باغ جہاں آرا بیگم بنت شاہجہاں بادشاہ کے حکم سے
بنا تھا جسکے دیکھنے سے نقش عمارت شکستہ خیال میں کھنچ جاتا ہے بدار الفتش دیگار رہ دو از شکستہ تا زمانہ بست ہمیشہ آباد رہے


مسجد فتحپوری

یہ مسجد اس بازار کی انتہا پر واقع ہے بہت تحفہ اور نہایت نفیس اور ایسی بیاس عقیدت سے بنائی ہے کہ اسمیں
اسمیں بہت کار خیر ہوتے ہیں اس مسجد میں صد ہا لوگ حافظ قرآن مجید ہوتے ہیں الحمد للہ علی ذلک طول اس مسجد کا
میں تالیس گز کا ہے اور عرض بائیس گز کا اور سر سے پاؤں تک سنگ سرخ کی بنی ہوئی ہے گنبد کے دیوار پر
ایوان و الوان میں تین تین در ہیں اور کوسی اور دالانوں میں تمام سنگ کاری کی ہوئی ہے اور درس بھی سنگ مرمر



نقشہ مسجد فتحپوری

نقشہ نمبر ۱۴ متعلقہ صفحہ [illegible]



باقی ہین صرف مینار ٹوٹ گئی ہین برجیان اوسکی مگراب خوشنما نہایت اونچے گز کے ۳۳ تینتیس ہین مینار دو پر کونون دو ...

کے چبوترہ اوس اور کا سرخ سنگ چوڑا کا گز ۳۵ پینتیس اور لنبا کا گز ۴۵ پینتالیس کا سرخ سنگ ہے چبوترہ ایک آگے کے مسجد اوس

کے صحن گرد اور ہے آتا پانی ہوکر سے اسمین نہر کی چوک چاندنی کہ کا گز ۱۴ چودہ سے گز ۱۶ سولہ عریض ہے حوض میں

سے عرض کے گز تین سترا آگے کی ایوانون اون اور تھے ہوئے بنے کو رہنے کے علمون طالب عمدہ ایوانات ۷۷ ستتر اوسکے

نے بیگم محل فتحپوری نواب کو مسجد اس ہے دروازہ لاہوری میں عقب اسکے ہے کا گز ۱۰۰ سو گز ۱۰۰ سو کا مسجد اس صحن اور چبوترہ

بنایا ہے جو بی بی تھی شاہجہان کی اور اوسکا نقشہ یہ ہے

مسجد پنجابی کٹرہ

پنجابی کٹرہ ایک مکان تھا مسکن سوداگرون کا اور اوسمین اکثر پنجابی سوداگر اوترا کرتے تھے اس سبب سے پنجابی کٹرہ

مشہور ہوگیا ہے اوس کٹرہ میں یہ مسجد ہے سنگ سرخ کی کہ اوسکی خوبی و خوشنمائی بیان سے باہر ہے صفا اور دلربا نہایت

اور ایسی نیک بخت بیگم نے بنائی ہے کہ ابتک آباد ہے اور مولوی عبدالخالق صاحب اور مولوی محمد نذیر حسین صاحب

اسی مسجد مین درس و تدریس فرماتے ہین اور دن رات قال اللہ و قال الرسول کا ذکر رہتا ہے اس مسجد مین ایک صحن

بہت پاکیزہ اور مکانات دلچسپ بنے ہوئے ہین اگرچہ اسکا صحن جیسا پر فزا پہلے تھا اب نہین رہا اسواسطے کہ بعض بعض

لوگون نے اسکے صحن کو اپنے مکانون مین ملا لیا ہے لیکن پھر بھی بہت با کیفیت مسجد ہے اس مسجد کو نواب اورنگ آبادی

بیگم کہ بیوی تھین اورنگ زیب عالمگیر کی اوسی بادشاہ دین پناہ کے وقت مین بنایا ہے اور انکے اعمال نامہ کیلئے یادگار

چھوڑا ہے چنانچہ اب ہم اس مقام پر اس مسجد عالی کا نقشہ لکھتے ہین کہ اوسکے دیکھنے سے اس مسجد کی قطع اور خوبی

اور خوشنمائی بخوبی معلوم ہوتی ہے اور وہ نقشہ یہ ہے

فخر المساجد

یہ مسجد بازار کشمیری دروازہ کے پاس واقع ہے اگرچہ مسجد بہت بڑی نہین ہے لیکن ایسی خوش قطع بنی ہوئی ہے کہ اپنا نظیر

نہین رکھتی خصوصاً اس مسجد کے برج ایسے خوبصورت ہین کہ روے زمین پر ایسے نہ ہونگے گنبد فلک صرف اس مسجد کی

گنبدون کے رشک سے سرگردان ہے اس مسجد کو سر بازار کرسی دیکر بنایا ہے اور کرسی مین کئی دوکانین نکالی ہین سر کار اس

مسجد کی تمام سنگ مرمر کی ہے اور جا بجا سنگ سرخ کی دھاریان لگی ہوئی ہین مسجد کے اندر اجارہ تک سنگ مرمر بہت

نفیس لگا ہوا ہے برج اس مسجد کے نرے سنگ مرمر کے ہین اور سنگ موسی کی اونمین دھاریان بنائی ہین کلس اسکا

بالکل طلائی ہین مسجد کے اندر کا فرش سنگ مرمر کا ہے اور باہر کا فرش سنگ سرخ کا اس مسجد کے صلع جنوبی ... دالان


سنگ سرخ کی نہایت عمدہ بنایا ہے اور اوسکے جواب میں ایک دالان ضلع شمالی میں ہے مگر اوسکے دونو طرف دو حجرے ہوے ہیں اور جانب دریا کے شمالی ایک حوض تھا نہایت خوش قطع اور بہ پاکیزہ اور اوسمیں فوارہ بھی لگا ہوا تھا مگر اب وہ حوض بھی بگڑ گیا ہے اور فوارہ بھی بند ہو گیا ہے اس حوض کے متصل ایک حوض ہے کہ اوسمیں نہر کا پانی آتا تھا اوسمیں سے یہ فوارہ چھوٹتا تھا اور حوض بھرتا تھا اس مسجد کو فاطمہ فخر النسا بیگم زوجہ نواب شجاعت خاں نے سنہ ۱۱۴۱ میں بنایا ہے جبکہ نواب شجاعت خاں نے اس جہان سے رحلت کی اونکی بیوی نے اپنی عالی ہمتی سے یہ مسجد اونکے واسطے بنائی ہے تاکہ حسنات اسکے نامۂ اعمال نواب مرحوم میں لکھے جاویں اور تا ابد الآباد اسکا اثر اوسکو پہونچا کرے اور بیگم کا نام نیک یادگار رہے اس مسجد کے دروازہ پر سنگ مرمر میں فخر المساجد کھدا ہوا ہے اور مسجد کی پیشانی پر یہ اشعار کندہ ہیں جہان دیں پرور شجاعت خاں بحکم ایزدی چون از جہاں رفت سوئے حق تعالیٰ از طفیل مصطفے مسجد جانانہ کرد فاطمہ جہاں یادگارش ساخت این مسجد بفضل مصطفی اسم این مسجد بنام فخر المساجد ... مسجد عالی کا نقشہ لکھتے ہیں اوسکی خوبی اور خوشنمائی اس نقشہ سے پائی جاتی ہے


گرجا گھر

اس مسجد کے پاس یہ گرجا گھر ہے کہ اوسکی عمارت کی خوبی اور خوشنمائی بیان سے باہر ہے حقیقت میں آج تک کہ ایسا خوب صورت گرجا گھر اور کہیں دیکھنے میں نہیں آیا اسکا کلس کہ بشکل صلیب بنا ہے بہت خوبصورت اور سنہری ہے اور اسکا گنبد اور کنگنی کمرے بہت خوبصورتی سے بنائے ہیں اندر کے رخ میں سنگ مرمر کا بہت لیس ... ہے اس گرجا گھر کو کرنیل جیمس اسکنر صاحب بہادر نے کہ بڑے عالی ہمت اور نام آور تھے اپنی ذات کا روپیہ خرچ کر کے بنایا ہے اسکی تعمیر سنہ ۱۸۲۶ عیسوی کو شروع ہوئی تھی اور دس برس کے عرصہ میں بنکر تیار ہوا ہے اور نوے ہزار روپیہ سوائے قیمت سنگ مرمر کے کہ وہ کرنیل صاحب کے پاس موجود تھا خرچ ہوئے ہیں اسی گرجا گھر کے صحن میں جانب غرب ایک قبر ہے ولیم فریزر صاحب بہادر کی جو صاحب کمشنر تھے اس شہر کے اور بعضے کوتاہ اندیشوں نے اونکو بندوق سے ہلاک کیا تھا یہ صاحب ہندوستانی رئیسوں کی بہت قدر کرتے تھے اور اسی سبب سے اونکے مارے جانے کا بہت ہندوستانیوں کو نہایت افسوس اور رنج ہوا اور ان صاحب کی قبر پر ایک تختہ سنگ مرمر کی بہت کاریگری ہوئی ہے اور اوسکے گرد آہنی کٹہرہ لگا ہوا ہے جسکا ہم یہاں نقشہ لکھتے ہیں کہ اسکی خوبی اور خوشنمائی اس سے ظاہر ہے

حویلی نواب عبد الاحد خان

اسی محلہ میں یہ حویلی بھی نواب عبد الاحد خاں کی ہے اور نہر اور حوض اور فوارہ اور باغ سے آراستہ بھی اب تک ہے





نقشہ عکس جامع مسجد

مکانون مین مدرسہ سرکاری ہے اور بعض مین کچہریان عدالت دیوانی کے مقرر ہین ٭

حویلی منصور علی خان

اسی حویلی کے پاس منصور علیخان کی حویلی ہے بہت عمدہ اور نہایت بڑی آراستہ نہر جاری اور فوارہ اور اوس حویلی کے پاس ایک حمام ہے بہت خوب یہ حمام ایسا آراستہ ہے اور ہر سال جاڑے مین گرم ہوتا ہے

میگزین سرکاری

انہین حویلیونکے نزدیک ایک میگزین سرکاری ہے اور سب طرحکا اسباب جنگ و پیکار اسمین موجود ہے اور ہر روز رسد پہنچتی ہے

پن چکیان

اسی کے قریب نہر جاری ہے اور یہ وہ نہر ہے جو قلعہ مین گئی ہے اور قلعہ کے تمام مکانات مین جاری اسی نہر مین پنچکیان بنی ہوئی ہین اور ہر روز صدہا من آٹا پانی کے زور سے پستا ہے اب یہان سے عقب جامع مسجد کا حال لکھا جاتا ہے

عقب مسجد جامع

جامع مسجد کی پشت بھی بہت بہار کی ہے اور اوسکا نقشہ عقب سے بھی بہت کیفیت دکھاتا ہے اور جامع مسجد کی دیوار اور برجونکی نمود اور منارون کا دکھاو اور یہ جیون کی قطار عجب عالم دکھاتی چنانچہ اب ہم اس مقام پر اوسکا نقشہ لکھتے ہین

چاوڑی

جامع مسجد کے پیچھے کا جو بازار ہے وہ چاوڑی کرکے مشہور ہے اور یہ بازار بہت وسیع اور دلچسپ اور سیرگاہ عالی ہے سب طرح کے سودے والے یہان بیٹھتے ہین مگر دال والے اور کپڑے والے اور کاغذی اور کسیرونکی بہت سی دکانین ہین

شاہ بولا کا بڑ

چاوڑی سے آگے یہ بڑ نہایت نامی ہے اور شاہ بولا ایک فقیر یہان رہا کرتا تھا کہ اب اس مقام پر اوسکی قبر ہے اگرچہ وہ درخت اب نہین اوسکی جگہہ اور درخت ہے مگر نام چلا جاتا ہے

قاضی کا حوض

اس بڑ سے آگے ایک کھاری کنوان تھا کہ اب وہ بند ہوگیا ہے اور اوسکے آگے قاضی کا حوض ہے نہایت مشہور اگرچہ وہ حوض اب آراستہ نہین لیکن ٹوٹا پھوٹا نشان باقی ہے اور اس مقام پر چوراہا ہے ایک تو سیدھا رستہ ہے اور ایک رستہ اجمیری دروازہ کو جاتا ہے اور ایک سیتارام کے بازار مین اور ایک لال کنوین کو

لال کنوان

یہ بازار بھی بہت بڑا وسیع ہے اور اسمین بدل بیگ خان اور حافظ عبد الرحمان کی حویلی ہے اور مسجد [illegible]

واقع ہیں اور یہ کنواں بھی اب تک موجود ہے پر اس پتھر سنگ سرخ کا اور اسی سبب سے لال کنواں مشہور ہو گیا ہے

کھاری باولی

اس سے آگے بڑھ کر کھاری باولی ہے اگرچہ وہ باولی اب آباد نہیں رہی اور دکانوں میں آ گئی ہے لیکن اوسکا پتہ اور نشان بلکہ باولی کی صورت بھی معلوم ہوتی ہے یہ باولی بہت قدیم اور شاہجہان آباد کی آبادی سے بہت پہلے کی ہے یعنی ۹۵۷ ہجری میں شیر شاہ کے وقت میں باولی بننی شروع ہوئی اور ۹۵۸ میں تمام ہوئی چنانچہ اس باولی پر یہ عبارت کندہ ہے جسکے بعض حرف چھپ گئے ہیں وہ عبارت نقل کر دیتے ہیں

کتبہ دروازہ

یا اللہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا اللہ

کتبہ اندرونی پیشانی چھت

بسم اللہ الرحمن الرحیم و بہ نستعین بعونت تمام شد این باولی و چاہ در ماہ رمضان سنہ نہصد و پنجاہ و ہفت ہجری نبوی محمد مصطفی رسول درگاہ حضرت الہ در زمان عادل اسلام شاہ بن شیر شاہ سلطان کار کردن این عمل بانی چاہ عماد الملک عرف عبد اللہ لاجوردی قریشی بندہ درگاہ امیدوار عنایت و رحمت کرد بنا این چاہ بانی


کتبہ دیوار شمالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم در عہد دولت بادشاہ سلطان ابن السلطان المظفر اسلام شاہ بن شیر شاہ سلطان خلد اللہ ملکہ و سلطانہ بانی این چاہ توفیق اللہ و بوجہ رسول اللہ ملک الشرق عماد الملک عرف خواجہ عبد اللہ لاجوردی قریشی بلال الملک حضرت دہلی سنہ اثنی و خمسین و تسعمائت

بازار اجمیری دروازہ

یہ بازار بھی بہت وسیع ہے اور بہت بڑے مکانات اور چھوٹی چھوٹی مسجدیں اسکے دونوں طرف بنی ہیں اور اس دروازہ کے باہر مدرسہ غازی الدین خان کا ہے اسکا ہم ذکر لکھتے ہیں

نقشہ نمبر ۱۷ متعلقہ صفحہ نمبر ۱۳۲ تا ۱۳۵



مدرسہ نواب غازی الدینخان بہادر


اجمیری دروازہ کے باہر مدرسہ نواب غازی الدینخان نہایت نفیس و لطیف بنا ہوا ہے یہہ مدرسہ سب سنگ سرخ سے تعمیر کیا ہوا ہے اسکے تین دروازے بہت کلان اور نہایت خوبصورت ہیں مرتبہ اول ہی میں جب کوئی اون دروازوں سے مدرسہ میں قدم رکھتا ہے اوسکو عمارت کی خوبی و خوبصورتی دروازوں سے دلنشین ہو جاتی ہے اندر جاکر ایک صحن نہایت وسیع ہے اور اوسکی جنوب و شمال کیطرف حجرے متعدد بہت وسیع اور نہایت مرتفع واسطے آرام طلبا کے بنے ہوئے ہیں اور ان حجروں کے سقف پر بھی حجرے متعدد ہیں اور ان دونوں جانبوں کے وسط حقیقی میں ایک ایک بلند در نہایت وسیع اور مرتفع ہے اور ان ایک در میان کی چھت پر دالان سنگ سرخ کا ہے اور یہہ ایک در سے مابین حجروں کے اسطرح پر ہیں کہ چند حجرے اوسکی ایک جانب میں اور چند حجرے باقی اوسکی دوسری جانب میں واقع ہوئے ہیں اور جانب شرقی میں بھی اسیطرح وہ تینوں دروازے ہیں دروازوں کی دونو جانب میں چند حجرے ہیں اور تینوں حجروں کیطرح سے اور غرب کیطرف ایک مسجد ہے بہت بڑی اور نہایت خوبصورت سنگ سرخ کی اور فرش مسجد کا بھی سنگ سرخ کا ہے اور مسجد کے دونو پہلو میں کچھہ صحن چھوڑکر دو دالان بہت بڑے سنگ سرخ کے ہیں جنوبی دالان کے پاس متصل مسجد کے ایک حجرہ جالیدار سنگ بانسی کا اور اوس حجرہ میں ایک حجرہ اور سنگ مرمر کا جالیدار وہ جالیاں ایسی خوبصورت ہیں اور اوسمین ایسی نازک کاری ہے کہ بیان نہیں ہو سکتا اس حجرہ میں تین قبریں ہیں کہ تعویذ اوسکا سنگ مرمر کا اور سامنے حجرہ کے دالان دو دالان بہت خوش وضع ہے اور صحن مدرسہ میں ایک حوض بہت وسیع اور عمیق تھا یہہ مدرسہ محمد شاہ بادشاہ اور عالمگیر ثانی کے عہد میں تیار ہوا تھا غازی الدینخان نے جو ان سلاطین کے عہد میں ارکین سلطنت سے تھا اوسکو تیار کیا تھا ایک مدت ہوئی کہ انگریزوں نے چاہا تھا کہ اسکو منہدم کردیں بلکہ انہدام اسکا شروع ہو گیا تھا از بسکہ بنا اسکی نہایت مستحکم ہے یہانتک کہ ایک گز بھر دیوار ٹوٹنی کٹھن ہو گئی اور بیلداروں کی بھی ہمتیں چھوٹ گئیں چونکہ اسکے انہدام میں بھی بہت روپیہ کا صرف پڑتا تھا اور عمارت بھی بسبب خوبی کے یادگار سلف تھی اوسکا انہدام موقوف کرکے ایک خندق اوسکے گرد کھدوا کر اوسکو شہر میں لے لیا اور سرکار انگریزی نے اسکو واسطے لوگوں کی تعلیم کے پسند کیا چند مدرس عربی اور فارسی اور سائنس کا اسمین مقرر کر دئیے چند مدت کے بعد نواب فیض علیخان اعتماد الدولہ وزیر شاہ اودہ نے بھی اس مدرسہ کے خرچ کے واسطے ایک لاکھہ ستر ہزار روپیہ دیکر سرکار کیطرف سے ایک عبارت اسی مضمون کی ایک پتھر پر کندہ ہوکر تعمیر کیکے دروازہ پر مدرسہ کیطرف لگوا دیا عبارت یہہ ہے

شد بہر لوح نقشی نہاد دلکشا	جزای عمل ماند درنام نیک

بنا و حسنات نواب اعتماد الدوله ضیاء الملک سید فضل علی خان بهادر سهراب جنگ که یک لاکه هفتاد هزار روپیه برای تحصیل علوم و مدرسه هذا واقع دهلی خاص بدولت مرحمت خویش بصاحبان کمپنی انگریز بهادر تفویض نموده مستقر گردیده در سنه ۱۲۴۹

کتبہ سید امیر رضوی

ہر چند اس میں مدرسہ حوض سے بہت کیفیت نہایت منفعت تھی لیکن انگریزوں نے اس لحاظ سے کہ اس پانی سے ہیضہ اور اس سبب سے متعفن ہو کر ہوا کو فاسد کرتا ہے اور فساد ہوا موجب بیماری کا ہوتا ہے حوض کو بند کروا دیا اور اوس پر ایک چمن لگوا دیا تھا اور بیچ کے دروازہ کو دو چوکھٹیں لگوا کر بشکل ایک کمرہ کے بنوا دیا اور اوسکو امتحان گاہ طلبہ مقرر کیا اب دو تین برس کے عرصہ سے مدرسہ فارسی و عربی اور جا مقرر ہوا اور اس مکان کو دار الشفا مقرر کر دیا گیا کہ اکثر بیمار وہاں رہتے ہیں اور سرکار سے اونکے کھانے پینے اور دوا کی اعانت ہوتی ہے



صناع مکاں و فضل خلاق زمن
عجوبۂ زمن عالم مکین ول قبین ن

کتاب [illegible]

تصنیف جواد الدولہ سید احمد خان صاحب بہادر عارف جنگ سابق منصف دار الخلافہ شاہجہان آباد

بمطبع نامی منشی نولکشور [illegible] طبع شد



بسم اللہ الرحمن الرحیم

باب چوتھا

دلی اور دلی کے لوگوں کے بیان میں

صفت حضرت دہلی کہ سواد اعظم + ہست منشور ری از حرسہا اللہ نشان

حضرت دلی کہف ملک و داد
دو ہیں کراں کا رکرکار تیا
ارد و سامرے ماں کی پاس
حصن ورمن لوگوں کی مگر
تو رہم اراں تا سبو سرسب
سی والاک حملہ پا ہے سیار
لنگر لوگ سپاں لہ تیں
ملک ردر وار وا وضع اس
گر سعو وسنہ ایں لو ساں
در تمیں ار حیح چو بیتہ بنیا
سالک ارجامہ مرگاں لگا
گو تنہ ہر جامہ ستی تنگ ترب

ہست ملک سہ کہ آبا د یا
دائرہ جیح ر سرکار سہ
در دو جہاں تمیم مسلم
جیح ر سر ایست اساس سہ
قلعہ میرو رشتہ ہست شب
سیح حصارش بہ ہست سار
وادہ وا ا و سما در سحق +
سپہر دروازہ ا ہ تیاب
کاسہ مالیہ ہہ اساں
گفتم بروست گفتم حطا +
گوشہ گشتہ ہمہ ارکان لک
گشت بیست رد مرد ہ سب
مردم کمانہ وسدہ سدمی +

ہست سو ات ارم اہد رساتی
تا کہ سا امت گمہید بیتی
جمس ر تن ر عالم بردن
گفت حصار لوا ور اسہر
دون ملک سر ساتہ صفات
ورح بہ رتس د حیات سپہر
ست مدار رو در دیوار کس
نام ملہ ہو الا گرفت
سپہر ہی را السراد سلم
قبہ اسلام شدہ در جہاں
تحکہ اہ راں لمسا +
مرسر بہر گور سرگاں سی +
جائے یکیا مردم و صد مردمی

حرسہا اللہ عن الحادثات
در ہمہ عالم زبر رکی چو لس
عالم سروش کمسرا بدن
کاسی ملک لو کہن دار مہر
لی جو ملک ادی دگری ساب
گشت گرد سر او ماہ و مہر
تکیہ بد لوار دریں کردہ لس
تا کنس سد رہ لعا گرفت
شہر چو انگشت ر مس اہم
لستہ او قبہ ہفت آسماں
گشت امال سماں سہرو سد
مدر سب ہر جا سہا سہ مرکی

اگر مین یہ ارادہ کرون کہ ابتدا سے دلی کا حال لکھون اور ہندون کی تاریخ کے موافق اسکا بیان کرون اوسکو تو ایک دفتر چاہیے اور اس مختصر مین کہان گنجایش کہ وہ سب آسکے اسواسطے تھوڑا تھوڑا اسکا حال لکھدیتا ہون کہ دلی کو تیسری اقلیم مین گنتے ہین طول اسکا جزائر خالدات سے ایک سو تیرہ درجہ اور پینتیس دقیقہ۔ اور عرض اسکا خط استوا سے اٹھائیس درجہ اور اوننچاس دقیقہ ہے اور ساعات اوسکی سحر دہ ہین

اندر پرست

پہلا نام اس دلی کا اندر پرست ہے۔ اندر نام ہے اکاس کے راجہ کا جو ہندون کی مذہب مین ایک مقرری راجہ ہے اور پرست کہتے ہین دونون ہاتھ بھر کر دان کرنے کو ہندون کے اعتقاد مین یہ بات ہے کہ یہان راجہ اندر نے کسی اگلی زمانہ مین دونون ہاتھ بھر کر موتیون کا دان کیا تھا اسی سے یہ جگہ اندر پرست مشہور ہو گئی۔ مگر کثرت استعمال سے پرست کا پت رہگیا اور لوگ اندر پت اندرپت کہنے لگے چنانچہ ابتک پرانے قلعہ کے پاس موضع اندرپت موجود ہے لیکن اوسکی آبادی جہان پہلی تھی وہان تو ویران ہوگئی ہے اور وہان کی زمیندار خاص پرانے قلعہ مین بستے ہین

دلی

اس بات مین بڑا اختلاف ہے کہ اندر پت کو دلی کب سے کہنے لگے۔ اور اسمین تین روایتین ہین ایک یہ کہ یہ لفظ ڈہلی سے ہے ہندی ڈال سے۔ اور ڈہلی ہندی مین نرم زمین کو کہتے ہین کہ جہان مینخ گڑ سکے یہان کی زمین بھی بہت نرم تھی اور مینخ گڑ سکتی تھی اسواسطے اسکو بھی ڈہلی کہنے لگے۔ دوسری روایت یہ ہے کہ دہلو ایک زمیندار تھا اوسنے اپنے نام پر ایک گانون آباد کیا جب سے اسکو دہلی کہنے لگے تیسری روایت یہ ہے کہ راجہ دلیپ نے اپنے نام پر شہر آباد کیا جب سے دلی کہنے لگے اور اب لوگون کی زبان پر دلی بغیر ہے کے جاری ہے اور اگلی کتابون مین دہلی ہے سے لکھا ہے قول فیصل اسمین یہ ہے کہ راجہ دلیپ سے پہلے دہلی ہی ہے کے ساتھ مشہور ہوگا اور پھر دلی بغیر ہے کے کہنے لگے ہونگے اس سبب سے دونون نام لکھنے بولنے مین آتے ہین

پرانا قلعہ

سب سے پہلے دلی مین راجہ انیکپال تنور نے قلعہ بنایا ہے چنانچہ وہ قلعہ ابتک شاہجہان آباد سے دو ڈہائی کوس پر جنوب کیطرف موجود ہے۔ اس قلعہ کے سال بنا مین بھی تھوڑا سا اختلاف ہے۔ بعضے کہتے ہین کہ

کہ سنہ چار سے اکیس میں بنا ہے۔ اور بعضے کہتے ہیں کہ سنہ چار سے چالیس میں۔ سو سکہ اس سے پہلے کوئی نامی عمارت نہیں ہے

قلعہ راے پتھورا

بعد اسکے جب کہ تنوروں کی قوم سے حکومت جاتی رہی اور چوہانوں پاس ہو گئی اور راے پتھورا جسکا اصلی نام راے پرتھی راج ہے بادشاہ ہوا اوس وقت اوس نے سمت ۱۱ گیارہ سو میں ایک قلعہ بنایا تھا اس قلعہ کا ایک قطب صاحب کے پاس لاٹھ کے قریب نشان موجود ہے

قصر سفید

راے پتھورا ہی کے قلعہ میں سلطان قطب الدین ایبک نے ایک محل بنایا تھا اور اوسکا قصر سفید نام رکھا تھا مگر اب اس قصر کا نام و نشان نہیں رہا۔ اور چونکہ سلطان قطب الدین سنہ ۶۰۲ ہجری میں بادشاہ ہوا ہے اسواسطے کہا جا سکتا ہے کہ اوس سنہ کے بعد یہ قصر بھی بنا ہو گا

قصر ہزار ستون

اور اسی قلعہ میں یا اسی قلعہ کے پاس کہ اب اوسکا نشان نہیں ملتا سلطان ناصر الدین محمود نے ایک محل بنایا تھا اور اوسکا قصر ہزار ستون نام رکھا تھا۔ اگرچہ سال بنا اسکی بھی معلوم نہیں لیکن سلطان ناصر الدین سنہ ۶۴۴ چھ سو چوالیس ہجری میں بادشاہ ہوا ہے اسی سال پر اوسکی بنا کو بھی خیال کر لیا جاتا ہے لیکن وہ عمارت سلطان ناصر الدین کے سامنے پوری نہونے پائی کہ اوسکی عمر پوری ہو گئی اور سلطان غیاث الدین بلبن نے اوس ادھوری عمارت کو پورا کیا

مرزغن

بعد اسکے جب سلطان غیاث الدین بلبن بادشاہ ہوا اوس نے سنہ ۶۶۶ چھ سو چھیاسٹھ ہجری میں ایک قلعہ بنایا اور مرزغن اوسکا نام رکھا۔ اس قلعہ کا بھی نشان نہیں معلوم ہوتا۔ مگر لوگ کہتے ہیں کہ جہاں حضرت نظام الدین کا مزار ہے وہاں تھا بلکہ اوسکی آبادی کا موضع غیاث پور نام ہے

کیلوکھڑی

جب کہ سلطان معز الدین کیقباد بادشاہ ہوا اوس نے سنہ ۶۸۶ چھ سو چھیاسی ہجری میں ایک قلعہ بنایا اور کیلوکھڑی اوسکا نام رکھا۔ اگرچہ اوس قلعہ کا اب نشان نہیں لیکن اوسی جگہ ہمایوں کے مقبرہ کے پاس

موقع کیلو کھری موجود ہے اور دس پانچ جھونپڑے پڑے ہین اور حضرت امیر خسرو نے قران السعدین مین اسکی تعریف لکھی ہے وہ شعر یہ ہین

صفت قصر نو و شہر نو اندر لب آب + ** که بود عرصه رفرف دو ورق این ایوان

قصر نکو بیم که بهشتی فراخ	رونق طوبی در او در الشاخ	بام سفیدش بفلک سوده سر	کرده بخورشید سپیدی اثر
پایه چو مهتاب بباش نهاد	گشت ز دوران زمین ایمن فتاد	رفت درون در او آفتاب	وقف زمین کرد رخ چرخ ناب
ره بسوی روزن او جست ماه	ریح نداده بسوی خویش راه	رفت صبا زان در و دیوار خس	گفته ندانم در و دیوار کس
بانگ کشاده در او سبده م	رفت بدربند بدروازه هم	از در بارش دو جهان بسته او	قلعه نه ور شده در بسته او
از شرف پایه او نردبان	پایه بپایه شده بر آسمان	کالبد چرخ بجنبش کسیت	خشت زمین کالبدش نیست
آینه گشته زگچ صاف خشت	دید درو صورت خود زاهشت	هر که دران آینه بیند جوان	پیر دران خشت نه بیند همان
هر چه که نقاش به یکسو کشید	عکس بدیوار دگر شد پدید	نیست درو حاجت نقش از صفا	بسکه شد از عکس کسان رونما
نقش بلندش بهوا خامه راند	تخته سقفش بسما تا رخواند	دیده بدخواه ازان جا بخورش	نیز بسی خورد ز هر نیز کس
قطره دران بام نیفتاد تیز	ابر گریزنده زباران گریز	شکل ستونش بمقام الیتاد	قصر ارم را شده ذات العماد
گشت چو جاروب هوا کروب	کرد بزیرش همه کس سر بجوب	طرفه عروسی که شد آراسته	آینه از آب روان ساخته +
همچو دو آینه مقابل زتاب	آب درو عکس بنا او در آب	چونکه گذر کرد خیال عیان	قصر نمود از ته آب روان
عکس همش شکل بیارد دگر	گرچه که سرزیر کند پایه زبر	طاق بلندش بافلاک گفت جفت	قابل و شد فلک اندر صفت
کنگر طاقش بزبان دراز	پیش فلک گفت سخنهای راز	سنگ سپیدش که شده بر سپهر	آمده از مهر شده همچو مهر
یک طرفش آب دگر سوی باغ	باغی داری زدو سوئیش باغ	آبی ازان باغ بر و مانده زرد	باغی ازان آب بجان گشته سرد
	شاخ بهر بارگهی کرد راه	جاگه پا بسته بارگاه	

کوشک لعل

بعد اسکے سلطان جلال الدین خلجی نے سنہ ۸۹ ہجری مین ایک محل بنایا اور کوشک لعل اوسکا نام رکھا ۔ اب اس محل کا بھی نشان نہین ملتا کہ کہان تھا اور کیا ہوا ۔ اور بعضے لوگ کہتے ہین کہ یہ محل حضرت سلطان جی کی درگاہ کے پاس تھا ۔ اور ایک عمارت جو لعل محل کر کے مشہور ہے اور ہمنے اوسکا نقشہ بھی کھینچا ہے منجملہ اوسی عمارت کی بیان کرتی ہین لغیرہ عند اللہ

قلعہ علائی

جب کہ سلطان علاء الدین خلجی بادشاہ ہوا اوسنے اپنے عہد میں کہ سنہ ۷۰۳ ہجری سے شروع ہوا تھا ایک اور قلعہ بنایا اور اوس قلعہ کا سیری نام رکھا تھا یہ اب بھی قطب صاحب کو جاتے ہوئے بائیں ہاتھ کو اوس قلعہ کا کچھ کچھ نشان پایا جاتا ہے اور ہمنے اوسکے محل پر اوسکا ذکر بھی کیا ہے

تغلق آباد

جب کہ نوبت سلطنت کی سلطان غیاث الدین تغلق شاہ تک پہونچی اوسنے سنہ ۷۲۵ ہجری میں ایک قلعہ بنایا اور طرح طرح کی عمارت سے آراستہ کیا تھا یہ قلعہ اب تک موجود ہے اور ہمنے سب سے پہلے اسکا حال لکھا ہے

عادل آباد

بعد اسکے کہ سلطان غیاث الدین تغلق شاہ مرا اور اوسکا بیٹا سلطان محمد تغلق عادل شاہ عرف سلطان جونا بادشاہ ہوا۔ اوسنے تغلق آباد ہی کے پاس ایک ڈیڑھ ایک کی مسافت سنہ ۷۲۵ ہجری میں ایک قلعہ بنایا اور عادل آباد اوسکا نام رکھا اور اوسکو عمارت ہزار ستون بھی کہا کرتے تھے جیسا کہ اسکا حال بھی ہم لکھ چکے ہیں

فیروز آباد

جبکہ یہ بادشاہت ایک کے ہاتھ سے دوسرے کے ہاتھ اور دوسرے کے ہاتھ سے تیسرے کے ہاتھ ہوتے ہوتے سلطان فیروز شاہ تک پہونچی۔ اوسنے اپنے عہد سلطنت میں یعنی سنہ ۷۵۵ ہجری میں ایک اور قلعہ بنایا اور ایک نیا شہر آباد کیا اور فیروز آباد اوسکا نام رکھا۔ لیکن اب اوس قلعہ کا بھی حال نہیں معلوم ہوتا کہ کہاں تھا اور کچھ نشان بھی نہیں معلوم ہوتا۔ بعضے کہتے ہیں کہ یہ قلعہ اوس مقام پر تھا جہاں اب فیروز آباد گاؤں بستا ہے

کوٹلہ فیروز شاہ

اسی بادشاہ نے اوسی سنہ میں یعنی سنہ ۷۵۵ ہجری میں ایک اور عمارت بنائی اور اوسپر ایک پتھر کی لاٹھ لگائی تھی یہ عمارت اب تک موجود ہے اور ہم اوسکا نقشہ بھی لکھ چکے ہیں۔ سرکار دولتمدار انگریزی نے اس کوٹلہ کے لوٹنے کا حکم دیا ہے اور جہاں کہیں تعمیر کی حاجت ہوتی ہے یہاں سے لوٹ کر جاتا ہے عنقریب یہ بھی پست و نابود ہو جاویگا اور اور قلعوں کی طرح اسکو بھی کوئی نہیں جانے گا کہ کہاں تھا اور کیا ہوا مگر البتہ اس کتاب میں تو اسکا نقشہ رہ جاویگا غرض نقشی است کز ما یاد ماند کہ ہستی را

نمی بینم بقائی مگر صاحبدلی روزے برحمت کند بر حال این مسکین دعائے

خضر آباد

جس زمانہ مین کہ امیر تیمور صاحبقران دلی مین آیا۔ اور دلی کو لوٹ کر کوچ کیا۔ اوسکے بعد خضر خان بادشاہ ہوا اوسنے سنہ ۸۲۱ ہجری مین دریا کے کنارہ یہ قلعہ بنایا تھا۔ اگرچہ اس زمانہ مین اس قلعہ کا بھی نشان نہین ملتا لیکن لوگ بیان کرتے ہین کہ خضر کی گمٹی کے پاس یہ قلعہ تھا۔ ہمنے خضر کی گمٹی کے حال مین یہ بات لکھی ہے کہ ہم نہین بتلا سکتے کہ خضر کی گمٹی کسکا مقبرہ ہے اور اس تحریر سے اب یہ ثابت ہوتا ہے کہ شاید یہ خضر کی گمٹی اسی بادشاہ کی قبر ہو

مبارک آباد

جب کہ سلطان مبارک شاہ خضر خان کا بیٹا بادشاہ ہوا اوسنے سنہ ۸۲۴ ہجری مین ایک اور قلعہ بنایا اور مبارک آباد اوسکا نام رکھا یہ قلعہ صفدر جنگ کے مقبرہ کے سامنے تھا چنانچہ اب بھی اوس جگہ ایک گانو بستا ہے اور مبارک پور کوٹلہ کہلاتا ہے

دین پناہ

یہ وہی قلعہ ہے جسکو راجہ اننگ پال تنور نے بنایا تھا اور اب پرانا قلعہ کر کے مشہور ہے لیکن یہ قلعہ بالکل منہدم ہو گیا تھا۔ جبکہ نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ نے دلی کو فتح کیا اوسنے سنہ ۹۴۰ ہجری مین اس قلعہ کو از سر نو تعمیر کیا۔ اور اب جو کچھ عمارت اس قلعہ کی دکھلائی دیتی ہے وہ اسی بادشاہ دین پناہ کی بنائی ہوئی ہے چنانچہ ہم اسکا نقشہ لکھ چکے ہین

شیر منڈل

جبکہ شیر شاہ ہمایون بادشاہ پر غالب ہوا اور دلی اوسکے ہاتھ لگی اوسنے اسی قلعہ مین کچھ کچھ مکان بنائے اور ایک مکان بطور جہان نما کے بنا کر اوسکا شیر منڈل نام رکھا تھا۔ چنانچہ یہ مکان پرانے قلعہ کی مسجد کے پاس موجود ہے اور اوسکا بھی نقشہ ہم لکھ چکے ہین — اور جب کہ ہمایون بادشاہ دوسری بار آیا ہے تو اوسنے اسمین کتب خانہ کیا تھا لیکن اس عمارت بنانے کے بعد سنہ ۹۴۸ ہجری مین شیر شاہ کو قلعہ بنانے کی ہوس بھی ہوئی اور اسی قلعہ کے پاس اوسنے ایک چھوٹا سا قلعہ بنایا اور اوسکا بھی شیر منڈل نام رکھا۔ لیکن اب اوسکا کچھ نشان نہین معلوم ہوتا بالکل ٹوٹ کر برابر ہو گیا

سلیم گڈھ

اس قلعہ کو اسلام شاہ بن شیر شاہ نے ۹۵۳ ہجری میں بنایا تھا۔ [illegible] یہ قلعہ دریا کے کنارے لال قلعہ کے سامنے موجود ہے۔ لگ کر اصل قلعہ میں ملگیا ہے اس زمانہ میں بادشاہی نوکروں نے اس قلعہ کا نام بدل دیا ہے اور سلیم گڈھ کو بدل کر نورگڈھ کہتے ہیں

شاہجہان آباد

یہ سب عمارتیں اگلے زمانہ کی بنی ہوئی تھیں اور ایک کو ایک سے سوا رونق تھی۔ لیکن شاہجہاں بادشاہ نے ۱۰۴۹ ہجری میں مطابق ۱۲ سنہ جلوس کے ایک نیا قلعہ بنایا اور ایک اور شہر آباد کیا کہ وہ اب تک موجود ہے اور حضور والا ابو ظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ اسی قلعہ میں تشریف رکھتے ہیں اور اب یہی شہر آباد ہے خدا اسکو آباد رکھے شاہجہاں نے اسکا مفصل حال اب ملفوظ میں لکھا ہے ہر ایک عمارت کو ساتھ [illegible] درج ہے۔ اب یہاں کی آب وہوا کا حال سنو۔

آب وہوا کا بیان

اگلے زمانہ کی آب وہوا کی بہت تعریف سنی جاتی ہے۔ لیکن اس زمانہ میں میرے نزدیک خاص شہر کی آب وہوا اچھی نہیں۔ شہر میں عموماً سب کنوئیں کھاری ہیں لیکن جو جو کنوئیں نہر کے کنارہ پر ہیں انکا پانی میٹھا ہے دریا کے پانی کی بیان کرنے کی کچھ حاجت نہیں کہ جیسا دریا کا پانی ہوتا ہے ویسا ہی ہے لیکن اس سبب سے کہ اس دریا میں پانی بہت کم رہگیا ہے اور جابجا شہر میں بٹ گیا ہے دریا کا پانی بھی اچھا نہیں رہا کنوؤں کا پانی گرمیوں میں بہت سرد ہوتا ہے اور برف اور شورہ کی بالکل بھی [illegible] کرتا ہے اور ہلکا بھی ہوتا ہے لیکن جیسا چاہیے ویسا ہضم نہیں۔ اور میں یہ بھی نہیں کہتا کہ وہ پانی کچھ مضر ہے مگر اس میں کچھ شک نہیں کہ تعریف کے قابل نہیں۔ ہوائیں یہاں کی نہایت مرطوب ہو گئی ہیں اور بہت آدمی بلکہ تمام شہر کے لوگ امراض ضعف معدہ اور نزلہ میں گرفتار رہتے ہیں۔ اغلب ان خرابیوں کا سبب اسکے اور کچھ نہیں معلوم ہوتا کہ آبادی شہر کی بہت کثرت سے ہے اور ہر طرف کے لوگ رہتے ہیں اور اگلے زمانہ کی نسبت گلیاں بازار بھی بہت تنگ ہو گئی ہیں اور شہر کی صفائی بھی جیسی چاہیے ویسی نہیں رہی۔ اس سبب سے آب وہوا کے مزاج میں اختلاف ہو گیا ہے۔ گرمیوں میں گرمی اگرچہ بہت شدت کی نہیں ہوتی لیکن امراض وبائی اکثر شہر میں پھیل جاتی ہیں شہر کے باہر کی آب وہوا بہت اچھی ہے پانی بھی ہضم اور ہوا بھی بہت خوشگوار رہتی ہے

بہت کم ۔ غرض یہاں قطب صاحب کی آب و ہوا بہت اچھی مشہور ہے اگرچہ اب وہ بھی اس سبب سے کہ بادشاہ وہان بہت جاکر رہتے ہین اور ازدحام خلقت کا ہو جاتا ہے اور کوڑا کرکٹ پھیلتا ہے جیسی پہلے تھی ویسی نہین رہی لیکن پھر بھی غنیمت ہے باوصف ان سب باتون کے یہان کی آب و ہوا اور شہرون سے ہزار ہزار درجہ بہتر ہے ۔ کوئی مرض مخصوص یہان کی آب و ہوا کا نہین ۔ خدا کے فضل سے سب لوگ اچھے اچھے گورے چٹے خوبصورت خوبصورت ہوتے ہین اور اپنی اپنی جوانی مین عجب عجب جوبن دکھاتے ہین نظم

هر که درین ملک دمی آب خورد	گشت دل از آب خراسانش سرد	اینکه خنک دید خراسان سپهر	گشت همه سال ازو سرد مهر
ور چه درین ملک هوا هست گرم	از خنکی های خراسان چه شرم	مهر فلک گرم شد اندر وفاش	گرم از آن گشت جهان را هواش
گل همه ساله چمن خوش نسیم	خاک ز گلها شده پر زر و سیم	تر همی صد برگ بصد برگ تر	کوزهٔ هر خاک بر آب دگر
خطه تر سبز و صحرا و کشت	نسخه گرفته ز سواد بهشت	سبزه ز هندو ز خراسان لبی	وانچه نخورده بخراسان کسی

زبان کا بیان

یہان جو اب زبان مروج ہی اور جسمین سب لوگ بولتے چالتے ہین اوسکا نام اردو ہے اور تحقیق اسکی یون ہے کہ اردو فارسی لفظ ہی اور اسکے معنی بازار کے ہین اور اردو سے مراد اردوی شاہجہان ہے ۔ اگرچہ دلی بہت قدیم شہر ہے اور ہندؤن کے تمام راجہ پرجاؤن کا ہمیشہ سے دار السلطنت رہا ہے لیکن سب اپنی اپنی بھاکھا بولتے تھے ایک کی دوسرے سے زبان نہین ملتی تھی ۔ جب کہ ہندوستان مین مسلمانون کی عملداری ہوئی اور مسلمان لوگ ان شہرون مین آئے اور بھی مشکل پڑی اور اس نئی زبان کے لوگون کے آنے سے سودا سلف لینے دینے بیچنے بیچانے مین دقت پڑنے لگی ۔ اول اول تو مسلمانون کی عملداری مین اختلاف رہا کبھی کسیکی بادشاہت رہی اور کبھی کسیکی کبھی غوری آئے اور کبھی لودھی اور کبھی پٹھان اور کبھی تغلق اس سبب سے زبان کا بدستور اختلاف چلا گیا اور کوئی شخص اسکی اصلاح کے پیچھے نہ پڑا ۔ جبکہ اکبر بادشاہ ہوا ایک گونہ سلطنت کو قیام ہوا اور سب لوگ اپنے اپنے ٹھکانے بیٹھے اور علم کا بھی چرچا ہوا ۔ لیکن اوس زمانہ مین فارسی زبان کی ایسی قدر تھی کہ لوگ اور کسی طرف متوجہ بھی نہین ہوتے تھے جب کہ شہاب الدین شاہجہان بادشاہ ہوا اور اوسنے انتظام سلطنت کا کیا اور سب ملکون کے اوکلا کے حاضر رہنے کا حکم دیا اور دلی شہر کو نئے سرے سے آباد کیا اور قلعہ بنایا اور شاہجہان آباد اوسکا نام رکھا ۔ اوس وقت اس شہر مین تمام ملکون کے لوگون کا مجمع ہوا ہر ایک کی گفتار رفتار جدا جدا تھی ہر ایک کا رنگ ڈھنگ نرالا تھا ۔ جب آپسمین معاملہ کرتے تھے لاچار ایک لفظ اپنی زبان کا دو لفظ اوسکی زبان کے تین لفظ

دوسری کی بات کے ملا کر بولتے اور سودا سلف لیتے۔ رفتہ رفتہ اس زبان نے ایسی ترکیب پائی کہ یہ خود ایک نئی زبان ہو گئی اور چونکہ یہ زبان خاص بادشاہی بازاروں میں مروج تھی اسواسطے اوسکو زبان اردو کہا کرتے تھے اور بادشاہی امیر امرا اسیکو بولا کرتے تھے گویا کہ ہندوستان کے مسلمانوں کی یہی زبان تھی ہوتے ہوتے خود اس زبان ہی کا اردو نام ہو گیا۔ اوسوقت سے اس زبان نے ایک رونق حاصل کی اور دن بدن رات چوگنی اسمیں ہوتی گئی یہانتک کہ جس زمانہ میں میر اور سودا نے آیا رہ اپنی جوش زبانی کا ملک کیا تھا اور یہ اوپرہ ہر ایک کے کان میں سجایا تھا اوسوقت یہ زبان بہت درست ہو گئی تھی اور خوب رنگ ڈھنگ نکال لائی تھی۔ اوسکے بعد کچھ کچھ اصل زبان میں اور تغیر و تبدیل ہوئی اور اب ایسی سمجھی گئی ہے کہ نہایت کاس اس سے ستہری کہیں نہیں اور اس زبان کو شاہجہان آباد سے ایسی نسبت ہے جیسے فارسی کو شیراز سے جیتے یہاں کے لوگوں کی زبان تمام اردو بولنے والوں کو سند ہے۔ کہیں لوبقول میر اس ہی کے اپنی دستار رفتار گفتار کو کوئی نہیں جانتا اگر ایک گنوار سے تو جیسے تو شہر والے کو نام رکھتا ہے اور ایسے ہیں سب سے بہتر سمجھا جاتا ہے جیسا ہوا ویسا سب۔ اگرچہ اس زبان میں اکثر فارسی اور عربی اور سنسکرت کے الفاظ شامل ہیں اور بعضی بعضوں میں کچھ تغیر و تبدیل کر لی ہے لیکن اس زمانہ میں اور شہر کے لوگوں نے یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ اردو زبان میں فارسی کی لغت بہت ملا دیتے ہیں اور یا فارسی کی ترکیب پر لکھنے لگے ہیں۔ سو دونوں باتیں اچھی نہیں اوسنے اردوپن نہیں رہا۔ اور ظاہر ہے کہ اس بات کے لیے کہ کسقدر فارسی کی ترکیب دیجا وے اور کون کونسی لغت اور زبانوں کی بولی جاوین کوئی قاعدہ نہیں مقرر ہو سکتا یہ بات صرف اہل زبانوں کی صحبت پر منحصر ہے

شاہجہان آباد کے لوگوں کا بیان

اگرچہ لوگ یہ خیال کرینگے کہ جیسے جو اس شہر کے لوگوں کا حال لکھا ہے وہ بسبب حب الوطن ہوگا لیکن جن لوگوں کے مزاج میں انصاف ہے وہ سرسری اس ساری کتاب کو دیکھ کر جان لیں گے کہ جیسے جو حال لکھا ہے وہ افراط اور تفریط سے خالی ہے حقیقت میں یہاں کے لوگ ایسے ہیں کہ شاید اور کسی اقلیم کے ہونگے ہر ایک شخص ہزار ہزار خوبی کا مجموعہ اور لاکھ لاکھ ہنر کا گلدستہ ہے ہر ایک کو علم و ہنر سے شوق اور دن رات لکھنے پڑھنے ہی سے ذوق ہے۔ ہر ایک کی خلقت میں اخلاق ایسا سمایا ہے کہ اگر ایک ایک بات اوسکی لکھی جاوے ہزار ہزار اخلاق کی کتاب تیار ہو اور ہر علم ویسا ہی ہے مروت ویسی ہی ہے دوستی پرستی کا کچھ بیان نہیں لطف

اور رعب کا کچھہ نشان نہین ع کفر است در طریقت ما کینہ داشتن + آئینہ ایست سینہ چو آئینہ داشتن + ہزارہا آدمی ہونگے جنھون نے تمام مکروہات ترک کر کر اور خواہش نفسانی کو چھوڑ کر طریقہ سنت محمدی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو اختیار کیا پس یہ خیال کرو کہ جو خوبی طریقہ محمدی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ہے وہی خوبی یہان کے آدمیون مین ہے

مردم ہمہ فرشتہ سرشت +
ہر سر مو بر تن ایشان ہنر
وز قلمی ہر چہ برآرد قلم +

خوشدل و خوشخوی چو اہل بہشت
دادہ بہ دیوی شگافی بسر
وانچہ نگنجد بزبان قلم

ہر ہمہ نزدیک دل و گرم خون
ہر چہ بصنعت ہمہ عالم است
بیشتر از علم و ادب بہرہ مند

رفتہ چو جان در تن مردم درون
ہست در ایشان و زیادت ہمست
ز اہل سخن خود کہ شمارد کہ چند

اگرچہ بعض بعض جوان آزاد مزاج آوارہ طبع بھی ہین اور بقول سعدی علیہ الرحمۃ کے ع در ایام جوانی چنانکہ افتد دانی + آوارہ مزاج اور لہو و لعب مین بھی مصروف ہین اور بجز عشقبازی اور واہیات کے اور کچھہ کام نہین رکھتے لیکن اسپر بھی سب باتین اونکی حیا کے ساتھہ ہین اور ٹٹی کے اوجھل شکار کھیلتے ہین انیہم غنیمت است کہ کچھہ تو حیا ہے اور ہزارون جوان سادہ رو نیک خو ایسے ہین کہ باوصف جوانی اور عالم شباب کے مطلق واہیات کی طرف متوجہ نہین اور وہ طریقہ سلامت روی اور نیک طینتی اختیار کیا ہے کہ دنیا سے تعلق ہی غرض

ای دہلی و ای بتان سادہ
فرمان نبرند زانکہ ہستند
جاہی کہ برہ کنند گلگشت
شان دیدہ و عاشقان بدنبال
خورشید پرست شد سلامان

یک بستہ ز ریشہ کج نہادہ
از غایت ناز خود مرادہ
در کوچہ دمد گل پیادہ
خونابہ ز دیدگان کشادہ
زین کج کلہان شوخ سادہ
بر بستہ نشان بموی مغول

خون خوردن شان باشکار است
نزدیک دل آنچنانکہ جان را
آسیب صبا رسید بر دوش
ایشان ہمہ باد حسن در سر
کردند مرا خراب و سرمست
خسرو چو سگیست در قلادہ

گرچہ بنہان خورند بادہ +
بر داشتہ گوشہ نہادہ
دستار چہ بر زمین فتادہ +
وینہا ہمہ دل بباد دادہ +
ہندو بچگان تاک زادہ +

اب مین تھوڑا سا بزرگان معاصرین علیہ الرحمۃ کا جنکی فیض صحبت سے مین مشرف ہوا ہون یا اوس زمانہ مین اونکے وجود باجود سے عالم کو رونق تھی حال لکھتا ہون

ذکر کبار مشائخین رضی اللہ عنہم اجمعین

جناب حضرت شیخ الشیوخ مولانا شاہ غلام علی قدس سرہ

میرا کیا مقدور ہے کہ آپکے کمالات ظاہری اور مقامات باطنی کا حال لکھہ سکون کیونکہ حالات آپکے اوس سے سوا ہین جو بیان ہو سکین اور مقامات اوس سے بہت ہین جو لکھنے مین آوین سبحان اللہ علم اور عمل اور فضل و کمال اور تجرید اور تجرد اور حلم و کرم اور سخاوت اتم اور ایثار و انکسار آپ کی ذات پر ختم تھے جو کچھہ آیا اور جسقدر ہوا سب نام للہ صرف کیا اور

کسی کسی کا عمر نہ کیا۔ ذات اللہ اور یاد اللہ کو رسوخ کی ذکر میں بسر کی اور دنیا و مافیہا کی خبر نہ رکھی۔ جب آپکے کس کس کمال کا ذکر کروں علم ایسا تھا کہ کاہیکو ہوا ہی رہا اور مجاہدہ ایسا کہ بیان اوسکا نہیں ہو سکتا تقویٰ اور ورع اس درجہ پر کہ سوا اوس کے ممکن نہیں او سمیر اور سیر عمر ویسا ہی انکسار ویسا ہی اتباع سنت اوس درجہ پر کہ آج اٹھے لوگ وہاں قدم نہ رکھ سکیں آپکی صحبت سے استفاضہ نہیں حاصل ہوا کہ جیکو اوسکے کوئی سمجھا ہے۔ وطن اصلی آپکا موضع والہ ہے جو پنجاب کے ملک میں اسر سر کے پاس واقع ہے اور آپ سادات علوی سے ہیں۔ والد ماجد آپ کے بھی بڑے زاہد اور عابد تھے اور جنگلوں میں جاکر ذکر جہر کیا کرتے تھے اور مہینوں پاس تپی پر قناعت فرماتے تھے۔ آپکے پیدا ہونے سے پہلے ایکدفعہ آپ کے والد ماجد نے جناب امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں کہ تمہارے ہاں عنقریب لڑکا پیدا ہونیوالا ہے اوسکو میرے ہمنام کرنا۔ اور آپکی والدہ ماجدہ نے کسی بزرگ کو دیکھا کہ اوسنے عبدالقادر آپکا نام رکھا۔ اور آپ کے عم بزرگوار نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اشارت بشارت سے عبداللہ آپکا نام رکھا اور اسی سبب سے آپکا اصلی نام عبداللہ اور عرف غلام علی تھا۔ سنہ ۱۱۵۸ ہجری میں آپ نے اس عالم میں قدم فیض لزوم رکھا اور اپنے جمال جہاں آرا سے عالم کو منور کیا بعضے شعرا نے آپکی ولادت باسعادت کی تاریخیں بھی منظوم کیں اونمیں سے ایک یہ بھی ہے

چون شمع جمع حضرت غلام علی + شده ظهور مگین در جهان جهان شگفت + پس ولادت شریفش چو جستم از هاتف دل + سپهر هدایت شده طلوع گفت +

غرض کہ آپنے سولہ برس کی عمر تک تو اوسی نواحی میں بسر کی سنہ ۱۱۷۳ ہجری آپ کو والد ماجد نے اس ارادہ سے دہلی میں بلوایا کہ اپنے پیر شاہ ناصر الدین قادری سے جنکا مزار عیدگاہ کے پیچھے ہے بیعت کروا دیں۔ آپ کے پہنچنے سے پہلے شاہ ناصر الدین صاحب نے انتقال کیا اور چونکہ اللہ تعالیٰ کو اور ہی کچھ بردہ غیب سے ظاہر کرنا تھا یہ بات باعث مفاد خیر التوا میں رہی۔ تب آپ کو والد ماجد نے اجازت و اختیار دیا کہ جس سے چاہو بیعت کرو۔ سنہ ۱۱۸۰ ہجری میں بائیس برس کی عمر میں آپ نے جناب مرزا جانجاناں مظہر علیہ الرحمۃ سے بیعت کی اور یہ شعر پڑھا ہے

بر سر ای عشق آستانی یافتم + سر زمینی را ز آسمانی یافتم +

بعد بیعت کے سالہا سال آپ نے پیر و مرشد اپنے کی خدمت میں اوقات بسر کی اور وہ زہد و مجاہدہ اور ریاضت کی کہ بیان نہیں ہو سکتا۔ دن بدن عروج کمال اور مشاہدہ جمال شاہد لم یزال اور مکاشفہ اور ترقیات فائقہ ہوتی جاتی تھیں کہ اسی وقت کے شیخ الشیوخ اور صاحب ارشاد ہوئے اور تلقین و ارشاد سلسلہ در سلسلہ اپنے پیر و مرشد کے جاری فرمایا اگرچہ آپ نے تعلیم سلسلہ قادریہ میں کی بھی لیکن کر و اذکار و شغل و اشغال طریقہ علیہ نقشبندیہ مجددیہ میں جاری کیا اور ہر طریقہ کی اجازت حاصل کی۔ اور آپ نے اور حقیقت میں سیر تا اعتقاد موجب اپنے سیر بھی موقع لیکے سبحان اللہ

بیرو

کیا آزادی تھی کہ مطلق دنیا کا لگاؤ نہ تھا - اللہ اللہ کیا اطاعت سنت تھی کہ سرمو بھی فرق نہ تھا - توکل اس درجہ پر تھا کہ کبھی کسیطرح کا خیال دل مین نہ آتا امرا اور بادشاہ آرزو رکھتے تھے کہ ہم خانقاہ کی فقرا کی لیے کچھ وظیفہ مقرر کرین ہرگز آپ منظور نفرماتی - ایک دفعہ نواب امیر الدولہ امیر محمد خان والی ٹونک نے بہت التجا سی درخواست تقرر وظیفہ کی کی اوسکے جواب مین آپنے صرف یہ شعر لکھہ بھیجا ؎ ما آبروی فقر و قناعت نمی بریم + با میر خان بگوی کہ روزی مقرر است + آپکی ذات فیض آیات سی تمام جہان مین فیض پھیلا اور ملکون ملکون کے لوگون نی آن کی بیعت اختیار کی میں نے حضرت کی خانقاہ مین اپنی آنکھہ سی روم اور شام اور بغداد اور مصر اور چین اور حبش کی لوگون کو دیکھا ہی کہ حاضر ہو کر بیعت کی اور خدمت خانقاہ کو سعادت ابدی سمجھی اور قریب قریب کی شہرون کا مثل ہندوستان اور پنجاب اور افغانستان کا تو کچھہ ذکر نہین کہ ٹڈی دل کی طرح اومنڈتی تھے سچ ہی ؎ چو کعبہ قبلہ حاجت شد از دیار بعید + روند خلق بدیدارش از بسی فرسنگ + حضرت کی خانقاہ مین پانسو فقیر سے کم نہین رہتا تھا - اور سب کا روٹی کپڑا آپکے ذمہ تھا اور باوجودیکہ کہین سی ایک حبہ مقرر نہ تھا اللہ تعالی غیب الغیب سی سب کام چلاتا تھا اوسپر فیاضی اور سخاوت اسقدر تھی کہ کبھی سایل کو محروم نہین پھیرا جو اوسنے مانگا وہ دیا - جو چیز عمدہ اور تحفہ آپکے پاس آتی اوسکو بیچ کر فقرا پر صرف کرتے اور جیسا گزی گاڑھا موٹا جھوٹا تمام فقیرون کو میسر ہوتا ویسا ہی آپ بھی پہنتے اور جو کھانا سب کو میسر ہوتا وہی آپ کھاتی - بھلا غور کرو کہ بشر کی طاقت ہی کہ ایسی بات کر سکی اگر کوئی عرض کرتا کہ حضرت آپ اپنی لیے تو یہ کپڑا لیجئے اور یہ آرام کی چیز بنا لیجئے تو آپ یہ قطعہ پڑھا کرتے قطعہ خاک نشینی است سلیمانیم + ننگ بود افسر سلطانیم + ہست بسی سال کہ می پوشمش + کہنہ نشد جامہ عریانیم + اگر کبھی کچھہ اسباب اور سامان دنیا کا ذکر آتا تو ارشاد فرماتے ؎ حرص قانع نیست بیدل ورنہ اسباب جہان + ہرچہ ما داریم زان ہم اکثری درکار نیست + آپ کی اوقات شریف نہایت منضبط تھی کلام اللہ آپکو حفظ تھا اور تحقیق قرات بھی بہت خوب تھی - نماز صبح بہت اول وقت ادا فرما کر دس سپارہ کلام اللہ کے ختم فرماتی اور بعد اوسکے حلقہ مریدین جمع ہوتا اور تا نماز اشراق سلسلہ توجہ اور استغراق جاری رہتا بعد ادا کرنے نماز اشراق کے تدریس حدیث اور تفسیر کی شروع ہوتی - جو لوگ اوس جلسہ کے بیٹھنے والے ہین اونسے پوچھا چاہیے کہ اوسمین کیا کیفیت ہوتی تھی اور پڑھنے پڑھانے سننے سنانے والون کا کیا حال ہوتا تھا جہان نام رسول خدا کا آتا آپ بیتاب ہو جاتی اور اس بیتابی مین حاضرین پر عجب کیفیت طاری ہوتی تھی سبحان اللہ کیا شیخ تھی باقی باللہ اور عاشق رسول اللہ - علم حدیث اور تفسیر مین نہایت متبحر تھا اگر باعتبار علوم نقلی خاتم المحدثین والمفسرین تعبیر کیا جاوی تو بھی زیبا ہے - اور اگر باعتبار علوم عقلی سر امد فلسفیان متقدمین اور متاخرین لکھا جاوی تو بھی بجا ہے -

اللہ تعالیٰ نے آپ کو کیا جامع علوم پیدا کیا تھا کہ ہر ایک علم ظاہری و باطنی میں درجہ کمال انتہائی کمال حاصل تھا۔ بعد انتہا
درس و تدریس کے آپ کچھ تھوڑا سا کھانا کھا کر عبادت میں مشغول ہوتا اول فراغ سب سے پہلا بستر راحت میں آرام
کرتے تھے بعد اول وقت الظہر نماز پڑھ کر پھر درس و تدریس حدیث و تفسیر و فقہ اور کتب تصوف میں مشغول ہو جاتے
اور بعد نماز عصر نماز مغرب حلقہ مریدین ہو جاتا اور ہر ایک آپ کی توجہ سے علو درجات حاصل کرتا۔ ہمیشہ تمام شب آپ بیت
دار ہتے تھے کہ گھڑی دو گھڑی بمقتضائے بشریت علت تعالیٰ ہو سو رہتے تھے نماز پر سوں آپ چارپائی بچھا کر
فرمائی اگر سید کا بہت مطلب ہے الوہن اللہ اللہ کرتے تھے۔ آپ کی خانقاہ میں عجب عالم ہوتا تھا نور کا مرس رہتا تھا اور
اسکا کسی کو سرایت میں کبھی نور کا کسی اور کسی چیز کا اثر رہتا تھا اور جب ایک کلمہ تمریک کا کہا جاتا آپ درات اور دن
مصلے پر بیٹھے رہتے اور عبادت معبود کیا کرتے اور سب ملامس گرداگرد آپ کے بیٹھا کرتے تھے اور ہر ایک کو مدارالفیض حاصل
ہوتا۔ اگر کبھی کچھ مریدین درس کا ذکر کرتا تو آپ ارشاد فرماتے کہ ﷺ رہر وسلے بالا ہم ز دو عم کالا۔ گر کی نور دیکھی
ولی پر در دو دوستی۔ اعد لیس لو وحال را۔ عاشق رہ لاابالی را جس ۔ اور کے النسا رستمان سے دیکھتے میں نہیں لگا
اور بیٹوں لو اسماء بر جاس ہوں کہ دنیا داری آزادی اور ارجو درستی کر سر اور احکام شریعت سے تھا اور جو کام
تھا وہ اتباع سنت تھا قبضہ سے نہایت بہرہ مند کرتے اور بال بستہ ہر گز نہ بیٹھے جو شخص خلاف شرع اور سنت ہوتا اس سے
نہایت خفا ہوتے اور اس پاس اوسکا آنا گوارا نہ کرتے اور فرماتے قطعہ امر دنیا اراد روا نہ ہیں ! ناکس مرداں گشت ملح
ناکس ما سلطان دوستی + اساکس مانڈ درجور و دیل + میرے تمام خاندان کو اور خصوصاً جناب والد ماجد کو آپ سے
نہایت اعتقاد تھا اور میرے جناب والد ماجد اور میرے بڑے بھائی جناب احتشام اللہ نے سید محمد جان صاحب مرحوم کو آپ کا
سے بیعت تھی۔ اور آپ کی میرے خاندان پر اس قدر شفقت اور محبت تھی کہ میرے والد ماجد کو اپنے فرزند سے کم نہیں سمجھتے
سر سو والد ماجد بھی آپکی صحبت کی برکت سے آزادہ مزاج اور وارستہ طبع تھے کبھی کبھی کو جب اس طرح کے سے
کرتا تھا تو اکثر و گستاخ ملک کو کوئی بات گستاخانہ عرض کر دیا کوئی حرکت آپ کے خلاف مرضی سرزد ہوتی تو آپ بارہا ارشاد فرماتے
کہ اگرچہ میرا اتنی بیش خمیر زن رو فرزند سے تو در رکھا تھا لیکن اللہ تعالیٰ کی مرضی ہوتی کہ اس شخص کی محبت اسی فرزند کو
سے سوا دی ہے۔ جو چاہو سو کہو اور جو چاہو سو کرو۔ میں ہر روز آپکی خدمت میں حاضر ہوتا تھا اور آپ اسی شفقت اور
محبت سے مجھکو اپنے پاس مصلے پر بٹھا لیتے اور نہایت شفقت فرماتے اکثر کسی میں کچھ تمیز نہ ہوتی ہمیں خصوصاً مجرس میں
جو چاہتا سو کرتا جو چاہتا سو کرتا مگر حرکات ذی شعر لڑکپن سرزد ہوتیں اور آپ ادن سب کو گوارا فرماتے میرا جد دادا کو تو نہیں دیکھا مگر
دادا حضرت کہا کرتا تھا۔ آپکے کمالات اور خرق عادات اوس سے زائد ہیں کہ بیان میں آسکیں اسواسطے

اس مختصر مین اوسکی گنجایش نہین دیکھتا اور میری نزدیک ایسے شخص کی کرامت کا بیان کرنا اوسکے رتبہ سے کم ہے کیونکہ فقیر کا رتبہ اوس سے آگے ہے ۔ غرضکہ سالہای سال تک آپکی ذات فیض آیات سے یہ عالم منور رہا ۔ اور جبکہ ہر ایک کو اس دار الفنا سے دار البقا کو چلنا ہے آپ نے بھی ہفتہ کے دن صفر کی بائیسوین ۱۲۴۰ ہجری مین اس جہان سے انتقال کیا اور آپکی خانقاہ مین آپکے پیر کے پہلو مین دفن کیا انا للہ و انا الیہ راجعون ۔ نور اللہ مضجعہ ۔ آپکے انتقال کی تاریخ ہے ۔ آپنے وصیت فرمائی تھی کہ جسطرح خواجہ بزرگ شاہ نقشبند علیہ الرحمہ کے جنازہ پر یہ شعر پڑھے گئے تھے اوسیطرح میری جنازہ پر بھی پڑھے جاوین اور وہ شعر یہ ہین ❊ مفلسانیم آمدہ در کوی تو ❊ شیئاً للہ از جمال روی تو ❊ دست بکشا جانب زنبیل ما ❊ آفرین بر دست و بر بازوی تو ❊ اور آپنے یہ بھی فرمایا تھا کہ یہ دو شعر عربی اور فارسی بھی میری جنازہ پر بالحان خوش پڑھنا شعر عربی ❊ وفدت الی الکریم بغیر زاد ❊ من الحسنات والقلب السلیم ❊ فان الزاد اقبح من قبیح ❊ اذا کان الوفود الی الکریم ❊ اشعار فارسی ❊ بر سر خاک من بیا نغمہ زعشق بر سرا ❊ کز جذبات عشق تو نعرہ زنم ز خاک بر ❊ بعد ہزار سال اگر بر لحدم گذر کنی ❊ خاک شود غبار من روح شود ہمہ تنم ❊ جسوقت کہ یہ اشعار پڑھے جاتے تھے ہزارہا آدمی حاضر تھے اور سب لوگ بہای ہای روتے تھے اور عجب لطف اور فیض اور کیفیت تھی ۔ آپکے ملفوظات بھی بہت خوب خوب ہین اونمین سے ایک یہ بھی ہے کہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ فقیری مین چار چیزین چاہئین دو ٹوٹی دو ثابت ہاتھہ پاؤن تو ٹوٹے اور دین یقین ثابت

جناب حضرت مولانا شاہ ابو سعید نور اللہ مضجعہ

آپ حضرت شاہ غلام علی صاحب کے خلیفہ اعظم ہین اور آپکے انتقال کے بعد آپہی سجادہ نشین ہوئے تھے لیکن اس بات کو بھی خیال کرو کہ آپ حضرت مجدد کی اولاد مین ہین جو حضرت شاہ صاحب کے پیران پیر تھے اور درواقع مین حضرت شاہ صاحب بھی آپکو ویسا ہی سمجھتے تھے اور نہایت تعظیم و تکریم فرماتے تھے ۔ نسب آپکا حضرت مجدد تک اسطرح پہونچتا ہے کہ شاہ ابو سعید بیٹے حضرت صفی اللہ کے اور حضرت صفی اللہ بیٹے حضرت عزیز القدر کے اور حضرت عزیز القدر بیٹے حضرت محمد عیسی کے اور حضرت محمد عیسی بیٹے حضرت سیف الدین کے اور حضرت سیف الدین بیٹے حضرت خواجہ محمد معصوم کے اور حضرت خواجہ محمد معصوم بیٹے حضرت مجدد الف ثانی کے رحمۃ اللہ علیہم اجمعین ۔ اور حضرت مجدد شیخ فاروقی ہین یہ شرافت اور علو مرتبہ تو از روے نسب کے تھا اور علاوہ اسکے صفات ذاتی اور کمالات ظاہری اور باطنی ایسے تھے کہ جنکا کچھہ حد و حساب نہین ۔ حافظ کلام اللہ اور عاشق رسول اللہ علوم دینی آپکو بہت مستحضر تھے اور ذن رات اونہین کے درس مین گذرتے تھے علم قرأت مین یکتای روزگار تھے کلام اللہ ایسی خوش آواز اور کمال قرأت سے پڑھتے تھے کہ لوگ دور دور سے سننے آتے ۔ میلے میل تو آپ سنے

مولانا شاہ درگاہی صاحب علیہ الرحمۃ سے کہ شرکائے اولیائے وقت سے تھے سلسلہ قادریہ میں بیعت کی تھی اور نسبت باطنی بھی پیدا حاصل کر کے سند و اجازت کی اجازت لی تھی۔ لیکن اتنا اس نسبت پر نہ رہ کر کیا اور اسی طریقہ نقشبندیہ کی طرف کھینچا کہ آپ دوبارہ حضرت شاہ غلام علی صاحب سے سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ میں بیعت کی اور اس سلسلہ کے تمام مقامات کو حاصل کیا۔ آپ کی شکل و شمائل ایسے نورانی تھی کہ بے اختیار آپکی صحبت میں حاضر ہونے کو دل چاہتا تھا۔ اور جب تک تشویش و وسوسہ شیطانی تک ۱۱ اما آپکی بعد حضرت شاہ صاحب کی وفات تھی۔ حرف بالفعل بعد مشق خط لیس کلوماں صاحب سے کی اور کلام اللہ کو لکھکر وقف کیے۔ اگرچہ معلومات ظاہری سبل رس وہرچند آپکی حضرت شاہ صاحب کی نسبت زائد تھی لیکن ویسی ہی ذوعلمی حاصل بھی ناچیز اور ہمہ سے بھی کچھ زیادہ قدم رکھا تھا۔ اتباع سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بدرجہ کمال تھا کوئی بات خلاف سنت نہ کرتے اور ہر دم پیروی سنت ہی کا خیال رکھتے۔ اخلاق محمدی اس وصف سے تھا کہ ہر شخص یہی جانتا تھا کہ جیسی عنایت اور شفقت آپکو میرے حال پر ہے اس سے زیادہ دوسرے پر نہیں۔ حقیقت میں تواضع کو بدرجہ کمال پہنچایا تھا اور سخاوت کو حد سے زیادہ اختیار کیا تھا۔ حضرت شاہ صاحب اکثر فرمایا کرتے تھے کہ مجھکو ابو سعید سے ... اگر میری کسی قوم کیا کہ کسیکا کچھ حق نہیں رکھتا ابو سعید کو دیکھو کہ باوصف خلائق دنیاوی کے کیا ہی معبود کی عبادت میں مصروف ہے کہ گویا مطلق کچھ تعلق ہی نہیں رکھتا۔ آپکی صحبت سے ہر شخص کو ایک فیض ملتا۔ اور اجماع خاطر اور توجہ الی اللہ حاصل ہوتا۔ واہ واہ طریقہ پیر کو خوب سنبھالا کہ اوس سے بھی ایک آدھ قدم آگے رکھا۔ آپکی ذات سے بھی ہزاروں آدمیوں کو فیض ہوا اور طرح طرح کا فیض ہر ایک کو آپ سے ملا۔ بعد انتقال شاہ صاحب کے آپ اونکی جگہ مسند ارشاد پر بیٹھے اور سالہا سال لوگوں کو آپکی فیض صحبت سے علوم اسرار اور کمال مدارج حاصل ہوئی کہ اوسی اثنا میں محبت رسول مقبول علیہ الصلوۃ والسلام نے ایسا غلبہ کیا کہ آپ نے زیارت حرمین شریفین کا ارادہ کیا اللہ نے وہ ارادہ بھی پورا کیا اور حج اور زیارت مدینہ منورہ نصیب کی۔ بروقت مراجعت کے مقام ٹونک آپکا انتقال ہوا۔ آپ کی لاش مبارک کو دلی میں لاکر خانقاہ میں حضرت شاہ صاحب کے پہلو میں دفن کیا۔ ولادت آپکی ۱۱۹۶ ہجری میں ہوئی ہے اور یہ مصرعہ تاریخ ولادت ہے مصرع
حافظ و عالم و ولی و زاہد ÷ وفات آپکی ۱۲۵۰ ہجری میں عید کے دن جمعہ کو ہوئی۔ اور عفا اللہ عنہ مصرعہ آپکی وفات کی تاریخ ہے اور یہ قطعہ بھی تاریخ وفات میں ہے قطعہ امام و مرشد ما شاہ بوسعید سعید ÷ بعید فطر چو شد واصل جناب خدا ÷

آپکی اوس سے صحبت ہین جو کبھی جاوین ۔ حافظ کلام اللہ ہین اور متبع سنت رسول اللہ ۔ اپنے پیرون کی طرح سلسلہ ارشاد و تلقین اور توجہ اور استغراق جاری ہی ۔ اور حق یہ ہی جیسو تواب انھین کی ذات فیض آیات سے خانقاہ کو رونق ہی ۔ علم حدیث و فقہ و تفسیر مین بدرجہ کمال حاصل ہی ۔ ہمیشہ شغلہ درس و تدریس جاری رہتا ہی مسایل دینی آپکی فیض سے حل ہوتی ہین اور فتوی شرع شریف آپکی مہر سے مستحکم کیے جاتی ہین قدم بقدم اپنے بزرگون کی طریقہ پر چلتے ہین اور اپنے پیرون کا طریقہ برتتے ہین نسبت باطنی بہت مستحکم ہی سیکڑون آدمی آپکی فیض توجہ سے مقامات مشکلہ سے نکلتے ہین اور مدارج اعلی کو پہونچتے ہین ۔ اللہ تعالی ایسے بزرگ کو سلامت رکھے جس سے خاندان مجددیہ قایم ہی آمین ثم آمین ۔ ولادت آپکی سنہ ۱۲۱۲ ہجری مین ہوئی ہی اور مظہر یزدان آپکی ولادت کی تاریخ ہی ۔ اگرچہ عمر شریف چھیالیس مرحلہ سنین طی فرمائی ہین لیکن مدارج کمال کی ہزار در ہزار طی ہوئی ہین ۔ آپنے بھی جناب حضرت شاہ غلام علی صاحب سے بیعت کی ہے اور انھین سے خلافت پائی ہی لیکن اپنے جناب والد سے صحبت سے فیض حاصل کیا ترقی در ترقی پائی اور انسے بھی خلافت حاصل کی ۔ اب انکی انتقال کی بعد آپ بھی سجادہ نشین ہین اور ارشاد و تلقین مین مصروف ۔ اللھم متع المسلمین بطول حیاتہ وضاعف مدارج المومنین بطول بقائہ

جناب حضرت مولانا شاہ عبد الغنی صاحب سلمہ اللہ تعالے

آپ بھی جناب شاہ ابو سعید صاحب کی فرزند ارجمند ہین اور حقیقت مین فخر خاندان ہین آپکا طور ہی جدا ہی اور رنگ ڈھنگ ہی نرالا ہی ۔ آپ بھی حافظ کلام اللہ ہین اور عالم احادیث رسول اللہ ۔ ولادت آپکی پچیسوین شعبان سنہ ۱۲۳۴ ہجری مین ہفتہ کی دن عشا کی وقت ہوئی ہی ۔ خوردسالی ہی مین جناب حضرت شاہ غلام علی صاحب آپکو توجہ دیا کرتے تھے ۔ جب بڑی ہوئی اپنے والد ماجد سے بیعت کی اور طرح طرح کا فیض حاصل کیا بعد انکی انتقال کی جناب مرزا شاہ غفور بیگ صاحب سے کہ بڑی خلفای حضرت شاہ غلام علی صاحب سے تھے اور قوت نسبت بدرجہ کمال رکھتے تھے ہزار در ہزار فیض حاصل کیے ۔ اوقات آپکی ایسی خوب ہی کہ اگلے زمانہ کی اچھے اچھے دیندار لوگون کی بھی شاید ایسی ہوئی ہوگی ۔ مسجد مین بیٹھے رہنا اور طریقہ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو برتنا دن رات آپکا کام ہی خوشا حال اوس شخص کا کہ جو اپنے نبی کی طریقہ کو برتی اور دنیا و مافیہا سے خبر نہ رکھی ۔ اسقدر اتباع سنت اختیار کیا ہی کہ اگر آپکو آسمان و زمین کے رہنے والی محی السنتہ و قامع البدعۃ کہکر پکارین تو بجا ہی ۔ انکی نزدیک سوا ہی انحراف کتر حکم شریعت کی سنت سے سخت کوئی معصیت نہین ۔ ارتکاب اوس امر خلاف سنت کا جسکو ہم کم بخت لوگ بال سے کم جانتے ہین انکی نزدیک امر محال ہی اس تقوی اور ورع کو خیال کرو کہ صرف اس خیال سے کہ ہندوستان مین جو طریق بیع و شرا بعض بعض فواکہ وغیرہ کا جاری ہی وہ از روی شرع شریف کے درست نہین اون میوون کا مزہ سے واقف نہین ۔ جب کوئی [illegible]

پیری پاس نہیں میں آپ کی ادنیٰ سی اوصاف کی تعریف کر سکوں صرف اتنا جاننا کافی ہے کہ ہزار انعمت دنیا و دین پر لات ماری ہے اور گوشہ نشینی اختیار کی ہے لاکھ ہا آفات اور ہلاکتوں میں ہرگز پیروی سنت کی نہیں چھوڑی اور ادنیٰ سنت کے ترک سے کسی چیز کو برا نہیں جانتے صاحب السنت اور محی الشریعت اور شہسوار میدان طریقت اگر پوچھو تو آپ کی ذات میں آتا ہے۔ پس جس شخص کا ادنیٰ ادنیٰ باتوں میں یہ حال ہو تو خیال کرو کہ بڑی بڑی باتوں میں کیا کمال اور کیا رتبہ اتقا ہوگا۔ اللہم بارک فی عمرہ وارفع درجۃ فی الدارین آمین یا رب العالمین ✣ ✣

شاہ محمد آفاق جناب ثراہ

آپ کے کمالات اور صفات دا اور زہد اور مکاشفہ تمام عالم میں مشہور ہیں آپ بھی اس زمانہ کے بڑے ولی اللہ ہوئے تھے۔ نسبت باطنی اسقدر قوی تھی کہ شہر کے بڑے بڑے صاحب نسبت اونکو ادنیٰ شاگرد کی طاقت نہیں رکھتے تھے۔ معاملہ فقیری بہت صاف تھی نسبت الی اللہ بہت درست تھی پیروی سنت رسول مقبول نہایت مدنظر رکھتے تھی سکینی اور شکستگی مرتبہ کمال حاصل تھی ایسے ہیں مبتلی العقل ونگار دیوار تصور فرماتے تھے۔ نسب آپکا بھی حضرت مجدد الف ثانی تک پہنچتا ہے اور آپ بھی حضرت مجدد کی اولاد میں ہیں۔ حضرت خواجہ ضیاء الدین صاحب سے کہ بڑے سردست فقیر تھے سلسلہ مجددیہ میں آپنے بیعت کی تھی اور کمال مدارج حاصل کر کے اجازت پیری مریدی کی حاصل کی تھی اور اپنے پیر کے انتقال کے بعد اونکی سجادہ نشین ہوئے اور ان اشعار سے آپکا سلسلہ بھی معلوم ہوگا اشعار

ادنی آماں انعس شیل مساسیحی	آں سلالۂ ... عشقی	خواجہ معصوم و سیف الدین محمد خواجہ باقی حقی	خواجہ دہلوی محمد زاہد اطہار دلی
خواجہ معصوم بہاء الدین گرمیر کلال	خواجہ امام کرمیر علی رامیتی	خواجہ محمود سیت مارب خواجہ عبد الخالق آں	خواجہ یوسف احمد شیخ عارف ان ...
	ابو الحسن ... بایزید ...	جامع سلیمان ابوبکر و رسول ہاشمی	

اور علاوہ اسکے آپکو سب سلسلوں میں اجازت پیری اور مریدی کی حاصل تھی آخر کو یہی مضمون صادق آیا کہ مصرع

نیست جاتا سو جا ہو گیا ✣ یعنی محرم ۱۲۵۱ ہجری کی ساتویں تاریخ کو جمعہ کے دن نماز مغرب کے بعد آپ نے اس جہان فانی سے عالم جاودانی کو رحلت فرمائی انا للہ وانا الیہ راجعون جمعرات کے دن آپکو نعش لوہرہ میں دفن کیا۔ خواجہ بہاء الدین احمد صاحب نے جو بڑے سے تھے خواجہ علاء الدین احمد صاحب کے ہیں یہ شعر تاریخ وفات میں نظم کیا شعر

در سر پایس گفت اہل جہاں ✣ شاہ آفاق رفت از دنیا

حاجی علاء الدین احمد سلمہ اللہ تعالےٰ

آپ شاہ آفاق صاحب کے خلیفہ اور سجادہ نشین ہیں اور حقیقت میں اپنے پیر کی نشانی ہیں اس زمانہ میں ایسے لوگوں کا

ہو استغنات سے ہے ایسے لوگ کاہیکو پیدا ہوتے ہین تمام عمر فقیری مین صرف کی اور دنیا و ما فیہا سے خبر نہ رکھی سچ ہے ۔ کہ السعید من سعد فی بطن امہ ۔ چھٹ پن سے آنکو فقیری کا شوق تھا سولہ برس کی عمر مین بیعت کی اور طرح طرح کے زہد اور مجاہدہ کئے اور اپنے پیر کی خدمت مین ہمیشہ سفر اور حضر مین حاضر رہے ۔ آپکا نسب حضرت خواجہ یوسف ہمدانی سے ملتا ہے ۔ توکل علی اللہ اور عشق رسول اللہ ہر وقت آپ کے ہر تار و بن ہے ۔ عالم جوانی مین حج خانہ کعبہ ادا کیا اور زیارت روضہ منورہ رسول مقبول علیہ الصلوٰۃ والسلام حاصل کی اللہ تعالی سب مسلمانون کو نصیب کرے آمین یارب العالمین اب سن شریف آپکا نوے برس کے قریب ہے آنکھون سے معذور ہین اور پاؤن سے اوٹھہ نہین سکتے طاقت طاق ہے مگر سہر و شغل جاری ہے اور صوم وصلواۃ قایم ۔ سبحان اللہ کیا لوگ ہین کہ کسی حالت مین اپنے معبود کی یاد سے غافل نہین ۔ غور کرو کہ جس شخص نے اپنا لڑکپن اور جوانی اور بڑھاپا صرف اللہ کی یاد مین صرف کیا ہو اوسکو کیا علو مدارج حاصل ہوئے ہونگے اللہ تعالی ایسے لوگون کو سلامت رکھے

فخر الملت والدین مولانا محمد فخر الدین علیہ الرحمۃ

سلالہ عظام زبدہ کرام سرگروہ مقبولان بارگاہ صمدیت پیشرو تیز قدران سالک عرفان احدیت قدوہ شارعان شرع مبین مولانا محمد فخر الملۃ والدین ان حضرت بابرکت کے مقامات اور خوارق اور کرامات لاتعد ولاتحصی ہین خامہ خام رقم طاقت نہین رکھتا کہ اوسکی شمار مین تکلیف مالایطاق کو اپنے اوپر گوارا کرے ۔ خلاصہ احوال ہدایت مآل ان سرگروہ اہل قال اور پیشوای ارباب حال کا یہ ہے کہ آپ کے والد بزرگوار مولانا نظام الحق والملۃ والدین ساکن سنفضع ملکراون ہین کہ مضافات لکھنؤ سے ہے ۔ نسب آپکا حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی تک پہنچتا ہے ۔ اور والدہ ماجدہ آپکی زبدہ اولاد حضرت مخدوم سید محمد گیسو دراز سے ہین اگرچہ مولد جناب موصوف کا اورنگ آباد ہے لیکن یمن قدوم میمنت لزوم سے خاک دار الخلافت شاہجہان آباد حرسہا اللہ عن الفساد کی حضرت کی نفس والسعنۃ تک کنگرہ عرش برین پر ناز کرتی رہی ۔ والد ماجد حضرت مرحوم مغفور کے اوائل حال مین اورنگ آباد سے دلی مین وارد ہوئے اگرچہ اول مین فقط تحصیل علوم رسمی مد نظر تھی لیکن چونکہ خواستہ تقدیر اور مشیت کردگار قدیر یہ تھی کہ اونکا خاندان ارشاد حقائق معارف کے ساتھہ موصوف ہو حضرت فانی فی اللہ باقی باللہ حضرت شیخ کلیم اللہ جہان آبادی قدس اسرہ العزیز کی خدمت مین جنکا سلسلہ حضرت نصیر الدین چراغ دہلی تک پہونچتا ہے فائز ہوکر شرف بیعت سے مشرف ہوئے ازبسکہ ذات فایض البرکات اونکی جامع کمالات صوری و معنوی تھی تحصیل علوم ظاہری اور باطنی کی انھین کی خدمت مین کرکر منصب خلافت سے سرافراز ہوئی اور آخر الامر سعادت کی اجازت پاکر اورنگ آباد کو تشریف لیگئے اور سالہا

ملک دکن کی طرف رخصت فرمائی اور سنہ ۱۱۴۲ ہجری میں عالم بقا کو راہی ہوئے حضرت بابرکت سات برس آپ والد ماجد اللہ کے
سپرد ہوئے سے مدرسۃ الاخوند کی خدمت میں علوم ظاہری اور باطنی کو تحصیل کر کے مرتبہ کمال حاصل کیا اور بعد اوسکے چند سال
نواب نظام الدولہ ناصر جنگ اور ہمت یار خاں کی سرکار میں بسر کی اور وہاں بھی اونکو اللہ نے بشر کی برکت سے بہت
گم گشتگان بادیہ ضلالت نے راہ ہدایت حاصل کی۔ اور لشکر مدینہ الاسلام سے قطع نظر کر کے طالب بھاوان سے دل برداشتہ ہو کر
اجمیر شریف کی طرف تشریف فرما ہوئے اور بعد زیارت مزار مبارک ۔ وہاں سے ارکاٹ و دو جلال قطب الاقطاب خواجہ معین الدین
حسن رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت کی وسیلے سے اونکا قیام اختیار کیا۔ اور بعد اوسکے بسبب اوسی جلوس احمد شاہ کے سنہ ۱۱۶۱
ہوئی کے شاہجہان آباد میں تشریف لائے اور اونکی ہدایت و ارشاد سے ایک خلق بہرہ مند اور رستگار ہوئی اور حقیقت کرامت
نفس کی ذات بابرکات سے ظاہر ہوئی کہ آپ کے خلفا جا بجا اطراف ہندوستان میں ہدایت خلق میں مشغول اور بزرگوار
اور ہادی گمراہاں شہرہ آفاق ہوئے۔ چنانچہ اس زمانہ میں نواب ناک ٹیک میں حضرت شاہ سلیمان صاحب جنکا شہرہ بات سے بات تک
ہو رہا ہے آپ ہی کے خلفا میں سے ہیں کہ اونکی برکت سے ہزار ہا خلق کو اس ارشاد فیض باطنی نصیب ہوا اور اسکے حضرت
ممدوح مقبول خدا تھے لا یزال تمام خلق اللہ میں بھی ایسا سراپا ظاہر ہو گیا کہ گروہا گروہ حصول کمال اور تحصیل ہدایت
کے واسطے آپکی خدمت میں حاضر ہوتے تھے اور آپ کے ارشاد کو اس حکم حق کے راست اور درست جانتے تھے امرائے
ذوالاقتدار اور سلاطین عہد تھے آپکی بیعت سے مشرف ہو کر آپ ہی کی خاک در کو وسیلہ آبرو اور آپ ہی کے غبار آستان
کو عزت و اعتبار سمجھتے تھے۔ لیکن سبحان اللہ اس شان عبودیت پہ کہ شرف باوجود اس ہجوم ارباب دنیا کے ہر ادنے
کے ساتھ خلق محمدی صرف کرتے کہ اوسکا بیان حیطہ تحریر کی مجال نہیں باوجود اس کمالات ظاہری اور باطنی کے
کہ ادنی وساداروں کی نظر توجہ کی سعی سے ہزار درویش باکمال پیر پرست کر رکھا تھا۔ آپ شاہ دوستی کے ساتھ رہتے
اور لباس درویشانہ وضع اور عمامہ فقیرانہ کے حیران متعجب ہوتے کیا خوب کہا ہے سعدی علیہ الرحمۃ والغفران نے مصرع
حاجت بکلاہ برکی داشتنت نیست * درویش صفت باش و کلاہ تتری دار * کتاب نظام العقائد اور رسالہ مرغوبہ اور
فخر الحسن حضرت کی تالیفات سے ہے اونکا دیکھنا آپکی نہایت علمی پر دلیل قاطع اور برہان ساطع ہے ۔ بس عمر شریف ۷۳ برس کی
ہو گیا اور سنہ ۱۱۹۹ ہجری میں عالم بقا کو راہی ہوئے۔ چونکہ شد فخر جہان ۔ آپکی رحلت کی تاریخ ہے۔ مزار آپکا متصل
چار دیواری مرقد مبارک حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی نور اللہ مرقدہ کے واقع ہے اور اسکا ذکر باب اول میں ہو چکا
ہر چند راقم نے سلک ہذا کیا تھا کہ جن بزرگوں کی خدمت میں خود پہونچا ہوں اونکا حال بالکمال اپنی نگاہ کو مشرف کیا
اونکا حال اس تذکرہ میں مندرج کروں اور ان حضرات کے زمانہ تک اس عہد تک بہت فاصلہ ہے لیکن چونکہ اوکا حال ان کی

احوال

احوال سے مزین کرنا اس کتاب کا مد نظر تھا کثرت عقیدت اور ارادت نے چاہا کہ حضرت کے احوال کو لالۃً اشتمال کے ساتھ بیان کیا ہو بہ الکرہ

جناب مولانا قطب الدین علیہ الرحمۃ

حضرت موصوف کے فرزند ارجمند ہیں اور حضرت کی وفات کے بعد مسند خلافت پر متمکن رہے۔ آپکی تعریف و توصیف محتاج
کچھ صاحب نہیں یہی کافی ہے کہ ایسے چمن کے نونہال اور ایسے نونہال کے ثمر تھے شعر اصل نہ فرع را کہ بستی بہ اصل
کمال اندر ماہ آفتاب با وجہ توش از ہم چنان استوار گرفت ۔ پنجم ماہ محرم الحرام سنہ ۱۲۵۳ ہجری میں عالم فانی سے ملک
بقا کی طرف راہی ہوئے اور مزار مبارک خواجہ قطب الدین بختیار کاکی علیہ الرحمۃ کے جوار میں مدفون انا للہ وانا الیہ راجعون۔

جناب حاجی حضرت غلام نصیر الدین عرف کالے صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

آپ جناب حضرت مولانا قطب الدین صاحب کے فرزند ارجمند ہیں سجادہ آپکے جد بزرگوار اور حسب تقریر سابقہ آپ کی
اس وسعت سے ہے کہ جسکا کچھ بیان نہیں ہو سکتا مسکینی اس درجہ پر ہے کہ اوسکا اظہار نہیں کر سکتا۔ ادعیات آپکے
بہت خوب اور حرکات آپ کی نہایت محبوب ہر دم و لحظہ وظیفہ سے خالی نہیں رہتے بات کرنی بھی آپکو گویا مشکل ہوتی ہے
جب کوئی کچھ پوچھے اوسکا جواب لاچار دیا جاتا ہے اگرچہ اوسوقت ظاہر میں زبان شغل سے باز رہتی ہے لیکن دل
اوسی طرح مشغول حق رہتا ہے۔ اس زمانہ میں ایسا نامی گرامی شیخ نہیں ہے۔ حضور والا اور تمام سلاطین اور
جمیع امراء عظام آپکے نہایت معتقد ہیں جس مجلس میں آپ تشریف لاتے ہیں ہر شخص بے اختیار دوڑتا ہے اور قدموں پر
گرتا ہے اور اپنی سعادت ابدی سمجھتا ہے۔ تھوڑی مدت ہوئی کہ آپ پر شوق الٰہی غالب ہوا اور اپنے دادا صاحب کے فیض
حاصل کرنے کو دل چاہا اگرچہ وہ فیض سینہ بسینہ اپنے جناب والد ماجد مرحوم سے پایا تھا لیکن یہ شوق ایسا ہے اور نعمت
وہ ہے کہ طالب اسکا بس نہیں کرتا جتنا دیئے جاؤ لیتا ہی اور مانگتا ہی آپنے سفر اختیار کیا اور زیارت حرمین شریفین سے
مشرف ہوئے اور پاک پٹن میں تشریف لیگئے اور شاہ سلیمان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ کہتے ہیں کہ شاہ سلیمان صاحب
اس بات کو نہایت غنیمت سمجھے اور انکے قدوم میمنت لزوم سے ہزارہا فخر کیے چند گروہ استقبال کو آئے اور باعزاز و اکرام
لیگئے۔ چند مدت آپنے وہاں تشریف رکھی اور جو کچھ فیض اور برکات اپنے دادا صاحب کی تھی اونکو پھر تجدید کیا اور رخصت ہو کر
شاہجہان آباد میں تشریف لائے کہ اب یہیں رونق افروز ہیں۔ سن شریف آپکا پچاس سے تجاوز ہے۔ صحبت آپکی غنیمت ہے
اللہ تعالیٰ ایسے بزرگان حق پرست کو سلامت رکھے

خواجہ محمد نصیر رحمۃ اللہ علیہ

آپکے صفات حمیدہ اور اخلاق پسندیدہ احاطہ سے سوا ہیں جو لکھنے میں آویں اور اوس سے بہت ہیں جو کہے جاویں۔

آپ شاگرد ہیں خواجہ میر درد علیہ الرحمہ کے جو بڑے نامی شاعر تھے اور اونکا نام تمام عالم میں مشہور ہے۔ ولادت آپکی
سنہ [illegible] ہجری میں دہلی اور اسی میں طالب علم اور مشق سخن میں حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ کی خدمت میں حاضر رہتے
اور توجہ لیتے تھے اونکی اوسی زمانہ میں خواجہ میر درد علیہ الرحمہ سے بیعت کی تھی۔ جب کہ آپکا سن شریف دس برس کا ہوا خواجہ
میر درد علیہ الرحمۃ نے وفات پائی اور درد جدائی کا آپکے ایسا ہوا کہ ہمیشہ اپنے پیر کی جدائی میں دل شکستہ اور حیران
رہا کرتے تھے پیچ و تاب سے طرح طرح وہ ہوا کہ کسی کو بھی نصیب نہ ہو۔ آپکو اکثر علوم میں خصوصاً ریاضیات میں ایسی مہارت تھی کہ
علم موسیقی بخوبی جانتے تھے اور بال و رسالے اسکی واقف تھے کہ بڑے بڑے استاد اُنکے سامنے کان پکڑتے تھے
اور پاک جاتکرام لیتے تھے علم حساب کو اوس قدر جانتے تھے اور مسائل حساب میں وہ مہارت بہم پہنچائی تھی کہ مسائل لاینحل
آسانی حل فرماتے تھے مثلاً سیال اور حساب میں اونکی تصنیفات سے رسالہ موجود ہیں۔ یہ تو کمالات ظاہری تھیں اور کمالات باطنی
میں اس سے بھی زیادہ شہرہ تھا اور وہ مقام ہی اور تھا۔ کمالات باطنی خواجہ میر امر صاحب سے کہ خواجہ میر درد علیہ الرحمہ کے چھوٹے
بھائی تھے حاصل کیے جبکہ خواجہ میر اثر علیہ الرحمہ کا انتقال ہوا خواجہ صاحب میر علیہ الرحمۃ خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ کے فرزند ارجمند
سجادہ نشین ہوئے۔ جب اونکا بھی انتقال ہوا تو آپکی ذات فیض آیات سے اس سلسلہ عالیہ کو رونق تازہ حاصل ہوئی ہر ہفتہ دوسری
اور چوبیسویں کو مجلس میں قوالی کی آپکے یہاں سرور ہوا کرتی تھی اسکو بھی نہ درجہ کمال حاصل تھا اور دنیا سے بالکل لگاؤ نہ تھا
اور آپ شریف عالی خاندان ہیں۔ نسب خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ کا نواب ظفرخان جاگیر دار تک پہنچتا ہے اونکے پردادا خواجہ محمد امیر تھے
منصب داران بادشاہی میں سے تھے کہ یکایک خدا طلبی کا شوق ہوا اور شیخ سعد اللہ المعروف شاہ گلشن صاحب کی خدمت میں
حاضر ہوئے اور مدت تک فیض حاصل کیا اور اس دنیا دوں کو چھوڑ چھاڑ کر سرحد اہل اللہ شاہ گلشن صاحب کے خواجہ محمد میر
صاحب سے بیعت کی اور بہت مجاہدہ اور ریاضتیں کیے اور خلعت خلافت سے سرفراز ہوئے کہ ایک یہ سلسلہ سلسلہ السلسلہ چلا آتا ہے۔ والدہ ماجدہ
آپکے میر کلو صاحب اکبرآبادی بہت صحیح النسب سادات سے تھے اور انسب دامادی کی خواجہ میر درد علیہ الرحمہ سے رکھتے تھے اور بیعت
بھی اونھیں سے کی تھی۔ اوصاف حمیدہ آپکی لاتعد و لاتحصیٰ ہیں یہ طاقت اونکے بیان کی نہیں۔ آخر کو دسویں تاریخ صفر
سنہ ۱۲۶۱ ہجری کو آپنے وفات پائی اور روز شہادت مسلمانان خاص کو ایسی کبھی کبھی آپ شعر بھی کہا کرتے تھے اور تخلص
کیا کرتے تھے چنانچہ یہ اشعار آپہی کی طبع زاد سے ہیں

	اشعار ہمایوں کی	

بس ہو گیا دیکھا اونکا واسطے + کو کچھ خبر بھی جواب لکھی جائیں نام پر		قاصد اودھر جدھر وہ پر بھی اوٹھ گیا کھڑکی نکال جاتے سے بر نام پر		جلوہ دکھا کر ادھر تو اسرار اوم اوٹ گیا کہ کہنا کہ قیامت میں دیدار ہو گا +

یاد وہ لوا کے جو ہم بستر ہی یار و لاسے
یوں سنا ہے کہ ادسے بھی خفقان رہتا ہے

تو وہ تصویر نہالی سے ہے بغل کا دشمن
دیکھی نہیں حالت یہ جدائی میں کسیکی

دل یہ جسکے لیے پہلو میں تپاں رہتا ہے
ہے طور جدا اپنا جدائی میں کسیکی

مولوی ابو سعید حنفی صاحب سلمہ اللہ تعالی

سجادہ نشین حضرت خواجہ محمد نصیر علیہ الرحمتہ کے ہین انکے اوصاف حمیدہ لاتعد و لاتحصے ہین خامہ راقم کو طاقت نہین کہ انکے محامد اور مناقب کو لکھہ سکے حضرت سادات کبار سے ہین اور صاحب اخلاق پسندیدہ اور متواضع — انکی سجادہ نشینی سے اس خاندان کو زیب و زینت اور ہی ہو گئی ہے — سن شریف آپکا قریب چالیس سال کے ہے راقم نے ان حضرت کے جمال باکمال سے اپنی نگاہ کو گلچین نظارہ اور انکی اوقات کو بچشم مشاہدہ کیا ہے

حضرت شاہ غیاث الدین قدس سرہ

اولاد حضرت خواجہ مودود چشتی علیہ الرحمتہ سے ہین اور معروف خواجہ کمہاری والے — بسبب حسن اوقات اور کثرت طاعات کے مغتنمات روزگار سے تھے خلق مجسم کہنا چاہیے — انکی اوضاع و اطوار خلق محمدی کے مصداق تھے — رات اور دن میں سے ایسا کم وقت ہوگا کہ عبادت و وظائف سے فارغ رہتے ہون خور و خواب کو بقدر ضرورت بشری کہ حیات مستعار کی بقا کو کافی ہو کام مین لاتے و الا طاعت دادار بیہمال مین مصروف رہتے — مریدان با اخلاص کو آپکی ذات بابرکات سے ارشاد راہ ہدایت اور رہبری سبیل سعادت ایسا ہوا کہ کم کسی سے متصور ہے — مرجع انام اور مار خاص و عام تھے — عرصہ انیس برس کا گذرتا ہے کہ جہان فانی سے راہی عالم باقی ہوئے

جناب شاہ صابر بخش صاحب علیہ الرحمتہ

زبدہ مقبولان بارگاہ الہی سید صابر علی معروف بسید صابر بخش چشتی سلالہ سادات عظام اور زبدہ اعالی خاندان چشت تھے والد ماجد آپ کے سید شاہ نصیر الدین ابن شاہ غلام سادات چشتی قدس سرہ بن شیخ عبد الواحد عرف نواب شاہ رشتخان برادرزادہ حقیقی قطب العارفین حضرت شیخ محمد چشتی قدس سرہ العزیز تھے — ہرچند حضرت مرحوم نے صحبت اکثر مشائخ کبار سے جو آپکے معاصر تھے کسب فیض باطن کیا لیکن کمال طریقت و حقیقت اپنے جد امجد شاہ غلام سادات قدس سرہ کی بیعت کے وسیلہ سے حاصل کر کے مرید با اخلاص اور سجادہ نشین با اختصاص ہوئے — تفصیل سلسلہ خاندان ہدایت نشان حضرت موصوف کی یہ ہے کہ شاہ غلام سادات خلیفہ تھے حضرت شاہ محمد نصیر قدس سرہ کے اور وہ حضرت شیخ محمد چشتی کے اور وہ حضرت شیخ ابراہیم رالسبہہی کے قدس سرہ العزیز — آپکو حضرت بابرکت شاہ غلام سادات جد امجد اپنے کی خلافت حاصل ہونے کی یہ وجہ ہے کہ شاہ نصیر الدین صاحب یعنی والد ماجد ان حضرت کے بسبب اسکے کہ علم عرفان و ایقان مین

جاری ہوا۔ حضرت مرحوم مغفور شغف رکھتے تھے ایسا ہی سرکار کی بات میں آپکی جس مجلس سے خلافت پر تمکن ہو کر وہیں اعلائے کلمۃ الحق کی ہدایت میں بسر کرتے ہوئے۔ اتفاقات سے اپنے والد ماجد کی جس مجلس ہی میں سفر آخرت کو اختیار کیا سنہ شاد ماہم سجادہ باسمہ تعالیٰ ہواہے فرزند ارجمند کو عطا کیا تھا۔ انکی وفات کے بعد اپنے پوتے سید سجادہ نشین مرحوم صاحب علیہ الرحمۃ نے سلسلہ رکھا۔ زیادہ ہوئے اور اولاد کے لیے تالیف مادہ کے انہیں کو سرپرست سے سرپرہ بالکریۃ مبتلا لیسی سے وسیلہ سے آراستہ ہدایت کا امراں کو تفویض کیا اور لنگر کا صرف اور انعقاد مجالس مریدان مدرسہ ساکین اور دستگیری معاہدہ و وارد کی انکی ذات سے متعلق ہوئی۔ فی الحقیقت آپکی سخاوت سے حاتم طائی کا نام صفحہ روزگار سے مٹ گیا اور طاعت و عبادت کا حال اس بزرگ کا علم و عرفان کی مجال نہیں کہ لکھ سکے۔ تشنہ ہر کی ہجرت سنہ ۱۲۰۰ ہجری میں چودھویں ربیع الاول کو چار گھڑی رات گئے راہی دار البقا ہو کر درمیان خانقاہ کے جو سمت شاہجہان آباد میں متصل … واقع ہے اور آپ ہی نے بنوایا تھا وہ ساکن کی تعمیر کروائی تھی مدفون ہوئے۔ ان حضرت کے بعد فرزند علیہ رشید آپ کے سید عبد اللہ سلمہ اللہ تعالیٰ مسند خلافت پر متمکن ہو کر اسی طرح خدمت … پر ہیں

جناب میر محمدی صاحب غفر اللہ لہ

آپکا سلسلہ جناب غفران مآب مولانا مولوی محمد فخر الملۃ والدین قدس سرہ العزیز تک پہونچتا ہے۔ سعادت لازوال بارگاہ کبریا الٰہی سے ایسی قبول خاطر عامہ خاص و عام بھی سا ملک حاصل تھا کہ امراء سلاطین آپکے دیدار فیض آثار کو ترسا کرتے اور آپکی خدمت میں حاضر رہنے کو ایک سعادت عظمیٰ سمجھتے تھے اس لیے کہ باطن کی تاثیر سے ساکنین تمام شہر کے خصوصاً امراء ملوک کے علی الخصوص شاہزادگان جلیل القدر آپ سے بہت رجوع رکھتے تھے عوام کالانعام علیٰ قسم کا کمال رکھتے تھے۔ ہرچند اعمال بھی آپکے ایسے سریع الاثر تھے کہ آپکا نفس دم عیسیٰ تھا اور آپکے اسم کی خاک کی اکسیر کا حکم رکھتی۔ ایک مدت ہوئی کہ جہاں فانی سے عالم باقی کو راہی ہو کر اپنے ہی دولتخانہ میں جو متصل … کے ہے مدفون ہوئے۔ … صاحبزادہ حضور … آپکی خلافت کا دم بھرتے ہیں

جناب میران شاہ بابو علیہ الرحمۃ

اصل وطن آپکا … ہے سلسلہ حضرت کا جناب برکت انتساب سرگروہ اہل اللہ شیخ جلال الدین بخاری علیہ الرحمہ تک پہنچتا اور واسطوں سے ہو پہنچا ہے۔ بعد تحصیل کمال اور تکمیل فیوض باطنی کے شہر شاہجہان آباد میں وارد ہو کر حسینیہ … میں ایک حجرہ واسطے سکونت کے اختیار کیا اور … کی کرامت اور فیض باطن کا شہرہ ایسا ہوا کہ اکثر … کو اعتقاد آپکی خدمت میں بہم پہنچا اکثروں کو آپکی فیض ہدایت سے فوائد کثیرہ حاصل ہوئے اسی برس کی

عمر کے قریب وفات پائی اور اوسی مسجد کے حریم مین مدفون ہوئے عرس آپکا آجتک بدستور ہوتا ہے

جناب شاہ جلال علیہ الرحمۃ

یہ خلیفہ تھے حضرت میران شاہ نانو صاحب مغفور کے۔ اس اوقات کا آدمی اس خیر و زمان مین بہت کمیاب ہو حضرت میران شاہ نانو صاحب کے حجرہ مین مسند خلافت پر بیٹھکر عمر بسر کی اور نفس واپسین تک اہل دنیا کی طرف رجوع نکی باوجود توکل کی لنگر شام کے وقت مساکین و فقرا کو آپکی طرف سے تقسیم ہوتا تھا یہ حضرت بھی بعد وفات کے اپنے پیر کی قبر کی قریب مدفون ہوئے

جناب مولانا محمد حیات سلمہ اللہ تعالی

